تحریک پاکستان

سوال:۔۔کیا آپ بتاسکتے ہیں، کہ تحریک پاکستان کی بنیاد کس نظریے پر رکھی گئی تھی۔

جواب:۔دوقومی نظریے پر۔

سوال:۔کیا آپ دونظریئے کی وضاحت کرسکتے ہیں۔

جواب:۔دوقومی نظریہ دراصل اس حقیقت کا دوسرا نام تھا، کہ ہندوستان میں ایک قوم نہیں، بلکہ ایک سے زیادہ قومیں آباد ہیں۔اوران قوموں میں مسلمان اورہندودوبڑی قومیں ہیں۔

سوال:۔دوقومی نظریہ سب سے پہلےکس نے پیش کیا تھا؟،

جواب:۔سرسید احمد خاں نے

سوال:۔قیام پاکستان کےوقت برطانیہ کا بادشاہ کون تھا؟

جواب:۔جارج ششم۔

سوال:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ مسلم لیگ کا اجلاس کب اورکہاں منعقد ہواتھا۔

جواب:۔دسمبر ۱۹۰۵ءمیں، کراچی میں،

سوال:۔پاکستان کا مطلب کیا
لا الہٰ الا اللہ۔یہ نعرہ کس کی تخلیق تھا؟۔

جواب:۔سیال کوٹ کے اصغر سودائی کا۔

سوال:۔ میں ایک غلام ملک میں زندہ رہنے کے بجائے ایک آزاد ملک میں مرنا بہتر سمجھتا ہوں۔لندن کی گول میز کانفرنس میں یہ تاریخی جملہ کس مشہور شخصیت کا تھا؟:

جواب:۔مولانا محمد علی جوہر کا:

سوال:۔مسلم لیگ نیشنل گارڈ کا قیام کب عمل میں آیا؟:

ج:۲۶ مارچ ۱۹۳۹ءکو

س:قیام پاکستان کے بعد قائد اعظم محمد علی جناح،کس ہوائی جہاز سے کراچی تشریف لائے تھے۔

ج:ڈکوٹا سے:

س:کیا آپ جانتے ہیں کہ انگریزوں کےخلاف جنگ آزادی کا آغاز کب ہوا:

ج:۱۸۵۷ءکومیرٹھ سے۔

س:ہندوستان کی مکمل آزادی کا نعرہ سب سے پہلے کس شخصیت نے لگایا تھا؟۔

ج:مولانا حسرت موہانی نے۔

س:قائداعظم محمد علی جناح کو۔۔قائد اعظم::کا خطاب کس نے دیا تھا؟۔

ج:مولانا مظہر الدین نے۔
س:تحریک پاکستان کے اس راہ نما کا نام بتایئے، جن کا انتقال انگلستان میں ہوا۔؟
جسٹس سید امیر علی۔
س: راج گوپال اچاریہ فارمولا کب پیش کیا گیا تھا؟۔
ج: جولائی ۱۹۴۴ء میں
س:شملہ کانفرنس کب منعقد ہوئی ؟ ۔
ج: جولائی ۱۹۴۴ء میں۔
س:شملہ کانفرنس کب منعقد ہوئی ؟ ،
ج: ۲۵ جون ۱۹۴۵ء کو

سوال: ۔فروری ۱۹۴۶ء کے انتخابات ۴۹۵ مسلم نشستوں میں سے مسلم لیگ نے کتنی نشستیں حاصل کیں؟

جواب:۔ ۴۲۸

سوال:۔کابینہ مشن نے عبوری حکومت بنانے سے متعلق منصوبے کا اعلان کب کیا؟۔

جواب:۔۱۶ مئی ۱۹۴۶ء کو

سوال:۔نواب زادہ لیاقت علی خان کو عبوری حکومت میں کون سا محکمہ دیا گیا تھا۔

جواب:۔خزانہ۔

سوال:۔ کیبنٹ مشن میں کون کون سے برطانوی وزرا شامل تھے؟۔

جواب:۔لارڈ پیتھک لارنس، سر کرپس، اور اے،وی، الیگز انڈر۔

س:۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں کتنے ہندوستانی ہلاک ہوئے تھے۔

جواب:۔پانچ لاکھ سے زیادہ۔

سوال:۔علامہ اقبال نے ۱۱ جنوری ۱۹۳۱ء کو اپنے خط میں سید نذیر نیازی کے ایک استفسار کے جواب میں اسلامی ریاست کی وضاحت کرتے ہوئے کیا لکھا تھا؟۔

جواب :۔مجوزہ اسلامی ریاست ایک نصب العین ہے، اس میں آبادیوں کے تبادلے کی ضرورت نہیں ہے۔

سوال:۔چودہری رحمت علی نے ۱۹۳۳ء میں پاکستان کا لفظ پہلی بار کہاں استعمال کیا تھا؟:

جواب :۔ ناؤ اور نیور،، (اب یا کبھی نہیں) نامی کتابچے میں اس ایک ریاست یا اسلامی ریاستوں میں جو شمال مغرب ہند میں اس سکیم کے مطابق مہیا ہوں گی ،ہندو اقلیت کے حقوق کا پورا پورا تحفظ کیا جائے گا۔

سوال : ۔مشہور ہندو مورخ کے ایم ،پانیکر،، اپنی تصنیف (SURVE INDIAN

HISTORY) میں اصولاً قیام پاکستان اور مسلم قومیت کو تسلیم کرتے ہوئے کیا لکھا ہے؟

جواب: ۔آج کی اصطلاح میں جو دو قومیں بیان کی جاتی ہیں، وہ ابتدا ہی سے اپنا وجود رکھتی ہیں۔

سوال: ۔ہندوستان دنیا میں سب سے بڑا ملک اسلامی ہے، اس ملک میں اسلام بحیثیت تمدنی قوت اسی صورت میں زندہ رہ سکتا ہے، کہا سے ایک مخصوص علاقے میں مرکوز کر دیا جائے، یہ الفاظ کس نے کہے تھے۔

جواب: ۔علامہ اقبال نے ۱۹۳۰ء میں الہ آباد میں مسلم لیگ کے اجلاس میں اپنے صدارتی خطبے کے دوران۔

سوال: ۔دو قومی نظریہ مسٹر جناح اور مسلم لیگ سے بہت پہلے وجود میں آ گیا تھا، سچ تو یہ ہے کہ یہ ہرگز ایک مفروضہ نہ تھا، بلکہ ایک تاریخی حقیقت تھی،، یہ الفاظ کس ہندوستانی مبصر نے اپنی کون سی تصنیف میں لکھے تھے۔

جواب: ۔نرادی چوہدری نے اپنی تصنیف (THE AV TO B1o CRAPHY OF AN UNKNWN JNPIA)

سوال: ۔یکم فروری ۱۹۴۰ء کو کانگرس کمیٹی کے رکن،، این، سی دت، کے اس بیان کا مرکزی خیال بتایئے، جو اخبار مدینہ بجنور میں شائع ہوا تھا۔

جواب: ۔میرا خیال ہے، کہ ہندو مسلم قضیئے کا حل یہی ہوگا کہ ہندوستان میں ہندو اور مسلمانوں کو دو قومیں سمجھ لیا جائے۔اور متحدہ قومیت کا خیال ہمشیہ ہمیشہ کے لیے دل سے نکال دیا جائے۔کہ اب ہمیں پاکستان کے خیال سے ڈرنا نہیں چاہیئے۔

سوال: ۔ ۱۵ فروری ۱۹۴۰ء میں ہندوستان کے ٹائمز میں پر مانند،، کے اعتراف حقیقت کا مرکزی نقطہ کیا ہے؟

جواب: ۔مسلمانوں کے نقطہ نظر سے مسٹر جناح نے جو کچھ کہا ہے، وہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے۔جناح واقعی ہی ہندوستان کے تمام مسلمانوں کی نمائندگی کرتے ہیں، مسلم لیگ کی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے مہاتما، مہاسبھا میں شامل ہو جائیں یا اس حقیقت کا کھلم کھلا اعتراف کر لیں کہ کانگرس واقعی ہی ہندوؤں کی ایک جماعت ہے۔اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ ہی نہیں۔

سوال: ۔کیا آپ نہیں دیکھتے کہ ایک شخص جو ایک ہزار سال یا اس سے بھی پہلے دائرہ اسلام میں داخل ہوا تھا۔وہ ہندو مذہب اور ہندو فلسفے کی رو سے اس وقت ذات سے باہر ہو کر ملیچھ ہو گیا تھا۔کیونکہ مسلمان ایک جداگانہ نظام سے تعلق رکھتا ہے، صرف مذہب کی بنیاد پر نہیں، بلکہ معاشرتی اعتبار سے بھی مسلمان بالکل متضاد اور سماجی نظام کے تحت زندگی بسر کرتا ہے، پھر صرف عقیدے کا فرق ہی کیوں نہیں مطالبہ فرق بن سکتا، کیا آپ کو بنیادی اختلاف دکھائی نہیں

دینا،، قائداعظم کے یہ الفاظ،، اخبار انڈی پینڈنٹ انڈیا میں کب شائع ہوئے تھے۔

جواب:۔۱۲مئی ۱۹۴۰ءکو۔

سوال:۔قائداعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کی علیحدگی کا مکمل تصور پیش کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

جواب:۔ ہماری تہذیب جدا،تمدن مختلف،فنون وادب،طرز تعمیر،نام اور نام رکھنے کے اصول جداگانہ،قدریں اور قدروں کا شعورالگ،احساس تناسب جدا،رسوم ورواج جدا،تقویم مختلف،تاریخ علیحدہ،روایات مخصوص،رحجانات اور عزائم میں نمایاں فرق،غرض یہ کہ زندگی کے بارے میں ہمارازاویہ نگاہ بھی جدا،اور حاصل نگاہ بھی جدا،ہم خود ایک قوم ہیں۔

سوال:۔تحریک پاکستان برصغیر محض علیحدگی کی تحریک نہیں،بلکہ ایک قومی وجود کے اعلان کی تحریک ہے۔اس بارے میں،،ایم،این رائے نے اپنے لیکچر میں کیا کہا تھا۔

جواب:۔ بے شک سیاسی مصلحتوں کی خاطر ہم ہندوستان کی تحریک کو ایک قومی تاریخ،اور ہندوستان کو ایک قوم کہہ دیتے ہیں۔لیکن ایک سائنس دان اور مورخ کی حیثیت سے ہمیں اس حقیقت کو تسلیم کرنا پڑے گا،جغرافیائی اور سیاسی اعتبار سے ہندوستان ایک وحدت نہیں۔

سوال:۔ جناح کی شخصیت بھی بڑی ممتاز اور نمایاں تھی،چٹان کی طرح اپنے مقام پر محکم اور سخت،اور اس کے ساتھ ہی انتہائی درجے کا ٹھنڈے دل ودماغ کا انسان یہ ہے کہ ممکن ہی نہ تھا کہ اس کے سینے کی گہرائیوں میں اتر سکوں،،قائداعظم کے بارے میں یہ بات کس نے کہی تھی،؟

جواب:۔لارڈ مونٹ بیٹن نے۔

سوال:۔ لارڈ مونٹ بیٹن نے اپنے روزنامچے میں قائداعظم کے بارے میں کون سا ایک عجیب واقعہ درج کیا ہے؟

جواب:۔قائداعظم کے ذاتی پارسی ڈاکٹر نے ان کا ایکسرے لینے کے بعد انہیں بتادیا تھا کہ ان کے دونوں پھیپھڑے بڑی بری طرح دق کے جراثیم سے متاثر ہو چکے ہیں۔اور اب اگر مکمل آرام نہ کیا گیا تو وہ زیادہ دنوں تک زندہ نہ رہ سکیں گے۔

سوال:۔منٹو مارلے اصلاحات میں جن مسلمانوں کو جداگانہ انتخاب کا حق دیا گیا تھا،کب نافذ ہوئیں،

جواب:۔۱۹۰۹ءمیں۔

سوال:۔ جولائی ۱۹۰۵ءمیں حکومت ہند نے بنگال کے مشرقی اضلاع کو آسام کے ساتھ ملا کر جو علیحدہ صوبہ بنایا تھا،اس کا دارالحکومت کون سا شہر تھا۔

جواب:۔ڈھاکہ۔

سوال:۔۱۹۱۹ء کی دستوری اصلاحات کی رپورٹ کس نے تیار کی تھی؟
جواب:۔مسٹر ماٹیگو نے۔
سوال:۔برطانوی ہند میں نئے دستور ہند کا اعلان کب کیا تھا،
جواب:۔دو جولائی ۱۹۳۵ء کو۔
سوال:۔پہلی جنگ عظیم کے موقع پر جب انگریزوں کو باشندگان ہند کی امداد کی ضرورت پڑی،تو حکومت برطانیہ نے کچھ مطالبات منظور کرنے کا اعلان کب کیا تھا؟
جواب:۔۸،اگست ۱۹۱۷ء کو
سوال:۔۱۹۲۷ء کے کمیشن نے ہندو اور مسلمان دونوں سے مل کر اپنی رپورٹ کب پیش کی تھی،
جواب:۔۱۹۳۰ء میں۔
سوال:۔سائمن کمیشن کی رپورٹ کب شائع ہوئی تھی۔؟
جواب:۔جون ۱۹۳۰ء میں
سوال:۔وہ برطانوی کمیشن جس میں کوئی ہندوستانی نمائندہ نہ تھا، کب بھیجا گیا؟
جواب:۔۱۹۲۷ء میں
سوال:۔۲ جولائی ۱۹۳۵ء کو نئے دستور ہند کی منظوری کے اعلان میں کیا کہا گیا تھا؟
جواب:۔صوبوں میں نیم خودمختار حکومت کا قیام اور مسلمانوں کے لیے جداگانہ انتخاب کے حق کو تسلیم کیا گیا،اور سندھ کو بمبئی سے الگ کر کے ایک الگ صوبے کی شکل دے دی گئی۔
سوال:۔سرسٹیفورڈ کرپس کی تجاویز کو مسلم لیگ اور کانگرس نے کیوں رد کر دیا؟
جواب:۔کیونکہ اس میں تقسیم ہند کو مقصد اول نہیں سمجھا گیا تھا۔
سوال:۔مسلمانوں نے مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ ۱۹۳۶ء میں کیا طے کیا تھا؟
جواب:۔دو جولائی ۱۹۳۵ء کے نئے دستور ہند کے خلاف احتجاج بھی کیا،اور اس دستور کو منظور بھی کیا،اور وفاق کی تجاویز کی مخالفت جاری رکھی،کیونکہ اس کے ذریعے سے مرکزی حکومت جس مستقل طور پر ہندو اکثریت کا ہونا لازمی تھا،اس کے علاوہ وفاق کی اس تجویز سے صوبوں کی آزادی اور خودمختاری بھی متاثر ہوئی تھی۔
سوال:۔برطانوی حکومت کو ہندوستان میں ہندی عوام کی حمایت حاصل کرنے کب بھیجا تھا؟
جواب:۲۳ مارچ ۱۹۴۳ء کو
سوال:۔۲۳ مارچ ۱۹۴۲ء کو کرپس ہندوستان میں ہندی عوام کی حمایت حاصل کرنے کے لیے کون سی تجاویز لے کر آیا تھا؟
جواب:۔جنگ کے بعد پاکستان و ہندوستان کو مکمل آزادی دی جائے گی۔
(۲)مجلس آئین ساز کے انتخابات ہوں گے،اور دستور ساز اسمبلی قائم کی جائے گی۔

(۳) نیا دستور وفاقی ہوگا۔

(۴) ہر صوبے کو اختیار ہوگا، کہ وہ چاہے تو دس سال بعد یونین سے جدا ہو جائے۔

سوال:۔ نومبر ۱۹۴۵ء میں کون سے انتخاب ہوئے تھے،؟

جواب:۔ مرکزی اسمبلی کے۔

سوال:۔ لارڈ مونٹبیٹن بیٹن پاول نے تقسیم ہند کی اسکیم کا اعلان کب کیا تھا؟

جواب:۔ ۳ جون ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔ صوبائی مجالس آئین ساز کے انتخابات کب ہوئے تھے۔

جواب:۔ فروری اور مارچ ۱۹۴۶ء میں

سوال:۔ برطانوی لیبر حکومت نے ہندوستان میں اپنا ایک پارلیمانی وفد کب بھیجا تھا۔؟

جواب:۔ فروری ۱۹۴۶ء میں۔

سوال:۔ برطانوی لیبر حکومت کے وزارتی مشن کی کوشش کے نتیجے میں جو شملہ کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ اس کی ناکامی کی کیا وجہ تھی،

جواب:۔ ہندوؤں کی تنگ نظری۔

سوال:۔ فروری ۱۹۴۶ء کے برطانوی لیبر حکومت کی طرف سے بھیجے گئے پارلیمانی وفد کا کیا مقصد تھا؟

جواب:۔ تاکہ وہ ہندوستان کے اساسی نظریے کا جائزہ لے سکیں۔

س: ان خواتین کے نام بتایے، جنھیں یو، پی سے مسلم لیگ کی پہلی ویمن سب کمیٹی میں ممبر بننے کی عظیم سعادت نصیب ہوئی تھی؟۔

بیگم حبیب اللہ، بیگم اعزاز رسول، بیگم نواب اسمٰعیل، اور مس راحیلہ خاتون۔

سوال:۔ آسام سے مسلم لیگ ویمن سب کمیٹی کے ممبران کی تعداد بتایئے؟۔

جواب:۔ مسز عطا، الرحمان، اور مسز جے خان۔

سوال:۔ مسز عائشہ کلہار مورو جی، اور مسز قریشی کس علاقے سے مسلم لیگ ویمن سب کمیٹی کی ممبر تھیں؟

جواب:۔ مدارس کی۔

سوال:۔ کیا آپ سی، پی (سنٹرل انڈیا) سے مسلم لیگ ویمن کمیٹی کے ممبران کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب:۔ مس تادری جہان آف سیونی، اور بیگم نواب صدیق اللہ خاں۔

سوال:۔ بیگم حاجی سعد اللہ خاں اور مسز خواجہ اللہ بخش کس علاقے سے مسلم لیگ ویمن سب کمیٹی کی ممبر تھیں؟۔

جواب: ۔بہار۔
سوال: ۔مسلم لیگ ویمن کمیٹی کی کون سی ارکان نے دہلی میں قرارداد مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایک شاخ قائم کی تھی۔
جواب: ۔بیگم حسین ملک، بیگم کشور رحمان نے۔
س: دہلی سے مسلم لیگ سب ویمن کمیٹی کی ممبر کون تھیں؟۔
جواب: ۔مسز حسین ملک، مسز انجم الحسن، اور بیگم رحمان۔
س: مسلم لیگ قیادت میں خواتین کی سرگرمیاں محض سماجی فلاح و بہبود تک کب محدود رہیں؟
جواب: ۔۱۹۴۲ء میں دہلی میں منعقد ہونے والے مسلم لیگ کے اجلاس تک۔
س: سندھ سے پہلی مسلم لیگ سب ویمن کمیٹی کے ممبران کے نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: ۔مسز طیب جی، لیڈی ہدایت اللہ، بیگم شعبان، لیڈی ہارون۔
سوال: ۔دہلی میں خواتین کا اجلاس اپریل ۱۹۴۳ء میں کس کی زیر صدارت ہوا تھا۔؟
جواب: ۔لیڈی ہارون کی۔
سوال: ۔انڈین مسلم لیگ کا سب سے شاندار اور قابل دید اجلاس کون سا تھا؟۔
جواب: ۔اپریل ۱۹۴۳ء منعقدہ دہلی۔
سوال: مس فاطمہ جناح نے دہلی کالج سے تعلق رکھنے والی تین طالبات کے نام مسلم طالبات فیڈریشن کے عہدے داروں کے لیے بھیجے تھے۔؟
جواب: ۔مس عائشہ حسین (صدر) مس میر احشمت علی (سیکرٹری) اور مس طاہرہ مظہر (خزانچی)
سوال: ۔انگلینڈ میں پاکستان نیشنل موومنٹ کس نے شروع کی تھی؟۔
جواب: ۔چودھری رحمت علی مرحوم نے۔
سوال: ۔کانگرسی وزارتوں کے مستعفی ہونے کے بعد مسلمانوں نے قائد اعظم کے حکم پر کس تاریخ کو یوم نجات منایا تھا؟۔
جواب: ۔۲۲ دسمبر ۱۹۳۹ء کو
سوال: ۔کیا آپ جانتے ہیں کانگرس کے پہلے صدر کون تھے؟
جواب: ۔ڈبلیو۔سی۔بنیر جی
سوال: ۔آل انڈیا مسلم لیگ کے پہلے صدر کون تھے؟
جواب: ۔سر آغا خاں مرحوم۔
سوال: ۔محمڈن پولیٹیکل ایسوسی ایشن کب قائم کی گئی تھی؟
جواب: ۔۱۹۰۳ء میں سہارن پور میں

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مسلم لیگ کے قیام کی قرارداد کس نے پیش کی تھی؟

جواب:۔نواب سلیم اللہ خاں نے۔

سوال:۔اگست آفر کے نام سے وائسرائے ہند کا اعلان کب جاری ہوا تھا؟۔

جواب:۔۱۸ اگست ۱۹۴۰ء کو

سوال:۔لارڈ ویول نے وائسرائے ہند کا عہدہ کب سنبھالا تھا؟۔

جواب:۔۱۹۴۴ء میں۔

سوال:۔۱۹۴۶ء کی عبوری حکومت میں مسلم لیگ نے اپنے کتنے نمائندے نامزد کیے تھے۔؟

جواب:۔۵ نمائندے۔

سوال:۔کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں، کہ تقسیم ہند کے منصوبے کا اعلان کب کیا گیا تھا؟

جواب:۔۳ جون ۱۹۴۷ء کو،

سوال:۔تقسیم ہند کے منصوبے کے اعلان کے بعد قائد اعظم محمد علی جناح کب کراچی تشریف لائے؟

جواب:۔۷، اگست ۱۹۴۷ء کو

سوال:۔قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلم لیگ کے اجلاس کی پہلی بار صدارت کب کی تھی؟

جواب:۔۲۹ جولائی ۱۹۴۶ء کو

سوال:۔قائد اعظم اور گاندھی کے درمیان کتنی بار مذاکرات ہوئے تھے؟

جواب:۔چودہ مرتبہ۔

سوال:۔۱۹۴۴ء میں گاندھی جی مذاکرات کس مقام پر ہوئے تھے؟

جواب:۔ماؤنٹ پلیزنٹ روڈ مالابار ہل بمبئی میں۔

سوال:۔تحریک پاکستان کا مشہور نعرہ؟

جواب:۔لے کے رہیں گے پاکستان۔بٹ کے رہے گا ہندوستان، کس شاعر کی نظم سے لیا گیا ہے؟

جواب:۔کیف بنارس کی نظم شعلہ آزادی سے۔

سوال: ملکہ برطانیہ نے ہندوستان کا انتظام ایسٹ انڈیا کمپنی سے کب اپنے ہاتھ میں لیا تھا؟

جواب:۔یکم نومبر ۱۸۵۸ء کو

سوال:۔کیا آپ پنجاب مسلم لیگ کے پہلے صدر کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب:۔جسٹس میاں محمد شاہ دین۔

سوال:۔قیام پاکستان کی تجویز، سب سے پہلے کس صوبے کی اسمبلی نے منظور کی تھی؟

جواب:۔صوبہ سندھ کی اسمبلی نے۔

سوال:۔انتقال اقتدار کی رسم ادا کرنے کے لیے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کب کراچی پہنچے تھے؟

جواب:۔۱۳، اگست ۱۹۴۷ء کو

سوال:۔لارڈ ویول نے عبوری حکومت کے سلسلے میں کب بیان جاری کیا تھا؟

ج:۱۶ جون ۱۹۴۶ء کو

سوال:۔پاکستان کی کتنی آبادی دیہات میں رہتی ہے؟

جواب:۔تقریباً اکہتر فی صد۔

سوال:۔پاکستان کی کتنی آبادی زراعت کے پیشے سے وابستہ ہے؟

جواب:۔۷۱ فی صد۔

سوال:۔پاکستان میں ۱۵ سال سے کم عمر بچوں کا تناسب کل آبادی کا کتنے فی صد ہے؟

جواب:۔۴۵ فی صد

سوال:۔پاکستان کی آبادی کا کتنے فی صد حصہ ملکی پیداوار میں شریک ہے۔

جواب:۔۳۰ء۳۲ فی صد

سوال:۔پاکستان میں شرح خواندگی کیا ہے؟

جواب:۔۲۵ فی صد ہے۔

سوال:۔۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق کس شہر کی آبادی سب سے زیادہ ہے۔

جواب:۔کراچی کی۔

سوال:۔کراچی کے بعد پاکستان کا کون سا شہر آبادی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔؟

جواب:۔لاہور۔

سوال : ۔ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے بعد مندرجہ ذیل شہروں کی آبادی بتایئے؟، حیدرآباد۔سیالکوٹ ۔پشاور، سرگودھا۔ملتان، گوجرانوالہ اور کوئٹہ۔

جواب : ۔ حیدر آباد ۷،۹۵،۰۰۰ ۔ ملتان ۷،۳۰،۰۰۰ گوجرانوالہ ۵،۹۷،۰۰۰۔ پشاور ۵،۵۵،۰۰۰ سیال کوٹ ۲،۹۶،۰۰۰ کوئٹہ ۲،۸۵،۰۰۰ سرگودھا ۲،۹۴،۰۰۰

سوال:۔پاکستان کی کل آبادی کا کتنے فی صد حصہ شہروں میں رہتا ہے؟

جواب:۔۲۹ فی صد۔

سوال:۔پاکستان کے کتنے شہروں کی آبادی ایک لاکھ سے زیادہ ہے؟۔

جواب:۔تیس شہروں کی۔

سوال:۔کتنے شہروں کی آبادی دو لاکھ سے زیادہ ہے؟

جواب:۔بارہ شہروں کی۔

سوال:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس وقت پاکستان میں شرح افزائش کتنی ہے؟

جواب: تقریباً تین فی صد سالانہ۔
سوال:۔ پاکستان میں شرح پیدائش کیا ہے؟
جواب:۔ ۴ء۱ فی صد۔
سوال:۔ پاکستان میں شرح اموات کیا ہے؟
جواب:۔ ۳ء۱۔
سوال:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں شرح اموات کی زیادتی کے اسباب کیا ہیں؟
جواب:۔ غربت، جہالت، غیر معیاری غذا اور کم سنی کی شادی،
سوال:۔ پاکستان میں اوسط عمر کتنی ہے
جواب:۔ ۴۴ سال۔
سوال:۔ قائد اعظم کا ابوالکلام آزاد کے بارہ جولائی ۱۹۴۰ء کے تار کا مضمون کیا تھا؟
جواب: ۔ آپ کا ۹ جولائی کا بیان پڑھ کر مجھے سخت تکلیف ہوئی ہے۔ دہلی میں کانگرس کی قرار داد کے مطابق مخلوط وزارت کا قیام کسی مخصوص جماعت کی اجارہ داری ہرگز نہ بن سکے گا۔ مسلم لیگ کا یہ موقف ہے کہ وہ دو قومی نظریے کی وجہ سے کوئی بھی عارضی صورت حال قبول کرنے کو تیار نہیں۔ اگر ایسا ہے تو مجھے بذریعہ تار مطلع کیجیے۔
سوال:۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے کانگرس کے صدر کی حیثیت سے قائد اعظم کو ایک تار کب بھیجا تھا؟
جواب:۔ بارہ جولائی ۱۹۴۰ء کو
سوال:۔ پنڈت نہرو نے مسلمانوں کے ربط کی تحریک کس کی وساطت سے شروع کی تھی؟
جواب:۔ نام نہاد قوم پرست کانگرس مسلمان رہنماؤں کی وساطت سے۔
سوال: ۔ قائد اعظم سے گاندھی جی نے پاکستان اور اس کی حکمت عملی کے بارے میں کتنے سوالات کا جواب مانگا تھا؟
جواب:۔ ۱۵، پندرہ کا۔
سوال: ۔ مسٹر گاندھی جی نے پاکستان کے سلسلے میں چند واضح اعتراضات پر مجبور کرنے کی غرض سے ایک خط قائد اعظم کو کب لکھا تھا؟
جواب:۔ ۱۵ ستمبر ۱۹۴۴ء کو
سوال:۔ گاندھی جی کے وہ پندرہ سوالات کون سے تھے، جن کا جواب انہوں نے قائد اعظم محمد علی جناح سے ۱۵ ستمبر ۱۹۴۴ء کے خط میں پوچھا تھا؟
جواب: ۔ (۱) پاکستان کیا ہے؟ کیا یہ پنجاب، افغانستان، کشمیر، سندھ اور بلوچستان کے ناموں سے اخذ کیا گیا ہے؟

سوال: ۔اا ستمبر ۱۹۴۴ء کو قائد اعظم کے نام ایک خط میں گاندھی جی نے اپنی زندگی کا مقصد کیا تھا؟

جواب: ۔ہندو مسلم اتحاد۔

سوال: ۔۱۵ ستمبر ۱۹۴۴ء کا جواب وصول کرنے کے بعد گاندھی جی نے دوبارہ وضاحت کے لئے قائد اعظم کو خط کب لکھا تھا؟

جواب: ۔۱۹ ستمبر ۱۹۴۴ء کو۔

سوال: ۔کانگرس کی کون سی قرارداد ہندوستانی مسلمانوں کے لیے کسی طرح بھی قابل قبول نہ تھی ؟

جواب: ۔۱۹۴۲ء کی۔

سوال: ۔انگریزی تعلیم حاصل کر کے ہندوستان نے کیا فائدے حاصل کیے؟

جواب: ۔انگریز حکمرانوں سے قریبی روابط اور تعلقات پیدا کیے۔اور سرکاری اور غیر سرکاری میدان میں زندگی کے ہر شعبہ میں ہندوؤں نے برتری حاصل کی؟

سوال: ۔دہشت پسند تحریک نے ہندوستان میں کیا افراتفری پھیلائی ؟

جواب: ۔لاہور میں سانڈرس کا قتل، ملک میں کئی مقامات پر ایک ساتھ بم دھماکے دہلی میں وائسرائے کی ٹرین کو بم سے اڑانے کی کوشش،مرکزی اسمبلی میں بھگت سنگھ اور بی کے دت نے بم پھینکا۔اور گرفتار ہوئے۔پنجاب یونیورسٹی کے کنونیشن کے موقع پر پنجاب کے گورنر ڈی مونٹ مورسنی پر گولی کے علاوہ بہت سے دوسرے انگریز افسر گولی کا شکار ہوئے۔

سوال: ۔تحریک عدم تعاون کے خاتمے پر گاندھی جی کو کیوں گرفتار کر لیا گیا تھا؟

جواب: ۔بغاوت کے الزام میں۔

سوال: ۔پنڈت جواہر لال نہرو کی قیادت میں کانگرس نے قانون دانوں کی ایک کمیٹی کب مقرر کی تھی۔

جواب: ۔۱۹۲۸ء میں

سوال: ۔تحریک عدم تعاون میں بغاوت کے الزام میں گاندھی جی کو کب رہا کیا گیا تھا؟

جواب: ۔۱۹۲۴ء میں سزا ختم ہونے سے پہلے۔

سوال: ۔۱۹۲۶ء کے عام انتخابات میں ہندو مہا سبھا اور کانگرس میں سے کس کو کامیابی حاصل ہوئی تھی؟

جواب: ۔ہندو مہا سبھا کو۔

سوال: ۔۱۹۲۸ء میں کانگرس کی طرف سے پنڈت نہرو کی قیادت میں مقرر کردہ قانون دانوں کی کمیٹی کے سپرد کیا کام تھا؟

جواب:۔ہندوستان کے مستقبل کے آئین کا خاکہ تیار کرنے کا۔
سوال:۔کانگرس قانون دانوں کی نہرو کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں مسلمانوں کے تمام مطالبات رد کرتے ہوئے صرف کس صوبہ کے قیام کی گنجائش باقی رکھی تھی؟
جواب:۔صوبہ سندھ کی۔
سوال:۔کانگرس کے زیر اہتمام سارے ملک میں یوم آزادی کب منایا گیا تھا؟
جواب:۔۲۴جنوری ۱۹۳۰ء کے اجلاس میں
سوال:۔کانگرس قانون دانوں کی نہرو رپورٹ کو کس اجلاس میں پیش کیا گیا تھا؟
جواب:۔دسمبر ۱۹۲۸ء کے اجلاس میں۔
سوال:۔کانگرس نے گاندھی جی کی قیادت میں تحریک نمک سازی کا آغاز کب کیا؟
جواب:۔۱۹۳۰ء کو۔
سوال:۔پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ کا نعرہ سیال کوٹ کے کس باشندے کی تخلیق ہے؟
جواب:۔پروفیسر اصغر سودائی کی۔
سوال:۔تحریک پاکستان کی وجہ بیان کریں؟
جواب:۔مسلمانوں اور ہندوؤں میں مذہبی، سماجی، تہذیبی، ثقافتی فرق جو مسلمانوں کو ہندوؤں سے علیحدہ کرتا ہے۔یہی دو قومی نظریے کی بنیاد ہے۔
سوال:۔۱۸ اگست ۱۹۳۶ء کو کلکتہ میں طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے قائد اعظم نے کیا فرمایا تھا؟
جواب:۔اپنی سالمیت اور بقا کے لئے ترقی کرنا مسلمانوں کا اولین مقصد ہے۔
سوال:۔علامہ اقبال کے مشورے سے پنجاب مسلم فیڈریشن کے عارضی عہدہ داروں کا انتخاب کب ہوا؟
جواب:۔یکم ستمبر ۱۹۳۷ء کو۔
سوال:۔، پنجاب مسلم سٹوڈنٹ فیڈریشن کے سالانہ اجلاس کا افتتاح کرتے ہوئے قائد اعظم نے طلبا کو کب یقین دلایا تھا، کہ ننانوے فی صد مسلمان مسلم لیگ کے ساتھ ہیں۔
جواب:۔، ۱۸ مارچ ۱۹۴۴ء کو۔
سوال:۔، اگست ۱۹۳۷ء میں حمید نظامی، ڈاکٹر عبد السلام، خورشید، میاں محمد شفیع اور عماد الدین احمد نے علامہ اقبال کے کس فیڈریشن کے قیام کے بارے میں مشورہ کیا تھا؟
جواب:۔، پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے بارے میں۔
سوال:۔، قائد اعظم نے بلوچستان مسلم فیڈریشن کے پہلے اجلاس میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

جواب:۔وہ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر کام کریں۔
سوال:۔مسلم یونیورسٹی کے ان طلبا کے نام بتائیے، جو اس درس گاہ سے نکل کر ہندو سامراج اور برطانوی استعمار دونوں کے لئے زبردست چیلنج ثابت ہوئے؟
جواب:۔مولانا حسرت موہانی، مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، مولانا ظفر علی، نواب زادہ لیاقت علی خاں، خواجہ ناظم الدین، سردار عبدالرب نشتر، اور نواب اسماعیل خان۔
سوال:۔آزادی ہند میں کن تعلیمی اداروں نے شاندار اور یادگار کردار ادا کیا تھا؟
جواب:۔اسلامیہ کالج پشاور اور مسلم علی گڑھ یونیورسٹی نے۔
سوال:۔بلوچستان مسلم اسٹوڈنٹ فیڈریشن کے وہ پہلے صدر کون تھے، جنہوں نے اپنے دور صدارت میں طلبہ کی ترجمانی کے لئے ہفتہ وار، خورشید، جاری کر کے ان میں نئی روح پھونکی تھی۔
جواب:۔فضل احمد غازی۔
سوال:۔مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے طلبا کی تین تنظیمیں کون سی تھیں؟
جواب:۔مسلم یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین جس کا ہر طالب علم ممبر تھا۔ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن جس کی آل انڈیا ارگنازیشن ۱۹۳۶ء میں قائم کرنے میں علی گڑھ کے ممتاز اور پر جوش طلباء نعمان زبیری، اور واحد بخش قادری کا بڑا ہاتھ رہا۔ اور پھر جس کے صدر راجہ صاحب محمود آباد، اور جنرل سیکرٹری نعمان خان زبیری ہوئے۔ اور ان کی کوششوں سے ہندوستان کے دوسرے صوبوں میں بھی مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی برانچیں قائم کیں۔
سوال:۔قائد اعظم مسلم لیگ کی تنظیم نو میں طلبا کا تعاون حاصل کرنے کے لئے علی گڑھ کب تشریف لائے تھے۔
جواب:۔۵فروری ۱۹۳۸ء کو۔
سوال:۔اجتماعی طور پر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں طلبہ کی کتنی تنظیمیں تھیں؟
جواب:۔تین۔
سوال:۔قائد اعظم نے ویکلی ڈان، کا افتتاح کب فرمایا، جو بعد میں روزانہ چھپنے لگا۔ اور جس نے تحریک پاکستان کے سلسلے میں بہت اہم کردار ادا کیا؟
جواب:۔۲۶، اکتوبر ۱۹۴۲ء کو۔
سوال:۔برصغیر میں ہفتہ وار، پاکستان نامی اردو اخبار کہاں سے شائع ہوا تھا؟
جواب:۔لکھنو سے۔
سوال:۔جناح نہرو مذاکرات کا متن اخبارات میں کب شائع ہوا تھا؟
جواب:۔۱۶، اکتوبر ۱۹۴۲ء کو

سوال :۔نومبر ۱۹۳۸ء میں کانگرس نواز اخبار نیشنل ہیرالڈ نے واردھا اسکیم میں مذہبی تعلیم کی غیر موجودگی کے بارے میں کیا لکھا تھا؟

جواب :۔مذہبی تعصب کو یہ چیز فراموش کرنی چاہیئے کہ اس ملک میں جہاں اتنے مختلف عقائد موجود ہیں،قومی تعلیم کو بہتر بنانے کی یہی تجویز ہوسکتی ہے،کہ اسے قرآن مجید یا شاستروں سے لادانہ جائے۔

سوال :۔ان اخبارات کے نام بتایئے،جنہوں نے تحریک پاکستان کے سلسلے میں نمایاں کردار ادا کیا؟

جواب :۔نوائے وقت،ڈان،آزاد،(بنگالی) کامریڈ۔

سوال :۔روزنامہ انقلاب نے قائداعظم کے پارلیمانی بورڈ کے خلاف کیا اتحاد المسلمین اسی کا نام ہے،کہ مسٹر جناح اپنا پروگرام پیش کریں گے کے نام سے اداریے کب لکھے تھے؟

جواب :۔۲۶مئی ۱۹۳۶ءکو۔

سوال :۔قائداعظم،علامہ اقبال اور مسلم لیگ کی سب سے زیادہ مخالفت کس روزنامے نے کی تھی؟

جواب :۔روزنامہ انقلاب نے۔

سوال :۔۷امئی ۱۹۳۶ءکو انقلاب نے اپنے اداریہ میں کس چیز کو موضوع سخن بنایا تھا؟

جواب :۔قائداعظم اور علامہ اقبال کے گزشتہ سیاسی رجحانات اور نہرو رپورٹ کو۔

سوال :۔مسلم لیگ پارلیمانی بورڈ کا دوسری بار اعلان جس پر روزنامہ انقلاب نے ترقی پسندی کی تعریف کی کڑی نکتہ چینی،کب کیا گیا تھا؟

جواب :۔۱۷جون ۱۹۳۶ءکو۔

سوال :۔ذاتی طور پر جداگانہ حلقہ ہائے انتخاب کا حامی ہوں،میرے خیال میں صرف جداگانہ طریق انتخاب ہی امن وآشتی کے قیام میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے،علامہ اقبال نے یہ بات کب کہی تھی؟

جواب :۔فری پریس کے ایک نمائندے سے۔

سوال :۔برطانوی حکومت نے پاک وہند کی سرحدی حدود کے تعین کے لیے کون سا کمیشن قائم کیا تھا؟

جواب :۔ریڈکلف کمیشن۔

سوال :۔مسٹر جناح اور مسٹر گاندھی نے شملہ میں وائسرائے ہند سے کب ملاقات کی تھی؟

جواب :۔۷مئی ۱۹۴۶ءکو۔

سوال :۔قائداعظم نے وائسرائے ہند پر مسلم لیگ کی عبوری حکومت میں شمولیت کے سلسلے میں

کب زور دیا تھا؟
جواب:۔ ۱۳، اکتوبر ۱۹۴۶ء کو۔
سوال:۔ تین (۳) جون ۱۹۴۷ء کو کس منصوبے کا اعلان ہوا تھا؟
جواب:۔ تقسیم ہند کا۔
سوال:۔ وائسرائے ہند سے قائداعظم نے شملہ میں دوسری ملاقات کب کی تھی،
جواب:۔ ۳، جون ۱۹۴۶ء کو
سوال:۔ ہندوستان کی تقسیم کے منصوبے کو مسودہ قانون کی شکل میں منظوری کے لیے برطانوی پارلیمنٹ میں کب پیش کیا گیا تھا
جواب:۔ ۴، جولائی ۱۹۴۷ء کو۔
سوال:۔ پنجاب اور کلکتہ میں کن اخباروں کی ضمانتیں جنگ طرابلس میں انگریزی استعمار کے خلاف آواز اٹھانے پر ضبط کرلی گئی تھیں۔ اور ان کے مالکوں کو نظر بند کردیا گیا تھا۔
جواب:۔ پنجاب میں مولانا ظفر علی خاں کے اخبار،، زمیندار،، اور کلکتہ میں ابوالکلام آزاد کے اخبار،، الہلال کی،،
سوال:۔ مولانا ظفر علی خاں نے پریس ایکٹ کے خلاف کہاں جاکر آواز بلند کی تھی؟
جواب:۔ لندن میں۔
سوال:۔ پنجاب میں ۱۹۳۶ء میں یونینسٹ پارٹی کا ترجمان کونسا اخبار تھا؟
جواب:۔ روزنامہ انقلاب۔
سوال:۔ پارلیمانی بورڈ کے قیام کے سلسلے میں جب قائد اعظم ۱۹۳۶ء میں لاہور تشریف لائے، تو روزنامہ انقلاب نے آپ کی لاہور آمد کو کیا قرار دیا تھا؟
جواب:۔ مسلمانوں میں کش مکش کو وسیع اور تیز تر بنانے کا بندوبست۔
سوال:۔ تحریک پاکستان کی سب سے زیادہ حمایت کس روزنامے نے کی تھی؟
جواب:۔ روزنامہ نوائے وقت۔
سوال:۔ انتہا پسند لیڈر رہنما لالہ ہردیال نے ۱۹۲۴ء کے تیج اخبار کے کرشن نمبر میں کیا لکھا تھا؟
جواب:۔ ہندوستان کے سیاسی مسلہ کا صرف ایک ہی حل ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کو شدھی کے ذریعے قوم میں شامل کرلیا جائے۔
سوال:۔ لیڈی مونٹ بیٹن نے بیگم لیاقت علی خان کو مسلم لیگی خواتین کا اجلاس بلانے کی دعوت کب دی تھی؟
جواب:۔ اپریل ۱۹۴۷ء میں
سوال:۔ قرارداد لاہور کو قرارداد پاکستان کا نام سب سے پہلے کس نے دیا تھا؟

جواب:۔بیگم محمد علی جوہر نے۔

سوال:۔۔۲۳مارچ ۱۹۴۰ءکوقرارداد پاکستان کانام سب سے پہلے کس نے دیا تھا؟

جواب:۔بیگم محمد علی جوہر نے۔

سوال:۔۲۳مارچ ۱۹۴۰ءکوقرارداد پاکستان کے سلسلے میں ہندوستان کے مسلمانوں کی ترجمانی کس نے کی؟۔

جواب:۔۔بیگم محمد علی نے۔

سوال:۔گول میز کانفرنس کے تینوں اجلاسوں میں شرکت کرنے والی مسلم لیگی خواتین کون تھیں۔

جواب:۔۔بیگم جہاں آراشاہنواز۔

سوال:۔آل انڈیاورکنگ کمیٹی کی پہلی خاتون کون تھی؟

جواب:۔۔بیگم محمد علی۔

سوال:۔لاہور کی سول سیکرٹریٹ پر کس مسلم لیگی خاتون نے پاکستانی پرچم لہرایا تھا؟۔

جواب:۔۔فاطمہ بیگم نے۔

سوال:۔تحریک پاکستان کی ممتاز خاتون بیگم جہاں آراشاہ نواز کا انتقال کب ہوا تھا؟

جواب:۔۔۲۷نومبر ۱۹۷۹ءکو۔

سوال:۔نظریہ پاکستان کواجاگر کرنے کے لئے محترمہ فاطمہ جناح نے کیا اقدامات کیے تھے؟

جواب:۔۔اسکولوں میں جاکر طالبات کومنظم کیا۔

سوال:۔کس خاتون نے قائداعظم کی ہدایت پر خاتون ورکروں کی رہنمائی کی تھی؟

جواب:۔۔محترمہ فاطمہ جناح نے۔

سوال:۔مسلم لیگ کی امداد اور تعاون کے لیے بیگم لیاقت علی خان نے کس قسم کے اقدامات کیے تھے؟

جواب:۔۔مسلم لیگ کے دفتر میں ٹائپنگ سیکھ کر مسلم لیگ کی خدمت انجام دیتی رہیں۔

سوال:۔سندھ سے مسلم لیگی رہنماؤں اور قائداعظم کے ساتھ مل کر سیاست میں بھر پور کردار ادا کرنے والی خاتون کون تھیں؟

جواب:۔۔بیگم نصرت ہارون۔

سوال:۔سول نافرمانی میں آنسو گیس کا شیل لگنے سے کس خاتون کا چہرہ جل گیا تھا؟

جواب:۔۔بیگم وقارالنساءنون کا۔

سوال:۔قائداعظم محمد علی جناح کے لیے کون سی خواتین عوامی اجتماعات کومنظم کرتی تھیں۔

جواب:۔۔بیگم شاہ نواز اور بیگم سلمیٰ تصدق حسین۔

سوال:۔ بیگم نصرت ہارون کا دہلی میں قائم کردہ کون سا کلب، مسلم لیگ کی سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا؟

جواب:۔۔ نصرت کلب دہلی۔

سوال:۔ کیا خواتین نے سول نافرمانی کی تحریک میں حصہ لے کر جیل کاٹی تھی؟

جواب:۔۔ جی ہاں۔

سوال:۔ ۱۹۴۷ء میں اقوام متحدہ کا لبریز ایوارڈ حاصل کرنے والی خاتون کون تھیں؟۔

جواب:۔۔ ڈاکٹر عطیہ عنایت اللہ۔

سوال:۔ خواتین نے برصغیر کی آزادی کے لیے کیا خدمات انجام دیں؟۔

جواب:۔۔ شہروں اور دیہاتوں میں جا کر تحریک قیام پاکستان کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

سوال:۔ مسلم لیگ کے اجلاس ۱۹۳۸ء میں بمبئی، سندھ، پنجاب اور دہلی سے کن خواتین نے شرکت کی تھی؟

جواب:۔۔ محترمہ فاطمہ جناح، بمبئی، لیڈی ہارون، سندھ، بیگم وقار النساء نون، پنجاب، بیگم اقبال ملک، اور نور الصباح، بیگم دہلی نے۔

سوال:۔ اس خاتون کا نام بتایئے جس نے مسلم طالبات فیڈریشن کانفرنس دہلی منعقدہ ۱۹۴۲ء کی صدارت کرنی تھی، لیکن وہ بوجہ علالت ایسا نہ کرسکیں۔

جواب:۔۔ مس فاطمہ جناح۔

سوال:۔ ہندوستانی خواتین کو ووٹ کا حق کب ملا تھا؟

جواب:۔۔ ۱۹۳۷ء میں۔

سوال:۔ مسلم طالبات فیڈریشن کی دہلی کانفرنس میں کون کون سی خواتین نے شرکت کی تھی؟

جواب:۔۔ مس تزئین حبیب اللہ، (موجودہ تزئین فریدی) لکھنو سے مس سلطانہ قاضی احمد، مس زاہدہ قاضی میرٹھ سے، اور مسلم لیگ کی ممتاز اور تجربہ کار کارکن فاطمہ بیگم نے لاہور سے چھ لڑکیوں پر مشتمل ان کے کالج وفد کے ساتھ۔

سوال:۔ قیام پاکستان کے بعد جب اقوام متحدہ میں پاکستان کا پہلا وفد بھیجا گیا تھا تو اس میں کون سی خاتون مندوب شامل تھیں۔؟

جواب:۔۔ بیگم سلمیٰ تصدق حسین۔

سوال:۔ مس فاطمہ جناح نے مسلم طالبات فیڈریشن کانفرنس دہلی منعقدہ ۱۹۴۲ء کا افتتاح کس خاتون نے کیا، اور صدارت کس نے کی؟

جواب:۔۔ (افتتاح) بیگم کشور رحمان (صدارت) بیگم اعزاز رسول نے کی۔

سوال:۔ پاکستان کی پہلی قانون ساز اسمبلی میں پنجاب سے کون سی دو خواتین عورتوں کی نشست

پر منتخب کی گئی تھیں؟

جواب:۔۔بیگم جہاں آرا شاہنواز، اور بیگم شائستہ اکرام اللہ۔

سوال:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ نے ۱۹۴۵ء میں سیفیک ریلیشنز کانفرنس میں حکومت ہند کی دعوت پر کیوں شرکت نہیں کی تھی؟

جواب:۔۔قائداعظم کی اجازت نہ دینے کی وجہ سے۔

سوال:۔قائداعظم محمد علی جناح نے مسلم لیگ کے فنڈ میں ملنے والے زیورات عورتوں کو کیا کہہ کر واپس کر دیے تھے؟

جواب:۔۔ایسا کرنے سے پہلے اپنے شوہروں کی رائے معلوم کرلو۔

سوال:۔محترمہ بیگم شائستہ اکرام اللہ کون ہیں؟

جواب:۔۔وہ خاتون جنہوں نے قائداعظم کی قیادت اور رہنمائی میں مسلم لیگ کے پرچم تلے مسلم خواتین کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

سوال:۔مسلم لیگ طالبات فیڈریشن کے زیر اہتمام ۱۹۴۳ء میں دوسری کانفرنس کہاں منعقد ہوئی۔؟

جواب:۔۔علی گڑھ مسلم گرلز کالج میں۔

س:۔مسلم طالبات فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقدہ دوسری کانفرنس کیوں بڑی اور اہم تھی؟

جواب:۔۔کیونکہ اس میں مس زریں سرفراز (جو پاکستان قومی اسمبلی کی ممتاز کارکن رہ چکی ہیں) کے علاوہ بیگم ممتاز شاہنواز بھی فیڈریشن، اور مسلم وطن سب کمیٹی میں شمولیت اختیار کر کے شرکت کر رہی تھی۔

سوال:۔مسلم لیگ ویمن سب کمیٹی کا قیام کب عمل میں لایا گیا؟

جواب:۔۔پٹنہ میں منعقد ہونے والے مسلم لیگ کے ابتدائی دور کے ایک اجلاس میں۔

سوال:۔ان خواتین کا نام بتایئے، جو مسلم لیگ کی پہلی ویمن سب کمیٹی میں پنجاب سے منتخب ہوئی تھیں؟

جواب:۔۔بیگم شاہنواز ،مسز رشیدہ لطیف، لیڈی جمال خان اور لیڈی عبدالقادر،

سوال:۔بنگال سے ویمن کمیٹی کی ممبران کون تھیں؟

جواب:۔۔بیگم شہاب الدین، اور مسز ایم ایم اصفہانی۔

سوال:۔مس فاطمہ جناح،مسز فیض طیب جی ،کس علاقے سے مسلم لیگ کی پہلی ویمن سب کمیٹی کی ممبر بنی تھیں۔

جواب:۔۔بمبئی سے۔

سوال:۔مسلمانان ہند کی تحریک آزادی میں خواتین کی شمولیت کو ضروری سمجھتے ہوئے مسلم لیگ

ویمن کے قیام کے کیا مقاصد تھے؟
جواب: ۔۔ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کے تحت صوبائی اور ضلعی ویمن سے کمیٹیوں کا قیام۔ بھاری مقدار میں خواتین کو مسلم لیگ کا رکن بنایا گیا۔
سوال: ۔مسلمانوں کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے ولیم ہنٹر کیا لکھتا ہے؟
جواب: ۔۔سچ تو یہ ہے کہ جب ملک ہمارے زیرِنگیں آیا تو مسلمان ایک برتر نسل تھے۔ اور نہ صرف شجاعت اور سپاہیانہ صلاحیت کے اعتبار سے برتر تھے، بلکہ سپاہی نظم اور عملی حکومت کے اعتبار سے بھی قومیت رکھتے تھے، مگر اب مسلمان نہ صرف سرکاری ملازمتوں سے بلکہ اعلیٰ پسٹیوں سے بھی بے دخل کر دیے گئے ہیں۔
سوال: ۔ہندوستان میں کانگرس کی بنیاد رکھنے والے کون تھے؟
جواب: ۔۔انگریز۔
سوال: ۔کانگرس کی بنیاد رکھنے کا مقصد کیا تھا؟
جواب: ۔۔برصغیر کے باشندوں کو ایک قوم ٹھہرایا جائے۔
سوال: ۔ولیم ہنٹر کی ہندوؤں کے بارے میں کیا رائے تھی؟
جواب: ۔۔وہ مسلمانوں کے مقابلے میں بھولے اور معصوم تھے، مسلمانوں نے انہیں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں اپنے ساتھ شرکت کے لیے ورغلایا تھا۔
سوال: ۔کانگرس کے بارے میں اس کے پہلے صدر ڈبلیو۔سی۔بنیرجی کا کون سا اعتراف ریکارڈ پر موجود ہے۔
جواب: ۔۔کانگرس کی بنیاد لارڈ ڈفرن کے اشارے پر ہوئی جس نے لارڈ ہیوم سے یہ وعدہ لیا تھا کہ کانگرس کی تنظیم کے سلسلے میں وہ جب تک خود ہندوستان میں موجود ہے، اس کا نام بھی درمیان میں نہ لایا جائے۔ چنانچہ ہیوم نے گورنر جنرل کی اس خواہش کا احترام کیا۔
سوال: ۔پاکستان اپنے قیام کے لیے ٹھوس اور وزنی دلائل رکھتا ہے۔ انتخابات نے ثابت کر دیا ہے کہ مسلمانوں کی کتنی اکثریت پاکستان کے حق میں ہے، تاریخ میں ایسی مثالیں موجود ہیں، جب کسی قوم کا تحفظ نہیں ہوا، تو اس نے اپنے اکثریت کے علاقے میں حق خود اختیاری کا مطالبہ کیا، اور وہ انہیں دیا گیا تھا، قیام پاکستان کے حق میں ۱۲ فروری ۱۹۴۶ء کو یہ بیان کس انگریز نے دیا تھا؟۔
جواب: ۔۔ہاکس۔
سوال: ۔۱۹۰۵ء میں جب انتظامی مصالحت کے تحت بنگال تقسیم کر دیا گیا، تو بنگالی ہندوؤں نے اس قدر شدید احتجاج کیوں کیا تھا، کہ حکومت کو یہ فیصلہ منسوخ کرنا پڑا۔
جواب: ۔۔کیونکہ اس میں بنگال ہندوؤ کا بنگالی مسلمانوں کا فائدہ نظر آتا تھا۔

سوال:۔۱۹۱۰ء میں مسلمانوں کے لیے اگر انگریز تعاون کا دور تھا تو پھر ہندوؤں کے ساتھ تعاون کا دور کون سا تھا؟

جواب:۔۱۹۱۱ء سے ۱۹۲۸ء تک۔

سوال:۔ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے کون سا دور انگریزوں سے تعاون کا تھا؟

جواب:۔۱۹۱۰ء کا۔

سوال:۔۲۵ مئی ۱۹۴۶ء کو وزارتی مشن نے ہندوستان میں کیا خاص کوشش کی تھی؟

جواب:۔مسلم لیگ اور کانگرس میں مصالحت کی کوشش۔

سوال:۔فروری ۱۹۴۶ء کے پارلیمانی وفد کی رپورٹ شائع ہونے پر برطانوی لیبر حکومت نے وزارتی مشن کب ہندوستان بھیجا تھا؟

جواب:۔۲۵ مئی ۱۹۴۶ء کو۔

سوال:۔برطانوی پارلیمانی وفد نے پاکستان و ہند کی آزادی کا بل کب پاس کیا تھا؟

جواب:۔۱۵ جولائی ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔آزادی کے بل میں پاکستان اور بھارت میں علیحدہ علیحدہ مملکتوں کا ظہور کس تاریخ کو عمل میں آنا تھا؟

جواب:۔۱۵ جولائی ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔ہندوستان میں برطانوی اقتدار کے قیام کے تمام راستے کیسے صاف ہوئے تھے؟

جواب:۔سرنگاپٹم کی جنگ میں سلطان ٹیپو کی شہادت اور پلاسی کی لڑائی میں شجاع الدولہ کی شکست سے۔

سوال:۔برطانیہ نے جنوبی ہند اور مشرقی ہند کے مختلف حکمرانوں کو آپس میں الجھا کر کس طرح اپنا راستا صاف کیا؟

جواب:۔جنوبی ہند اور مشرقی ہند کے حکمرانوں کی فوجوں میں ملازمتیں حاصل کر کے۔

سوال:۔۱۷۶۵ء میں انگریزوں کو کن علاقوں کی دیوانی مل گئی تھی؟

جواب:۔بنگال، بہار اور اڑیسہ کی۔

سوال:۔ریڈکلف ایوارڈ کی رو سے مغربی پاکستان کی نہروں کے ہیڈ ورکس کس کے حوالے کر دیئے گئے تھے؟

جواب:۔بھارت کے۔

سوال:۔متحدہ ہندوستان کے وزیر دفاع بلدیو سنگھ نے اپنے عہد اقتدار میں مسلمانوں کو تباہ کرنے کے لیے کیا کیا تھا؟

جواب:۔۔متحدہ ہند کی فوج کے مسلمان یونٹوں کو یا تو ملک سے باہر بھیج دیا تھا، یا پھر ہندوستان کے اندر ہی دور دراز مقامات پر منتقل کر دیا تھا۔

سوال:۔۱۸۴۹ء میں پنجاب پر مکمل قبضہ کرنے کے بعد انگریزوں نے سید احمد شہید کی تحریک کو کیا نام دیا تھا؟

جواب:۔۔وہابی تحریک۔

سوال:۔۱۸۴۳ء میں ڈیوک آف ویلنگڈن کو لارڈ ایلین برا نے باصرار کیا لکھا تھا؟

جواب:۔۔ہندوستان کی سرپرستی کی جائے، اور ان کے ساتھ خاص مہربانی کا سلوک کیا جائے۔

سوال:۔لارڈ کلائیو نے شاہ عالم ثانی سے بنگال کے دیوانی حقوق کب حاصل کیے تھے۔؟

جواب:۔۔۱۷۶۵ء میں۔

سوال:۔۱۷۹۲ء میں بنگال نے بندوبست دوامی نافذ کرنے پر ایک انگریز جمید اوکنے نے اپنی رائے دیتے ہوئے کیا لکھا تھا؟

جواب:۔۔اس سے وہ ہندو جو صرف چھوٹی چھوٹی نوکریاں کرتے تھے، زمیندار بن گئے۔زمین پر انہیں مالکانہ حقوق حاصل ہو نگے۔اور یہ بھی اجازت مل گئی کہ اس تمام دولت پر قبضہ کرلیں، جو اپنی حکومت کے تحت مسلمانوں کے پاس جاتی ہے۔

سوال:۔بنگال میں مسلمانوں کے تعلیم نظام نے اپنا استحقاق کب کھویا تھا؟

جواب:۔۔۱۷۶۵ء میں لارڈ کلائیو کے دیوانی حقوق حاصل کرنے پر۔

سوال:۔ولیم ہنٹر نے اپنی رپورٹ میں مسلمانوں کی امتیازی صلاحیتوں سے خوف زدہ ہو کر کیا لکھا تھا؟

جواب:۔۔اجتماعی طور پر وہ بے حد ذہین، باخبر، منظم، اور مسلح تھے، لیکن تھے ہمارے حریف۔

سوال:۔انگریزوں کے اشارے پر انڈین نیشنل کانگرس کی بنیاد کب رکھی تھی؟

جواب:۔۔۱۸۸۵ء میں۔

سوال:۔برطانوی وزیراعظم اٹلی کا وہ تاریخی اعلان کب ہوا تھا؟ جس میں انہوں نے حکومت کے اس قطعی فیصلے کا اظہار کیا تھا، کہ جون ۱۹۴۸ء سے قبل تبادلہ اختیارات کا عمل مکمل ہو جائے گا۔

جواب:۔۔فروری ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔۲۸ نومبر ۱۹۴۴ء کو طلبا وفد کے ایک رکن مسعود زیدی نے جب قائد اعظم سے دریافت کیا کہ کیا انگریز اور ہندو مسلمانوں کے مطالبات کو نظر انداز کر سکتے ہیں؟

جواب:۔۔اس مرحلے پر انگریز مسلم لیگ، مسلم لیگ کے مطالبات کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔

سوال:۔ تقسیم ہند کے لئے پنجاب لیجیسلٹو اسمبلی کا اجلاس لاہور میں کب منعقد ہوا تھا؟

جواب:۔۔ ۲۳ جون ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔ کس کمشن کی سفارش پر برطانوی ہند کے صوبہ سرحد میں اصلاحات کی گئی تھیں؟

جواب:۔۔ سائمن کمشن کی۔

سوال:۔ تقسیم بنگال کے لیے ۳ جون ۱۹۴۷ء کے برطانوی منصوبہ میں کیا تھا؟

جواب:۔۔ ووٹ ڈالنے کا طریق کار۔

سوال:۔ اپریل ۱۹۴۳ء کا اجلاس مسلم لیگ منعقدہ دہلی کیوں شاندار تھا؟

جواب:۔۔ کیونکہ مسلم لیگ دہلی شاخ کی چند اہم خاتون اراکین نے بڑی جانفشانی سے کام کیا، متوقع طور پر آنے والی مندوب خواتین کی رہائش کے انتظامات کے لیے استقبالیہ کمیٹی قائم کی، اور لیگ کے لیے فنڈ جمع کرنے کی کوشش بھی کی،

سوال:۔ مسلم طلبا فیڈ ریشن کے صدر راجہ صاحب آف محمود آباد نے مسلم طالبات کی فیڈ ریشن الگ قائم کرنے کے لیے کنوینز کسے مقرر کیا تھا؟

جواب:۔۔ بیگم شائستہ اکرام اللہ کو۔

سوال:۔ خواتین نے دہلی اینگلو عربک کالج میں وہ کانفرنس کب منعقد کی تھی، جس میں دوسرے شہروں کی غیر شادی شدہ لڑکیاں بغیر کسی نگرانی کے شرکت کے لیے آئی تھیں؟

جواب:۔۔ فروری ۱۹۴۲ء میں۔

سوال:۔ فروری ۱۹۴۲ء میں مسلم طالبات فیڈ ریشن کے زیر اہتمام دہلی اینگلو عربک کالج میں منعقدہ کانفرنس مندوبین کی تعداد کتنی تھی؟

جواب:۔۔ ایک درجن۔

سوال:۔ تحریک پاکستان کے پہلے شہید طالب علم کا نام بتایئے؟

جواب:۔۔ عبد المالک اسلامیہ کالج لاہور۔

مشاہیر پاکستان

قائداعظم محمد علی جناح

سوال:۔ ریاست کاٹھیاوار کے اس گاؤں کا نام بتایئے، جہاں قائداعظم کے آباؤاجداد رہتے تھے؟

جواب:۔۔ پانیلی۔

سوال:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم کے دادا کا شمار پانیلی کے کن گھرانوں میں ہوتا تھا؟

جواب:۔۔ کھاتے پیتے گھرانوں میں۔

سوال:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب:۔۔ پونجا بھائی۔

سوال:۔ قائداعظم کے دادا پونجا بھائی کا پیشہ کیا تھا؟

جواب:۔۔ کھڈیوں پر کپڑا بننا۔

سوال:۔ قائداعظم کے دادا پونجا بھائی کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب:۔۔ تین۔

سوال:۔ قائداعظم کی والدہ کا نام بتایئے؟

جواب:۔۔ میٹھی بائی۔

سوال:۔ قائداعظم کے والد اور والدہ کب رشتہ ازواج میں منسلک ہوئے؟۔

جواب:۔۔ ۱۸۷۴ء کے لگ بھگ۔

سوال:۔ قائداعظم کی پیدائش سے پہلے آپ کے خاندان کے کون کون سے بزرگ کراچی آ کر آباد ہو گئے تھے؟

جواب:۔۔ آپ کے والد جناح بھائی۔

سوال:۔ قائداعظم کون سے دن پیدا ہوئے؟

جواب:۔۔ اتوار کو۔

سوال:۔ پیدائش کے بعد ڈاکٹروں کا قائداعظم کے بارے میں کیا کہنا تھا؟

جواب:۔۔ کمزوری کے سوا بچے میں کوئی جسمانی نقص نہیں۔

سوال:۔ قائداعظم کی تاریخ پیدائش بتایئے؟

جواب:۔۔ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء

سوال:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پیدائش کے وقت قائداعظم کی بدنی حالت کیسی تھی؟

جواب:۔۔ دبلا پتلا جسم، لمبے لمبے ہاتھ، لمبوترا چہرہ۔

سوال:۔ قائد اعظم کے کتنے بھائی تھے؟

جواب:۔۔ دو، احمد علی، اور بندے علی۔

سوال:۔ رحمت، مریم، فاطمہ اور شیریں کون تھیں

جواب:۔۔ قائد اعظم کی بہنیں۔

سوال:۔ جناح بھائی کے کتنے بچے تھے؟

جواب:۔۔ سات۔

سوال:۔ قائد اعظم کے والدین نے آپ کا نام کیا رکھا تھا؟

جواب:۔۔ محمد علی۔

سوال:۔ قائد اعظم فطرتاً کیسے تھے؟

جواب:۔۔ ذہین، چاک و چوبند۔

سوال:۔ مٹھی بائی اپنی اولاد میں سب سے زیادہ کے چاہتی تھیں۔

جواب:۔۔ محمد علی جناح کو،

سوال:۔ قائد اعظم اپنے ساتھیوں میں کس نام سے مشہور تھے؟

جواب:۔۔ بہترین کھلاڑی کے نام سے۔

سوال:۔ قائد اعظم کی زندگی کا وہ کونسا اہم فیصلہ تھا، جو ان کے علاوہ کسی اور نے (یعنی ان کے والدین) کیا تھا

جواب:۔۔ شادی کا،

سوال:۔ قائد اعظم نے یورپ جانے کے لیے سندھ مدرسہ کب چھوڑا؟

جواب:۔۔ جنوری ۱۸۸۲ء میں۔

سوال:۔ کیا آپ قائد اعظم کی پہلی بیوی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب:۔۔ ایمی بائی،

سوال:۔ قائد اعظم کی پہلی شادی کہاں ہوئی؟

جواب:۔۔ پانیلی کے اسمٰعیلی خوجہ خاندان میں،

سوال:۔ محمد علی کے والدین نے ان کی شادی کا فیصلہ کب کیا تھا؟

جواب:۔۔ انگلستان روانگی سے پہلے۔

سوال:۔ جناح بھائی پونجا کے بچوں میں سب سے بڑا بچہ کون تھا؟

جواب:۔۔ محمد علی جناح۔

سوال:۔ جناح بھائی کو تجارت میں پے در پے نقصان کب ہوا؟

جواب:۔۔ قائد اعظم کی والدہ مٹھی بائی کے انتقال کے بعد،

سوال:۔شادی کے وقت قائداعظم اور مٹھی بائی کی عمریں کیا تھیں؟
جواب:۔۔قائداعظم تقریباً سولہ سال، اورایمی بائی چودہ سال۔
سوال:۔قائداعظم کی اہلیہ ایمی بائی کا انتقال کب ہوا؟
جواب:۔۔آپ کے قیام لندن کے دوران۔
سوال:۔قائداعظم نے کراچی میں پریکٹس کے علاوہ کہاں قسمت آزمائی کا فیصلہ کیا تھا؟
جواب:۔۔بمبئی میں۔
سوال:۔کیا آپ قائداعظم کی دوسری بیوی کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب:۔۔مسز رتن بائی جناح۔
سوال:۔قائداعظم کی پہلی شادی کس سن میں ہوئی تھی؟
جواب:۔۔۱۸۹۲ء میں یورپ روانگی سے قبل۔
سوال:۔رتن بائی کی شادی قائداعظم سے کس سن میں ہوئی؟
جواب:۔۔۱۸، اپریل ۱۹۱۸ء کو۔
سوال:۔قائداعظم کی اکلوتی بیٹی کا نام بتایئے؟
جواب:۔۔دینا۔
سوال:۔کیا مسز جناح اپنے شوہر کے ہمراہ مسلم لیگ اور دوسری تنظیموں وغیرہ کے اجلاس میں شمولیت فرمائی تھی؟
جواب:۔۔جی ہاں۔
سوال:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم کے ہاں ان کی اکلوتی بیٹی کس تاریخ کو پیدا ہوئی؟
جواب:۔۔۱۵ اگست ۱۹۱۹ء کو۔
سوال:۔قائداعظم کی اہلیہ رتن بائی سے متعلق تار ملنے پر جب قائداعظم دہلی سے بمبئی پہنچے،تو ان کی اہلیہ کیسی تھی؟
جواب:۔۔انتقال کر چکی تھیں۔
سوال:۔قائداعظم نے اپنی سترویں سال گرہ بمبئی میں کب منائی؟
جواب:۔۔۲۵ دسمبر ۱۹۴۵ء کو۔
سوال:۔قائداعظم کی پیدائش کس عمارت میں ہوئی
جواب:۔۔وزیر مینشن نیونہام روڈ کراچی میں۔
سوال:۔۱۹۴۶ء کے پاس پورٹ کے مطابق قائداعظم کا حلیہ بتایئے؟
جواب:۔۔قد پانچ فٹ ساڑھے گیارہ انچ، آنکھوں کا رنگ گہرا ابھورا۔
سوال:ہفت روزہ نظام کی درخواست پر قائداعظم نے اپنی صحیح تاریخ پیدائش اور مقام پیدائش

کے بارے میں کیا لکھا تھا؟

جواب:۔۔۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو علی الصبح کراچی میں۔

سوال:۔ گوکل داس پرائمری اسکول اور سندھ مدرستہ الاسلام کے علاوہ قائداعظم نے کس اسکول میں تعلیم پائی۔؟

جواب:۔۔کرسچین مشنری سوسائٹی سکول میں

سوال:۔رتن بائی سے قائداعظم کی شادی کب ہوئی تھی؟

جواب:۔۔۱۸ اپریل ۱۹۱۸ء بمطابق رجب ۱۳۳۶ء کو۔

سوال:۔۱۹۲۹ء کو قائداعظم کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

جواب:۔۔آپ کی اہلیہ رتن بائی کا انتقال اور چودہ نکات پیش کرنا۔

سوال:۔آزادکشمیر کے کون سے سابق صدر قائد کے پرائیویٹ سیکرٹری رہے؟

جواب:۔۔کے، ایچ، خورشید،

سوال:۔قائداعظم کا یوم پیدائش سب سے پہلے قومی سطح پر کب منایا گیا؟

جواب:۔۔۱۹۴۰ء میں۔

سوال:۔کس انگریز شاعر کے اقتباسات قائداعظم کی تحریر وتقریر میں اکثر ملتے ہیں؟

جواب:۔۔ولیم شکسپیئر کے۔

سوال:۔قرارداد پاکستان کے بعد قائد کی سالگرہ کب منائی گئی؟

جواب:۔۔۲۵ دسمبر ۱۹۴۰ کو

سوال:۔۱۹۳۸ء میں لفظ قائداعظم پہلی بار کس اخبار میں شائع ہوا تھا؟

جواب:۔۔اخبار الامان میں۔

سوال:۔قائداعظم نے اپنی مخصوص جناح کیپ سب سے پہلے کس شہر میں پہنی تھی؟

جواب:۔۔کوئٹہ میں۔

سوال:۔قائداعظم کے ڈرائیور کا نام بتایئے، جو مشہور اداکار بھی تھا؟

جواب:۔۔محمد حنیف آزاد۔

سوال:۔قائداعظم اپنے اباواجداد کی طرف سے کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب:۔۔راجپوت خاندان سے۔

سوال:۔برصغیر کے سب سے کم عمر بارایٹ لاء کا نام بتایئے؟

جواب:۔۔قائداعظم محمد علی جناح۔

سوال:۔قائداعظم کو لارڈ سائمن کا خطاب کب ملا تھا؟

جواب:۔۔بمبئی میں پریکٹس کے ابتدائی زمانہ میں۔

سوال:۔ قائداعظم نے لکھنو میں پہلی بار کب جناح کیپ پہنی تھی؟

جواب:۔۔ ۱۹۴۷ء میں۔

سوال:۔ قائداعظم نے کراچی چھوڑ کر مستقلاً بمبئی کی سکونت کب اختیار کی تھی؟

جواب:۔۔ ۱۹۰۰ء میں۔

سوال:۔ قائداعظم کے پرائیویٹ سیکرٹریوں کے نام بتایئے؟

جواب:۔۔ مطلوب الحسن سید، کے ایچ خورشید اور عثمان لغاری۔

سوال:۔ محمد علی جناح کو خواتین کے اجلاس میں سب سے پہلے قائداعظم کے نام سے کس نے پکارا تھا؟

جواب:۔۔ نورالصباح بیگم نے۔

سوال:۔ اس شخصیت کا نام بتایئے جس نے سب سے پہلے قائداعظم کو بابائے ملت کے نام سے پکارا تھا؟

جواب:۔۔ قاضی محمد اکبر۔

سوال:۔ محمد علی کو کس عمر میں پرائمری اسکول میں داخل کرادیا گیا تھا؟

جواب:۔۔ نو سال کی عمر میں،

سوال:۔ جناح بھائی نے محمد علی کو کہاں داخل کرانے کا فیصلہ کیا تھا؟

جواب:۔۔ سندھ مدرستہ الاسلام میں،

سوال:۔ قائداعظم کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب:۔۔ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء،

سوال:۔ قائداعظم نے سندھ مدرستہ الاسلام میں کب سے کب تک تعلیم حاصل کی تھی؟

جواب:۔۔ ۴ جولائی ۱۸۷۷ء سے جنوری ۱۸۹۲ء تک۔

سوال:۔ قائداعظم اپنی سالگرہ کب مناتے تھے؟

جواب:۔۔ ۲۵ دسمبر کو،

سوال:۔ سندھ مدرستہ الاسلام کے مختلف اندراجات کے متعلق قائداعظم کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب:۔۔ ۲۰ اکتوبر ۱۸۷۵ء میں۔

سوال:۔ قائداعظم کی وکیل بننے کی خواہش میں کب پختگی پیدا ہوئی؟

جواب:۔۔ قیام لندن کے دوران،

سوال:۔ قائداعظم نے قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لنکن ان میں کب داخلہ لیا تھا؟

جواب:۔۔ ۱۸۹۳ء میں۔

سوال: ۔ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان سے قبل کراچی بار ایسوسی ایشن کے سپاس نامے کا جواب دیتے ہوئے قائد نے لنکن ان میں اپنے داخلے کی وضاحت کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

جواب: ۔ ایک مسلمان کی حیثیت سے میرے دل میں رسول اکرمؐ کی جن کا شمار دنیا کے عظیم ترین مدبروں میں ہوتا ہے، بہت عزت تھی، ایک دن میں اتفاقاً لنکن ان گیا، اور میں نے اس کے دروازے پر پیغمبر اسلام کا اسم مبارک کندہ دیکھا، میں نے لنکن ان میں داخلہ لے لیا، کیونکہ اس کے دروازے پر عظیم قانون دانوں کی فہرست میں آنحضرت کا اسم مبارک بھی شامل تھا۔

سوال: ۔ اس پہلے ہندوستانی کا نام بتایئے جس نے لنکن ان سے لندن آٹھارہ سال کی عمر میں بیرسٹری کی تعلیم مکمل کی؟

جواب: ۔ محمد علی جناح۔

سوال: ۔ قائداعظم تعلیم حاصل کرنے کے لیے کراچی سے یورپ کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۔ ۱۸۹۲ء کے آغاز میں۔

سوال: ۔ لنکن ان میں زمانہ طالب علمی کے سوران قائداعظم نے اپنا نام مخفف کر کے کیا رکھا تھا؟

جواب: ۔ ایم ۔ اے ۔ جناح۔

سوال: ۔ قائداعظم نے سب سے کم عمر طالب علم کی حیثیت سے قانون کی ڈگری کب حاصل کی تھی؟

جواب: ۔ ۱۸۹۵ء میں۔

سوال: ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم نے قانون کی تعلیم کہاں سے حاصل کی تھی؟

جواب: ۔ لنکن ان لندن سے۔

سوال: ۔ قائداعظم نے دسویں جماعت کا امتحان کتنے سال کی عمر میں پاس کیا تھا؟

جواب: ۔ سولہ سال کی عمر میں۔

سوال: ۔ قائداعظم بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کس سن ہجری میں گئے تھے؟

جواب: ۔ ۱۳۱۱ء میں۔

سوال: ۔ محمد علی جناح کراچی سے یورپ کب روانہ ہوئے تھے؟

جواب: ۔ ۱۸۹۲ء کے آغاز میں۔

سوال: ۔ لندن میں قیام کے دوران قائداعظم نے کس لائبریری میں مطالعہ کرنے کا اجازت نامہ حاصل کرلیا تھا؟

جواب: ۔ برٹش میوزیم لائبریری میں،

سوال: ۔ قائداعظم لندن میں کس سے بہت متاثر تھے؟

جواب:۔ دادا بھائی نوروجی سے۔

سوال:۔ ۱۲ نومبر ۱۹۳۰ء کو قائد نے لندن کی کون سی کانفرنس میں شرکت فرمائی تھی؟

جواب:۔ پہلی گول میز کانفرنس میں۔

سوال:۔ قائد نے یکم دسمبر ۱۹۳۰ء اور ۷ جنوری ۱۹۳۱ء کو گول میز کانفرنس کی کس کمیٹی میں حصہ لیا ؟

جواب:۔ کمیٹی برائے وفاقی امور کی بحث میں۔

سوال:۔ پہلی گول میز کانفرنس میں قائد اعظم نے کب تقریر فرمائی تھی؟

جواب:۔ ۲۸ نومبر ۱۹۳۰ء کو

سوال:۔ قائد اعظم نے پہلی گول میز کانفرنس کی کمیٹی برائے دفاع کی کاروائی میں کب حصہ لیا تھا؟

جواب:۔ ۹۔ ۱۲، جنوری ۱۹۳۱ء کو۔

سوال:۔ قائد اعظم نے دوسری گول میز کانفرنس میں مسلم ہند کا نقطہ نظر کب پیش کیا؟

جواب:۔ اکتوبر، نومبر ۱۹۳۱ء میں،

سوال:۔ جولائی ۱۹۳۳ء میں ہندوستان کے کس میاں بیوی نے لندن جا کر قائد اعظم سے واپس وطن آنے کی درخواست کی تھی؟

جواب:۔ نواب زادہ لیاقت علی خاں اور ان کی اہلیہ نے۔

سوال:۔ قائد اعظم نے مسلم لیگ کی باقاعدہ رکنیت کہاں اختیار کی تھی؟

جواب:۔ لندن میں۔

سوال:۔ قائد اور گوکھلے نے کس تنظیم کو از سر نو منظم کیا تھا؟

جواب:۔ لندن انڈین ایسوی ایشن کو۔

سوال:۔ قائد لندن میں کس جگہ رہائش پذیر تھا؟

جواب:۔ کنگ اینڈ کمپنی پال، مال اسٹریٹ، لندن۔

سوال:۔ قائد اعظم نے کریمنل لاء ایمر جنسی پاور ز بل کی شدید مخالفت کب کی، جسے عرف عام میں رولٹ بل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب:۔ ۶ فروری ۱۹۱۹ء کو۔

سوال:۔ ۲۸ مارچ ۱۹۱۹ء کو رولٹ ایکٹ کے پاس ہونے پر قائد اعظم نے احتجاجی طور پر قانون ساز اسمبلی سے استعفیٰ دیتے ہوئے اس ایکٹ کو کس نام سے تعبیر کیا تھا؟

جواب:۔ سیاہ ایکٹ کے نام سے۔

سوال:۔ قائد اعظم جداگانہ انتخاب کو مسلمانوں کے لیے کب تک فائدہ مند نہیں سمجھتے تھے؟

جواب:۔۱۹۱۶ء تک،

سوال:۔۲۴،۲۵ مئی ۱۹۲۴ء کو لاہور میں قائد نے کس اجلاس کی صدارت کی تھی؟

جواب:۔آل انڈیا مسلم لیگ کی۔

سوال:۔قائداعظم نے گاندھی سے کب علیحدگی اختیار کی تھی؟

جواب:۔۱۹۴۰ء میں۔

سوال:۔قائداعظم نے کلکتہ کے آل پارٹیز نیشنل کنونشن میں کب مسلم نقطہ نظر کی وضاحت پیش کی؟

جواب:۔۲۲ دسمبر ۱۹۲۸ء کو،

سوال:۔قائد نے ۱۶ مارچ ۱۹۲۹ء کو اسمبلی میں کس بات کے متعلق تنقید کی تھی؟

جواب:۔مسلمانوں کے بارے میں انگریز ہندو رویے پر۔

سوال:۔قائداعظم نے اپنے چودہ نکات جو متفقہ طور پر منظور کر لیے گئے، دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں کب پیش کیے تھے؟

جواب:۔۲۸ مارچ ۱۹۲۹ء کو

سوال:۔جنوری ۱۹۳۵ء میں ہندوستان واپس پہنچ کر قائداعظم نے ہندو مسلم اتحاد کی خاطر کس سے خط و کتابت کی تھی؟

جواب:۔بابو راجندر پرشاد سے،

سوال:۔قائد نے ۵ فروری ۱۹۳۵ء کو کس سے خطاب کیا تھا؟

جواب:۔علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے طلباء سے،

سوال:۔۲ مارچ ۱۹۴۱ء کو لاہور میں پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے کس موضوع پر خصوصی اجلاس کی صدارت کی؟

جواب:۔پاکستان پر،

سوال:۔ناگ پور میں آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے پانچویں سالانہ جلسے کی صدارت قائد نے کب کی تھی؟

جواب:۔۲۶ دسمبر ۱۹۴۱ء کو،

سوال:۔قائداعظم کی سیاسی زندگی کا آغاز ۱۹۰۶ء میں کس شہر میں ہوا؟

جواب:۔کلکتہ سے۔

سوال:۔۲۲ فروری ۱۹۴۲ء کو قائداعظم نے اپنے اخباری بیان میں مارشل چنگ کائی شیک پر کیوں تنقید کی تھی؟

جواب:۔کیونکہ اس نے دو قومی نظریے کی مخالفت کی تھی۔

سوال:۔قائداعظم نے ۱۵ جنوری ۱۹۴۲ء کو بمبئی کے گورنر سر راجر کے ساتھ کس سلسلے میں بات چیت کی تھی؟

جواب:۔پاکستان کے۔

سوال:۔قائداعظم اپنی اکثر تقریروں میں کون سا ایک جملہ دہرایا کرتے تھے؟

جواب:۔اسلام ہر مسلمان سے متمنی ہے کہ وہ اپنا فرض ادا کرے۔

سوال:۔پاکستان کے خلاف جھوٹی اور گمراہ کن تشہیر کے باوجود وہ دن دور نہیں جب پاکستان کو ہر ہندوستانی قبول کرے گا، قائد نے یہ الفاظ کب کہے تھے؟

جواب:۔جون ۱۹۴۱ء میں۔

سوال:۔۲۸ نومبر ۱۹۴۰ء کو مسلم طلباء کے جلسہ عام منعقدہ احمد آباد میں تقریر کرتے ہوئے قائد نے کیا فرمایا تھا؟

جواب:۔ہندوستان کو تقسیم کر دینا چاہیئے ،تاکہ ہندو اور مسلمان اچھے پڑوسیوں کی طرح رہ سکیں۔

سوال:۔قائداعظم نے ایمان، اتحاد، تنظیم کا نعرہ سب سے پہلے کب بلند کیا تھا؟

جواب:۔اکتوبر ۱۹۴۱ء میں،

سوال:۔آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس لکھنو میں نواب وقار الملک نے قائداعظم کو شرکت کی خصوصی دعوت کب کی تھی؟

جواب:۔۱۹۱۲ء میں۔

سوال:۔قائد سب سے پہلے کس سیاسی جماعت سے وابستہ ہوئے تھے؟

جواب:۔کانگرس سے،

سوال:۔قائداعظم نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز برصغیر کی کس شخصیت کے ساتھ رہ کر کیا تھا؟

جواب:۔دادا بھائی نوروجی کے ساتھ۔

سوال:۔قائداعظم نے جس پہلی گول میز کانفرنس میں شرکت کی تھی، اس کا افتتاح کس نے کیا تھا؟

جواب:۔شاہ جارج پنجم نے،

سوال:۔ناکامی ایسا لفظ ہے جس سے میں ابھی تک آشنا نہیں ہوا، بتایئے یہ جملہ کس نے کہا تھا؟

جواب:۔قائداعظم نے،

سوال:۔ایک مرتبہ قائداعظم نے اپنی سیاست کا دارومدار کن دو چیزوں کو قرار دیا جاتا ہے؟

جواب:۔اپنے ٹائپ رائٹر اور محترمہ فاطمہ جناح پر۔

سوال:۔قائداعظم کن دو اشخاص کو ناقابل اصلاح کہا کرتے تھے؟

جواب:۔نہرو اور پٹیل کو۔
سوال:۔اس شہر کا نام بتایئے، جہاں قائد کی خدمت میں بتیس سپاس نامے پیش کیے گئے۔
جواب:۔کان پور میں۔
سوال:۔قائد کی ہدایت پر قائم کردہ پہلی مسلم ہوائی کمپنی کا صدر دفتر کہاں تھا؟
جواب:۔کلکتہ میں۔
سوال:۔۱۹۴۳ء میں قائد اعظم نے برطانوی محافی بیولرلی نکولاس کو کیا کہا تھا؟
جواب:۔ہندوؤں اور مسلمانوں میں بنیادی فرق یہ ہے کہ ہندو گائے کی پوجا کرتے ہیں، اور مسلمان اسے ذبح کرتے ہیں۔
سوال:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائد اعظم نے گاندھی کو کیا الفاظ کہے تھے؟
جواب:۔گلاب کے پھول کو خواہ کسی نام سے پکاریں، اس کی خوشبو میں کوئی فرق نہیں آئے گا؟
سوال:۔قائد نے ماسٹر تارا سنگھ کو کھلم کھلا بات چیت کی دعوت کب دی تھی؟
جواب:۔۲۳، اگست ۱۹۴۶ء کو۔
سوال:۔قائد نے گاندھی سے یہ کب کہا تھا کہ آخری فیصلہ ہو جانے سے پہلے پاکستان کو تسلیم کر لو؟
جواب:۔۳۰ جون ۱۹۴۵ء میں۔
سوال:۔قائد اعظم نے ۱۰ مارچ ۱۹۴۴ء کو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں کیا کہا تھا؟
جواب:۔ہمارے نزدیک پاکستان کا مطلب ہمارا تحفظ، ہماری نجات، اور ہمارا مستقبل ہے۔
سوال:۔محمد علی جناح کی سیاسی شخصیت کی تشکیل میں سب سے بڑا ہاتھ کس کا تھا؟
جواب:۔دادا بھائی نوروجی کا۔
سوال:۔بمبئی دوسرا بوسٹن بن جائے گا، اس مرتبہ سمندر میں چائے کی پیٹیاں نہیں پھینکی جائیں گی، بلکہ انگریزوں سے لدی ہوئی گاڑیاں سمندر کے اندر جائیں گی، یہ الفاظ اپنے بیان میں کس عظیم شخصیت نے کہے تھے؟
جواب:۔قائد اعظم محمد علی جناح نے۔
سوال:۔جناح اور گاندھی میں پہلی ملاقات کب ہوئی تھی؟
جواب:۔سر جہانگیر کی پیڈر روڈ کی قیام گاہ پر دی گئی گارڈن پارٹی میں۔
سوال:۔قائد بیک وقت کون سی دو سیاسی جماعتوں کے لیڈر رہے تھے؟
جواب:۔مسلم لیگ اور کانگرس۔
سوال:۔قائد اعظم نے مسلم رہنماؤں کو متحد کرنے کے لیے دہلی کانفرنس کب منعقد کی تھی؟
جواب:۔۲۰ مارچ ۱۹۲۷ء کو۔

سوال: ۔ہندو مسلم اتحاد کے سلسلے میں قائد اعظم کی کوشش بار آور نہ ہونے کے بارے میں اخبار مانچسٹر گارجین نے کون سا تبصرہ کیا تھا؟

جواب: ۔گول میز کانفرنس میں مسٹر جناح انوکھی پوزیشن کے مالک تھے، ہندوؤں کا خیال تھا کہ وہ فرقہ واریت کا شکار ہیں، مسلمان انہیں ہندوؤں کا حامی سمجھتے تھے، جواڈوں کا خیال تھا کہ وہ حد سے زیادہ جمہوریت پسند ہیں، اور انگریز انہیں انتہا پسند خیال کرتے تھے، اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی کچھ نہ رہے، انہیں کوئی شخص پسند نہ کرتا تھا۔

سوال: ۔قائد اعظم پر ۲۶ جولائی ۱۹۴۶ء کو خاکسار تحریک کے محمد رفیق نے کس چیز سے قاتلانہ حملہ کیا تھا؟

جواب: ۔چاقو سے۔

سوال: ۔قائد پر حملہ کرنے کے لیے محمد رفیق کہاں سے آیا تھا؟

جواب: ۔لاہور سے۔

سوال: ۔قائد اعظم مسلم لیگ اور کانگرس کے کتنے سال مشترکہ ممبر رہے،

جواب: ۔سات سال تک۔

سوال: ۔قائد اعظم نے بمبئی میں واحد مسلمان وکیل کی حیثیت سے وکالت کب شروع کی؟

جواب: ۔۱۸۹۷ء میں۔

سوال: ۔قانون دان کی حیثیت سے قائد کس ریاست کے آئینی مشیر تھے؟

جواب: ۔قلات کے،

سوال: ۔قائد کی وکالت کے کوئی سے دو مشہور مقدموں کے نام بتائیے؟۔

جواب: ۔تلک کا مقدمہ، اور پیر پگاڑو کا مقدمہ۔

سوال: ۔غازی علم دین شہید کا مقدمہ کس نے لڑا؟

جواب: ۔قائد اعظم نے۔

سوال: ۔قائد اعظم نے مکمل طور پر وکالت ترک کر کے حصول پاکستان کو کب اپنا نصب العین بنایا تھا؟

جواب: ۔۱۹۴۰ء میں۔

سوال: ۔آل انڈیا کانگرس کے قیام کے ابتدائی عرصے میں کن لوگوں نے کانگرس کے لئے بے مثال خدمات انجام دیں؟

جواب: ۔قائد اعظم محمد علی جناح نے، اور دادا بھائی نوروجی نے۔

سوال: ۔قائد اعظم نے کانگرس پارٹی میں کب شمولیت کی تھی؟

جواب: ۔۱۹۰۵ء میں۔کانگرس کا مسلم لیگ کو مسلمانوں کی واحد جماعت تسلیم کرنا۔

سوال: ۔قائد کی کوششوں سے کانگرس اور مسلم لیگ کو قریب لانے کے نتیجے میں کون سا معاہدہ ہوا تھا؟

جواب: ۔میثاق لکھنو۔

سوال: ۔قائداعظم نے نہرو رپورٹ پر کیا فرمایا تھا؟

جواب: ۔اب ہندوؤں اور مسلمانوں کے راستے جدا ہو چکے ہیں۔

سوال: ۔اپریل ۱۹۴۶ء میں قائداعظم کو ہندوستان کا وزیراعظم بنانے کی تجویز کس نے پیش کی تھی؟

جواب: ۔گاندھی نے۔

سوال: ۔بمبئی میں قائد کے مشاغل بتائیے؟

جواب: ۔ہائی کورٹ میں بیرسٹر کی حیثیت سے نام درج کرانا، روزانہ عدالتوں کے چکر لگانا اور شام کو خالی ہاتھ تھکے ہارے ہوٹل واپس آنا۔

سوال: ۔قائداعظم نے کراچی سے منتقل ہو کر بمبئی میں کہاں قیام فرمایا تھا؟

جواب: ۔بمبئی کے ہوٹل اپالو میں۔

سوال: ۔بمبئی میں قائد کا ہوٹل کس علاقے میں واقع تھا؟

جواب: ۔فورٹ ایریا میں۔

سوال: ۔کانگرس سے قائد نے کب استعفیٰ دیا؟

جواب: ۔۱۹۲۰ء میں۔

سوال: ۔قائد نے پہلی بار ۱۹۰۴ء کو کانگرس کے کس اجلاس میں شرکت فرمائی تھی؟

جواب: ۔کلکتہ اجلاس میں۔

سوال: ۔گاندھی نے قائداعظم کی کس تقریر کے بارے میں لکھا تھا کہ آپ کی تقریر شروع سے آخر تک اعلان جنگ ہے۔

جواب: ۔مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس لکھنو منعقدہ اکتوبر ۱۹۳۷ء۔

سوال: ۔قائد نے ۱۹۲۰ء کس مقام پر کانگرس سے استعفیٰ دیا تھا؟

جواب: ۔ناگ پور کے مقام پر۔

سوال: ۔گاندھی نے محمد علی جناح کو سب سے پہلے اپنے کس خط میں قائداعظم لکھا تھا؟

جواب: ۔۱۶ جنوری ۱۹۴۰ء کے خط میں۔

سوال: ۔گاندھی نے قائد سے پاکستان اور اس کی حکمت عملی کے بارے میں کتنے سوالات کا جواب مانگا تھا؟

جواب: ۔پندرہ سوالات کا۔

سوال:۔۱۱ستمبر۱۹۴۴ءکوگاندھی نے قائداعظم کے نام اپنے خط میں اپنی زندگی کا کیا مقصد لکھا تھا؟

جواب:۔ہندو،مسلم اتحاد۔

سوال:۔۲۲نومبر۱۹۴۲ءکوانجمن طلباء جامعہ علی گڑھ کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے قائد اعظم نے کیا فرمایا تھا؟

جواب:۔ میں کہتا ہوں، یہ تین چوتھائی لے لو، اور میرے ایک چوتھائی پر حسد نہ کرو، مجھے اسلامی تاریخ کی روشنی میں اپنی روایات، اپنی ثقافت، اور اپنی زبان کو برقرار رکھتے ہوئے زندگی بسر کرنے دو، اور تم بھی اپنے منطقوں میں یہی کرو، آؤ اس طرح ہم امن کے ساتھ گزر بسر کریں۔

سوال:۔قائداعظم نے مسلم لیگ کی تمام صوبائی اور مرکزی برانچوں کے صدر اور سیکرٹریوں کی کانفرنس کی صدارت کب فرمائی؟

جواب:۔۲۸اکتوبر۱۹۴۱ءکو۔

سوال:۔قائداعظم نے فیصل آباد میں پنجاب مسلم لیگ کے زیر اہتمام پرچم کشائی کی تقریب میں کب حصہ لیا تھا؟

جواب:۔۱۸، ۱۹، نومبر۱۹۴۲ءکو۔

سوال:۔اپریل۱۹۳۸ءکومسلم لیگ کے کلکتہ اجلاس میں قائداعظم نے کیا کہا تھا؟

جواب:۔مسلمان جھکنے کے لیے پیدا نہیں ہوا، اگر اسے جھکانے کی کوشش کی گئی،تو بابر بن جائے گا، یہ ٹیپو سلطان کی صورت میں نمودار ہوگا، یہ مر جائے گا مگر محکومی قبول نہیں کرے گا۔

سوال:۔۲۱نومبر۱۹۴۲ءکولاہور میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے کیا فرمایا تھا؟

جواب:۔کانگرسی مطالبات تسلیم کرنے کا مطلب اپنی موت کے حکم نامہ پر دستخط کرنا ہے، جسے میں تسلیم نہیں کرتا۔

سوال:۔۲۰مارچ۱۹۴۴ءکوقائداعظم نے لاہور اسمبلی چیمبرس پنجاب، پنجاب لیگ پارٹی کے اجلاس میں کیا بات کہی تھی؟

جواب:۔پنجاب پاکستان کا سنگ بنیاد ہے۔

سوال:۔قرارداد پاکستان پیش ہونے سے پہلے جب قائداعظم لاہور کے اسٹیشن پر پہنچے تو اخباری رپورٹ کے مطابق اسٹیشن پر قائد کا استقبال کرنے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب:۔۷۰ہزار۔

سوال:۔قرارداد پاکستان کی منظوری کے دو سال بعد ۳ جولائی ۱۹۴۲ءکوکس صوبے کے

مسلمانوں نے قائداعظم کی خدمت میں قرآن پاک اور تلوار پیش کی،
جواب:۔بلوچستان کے مسلمانوں نے۔
سوال:۔قرارداد پاکستان کس کی صدارت میں منظور ہوئی تھی؟
جواب:۔قائداعظم کی۔
سوال:۔قائداعظم کی لندن سے واپسی کے بعد مسلم لیگ کے تمام دھڑوں کا مشترکہ اجلاس جس میں قائداعظم کو صدر منتخب کیا گیا تھا، کب منعقد ہوا تھا؟
جواب:۔مارچ ۱۹۳۴ء میں۔
سوال:۔۲۲ نومبر ۱۹۴۲ء کو قائد نے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں کیا پیغام دیا تھا؟
جواب:۔مسلمانوں کا نعرہ ہے، پاکستان حاصل کرو، یا مٹ جاؤ۔ میں یقین دلاتا ہوں مسلمان مٹے گا نہیں، بلکہ پاکستان حاصل کرے گا۔
سوال:۔پاکستان زندہ باد کا نعرہ قائداعظم نے سب سے پہلے کون سے دن لگایا تھا؟
جواب:۔منگل کے دن۔
سوال:۔مسلم لیگ میں پہلی بار شرکت کے وقت قائد کی عمر کتنی تھی؟
جواب:۔۳۶/۳۷ سال۔
سوال:۔قرارداد پاکستان کے جلسے کی اختتامی تقریر کس نے کی تھی؟
جواب:۔قائداعظم نے
سوال:۔۳۰ اپریل ۱۹۴۷ء کو قائداعظم نے دہلی میں کیا فرمایا تھا؟
جواب:۔پاکستان کے چھ صوبے ہونے چاہیئے، یعنی بنگال، پنجاب، سرحد، آسام، بلوچستان، اور سندھ۔
سوال:۔۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قائداعظم نے قرارداد پاکستان پیش ہونے کے بعد تقریر کی تھی، یا قرارداد پاکستان کی تائید کے بعد؟
جواب:۔قرارداد پاکستان کی تائید ہونے کے بعد۔
سوال:۔۲۷ مارچ ۱۹۴۰ء کو میمن آف کامرس کے جلسے میں قائد نے کیا کہا تھا؟
جواب:۔پاکستان ایک ایسی حکومت ہوگی، جس میں ذات پات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔
سوال:۔قائداعظم نے اپنی زندگی کی بہترین تقریر کس جلسے میں کی تھی؟
جواب:۔۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قرارداد پاکستان پیش ہونے والے جلسے میں،
سوال:۔قائداعظم کب تک مسلم لیگ کے صدر رہے؟
جواب:۔۱۴ اگست ۱۹۴۷ء تک۔
سوال:۔قائداعظم آخری عمر تک کس سیاسی جماعت سے وابستہ رہے؟

جواب: ۔مسلم لیگ سے ۔
سوال: ۔قائداعظم اور لیاقت علی خان کی پہلی ملاقات کب اور کہاں ہوئی تھی؟
جواب: ۔۱۹۳۸ء مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ کلکتہ میں ۔
سوال: ۔قائداعظم نے پہلی مرتبہ مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی صدارت کس کی ٹوپی پہن کر کی تھی ؟
جواب: ۔نواب اسماعیل خاں کی ۔
سوال: ۔۱۹۴۳ء کی بلوچستان مسلم لیگ کانفرنس میں قائداعظم نے کیا خاص بات ارشاد فرمائی تھی ؟
جواب: ۔علم تلوار سے زیادہ تیز ہے ۔
سوال: ۔قائداعظم نے سر سکندر حیات کو مسلم لیگ کی مجلس عاملہ سے کب علیحدہ کیا تھا؟
جواب: ۔۱۹۴۲ء میں ۔
سوال: ۔قائداعظم زندہ باد نعرہ قائد کی موجودگی کس تاریخ کو صوبہ سرحد میں لگایا تھا؟
جواب: ۔۲۰ نومبر ۱۹۴۵ء کو،
سوال: ۔
جواب: ۔قائداعظم کی پر زور اپیل کے اصرار پر دیگر سیاسی پارٹیاں مسلم لیگ میں کب شامل ہوئیں؟
۱۲۷ کتوبر ۱۹۴۷ء کو
سوال: ۔قائداعظم نے یہ اعلان کب کیا تھا، کہ ریاستیں پاکستان یا ہندوستان کے ساتھ الحاق کر سکتی ہیں، اور اگر چاہیں تو آزاد بھی رہ سکتی ہیں ۔
جواب: ۔۱۶ جون ۱۹۴۷ء کو ۔
سوال: ۔۱۹۱۳ء میں کن دو مسلم لیگی رہنماؤں نے قائداعظم سے مسلم لیگ کا باضابطہ رکن بننے کی درخواست کی تھی ؟
جواب: ۔مولانا محمد علی جوہر اور سید وزیر حسن ۔
سوال: ۔۱۹۱۳ء میں مسلم لیگ کے لکھنو والے اجلاس میں قائداعظم کی کوشش سے کیا طے کیا گیا تھا؟
جواب: ۔ لیگ کا سیاسی نصب العین یہ ہے کہ آئینی طریقوں سے تاج برطانیہ کے تحت ہندوستان کے لئے حکومت خود اختیاری حاصل کی جائے ، اور اس مقصد کے حصول کے علاوہ ہندوستانی عوام کے تعاون سے اور قومی اتحاد کے ذریعہ نظم ونسق کے موجودہ ڈھانچے میں متوازن ومناسب اصلاح کرائی جائے ۔
سوال: ۔قائد کے زیر صدارت سندھ صوبائی مسلم لیگ کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟

جواب:۔۱۷، اکتوبر ۱۹۳۸ء کو۔

سوال:۔کس کمشن میں کوئی بھی ہندوستانی ممبر نہ ہونے کی وجہ سے قائد نے اس کمشن کا بائیکاٹ کیا تھا؟

جواب:۔سائمن کمشن کا

سوال:۔قائداعظم نے ۱۹۳۴ء میں کس جماعت کی صدارت سنبھالی تھی؟

جواب:۔مسلم لیگ کی۔

سوال:۔قائداعظم نے اپنے چودہ نکات کب پیش کیے؟

جواب:۔۱۹۲۹ء میں۔

سوال:۔۱۹۲۹ء میں قائداعظم نے کس رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے چودہ نکات پیش کیے تھے؟

جواب:۔نہرو رپورٹ کو۔

سوال:۔مارچ ۱۹۴۰ء کے مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس لاہور کی کاروائی شروع ہونے کے قبل کس مسلم لیگی نے قائد کی شان میں نظم پڑھی تھی؟

جواب:۔میاں بشیر احمد نے۔

سوال:۔یہ بات سراسر غلط ہے کہ پاکستان کوئی مذہبی ریاست ہوگی۔قائداعظم نے یہ الفاظ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کب کہے تھے،؟

جواب:۔۲نومبر ۱۹۴۱ء میں۔

سوال:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائد کو مسلم لیگ کا مستقل صدر کب چنا گیا؟

جواب:۔۱۹۳۴ء میں۔

سوال:۔قائداعظم کی قیادت میں مسلمانوں کا قافلہ آزادی کی طرف کب جادہ ءپیما ہوا؟

جواب:۔۱۹۳۵ء میں۔

سوال:۔اقبال پارک کی جگہ جہاں مینار پاکستان کا سنگ بنیاد رکھا گیا تھا،کون سی خصوصیت کا حامل ہے؟

جواب:۔۲۳مارچ ۱۹۴۷ء کے جلسے میں اس جگہ قائداعظم کی کرسی صدارت رکھی گئی تھی،

سوال:۔۱۱جون ۱۹۴۷ء کو مسلم لیگ نے ملک کی تقسیم کے منصوبے کو منظور کیا تو اس کی تفصیلات کس نے مرتب کیں؟

جواب:۔قائداعظم نے۔

سوال:۔پاکستانی پرچم کے لیے قائد نے کتنے ستارے تجویز کیے تھے؟

جواب:۔پانچ۔

سوال:۔ پاکستان کا قومی پرچم قائد کی زیر صدارت کب منظور ہوا؟

جواب:۔ ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔ قائداعظم نے ۹ ستمبر ۱۹۴۷ء کو کس سے آخری اور سرکاری ملاقات کی تھی؟

جواب:۔ چوہدری محمد علی سے۔

سوال:۔ مولانا بشیر احمد عثمانی نے قائد کی نماز جنازہ کس مقام پر پڑھائی تھی؟

جواب:۔ پرانی نمائش گاہ کراچی میں۔

سوال:۔ قائد کا انتقال کس بیماری کے سبب ہوا؟

جواب:۔ پھیپھڑوں کی بیماری کے سبب۔

سوال:۔ قائد کی نماز جنازہ میں کتنے افراد نے شرکت کی؟

جواب:۔ تقریباً چار لاکھ۔

سوال:۔ قائد کی میت کا صندوق کس لکڑی کا بنا ہوا تھا؟

جواب:۔ صندل کا۔

سوال:۔ قائد کے جنازے کی کمینٹری ریڈیو پاکستان سے کس کس نے نشر کی تھی؟

جواب:۔ بخاری، وقار عظیم، اور صدیق احمد صدیقی نے۔

سوال:۔ قائد کو آخری سلامی کتنی توپوں سے دی گئی تھی؟

جواب:۔ ۴۱ توپوں سے،

سوال:۔ اس وقت کے کس وزیراعظم نے قائداعظم کی نماز جنازہ پڑھنے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ قائد قادیانی نہیں ہیں؟

جواب:۔ سر محمد ظفر اللہ خاں نے۔

سوال:۔ قائد کے انتقال کے وقت کراچی کے کمشنر کون تھے؟

جواب:۔ ہاشم رضا۔

سوال:۔ بمبئی کے ڈاکٹروں نے قائد کو کس وقت یہ بات کہی تھی کہ آپ کو دل کا عارضہ لاحق ہے؟

جواب:۔ ۱۹۳۴ء میں۔

سوال:۔ مزار قائد کا سنگ بنیاد کس شخصیت نے رکھا؟

جواب:۔ فیلڈ مارشل ایوب خاں نے۔

سوال:۔ قائد کے لحد کی تعویذ کی پیمائش کتنی تھی؟

جواب:۔ لمبائی ۱۳ فٹ تیرہ انچ، چوڑائی ۸ فٹ ۱۰ انچ۔

سوال:۔ قائد کی لحد کے تعویذ کے اطراف جو چاندی کا کٹہرہ نصب ہے، اس کا وزن بتایئے؟

جواب:۔ ۱۶۴۵ تولے۔

سوال:۔ چائینہ کی مسلم ایسوی ایشن نے مزار قائد کے لیے فانوس کس تاریخ کو پیش کیا تھا؟

جواب:۔ ۲۹ جنوری ۱۹۷۰ء کو

سوال:۔ مزار قائد کے ہر تالاب کی پیمائش کیا ہے؟

جواب:۔ لمبائی پچاس فٹ، چوڑائی ۲۸ فٹ، گہرائی ۳ فٹ۔

سوال:۔ مزار قائد کے ہر تالاب میں کتنے فوارے ہیں؟

جواب:۔ دو۔

سوال:۔ مزار قائد کے ہر فوارے کی لمبائی کتنی ہے؟

جواب:۔ چار فٹ۔

سوال:۔ مزار قائد محمد علی جناح کے تالابوں کے دائیں بائیں کتنے درخت ہیں؟

جواب:۔ ۱۲۰ درخت۔

سوال:۔ مزار قائد محمد علی جناح روڈ پر واقع ہے، اس کا پرانا نام بتایئے؟

جواب:۔ بندر روڈ کراچی۔

سوال:۔ قائد کی غائبانہ نماز جنازہ عالم اسلام کی کس عظیم ہستی نے ادا کی؟

جواب:۔ مفتی اعظم الحاج امین الحسینی نے۔

سوال:۔ قائد اعظم کی وفات کے وقت سندھ کے گورنر کون تھے؟

جواب:۔ شیخ غلام حسین ہدایت اللہ۔

سوال:۔ قائد کی وفات کا دن بتایئے

جواب:۔ ہفتہ۔

سوال:۔ قائد اعظم کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ کب دفن کیا گیا؟

جواب:۔ ۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ء کو

سوال:۔ قائد اعظم کے ذاتی معالج کون تھے؟

جواب:۔ ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش۔

سوال:۔ قائد نے اپنی آخری سالگرہ کس تاریخ کو منائی؟

جواب:۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔ قائد کے انتقال کا سوگ کتنے دن منایا گیا؟

جواب:۔ چالیس دن تک،

سوال:۔ وفات کے وقت قائد کی عمر بتایئے؟

جواب:۔ ۷۱ سال ۸ ماہ ۱۸ دن۔

سوال:۔مزار قائد کا کتنا رقبہ ہے؟

جواب:۔۶۵۰۰۰ ہزار مربع گز۔

سوال:۔قائداعظم کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب:۔اللہ اور پاکستان۔

سوال:۔قائداعظم کی نماز جنازہ مولانا بشیر احمد عثمانی نے کس تاریخ کو پڑھائی تھی؟

جواب:۔۱۲ستمبر کو۔

سوال:۔مزار قائد کے لیے کس دوست ملک نے فانوس تحفے میں دیا تھا؟

جواب:۔عوامی جمہوریہ چین نے۔

سوال:۔قائداعظم کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وصال میں کیا بات مشترک تھی؟

جواب:۔ہر سال دونوں تاریخیں ایک ہی دن پڑتی ہیں۔

سوال:۔قائد کے مقبرے کی ڈایزائین کی منظوری کس سن میں دی گئی تھی؟

جواب:۔دسمبر ۱۹۵۹ء کو۔

سوال:۔مزار قائد کی آخری منظوری کس نے دی تھی؟

جواب:۔محترمہ فاطمہ جناح نے۔

سوال:۔۱۱ستمبر ۱۹۴۹ء کو جاری کردہ ٹکٹ پر کس شخصیت کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات درج تھی؟

جواب:۔قائداعظم کی۔

سوال:۔قائداعظم کے مقبرے کی تصویر پہلی مرتبہ پاکستان کے ڈاک کے ٹکٹ پر کب دی گئی تھی؟

جواب:۔۱۱ستمبر ۱۹۴۶ء کو۔

سوال:۔قیام پاکستان کے کتنے عرصے بعد قائداعظم کا انتقال ہوا تھا؟

جواب:۔ایک سال ستائیس دن بعد۔

سوال:۔قائد زیارت سے کوئٹہ کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے؟

جواب:۔۱۳اگست ۱۹۴۸ء کو۔

سوال:۔۱۱ستمبر ۱۹۴۸ء کو رات کتنے بجے قائداعظم نے شدید تکلیف کا اظہار کیا تھا؟

جواب:۔رات تقریباً ساڑھے نو بجے۔

سوال:۔۱۱ستمبر ۱۹۴۸ء کو رات نو بجے کرنل الٰہی بخش نے جھک کر قائد سے سرگوشی میں کیا کہا تھا؟

جواب:۔جناب عالی ہم نے آپ کو طاقت کا انجکشن لگا دیا ہے،جلد ہی آپ اس کا اثر قبول

کریں گے۔انشا اللہ آپ زندہ رہیں گے۔

سوال:۔ہیکٹر بولا میتھو نے اپنی تصنیف جناح کے صفحہ نمبر ۲۲۵ میں کرنل الٰہی بخش کی قائد سے سرگوشی ،، کہ انشا اللہ آپ زندہ رہیں گے،، کے جواب میں کیا نقل کیا ہے؟

جواب:۔قائد نے کہا نہیں میں زندہ نہیں رہ سکوں گا۔

سوال:۔قائد کی حیات کے آخری چار ایام میں کن چار ڈاکٹروں کا پینل ان کے علاج کے لیے قائم کیا گیا تھا؟

جواب:۔کرنل الٰہی بخش، ڈاکٹر محمد علی، ڈاکٹر ریاض شاہ، اور ڈاکٹر ایم اشرف عطا،

سوال:۔قائد اعظم نے چوہدری محمد علی سے آخری سرکاری ملاقات کب کی تھی؟

جواب:۔۹ ستمبر ۱۹۴۸ء کو۔

سوال:۔شدید بیماری کی حالت میں قائد زیارت سے کراچی کب پہنچے تھے؟

جواب:۔۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو۔

سوال:۔قائد ۱۱ ستمبر کو کس وقت اس فانی دنیا سے رخصت ہوئے تھے؟

جواب:۔رات ۱۰ بج کر پچیس منٹ پر،

سوال:۔۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو قائد اعظم کے یوم وفات پر کونسی اسلامی دن وتاریخ بنتی ہے؟

جواب:۔۷ ذیقعد ۱۳۶۷ ھجری بروز ہفتہ۔

سوال:۔ریڈیو پاکستان سے قائد کے انتقال کی خبر کس نے سنائی تھی؟

جواب:۔شکیل احمد نے۔

سوال:۔قائد اعظم کا جنازہ ۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ء کو کتنے بجے اٹھایا گیا تھا

جواب:۔۳ بجے۔

سوال:۔مزار قائد کا نقشہ کس نے بنایا تھا؟

جواب:۔یحیٰی مرچنٹ نے۔

سوال:۔مزار قائد کے ایگزیکٹو انجینئر کون تھے؟

جواب:۔زاہد حسین۔

سوال:۔مزار قائد کے لیے موجودہ جگہ کا انتخاب کرنے والی شخصیت کون تھی؟

جواب:۔ہاشم خاں کمشنر کراچی۔

سوال:۔مزار قائد کا سنگ بنیاد کس تاریخ کو رکھا گیا؟

جواب:۔۸ فروری ۱۹۶۰ء کو

سوال:۔ستمبر ۱۹۴۸ء سے ستمبر ۱۹۶۰ء تک مزار قائد کی حالت کیا تھی؟

جواب:۔قبر پر صرف ایک شامیانہ تھا۔

سوال:۔قائداعظم کی تعمیر کا کام کب شروع ہوا؟
جواب:۔۲۱ جولائی ۱۹۶۰ء کو۔
سوال:۔مزار قائد کی تعمیر کا کام کس کے دور میں شروع ہوا؟
جواب:۔فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں کے دور میں۔
سوال:۔قائداعظم کے مقبرے کی بنیاد میں کیا چیزیں دفن کی گئی تھیں؟
جواب: ۔ پرانے پاکستانی سکے، قائد کی مختصر سوانح عمری، اور ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کی قرارداد پاکستان کی دستاویزات۔
سوال:۔مزار قائد کے دونوں گیٹ کب کھلتے ہیں؟
جواب: ۔ایک مین گیٹ غیر ملکی سربراہوں اور اعلیٰ سرکاری حکام کی آمد پر، دوسرا مین گیٹ جو ایم،اے جناح روڈ پر واقع ہے، روزانہ صبح نو بجے سے رات دس بجے تک عوام کے لئے کھلا رہتا ہے۔
سوال:۔۱۸۹۲ء قائداعظم کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتا ہے؟
جواب:۔اس سال ان کی شادی ہوئی تھی۔
سوال: ۔بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد قائداعظم کب ہندوستان واپس تشریف لائے؟
جواب:۔۱۸۹۶ء میں۔
سوال:۔قائداعظم نے بمبئی میں وکالت کا آغاز کب کیا؟
جواب:۔۱۸۹۷ء میں۔
سوال:۔قائداعظم دادابھائی نوروجی کے پرائیویٹ سیکرٹری کب مقرر ہوئے
جواب:۔۱۹۰۵ء میں۔
سوال:۔قائداعظم نے کانگرس میں کب شمولیت کی؟
جواب:۔۱۹۰۵ء میں
سوال:۔قائداعظم نے ہوم رول لیگ سے کب استعفیٰ دیا؟
جواب:۔۲۰ اکتوبر ۱۹۱۹ء کو۔
سوال:۔قائداعظم نے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے طلبا سے کب خطاب کیا؟
جواب:۔فروری ۱۹۳۸ء میں۔
سوال:۔قائداعظم محمد علی جناح پر خاکسار تنظیم کے رفیق نے کب حملہ کیا؟
جواب:۔۲۶ جولائی ۱۹۴۳ کو بمبئی میں۔
سوال:۔قائداعظم نے مونٹ بیٹن سے کب ملاقات کی؟

جواب:۔۱۵، اپریل ۱۹۴۷ء کو۔

سوال:۔قائداعظم محمد علی جناح کتنا عرصہ پاکستان کے گورنر رہے؟

جواب:۔ایک سال ۲۷ دن۔

سوال:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم کانگرس سے کتنا عرصہ وابستہ رہے؟

جواب:۔سولہ سال۔

سوال:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم نے بیرسٹری کا امتحان کتنے سال میں پاس کیا؟

جواب:۔دو سال میں۔

سوال:۔قائداعظم انگلستان میں کتنا عرصہ مقیم رہے؟

جواب:۔بارہ سال تک۔

سوال:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں قائداعظم محمد علی جناح نے کتنا عرصہ وکالت کی؟

جواب:۔۴۴ سال۔

سوال:۔قائداعظم نے بمبئی میں ریذیڈنس مجسٹریٹ کے فرائض کتنی مدت تک ادا کیے؟

جواب:۔ چھ ماہ تک۔

سوال:۔قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کتنے عرصے تک کی؟

جواب:۔۳۱ سال تک۔

سوال:۔انتقال کے وقت قائداعظم کی عمر کتنی تھی؟

جواب:۔۷۱ سال ۸ ماہ اور سولہ دن۔

سوال:۔پاکستان کی سرکاری زبان انگریزی ہے یا اردو؟

جواب۔انگریزی (اردو کو اپنایا جا رہا ہے)۔

سوال:۔پاکستان کے سکہ کا نام بتائیے؟

جواب:۔روپیہ۔

سوال:۔پاکستان کی دستور ساز اسمبلی نے محمد علی جناح کو قائداعظم کا خطاب سرکاری طور پر کب دیا تھا۔

جواب:۔۱۲ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

مولوی فضل الحق

سوال: ۔مولوی فضل الحق ۱۹۳۱ء سے ۱۹۳۷ء تک ہندوستان کی مرکزی اسمبلی کے رکن رہے، بتایئے کس سن میں کلکتہ کے میئر مقرر ہوئے؟

جواب: ۔۱۹۳۴ء میں پہلے مسلمان مئیر کی حیثیت سے۔

سوال: ۔مولوی فضل الحق کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ۔۲۹ اکتوبر ۱۸۷۳ء ستوریہ بارسیال (بنگلہ دیش) میں۔

سوال: ۔مولوی فضل الحق کا انتقال کب اور کس دن ہوا؟

جواب: ۔۲۷ اپریل ۱۹۶۲ء بروز جمعہ بوقت دس بج کر چالیس منٹ پر۔

سوال: ۔مولوی فضل الحق کس سن میں صوبہ بنگال کے وزیر تعلیم بنے؟

جواب: ۔۱۹۲۴ء میں۔

سوال: ۔۱۹۱۶ء میں مسلم لیگ اور کانگرس میں جو معاہدہ طے پایا، اس پر مولوی فضل الحق نے دستخط کیے یا نہیں؟

جواب: ۔کیے تھے۔

سوال: ۔قیام پاکستان پر مولوی فضل الحق کس اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب: ۔قانون ساز اسمبلی کے۔

سوال: ۔۱۹۰۶ء میں ملازمت ترک کرنے کے بعد کس سرکاری عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب: ۔ڈپٹی مجسٹریٹ۔

سوال: ۔عربی اور فارسی میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد کہاں تعلیم مکمل کی؟

جواب: ۔پریزیڈینسی کالج کلکتہ سے۔

سوال: ۔مولوی فضل الحق مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

جواب: ۔مسلم لیگ کی تنظیم نو کے وقت یعنی ۱۹۰۶ء میں۔

سوال: ۔۱۹۲۰ء میں مولوی فضل الحق نے خلافت کمیٹی کی کانفرنس کی صدارت کی یہ کانفرنس کہاں منعقد ہوئی؟

جواب: ۔کلکتہ میں۔

سوال: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مولوی فضل الحق نے مسلمانوں کے حقوق کی بحالی کے لئے گول میز کانفرنسوں میں شرکت کی؟

جواب: ۔جی ہاں۔

سوال: ۔۱۸۹۷ء میں ایل، ایل، بی، کا امتحان مکمل کرنے کے بعد کہاں پریکٹس شروع کی؟

جواب:۔کلکتہ میں۔

سوال:۔مولوی فضل الحق کو پہلی جنگ عظیم یا دوسری جنگ عظیم کے دوران مسلم لیگ سے نکالا گیا؟

جواب:۔۱۹۴۱ء کی دوسری جنگ عظیم میں۔

سوال:۔۱۹۵۶ء میں چوہدری محمد علی نے مرکز میں مخلوط وزارت بنائی تو مولوی صاحب کو کون سی وزارت دی گئی؟

جواب:۔وزارت داخلہ۔

سوال:۔مولوی صاحب کب سے کب تک مشرقی پاکستان کے گورنر رہے؟

جواب:۔مارچ ۱۹۵۶ء تا ۱۹۵۷ء

سوال:۔حکومت پاکستان نے کس سن میں مولوی فضل الحق کو ہلال پاکستان کا تمغہ دیا؟

جواب:۔جنوری ۱۹۶۰ء کو

سر آغا خان

س:۔ سر آغا خان سوم کا اصلی نام بتایئے

ج:۔ سلطان محمد شاہ

س:۔ برطانوی حکومت نے کس سن میں سر آغا خان سوم کو سر کا خطاب دیا

ج:۔ ۱۸۹۸ء میں،

س:۔ لندن میں منعقدہ کس کانفرنس میں سر آغا خان سوم نے مسلمانوں کی نمائندگی کی؟

ج:۔ گول میز کانفرنس میں

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سر آغا خان سوم کب اور کہاں پیدا ہوئے

ج:۔ ۲ نومبر ۱۸۷۷ء کو

س:۔ ہندوستان کی کونسل آف سٹیٹ نے سر آغا خان سوم کو امن کا نوبل انعام دینے کی سفارش کب کی؟

ج:۔ ۱۹۲۴ء میں

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ سر آغا خان سوم کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

ج:۔ ۱۱ جولائی ۱۹۵۷ء کو درسوا (سوئٹزر لینڈ) میں۔

س:۔ سر آغا خان سوم یونیورسٹی کے لیے کتنا چندہ جمع کیا؟

ج:۔ ۳۰ لاکھ روپے

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سر آغا خان سوم کا مدفن کہاں ہے؟

ج:۔ اسوان (مصر) میں۔

س:۔ سر آغا خان سوم کس سن سے کس سن تک مسلم لیگ کے صدر رہے؟

س:۔ ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۲ء تک

س:۔ بتایئے کی کس سن میں ایرانی حکومت نے انہیں ایرانی قومیت دینے کا اعلان کیا؟

ج:۔ ۱۹۴۹ء میں۔

س:۔ کس سن میں سر آغا خان سوم کو لیگ آف نیشنز کی جنرل اسمبلی کا صدر منتخب کیا گیا؟

ج:۔ ۱۹۳۷ء میں۔

س:۔ سر آغا خان سوم کے ایما پر تاجدار برطانیہ جارج پنجم نے کس یونورسٹی کے قیام کی منظوری دی؟

ج:۔ علی گڑھ مسلم یونورسٹی۔

س:۔ سر آغا خان سوم کتنی عمر میں اسماعیلی فرقے کے سربراہ رہے؟

ج:۔آٹھ سال کی عمر میں۔

س:۔سر آغا خان سوم نے عربی اور فارسی کی تعلیم کے علاوہ اور کون سا فن سیکھا؟

ج:۔شہ سواری

س:۔مسلمانوں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے سر آغا خان سوم نے ۱۸۹۶ء میں کن مشہور دو شخصیتوں سے ملاقات کی؟

ج:۔سر سید احمد خاں اور نواب محسن الملک سے۔

س:۔ترتیب کے اعتبار سے سر آغا خان سوم اسماعیلیہ فرقے کے کون سے امام ہیں

ج:۔اڑتالیسویں۔

سر عبدالرب نشتر

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سردار عبدالرب نشتر ایف، اے کے امتحان میں کس مضمون میں ناکام ہو گئے؟

ج:۔ تاریخ میں۔

س:۔ جمعیت علمائے ہند کے اس اجلاس کا مقصد کیا تھا؟

ج:۔ سائمن کمشن سے تعاون کیا جائے یا نہیں

س:۔ سردار عبدالرب نشتر نے میٹرک کے بعد کس کالج میں داخلہ لیا؟

ج:۔ ایڈورڈز کالج پشاور میں۔

س:۔ ہندوستان میں عبوری حکومت کے قیام کے سلسلے میں پانچ مسلم لیگی اراکین میں سے سردار عبدالرب نشتر کا نام قائد اعظم نے کب نامزد کیا؟

ج:۔ ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو

س:۔ بتائیے کہ کراچی میں ان کی نماز جنازہ کہاں ادا کی گئی، اور وہ کہاں دفن ہوئے؟

ج:۔ جہانگیر پارک میں قائد اعظم کے پہلو میں

س:۔ کیا آپ ک معلوم ہے کہسر دار عبدالرب نشتر نے پنجاب یونورسٹی سے کس سن میں بی، اے، کیا؟

ج:۔ ۱۹۲۳ء میں پرائیویٹ طور پر۔

س:۔ سردار عبدالرب نشتر کس سن میں مسلم لیگ کے صدر بنے؟

ج:۔ ۱۹۵۶ء میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سردار عبدالرب نشتر شعر و شاعری میں بھی دل چسپی رکھتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں۔

س:۔ سردار عبدالرب نشتر کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ ۱۴ فروری ۱۹۵۸ء کو۔

س:۔ قیام پاکستان کے بعد سردار عبدالرب نشتر کس انگریز گورنر کی جگہ پنجاب کے گورنر نامزد ہوئے؟

ج:۔ سر فرانس موڈی کی جگہ

س:۔ سردار عبدالرب نشتر نے کن سیاسی تحریکوں میں حصہ لیا؟

ج:۔ تحریک خلافت، صوبہ سرحد میں اصلاحات کی تحریک، موسومہ، رنگیلا رسول کے خلاف تحریک، سائمن کمشن کے خلاف تحریک۔

س:۔سردار عبد الرب نشتر نے کوہاٹ کے کس سکول سے اور کس سن میں میٹرک کیا؟

۱۹۱۶ء میں سناتن دھرم ہائی سکول سے۔

س:۔سردار عبد الرب نشتر مسلم لیگ کے باقاعدہ رکن کب بنے؟

ج:۔۱۹۳۷ء میں

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سردار عبد الرب نشتر نے ایل، ایل، بی، کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

ج:۔علی گڑھ یونورسٹی سے۔

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ کس سن میں پشاور میں جمعیت علمائے ہند کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا؟

ج:۔۱۹۲۷ء میں۔

نواب زادہ لیاقت علی خان

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔یکم اکتوبر ۱۸۹۵ءکو کرنال میں،

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائد ملت لیاقت علی خان مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

ج:۔۱۹۲۳ء میں۔

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کے پاس وزارت عظمیٰ کا اور دوسرا عہدہ کون سا تھا؟

ج:۔وزیر دفاع کا۔

س:۔وزیر اعظم پاکستان جناب قائد ملت لیاقت علی خان کو کراچی میں کب دفن کیا گیا؟

ج:۔۱۷،اکتوبر ۱۹۵۱ءکو۔

س:۔۱۶اکتوبر ۱۹۵۱ءکو شہید ملت لیاقت علی خان کی شہادت کی خبر ریڈیو پاکستان نے کتنے بجے نشر کی؟

ج:۔شام ۷ بجے،

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج:۔ایران کے کیانی خاندان سے۔

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان نے کس سن میں تمام سیاسی جماعتوں کے کنونشن منعقدہ کلکتہ میں شرکت کی؟

ج:۔دسمبر ۱۹۲۸ء میں۔

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کراچی میں کہاں رہائش پذیر تھے؟

ج:۔۱۰وکٹوریہ روڈ کراچی،

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائد ملت لیاقت علی خان کو کب اور کس نے شہید کیا؟

ج:۔۱۶اکتوبر ۱۹۵۱ءکو سید اکبر نامی شخص نے۔

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کی شہادت کے وقت ان کا بینک بیلنس کتنا تھا؟

ج:۔بتیس (۳۲) روپے۔

س:۔نواب زادہ قائد ملت لیاقت علی خان نے مسلم لیگ کا صدر بننا کب منظور کیا؟

ج:۔۱۶،اکتوبر ۱۹۵۰ءکو

س:۔۸اپریل ۱۹۵۰ءکو نئی دہلی میں پاکستان اور بھارت کے وزیر اعظموں نے ایک معاہدے پر دستخط کیے، بتایئے یہ معاہدہ کن کے متعلق ہے اور اسے کیا نام دیا گیا؟

ج:۔لیاقت ڈیسائی معاہدہ۔

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائد ملت لیاقت علی خان نے کس سن میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے بی، اے، کیا؟

ج:۔۱۹۱۹ء میں۔

س:۔شہید ملت اور قائد ملت لیاقت علی خان کے نام پر پنجاب کے کتنے شہروں کے نام رکھے گئے؟

ج:۔لیاقت آباد اور لیاقت پور۔

س:۔شہادت کے وقت قائد ملت لیاقت علی خان نے کون سے الفاظ ادا کیے تھے؟

ج:۔خدا پاکستان کی حفاظت کرے۔

س:۔قائد ملت لیاقت علی خان کے آخری لمحات میں راولپنڈی کے کون سے ڈاکٹر ان کے لئے پانی لائے؟

ج:۔ڈاکٹر رفیق چوہدری۔

س:۔شہید ملت لیاقت علی خان نے اپنا تاریخی مکا کس شہر میں دکھایا تھا؟

ج:۔جولائی ۱۹۵۱ء میں کراچی میں،

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ لیاقت علی خان کی نماز جنازہ کراچی میں کس نے پڑھائی اور انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

ج:۔مولانا احتشام الحق تھانوی نے اور قائد اعظم کے احاطہ میں دفن ہوئے۔

س:۔قائدِملت کے نام پر کون سے دو معاہدوں کا نام رکھا گیا؟

ج:۔لیاقت نہرو معاہدہ اور لیاقت ڈیسائی معاہدہ،

س:۔قائد ملت کو کس کے کہنے پر ۱۹۳۶ء میں مسلم لیگ کا صدر منتخب کیا گیا؟

ج:۔قائد اعظم کے کہنے پر۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائد ملت لیاقت علی خان کی کس سن میں اور کہاں حضرت قائد اعظم سے پہلی ملاقات ہوئی؟

ج:۔۱۹۲۸ء میں کلکتہ میں،

س:۔قائد اعظم محمد علی جناح کو قائد ملت لیاقت علی خان نے انگلستان سے ہندوستان واپس آنے پر کب آمادہ کیا؟

ج:۔۱۹۳۲ء میں۔

س:۔شہید ملت لیاقت علی خان پہلا عوامی بجٹ کب پیش کیا؟

ج:۔۲۸ فروری ۱۹۴۷ء کو،

س:۔قائد اعظم کے ایما پر قائد ملت لیاقت علی خان نے کس روزنامہ کے اعزازی مدیر کا عہدہ

قبول کیا؟

ج:۔روزنامہ ڈان کے،

س:۔قائداعظم نے کس سن میں قائدملت کو اپنا دست راست کہا تھا؟

ج:۔۲۶ دسمبر ۱۹۴۳ءکوکراچی میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں۔

س:۔پہلے وزیراعظم کی حیثیت سے قائد ملت نے کب تک اپنے فرائض انجام دیئے؟

ج:۔۱۶ اکتوبر ۱۹۵۱ء تک،

س:۔قائدملت لیاقت علی خان نے ہندوستان کے وزیرخزانہ بننے کے بعد قائداعظم کی خدمت میں اپنا استعفیٰ پیش کیا تھا،یہ استعفیٰ کس رسالے کے خاص نمبر میں شامل ہوا تھا؟

ج:۔اپوامیگزین،

س:۔کیا آپ کومعلوم ہے کہ دولت مشترکہ کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کرنے کے لیے قائدملت کب لندن پہنچے؟

ج:۔۱۰ اکتوبر ۱۹۴۸ءکو،

س:۔۸ مئی کوامریکہ کی کس یونیورسٹی نے قائدملت کوڈاکٹر آف لاز کی ڈگری دی؟

ج:۔۳ مئی ۱۹۵۰ءکو،کولمبیایونیورسٹی نے،

س:۔کراچی میں قائدملت لیاقت علی خان نے کورنگی میں سکول آف ایروناٹک کا افتتاح کب کیا؟،

ج:۔جنوری ۱۹۴۸ءمیں،

س:۔قائدملت لیاقت علی خان جب امریکہ گئےتو انہوں نے وائس آف امریکہ سے کس زبان میں تقریر کی؟

اردوزبان میں،

س:۔۲۸ برس کی عمر میں قائدملت کس اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟،

ج:۔یوپی اسمبلی کے،

چوہدری خلیق الزمان

س:۔ چوہدری خلیق الزمان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔۲۵ دسمبر ۱۸۸۹ء کو موضع چنار ضلع مرزا پور (یو، پی) میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ چوہدری خلیق الزمان کانگرس سے وابستہ رہنے کی بعد کس سن میں مسلم لیگ اختیار کی، اور کس اسمبلی میں مسلم لیگی ارکان کے قائد رہے؟

ج:۔ یو، پی میں

س:۔ چوہدری خلیق الزمان آل پاکستان مسلم لیگ کے پہلے صدر کب منتخب ہوئے؟۔

ج:۔۱۵ دسمبر ۱۹۴۷ء کو

س:۔ کس سن میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر ہندوستان کی آئین ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

ج:۔ ۱۹۴۶ء میں۔

س:۔ چوہدری خلیق الزمان قیام پاکستان کے بعد کس صوبے کے گورنر رہے؟

مشرقی پاکستان کے،

س:۔ چوہدری خلیق الزمان کا انتقال کب ہوا،

ج:۔۱۸ مئی ۱۹۷۳ء کو،

س:۔آزادی کے بعد کس اسمبلی میں مسلم لیگی ارکان کے قائد چنے گئے تھے؟۔

ج:۔ بھارتی آئین ساز اسمبلی کے،

س:۔۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو جب قرارداد پاکستان پیش کی گئی تو انہوں نے کیا کردار ادا کیا؟۔

ج:۔قرارداد پاکستان کی تائید کی۔

س:۔ کس سن میں چوہدری خلیق الزمان پاکستان آئے۔

ج:۔نومبر ۱۹۴۷ء میں،

س:۔ چوہدری خلیق الزمان ایک اسلامی ملک میں پاکستان کے سفیر بھی رہے، ملک کا نام بتائیے؟

ج:۔ انڈونیشیا۔

س:۔تحریک خلافت میں کس کے ساتھ چوہدری خلیق الزمان نے جیل کاٹی؟۔

ج:۔ پنڈت نہرو کے ساتھ۔

محترمہ فاطمہ جناح

س:۔محترمہ فاطمہ جناح کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟۔

ج:۔جولائی ۱۸۹۱ءمیں نیونہم روڈ کراچی میں۔

س:۔محترمہ فاطمہ جناح نے صدارتی امیدوار کی حیثیت سے انتخابات میں کس سن میں حصہ لیا؟۔

ج:۔۱۹۶۴ء میں۔

س:۔ جب قائد اعظم محمد علی جناح بیرسٹری کی تعلیم کی غرض سے لندن گئے تو اس وقت محترمہ فاطمہ جناح کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ایک سال،

س:۔محترمہ فاطمہ جناح کو۱۹۰۶ءمیں کس سکول میں داخل کرایا گیا؟

ج:۔سینٹ پیٹرک ہائی سکول کھنڈالہ میں،

س:۔محترمہ فاطمہ جناح کب قائد اعظم کے ہمراہ ڈھاکہ گئیں؟۔

ج:۔مارچ ۱۹۴۸ءمیں

س:۔ اگست ۱۹۶۱ء میں علاج کی غرض سے فاطمہ جناح یورپ تشریف لے گئیں، بتائیے انھوں نے زیادہ عرصہ کس مقام پر گزارا؟۔

ج:۔جرمنی میں،

س:۔والدہ کی وفات کے وقت محترمہ فاطمہ جناح کی عمر کتنی تھی؟

ج:دوسال،

س:۔۱۹۴۱ء کے آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ مدارس میں جب قائد اعظم کی طبیعت خراب ہوگئی تو بہن بھائی کہاں چلے گئے تھے؟۔

ج:۔نندی ہل،

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ محترمہ فاطمہ جناح نے مسلم لیگ کی حمایت کے سلسلے میں مشرقی پاکستان کا دورہ کس سن میں کیا؟

ج:۔۲۸فروری ۱۹۵۴ءکو

س:۔۱۹۴۳ءمیں مسلم لیگ کے دو اجلاس منعقد ہوئے، ان دونوں میں محترمہ فاطمہ جناح نے شرکت کی، بتائیے کس مقام پر؟

ج:۔کراچی اور دہلی میں،

س:۔محترمہ فاطمہ جناح نے قائد اعظم کی زندگی کا آخری سال ان کی تیمارداری اور خدمت

کے سلسلے میں کہاں گزارا؟

ج:۔زیارت میں۔

س:۔محترمہ فاطمہ جناح کب پہلی بار مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں شرکت کے لئے قائد اعظم کے ساتھ لکھنو تشریف لے گئیں؟

ج:۔۱۹۳۷ء میں۔

س:۔محترمہ فاطمہ جناح نے ۸، اور ۹ جولائی ۱۹۶۷ء کی درمیانی رات کو ۷۶ برس کی عمر میں کہاں انتقال کیا؟

ج:۔قصر فاطمہ کلفٹن کراچی میں،

س:۔۱۹۴۲ء میں آلہ آباد میں محترمہ فاطمہ جناح نے قائداعظم کے ساتھ کہاں قیام کیا؟

ج:۔نواب سر محمد یوسف کے بنگلہ پر،

س:۔۷، اگست ۱۹۴۷ء کو جب محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم کے ہمراہ کراچی آئیں تو ان کی عمر کتنی تھی؟۔

ج:۔۵۶ برس۔

مولانا عبید اللہ سندھی

س:۔مولانا عبید اللہ سندھی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔۱۸۷۲ء میں ضلع سیالکوٹ کے ایک سکھ گھرانے میں۔

س:۔کانگرس کی تشکیل کے لیے ۱۳۲۳ھ میں کس کی ہدایت پر مولانا کابل گئے؟

ج:۔شیخ الہند مولانا محمود الحسن کی ہدایت پر۔

مولانا عبید اللہ سندھی

س:۔مولانا عبید اللہ سندھی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔۱۸۷۲ء میں ضلع سیالکوٹ کے ایک سکھ گھرانے میں۔

س:۔کانگرس کی تشکیل کے لئے ۱۹۲۳ء میں کس کی ہدایت پر مولانا کابل گئے؟

ج:۔شیخ الہند مولانا محمود الحسن کی ہدایت پر۔

س:۔مولانا عبید اللہ سندھی کو کس عمر میں اسلام سے محبت ہوئی؟

ج:۔پندرہ برس کی عمر میں۔

س:۔سندھ آکر کس مشہور صوفی بزرگ سے مولانا نے روحانی تربیت حاصل کی؟

ج:۔حافظ محمد صدیق بھرچونڈی شریف والوں سے،

س:۔مولانا عبید اللہ سندھی نے کس کتاب کے مصنف کے نام پر اپنا نام عبید اللہ رکھا؟۔

ج:۔تحفۃ الہند کے مصنف کے نام پر۔

چوہدری رحمت علی

س:۔ چوہدری رحمت علی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج: ۔شنکر ضلع ہوشیار پور۔

س:۔ لاہور کے کس کالج سے چوہدری رحمت علی نے بی ،اے کا امتحان پاس کیا؟

ج:۔۱۹۱۹ء میں اسلامیہ کالج سے ۔

س:۔ چوہدری رحمت علی نے لندن سے ہفتہ وار پاکستان جاری کیا،وہ لاہور میں کس اخبار کے مدیر رہے؟۔

ج:۔کشمیری اخبار کے۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ چوہدری رحمت علی نے اپنی کس کتاب میں قائد اعظم پر نکتہ چینی کرتے ہوئے انہیں کوئز سنگ اعظم قرار دیا؟

ج:۔ پاکستان پاک قوم کا وطن ہے میں،

س:۔کیمرج میں چوہدری رحمت علی کی قبر کا نمبر کیا ہے؟

ج:۔۸۳۳۰نمبر،

س:۔چوہدری رحمت علی نے میٹرک کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

ج: جالندھر سے،

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ چوہدری رحمت علی نے قانون کی ڈگری کہاں سے لی؟

ج:۔ انگلستان سے،

س:۔ چوہدری رحمت علی کے جسد خاکی کو بطور امانت کس یونیورسٹی کے احاطہ میں دفن کیا گیا؟۔

ج:۔کیمرج یونیورسٹی کے احاطہ میں۔

س:۔ اب یا کبھی نہیں (now or NEVeR) نامی پمفلٹ چوہدری رحمت علی نے کب لکھا؟

ج:۔۲۸جنوری ۱۹۳۳ء کو۔

س:۔ اس پمفلٹ میں چوہدری رحمت علی نے کس مجوزہ مملکت کا نام لکھا؟

ج:۔ پاکستان کا،

س:۔ کیا چوہدری رحمت علی قیام پاکستان کے بعد کچھ عرصہ کے لئے پاکستان آئے؟

ج:۔جی ہاں،

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ چوہدری رحمت علی کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟۔

ج:۔فروری ۱۹۵۱ء میں کیمرج میں۔

نشان حیدر کے اعزاز یافتہ

کیپٹن راجا محمد سرور شہید

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کیپٹن راجا محمد سرور شہید پنجاب کے کون سے علاقے میں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔سنگھوری (راولپنڈی) میں

س:۔کیپٹن راجا محمد سرور شہید فوج میں کب بھرتی ہوئے؟۔

ج:۔۱۹۲۷ء کو،

س:۔کیپٹن راجا محمد سرور شہید نے کس رجمنٹ سے اور کب کمشن حاصل کیا؟

ج:۔۱۹۴۴ء کو پنجاب رجمنٹ سے،

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کیپٹن راجا محمد سرور شہید کس محاذ پر شہید ہوئے؟

ج:۔اوڑی سیکٹر (کشمیر) کے محاذ پر۔

س:۔کیپٹن راجا محمد سرور شہید کب شہید ہوئے؟۔

ج:۔۲۷ جولائی ۱۹۴۸ء کو،

س:۔کیا آپ کیپٹن راجا محمد سرور شہید کی تاریخ ولادت بتا سکتے ہیں؟

ج:۔۱۹۱۰ء

س:۔کیپٹن راجا محمد سرور شہید کو نشان حیدر کا اعزاز کب دیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۵۹ء کو،

س:۔نشان حیدر کا پہلا اعزاز کسے ملا تھا؟

ج:۔کیپٹن راجا محمد سرور شہید کو۔

س:۔نشان حیدر کے تمغے کے ساتھ کتنی رقم نقد دی جاتی ہے؟۔

ج:۔پچاس ہزار روپے،

س:۔نشان حیدر اعزاز کا ڈیزائن کیسا ہوتا ہے؟

ج:۔یہ ایک پانچ کونوں والا ستارہ ہوتا ہے، جو گن میٹل سے بنایا جاتا ہے۔اس پر کوپر نکل سے چاند ستارے کا ڈیزائن بنا ہوتا ہے،ڈیزائن کے بالائی حصے پر :نشان حیدر: کے الفاظ کندہ ہوتے ہیں،اس کے ربن کا رنگ سبز اور اس کی چوڑائی ڈیڑھ انچ ہوتی ہے۔

س:۔کیا یہ درست ہے کہ نشان حیدر سب سے بڑا اعزاز ہے؟ اور کیا نشان حیدر حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ کے نام پر رکھا گیا ہے،

ج:۔جی ہاں۔

میجر طفیل محمد شہید

س:۔ میجر طفیل محمد شہید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔۱۹۱۴ءکو ہوشیار پور (بھارت) میں

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میجر طفیل محمد شہید کو کس رجمنٹ میں کمشن ملا؟

ج:۔۱۹۴۳ءکو سولہ پنجاب رجمنٹ میں۔

س:۔۱۹۵۸ءکو میجر طفیل محمد شہید کو کس کمپنی کا کمانڈر مقرر کیا گیا؟۔

ج:۔ ایسٹ پاکستان رائفلز،

س:۔ میجر طفیل محمد شہید کس محاذ پر داد شجاعت دیتے ہوئے شہید ہوئے؟۔

ج:۔ لکشمی پور (مشرقی پاکستان) میں

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میجر طفیل محمد کب شہید ہوئے؟

ج:۔۱۹۵۸ء میں،

میجر راجا عزیز بھٹی شہید

س:۔میجر راجا عزیز بھٹی شہید کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔ہانگ کانگ میں۔

س:۔کیا آپ میجر راجا عزیز بھٹی شہید کی تاریخ ولادت بتا سکتے ہیں؟

ج:۔۱۹۲۸ء،

س:۔میجر راجا عزیز بھٹی شہید کا تعلق پنجاب کے کس مشہور شہر سے تھا؟۔

ج:۔گجرات سے،

س:۔میجر راجا عزیز بھٹی شہید نے کب کمشن حاصل کیا؟۔

ج:۔۱۹۵۰ء میں۔

س:۔کمیشن حاصل کرنے کے بعد میجر راجا عزیز بھٹی شہید، کس رجمنٹ میں شامل ہوئے؟

ج:۔پنجاب رجمنٹ میں،

س:۔میجر راجا عزیز بھٹی شہید کس محاذ پر شہید ہوئے؟۔

ج:۔۱۱ستمبر ۱۹۶۵ء کو برکی (لاہور) کے محاذ پر،

س:۔میجر راجا عزیز بھٹی شہید کو نشان حیدر کب دیا گیا؟

ج:۔۲۳ مارچ ۱۹۶۶ء کو

پائلٹ آفیسر راشد منہاس

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔۱۷ فروری ۱۹۵۱ء کو کراچی میں،

س:۔پائلٹ آفیسر راشد منہاس نے ابتدائی تعلیم کس شہر میں حاصل کی؟۔

ج:۔کراچی میں،

س:۔پائلٹ آفیسر راشد منہاس کب اور کہاں شہید ہوئے؟۔

ج:۔۲، اگست ۱۹۸۱ء کو جب ایک بنگالی انسٹرکٹر مطیع الرحمان نے ان کا جہاز زبردستی ہائی جیک کرنے کی کوشش کی، مطیع الرحمان اس جہاز کو بنگلہ دیش (مشرقی پاکستان) لے جانا چاہتا تھا، مگر راشد منہاس نے اس کا نہایت بہادری اور حوصلہ سے مقابلہ کیا، اور اس کش مکش کے دوران ان کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، اس وقت ان کا طیارہ بھارت سے ۳۲ میل کے فاصلے پر تھا،

س:۔پائلٹ افسر راشد منہاس کو نشان حیدر کب دیا گیا؟

ج:۔۲۹ اگست ۱۹۷۱ء کو،

میجر محمد اکرم شہید

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میجر محمد اکرم شہید کہاں پیدا ہوئے ؟۔

ج:۔ ڈنگا ضلع گجرات میں،

س:۔ میجر محمد اکرم شہید کب پیدا ہوئے ؟۔

ج:۔۴، اپریل ۱۹۳۸ء کو

س:۔ میجر محمد اکرم شہید نے کب کمیشن حاصل کیا؟۔

ج:۔۱۳، اکتوبر ۱۹۶۳ء کو

س:۔ کمیشن حاصل کرنے کے بعد میجر محمد اکرم شہید کس رجمنٹ میں شامل ہوئے؟۔

ج:۔ فرنٹیر فورس رجمنٹ،

س:۔ میجر محمد اکرم شہید کو مشرقی پاکستان کب بھیجا گیا ؟۔

ج:۔ ۷ جولائی ۱۹۶۸ء کو۔

س:۔ میجر محمد اکرم شہید کب اور کس محاذ پر شہید ہوئے ؟۔

ج:۔ ۱۹۷۱ء کو ہلی سیکٹر (مشرقی پاکستان) میں۔

س:۔ میجر محمد اکرم شہید کو نشان حیدر کب دیا گیا؟۔

ج:۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۷۱ء کو۔

سوار محمد حسین شہید

س:۔ سوار محمد حسین کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔ ۱۸ جنوری ۱۹۴۹ء کو راولپنڈی کے ایک گاؤں ڈھوک پیر بخش میں، جو اب ڈھوک سوار محمد حسین جنجوعہ کے نام سے موسوم ہے۔

س:۔ سوار محمد حسین شہید فوج میں کب بھرتی ہوئے؟۔

ج:۔ ۳ ستمبر ۱۹۶۶ء کو،

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سوار محمد حسین شہید کس محاذ پر شہید ہوئے؟۔

ج:۔ سیال کوٹ کے محاذ پر۔

س:۔ سوار محمد حسین شہید نے کس تاریخ کو شہادت پائی؟۔

ج:۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۷۱ء کو،

س:۔ سوار محمد حسین شہید فوج کے کس عہدے پر فائز تھے؟۔

ج:۔ سوار محمد حسین شہید محض ایک ڈرائیور تھے۔

س:۔ کیا یہ درست ہے کہ وہ نشان حیدر پانے والے پہلے جوان تھے؟۔

ج:۔ جی ہاں۔

س:۔ انہیں نشان حیدر کب دیا گیا؟۔

ج:۔ ۷ اجنوری ۱۹۷۲ء کو

لانس نائیک محمد محفوظ شہید

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ شہید کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔پنڈ ملکاں ضلع راولپنڈی میں،

س:۔کیا آپ لانس نائیک محمد محفوظ شہید کی تاریخ ولادت بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۵ اکتوبر ۱۹۴۴ء،

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ فوج میں بھرتی کب ہوئے؟۔

ج:۔۲۵ اکتوبر ۱۹۶۲ء کو

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ کا گاؤں اب کس نام سے موسوم ہے؟۔

ج:۔محفوظ آباد کے نام سے،

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ شہید، کس رجمنٹ سے وابستہ تھے؟۔

ج:۔۱۵، پنجاب رجمنٹ سے،

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ شہید کس محاذ پر شہید ہوئے؟۔

ج:۔واہگہ اٹاری سیکٹر،

س:۔لانس نائیک محمد محفوظ شہید کو نشان حیدر کب دیا گیا؟۔

ج:۔۱۷ جنوری ۱۹۷۲ء کو

میجر شبیر شریف شہید

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میجر شبیر شریف کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔کنجاہ ضلع گجرات میں۔

س:۔کیا آپ میجر شبیر شریف شہید کی تاریخ ولادت بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۸، اپریل ۱۹۴۳ء

س:۔میجر شبیر شریف شہید نے کب آرمی کمیشن حاصل کیا؟۔

ج:۔۱۹، اپریل ۱۹۶۴ء کو،

س:۔آرمی کمیشن حاصل کرنے کے بعد میجر شبیر شریف شہید نے کس رجمنٹ میں شمولیت حاصل کی؟۔

ج:۔فرنٹیئر فورس میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میجر شبیر شریف شہید کس محاذ پر شہید ہوئے؟۔

ج:۔سلیمانکی سیکٹر میں،

س:۔میجر شبیر شریف شہید نے کس تاریخ کو جام شہادت نوش فرمایا؟۔

ج:۔۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو

س:۔میجر شبیر شریف شہید کو نشان حیدر کب دیا گیا؟۔

ج:۔۷ اجنوری ۱۹۷۲ء کو۔

قومی شاعر

س:۔پاکستان کے قومی شاعر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔علامہ محمد اقبالؒ۔

س:۔علامہ محمد اقبالؒ پنجاب کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔سیالکوٹ میں۔

س:۔قومی شاعر علامہ محمد اقبالؒ کا مزار کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔علامہ محمد اقبالؒ کو قومی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔کیونکہ انہوں نے مسلمانوں میں آزادی کی روح پھونکی تھی۔

دارالحکومت

س:۔ پاکستان کے دارالحکومت یا صدر مقام کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ اسلام آباد۔

س:۔ پاکستان کا پہلا دارالحکومت کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ اسلام آباد لاہور سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟

ج:۔۱۸۱ میل کی دوری پر۔

س:۔ اسلام آباد سے پشاور کتنی دور ہے؟۔

ج:۔۱۱۴ میل۔

س:۔ اسلام آباد، کس علاقے میں واقع ہے؟۔

ج:۔ مارگلا کی پہاڑیوں کے دامن میں، راولپنڈی سے شمال مغرب کی سمت میں۔

س:۔ اسلام آباد کی آبادی اس وقت کتنی ہے؟۔

ج:۔ تین لاکھ سے زائد۔

س:۔ اسلام آباد میں کون سی سواری کا داخلہ ممنوع ہے؟۔

ج:۔ موٹر رکشا۔

س:۔ اسلام آباد میں کون سا ایندھن جلانے کی اجازت ہے؟۔

ج:۔ سوئی گیس۔

نظریہ پاکستان

س:۔کیا آپ نظریہ پاکستان کے اہم اصول بتاسکتے ہیں؟۔

ج:۔(۱) اللہ کی حاکمیت اعلیٰ (۲) شریعت کی برتری (۳) ختم نبوت (۴) نیابت انسانی اور معاشرتی استحکام۔

س:۔نیابت انسانی سے کیا مراد ہے؟۔

ج:۔انسان کا زمین پر اللہ کا نائب ہونا۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے کون سے آئین کے تحت سرکاری مذہب اسلام مانا گیا ہے؟۔

ج:۔۱۹۷۳ء کے مستقل آئین کے تحت۔

س:۔کیا آپ بتاسکتے ہیں، کہ پاکستان کا سرکاری نام کیا ہے؟۔

ج:۔اسلامیہ جمہوریہ پاکستان

س:۔پاکستان کا سرکاری ناما سلامیہ جمہوریہ پاکستان کب رکھا گیا؟۔

ج:۔۲۳مارچ ۱۹۵۶ءکو۔

س:۔اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کے پہلے صدر کون تھے؟

ج:۔اسکندر مرزا۔

س:۔اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کا آئین کب بنا؟۔

ج:۔۱۹۵۶ء میں

پاکستان

۱۹۴۷ء سے ۱۹۸۸ء تک

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مملکت خداداد پاکستان کب معرض وجود میں آئی؟۔

ج:۔۱۴، اگست ۱۹۴۷ء کو

س:۔قیام پاکستان کا اعلان کس ریڈیو اسٹیشن سے ہوا؟

ج:۔لاہور ریڈیو اسٹیشن سے۔

س:۔یہ بتایئے کہ لاہور ریڈیو اسٹیشن سے قیام پاکستان کا اعلان کس اناؤنسر نے کیا؟۔

ج:۔مصطفٰے علی ہمدانی نے۔

س:۔۱۴، اگست ۱۹۴۷ء کو اقوام عالم کی سب سے بڑی اسلامی ریاست،، پاکستان،، کتنے حصوں پر مشتمل تھی؟۔

ج:۔دو حصوں پر، مغربی پاکستان، مشرقی پاکستان،

س:۔مغربی پاکستان، اور مشرقی پاکستان کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟۔

ج:۔ایک ہزار میل کا۔

س:۔مشرقی پاکستان، پاکستان سے کب الگ ہوا؟۔

ج:۔۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد،

س:۔مشرقی پاکستان کا موجودہ نام بتایئے؟۔

ج:۔بنگلہ دیش۔

س:۔۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ کے وقت پاکستان کے صدر کون تھے؟۔

ج:۔یحیٰی خان۔

س:۔پاکستان اس وقت کتنے صوبوں پر مشتمل ہے؟۔

ج:۔چار صوبوں پر، صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان، صوبہ پنجاب اور صوبہ سرحد۔

س:۔پاکستان کے پہلے گورنر جنرل یا سربراہ مملکت کا نام بتایئے؟۔

ج:۔قائداعظم محمد علی جناح۔

س:۔مملکت خداداد پاکستان کا نام،، پاکستان کس نے تجویز کیا؟۔

ج:۔چودھری رحمت علی مرحوم نے۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کس نظریے کے تحت عالم وجود میں آیا؟۔

ج:۔دو قومی نظریے کے تحت۔

محل وقوع

س:۔کیا آپ پاکستان کا محل وقوع بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۶۱ درجہ مشرقی، اور ۷۵ درجہ مشرقی طول بلد، اور ۲۴ درجہ تا ۳۷ درجہ شمالی عرض بلد کے درمیان۔

س:۔پاکستان کا کل رقبہ بتایئے؟۔

ج:۔۸۶۸۵۹۱ مربع کلومیٹر۔

س:۔پاکستان کے شمال میں کون کون سے ممالک واقع ہیں؟۔

ج:۔ریاست جموں وکشمیر، کوہ ہمالیہ وروس،

س:۔پاکستان کے شمال مغرب میں کون کون سے ممالک واقع ہیں؟۔

ج: شمال مغرب میں افغانستان اور مغرب میں ایران۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بحیرہ عرب پاکستان کی کس سمت واقع ہے؟

ج:۔جنوب میں۔

س:۔پاکستان کی مشرقی سرحد کس ملک سے ملتی ہے؟۔

ج:۔بھارت سے۔

طبعی ساخت

س:۔ پاکستان کو طبعی لحاظ سے کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟۔

ج: چار حصوں میں۔

س:۔ پاکستان کے طبعی حصوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ میدانی علاقہ، پہاڑ، سطح مرتفع، اور ریگستان۔

س:۔ پاکستان کے میدانی علاقے کی خصوصیت بتائیے؟۔

ج:۔ پاکستان کے میدانی علاقے میں پنجاب، بہاول پور، اور خیر پور کے علاقے شامل ہیں، میدانی حصے کو دریائے جہلم، چناب، راوی ستلج، اور دریائے ستلج سیراب کرتے ہیں۔ زرعی اعتبار سے یہ علاقہ دنیا کے بہترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔

س:۔ پاکستان کے پہاڑی حصے کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟۔

ج:۔ یہ حصہ شمال اور مغرب کے پہاڑی علاقوں پر مشتمل ہے، اس میں کوہ ہندوکش، کوہ سلیمان شامل ہیں، اس حصے میں بارش کم ہوتی ہے، جس کی وجہ سے اس میں شامل علاقے عام طور پر خشک رہتے ہیں،

س:۔ پاکستان کی سطح مرتفع کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟۔

ج:۔ یہ خطہ چاروں طرف سے بلند پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے، بارش بہت کم ہوتی ہے، لہذا یہ علاقہ بھی بے آب وگیاہ ہے۔

س:۔ پاکستان کے ریگستانی علاقے کی خصوصیت بتائیے؟۔

ج:۔ اس حصے میں پنجاب کا جنوب مغربی حصہ، اور سندھ کا شمالی اور جنوب مشرقی علاقہ شامل ہے، سندھ کے زیریں حصے میں ایک وسیع صحرائی علاقہ پھیلا ہوا ہے، جو برصغیر پاک وہند کے صحرا کا ایک حصہ ہے۔

پاکستان کی زمین

س:۔ پاکستان کی زمین کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟۔

ج:۔ پاکستان کی زمین کا زیادہ تر حصہ چکنا اور زرخیز ہے۔

س:۔ پاکستان میں بارشوں کی سالانہ اوسط کیا ہے؟۔

ج:۔ ۱۵، انچ سالانہ۔

س:۔ بارش کی کمی کو کس طرح پورا کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ مصنوعی آب پاشی سے۔

س:۔ پاکستان کے کس علاقے میں زیادہ تر مصنوعی آب پاشی سے کام لیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ وادی سندھ میں۔

س:۔ صوبہ سندھ میں بارش زیادہ ہوتی ہے یا پنجاب میں؟۔

ج:۔ پنجاب میں۔

س:۔ پنجاب کی زمین زیادہ خشک اور بنجر ہے یا سندھ کی؟۔

ج:۔ صوبہ سندھ کی۔

س:۔ پیداوار کے لحاظ سے پاکستان کا کون سا صوبہ سرفہرست ہے؟

ج:۔ صوبہ پنجاب۔

س:۔ پاکستان کی زمین کونسی فصلوں کے لئے زیادہ موزوں ہے؟۔

ج:۔ گیہوں، کپاس، چاول اور گنا۔

س:۔ کیلا صوبہ سندھ میں زیادہ پیدا ہوتا ہے یا پنجاب میں؟۔

ج:۔ صوبہ سندھ میں۔

س:۔ صوبہ سندھ کے کس شہر کا پھل بہت مشہور ہے؟۔

ج۔ میر پور خاص کا۔

س:۔ ملتان اور شجاع آباد کس پھل کے لئے زیادہ مشہور ہے؟۔

ج:۔ آم کی وجہ سے۔

س:۔ پنجاب میں پیدا ہونے والے پھلوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ آم، کیلا، کینو، مالٹا، خربوزہ، تربوز اور کھجوریں۔

س:۔ صوبہ سرحد میں کون کون سے پھل پیدا ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ سیب، انار، گرما، چلغوزے، خوبانی اور بادام وغیرہ۔

س:۔ امرود کن صوبوں میں زیادہ ہوتا ہے؟۔

ج:۔ پنجاب اور سندھ میں

س:۔ باغ جناح یا لارنس گارڈن پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

لاہور میں ۔

پاکستان کے صوبے

س:۔پنجاب کا محل وقوع بتائیے؟۔

ج:۔۲۰ درجہ سے ۳۰ درجہ عرض بلد شمالی اور ۶۹ درجہ سے 1/2 75 طول بلد مشرق۔

س:۔صوبہ پنجاب کا صدر مقام بتائیے؟۔

ج:۔لاہور،

س:۔کیا آپ صوبہ پنجاب کی مشہور پیداوار بتا سکتے ہیں؟

ج:۔گندم، چاول، کپاس، دالیں، پھل، گنا، جوار، باجرہ، اور مکئی۔

س:۔صوبہ پنجاب کی مشہور صنعتیں کون کون سی ہیں؟

ج:۔کپڑا بنانے کے کارخانے، بھاری مشینری، بجلی کا سامان، پنکھے بنانے کے کارخانے، کاغذ، گتہ سازی، چینی، صابن اور سیمنٹ۔

س:۔صوبہ پنجاب میں مشہور یونیورسٹی کون سی ہے؟۔

ج۔پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

س:۔صوبہ پنجاب کا سب سے بڑا عجائب گھر کہاں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔واپڈا کا ہیڈ آفس، پنجاب کے کس مشہور شہر میں ہے؟

ج:۔لاہور،

س:۔پنجاب کا کون سا شہر علم و ادب کا گہوارہ سمجھا جاتا ہے؟۔

ج:۔لاہور۔

س:۔بھارت کی فلمی دنیا کے چند ان فن کاروں کے نام بتائیے جن کا تعلق صوبہ پنجاب سے تھا؟ یعنی پنجاب کے اس حصے سے جو اب پاکستان میں شامل ہے۔

ج:۔اداکار سنیل دت، ہدایت کار کاردار، موسیقار روشن، مدن موہن، گلوکار محمد رفیع، موسیقار شیام سندر، گیت کار راجندر کرشن، اداکار راجندر کمار، اداکار بلراج ساہنی، ہدایت کار، ایم صادق، اداکارہ ثریا، ہدایت کار جے کے نندا، گیت نگار راجہ مہدی علی خان۔اور ہدایت کار کیدار شرما۔

س:۔صوبہ پنجاب کی چند مشہور رومانی داستانوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔سوہنی مہینوال، ہیر رانجھا اور مرزا صاحباں۔

س:۔پنجابی کی چند مشہور منظوم داستانوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔سیف الملوک، ہیر رانجھا، مرزا صاحباں، اور یوسف زلیخا۔

س:۔دیال سنگھ کالج، گنگا رام ہسپتال اور دیال سنگھ پبلک لائبریری پنجاب کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔لاہور میں،

س:۔ایوان اقبال کس شہر میں منایا جا رہا ہے؟

ج:۔لاہور میں،

س:۔پنجاب کا ہوائی اڈا کس شہر میں ہے؟

ج:۔لاہور میں،

س:۔پنجاب کے کس شہر میں سب سے زیادہ کالج ہیں۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔ہندوستان کا مشہور شہر، امرتسر، پنجاب کے کس مشہور شہر کی تحصیل تھا؟۔

ج:۔لاہور کی،

س:۔مشہور حکمران محمود غزنوی کے،، مشہور غلام،، ایاز کا مزار پنجاب کے کس مشہور شہر میں ہے؟

ج:۔لاہور میں،

س:۔فاطمہ جناح میڈیکل کالج پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔مشہور ولی اللہ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری کا مزار پنجاب کے کس مشہور شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔متحدہ ہندوستان میں ایک فلم کا نام پنجاب کے ایک شہر پر رکھا گیا تھا؟

ج:۔لاہور۔

س:۔حضرت میاں میر کا دربار کس شہر میں ہے؟

ج:۔لاہور میں،

س:۔پاکستان کے کس صوبے کی آبادی سب سے زیادہ ہے؟۔

ج:۔پنجاب کی۔

س:۔پاکستان کا سب سے زرخیز صوبہ کون سا ہے؟۔

ج:۔پنجاب۔

س:۔صوبہ پنجاب کے چند مشہور شاعروں کے نام بتایئے؟

ج:۔علامہ اقبال، فیض احمد فیض، احمد ندیم قاسمی، اور مولانا ظفر علی خان۔

س:۔اردو کے چند ان مشہور افسانہ نگاروں کے نام بتایئے؟، جن کا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے۔

ج:۔کرشن چندر، سعادت حسن منٹو، احمد ندیم قاسمی اور اشفاق احمد۔

س:۔باغ جناح یا لارنس گارڈن پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

صوبہ سرحد

س:۔ صوبہ سرحد کا محل وقوع بتائیے؟

ج۔، ۳۱ درجے سے ۳۸ درجے عرض بلد شمالی اور ۶۹ درجے سے ۵۷ درجے طول بلد مشرق میں واقع ہے۔

س:۔ صوبہ سرحد کا صدر مقام بتائیے؟۔

ج۔، پشاور،

س:۔ صوبہ سرحد کی مشہور پیداوار بتائیے؟۔

ج:۔ گندم، چاول، کپاس، گنا اور پھل۔

س:۔ صوبہ سرحد کی مشہور صنعتیں کون کون سی ہیں؟۔

ج:۔ اونی کپڑا، سوتی کپڑا، کاغذ، چمڑہ سازی، ادویات، سگریٹ، اور بناسپتی گھی۔

س:۔ صوبہ سرحد کے کسی مشہور شاعر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ خوش حال خاں خٹک۔

س:۔ صوبہ سرحد کے سب سے بڑے شہر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ پشاور۔

س:۔ صوبہ سرحد کی مشہور یونیورسٹی کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ پشاور یونیورسٹی۔

س:۔ صوبہ سرحد کا ٹی، وی، اسٹیشن کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ پشاور میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہندوستان کی فلمی دنیا کے مشہور فن کاروں دلیپ کمار، راج کپور، ششی کپور، شمی کپور، اور پرتھوی راج کا تعلق صوبہ سرحد کے کس شہر سے تھا؟۔

ج:۔ پشاور سے۔

صوبہ سندھ

س: ۔صوبہ سندھ کا محل وقوع بتایئے؟۔

ج: ۔یہ صوبہ 1/2 23 سے ۸۸ ایک بٹا ۲ شمالی عرض بلد اور تقریباً ۶۷ درجے سے ۷۱ درجے مشرقی طول بلد کے درمیان واقع ہے۔

س: ۔صوبہ سندھ کے صدر مقام کا نام بتایئے؟۔

ج: کراچی۔

س: ۔صوبہ سندھ کی مشہور پیداوار بتایئے؟۔

ج: ۔چاول، گندم، کپاس اور گنا۔

س: ۔صوبہ سندھ کی مشہور صنعتیں کون کون سی ہیں؟۔

ج: ۔کھاد، چینی، بناسپتی گھی، جہاز سازی، ادویات، صابن سازی، ریشمی اور سوتی کپڑا، سیمنٹ، چینی، تیل صاف کرنا، اور موٹر سازی وغیرہ۔

س: ۔صوبہ سندھ کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟۔

ج: ۔کراچی۔

س: ۔صوبہ سندھ کے اس شہر کا نام بتایئے، جہاں سب سے زیادہ کالج اور سکول ہیں؟۔

ج: ۔کراچی میں۔

س: ۔صوبہ سندھ کا سب سے بڑا ٹی، وی، اسٹیشن کس شہر میں ہے؟۔

ج: ۔کراچی میں،

س: ۔جناح ہسپتال، سول ہسپتال اور سر آغا خان ہسپتال کس شہر میں واقع ہیں؟۔

ج: ۔کراچی میں۔

س: ۔صوبہ سندھ کے کس شہر میں سب سے زیادہ سینما گھر ہیں؟۔

ج: ۔کراچی میں

س: ۔روشنیوں کا شہر،، کس شہر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج: ۔کراچی کو،

س: ۔س: ۔صوبہ سندھ کے اس شہر کا نام بتایئے، جہاں سب سے زیادہ اخبار چھپتے ہیں؟۔

ج: ۔کراچی سے۔

س: ۔صوبہ سندھ کے چند مشہور شہروں کے نام بتایئے؟

ج: کراچی، حیدرآباد، سکھر، روہڑی، لاڑکانہ، جیکب آباد، خیرپور، اور میرپور خاص۔

س: ۔کراچی کے بعد صوبہ سندھ کے سب سے بڑے شہر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔حیدرآباد۔

س:۔ایم،اے جناح روڈ صوبہ سندھ کے کس مشہور شہر کی مصروف ترین سڑک ہے؟۔

ج:۔کراچی کی،

س:۔بانی پاکستان حضرت قائد اعظم کا مزار صوبہ سندھ کے کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔شہید ملت لیاقت علی خاں کا مزار صوبہ سندھ کے کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔صوبہ سندھ کی سب سے بڑی بندرگاہ کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:،کراچی میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے صوبہ سندھ کے کس شہر میں سب سے زیادہ کارخانے ہیں؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔پاکستان کی بلند ترین عمارت صوبہ سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں،

س:۔پاکستان کا سب سے بڑا عالی شان ہوٹل صوبہ سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔پاکستان کا پہلا دارالحکومت،صوبہ سندھ کے کس شہر میں تھا؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔اردو کالج،پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی۔

س:۔صوبہ سندھ کے گرم ترین شہر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔جیک آباد۔

س:۔صوبہ سندھ کے اس شہر کا نام بتائیے جس کا پلیٹ فارم پاکستان کے سب سے بڑا پلیٹ فارم ہے؟۔

ج:۔روہڑی۔

س:۔صوبہ سندھ کے دو مشہور شعرا کے نام بتائیے؟۔

ج:۔سچل سرمست،اور شاہ عبد الطیف بھٹائی۔

س:۔صوبہ سندھ کی کسی روحانی داستان کا نام بتائیے؟۔

ج:۔سسی،پنوں۔

س:۔موہن جوڈارو کے کھنڈر کس صوبے میں ہیں؟۔

ج:۔صوبہ سندھ میں،

س:۔صوبہ سندھ کا رقبہ کتنا ہے؟۔

ج:۔۱۴۰۹۱۴ مربع کلومیٹر

س:۔زاہد حسین کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا گورنر کب مقرر کیا گیا؟۔

ج:۔یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو

صوبہ بلوچستان

س:۔کیا آپ صوبہ بلوچستان کے صدر مقام کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔کوئٹہ،

س:۔بلوچستان کی پیداوار بتایئے؟۔

ج:۔گندم، کپاس، سیمنٹ، ادویات اور تیل صاف کرنے کے کارخانے،کوئلے کی کانیں۔

س:۔بلوچستان کا ٹی،وی اسٹیشن کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ میں۔

س:۔مشہور ٹی،وی اسٹار، عابد علی کا تعلق بلوچستان کے کس شہر سے ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ سے۔

تاریخی مقامات

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ ہڑپہ کے آثار قدیمہ پاکستان کے کس صوبے میں ہیں؟۔

ج:، پنجاب۔

س:۔موہنجوڈارو کے آثار قدیمہ کس صوبے میں ہیں؟۔

ج:۔صوبہ سندھ میں،

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹیکسلا کے آثار قدیمہ کس صوبے میں ہیں؟۔

ج:۔پنجاب میں۔

س: مسجد مہابت خاں صوبہ سرحد کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔پشاور میں۔

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ مشہور مغل بادشاہ جہانگیر کا مقبرہ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں، دریائے راوی کے کنارے۔

س:۔مغل بادشاہ جہاں گیر کی محبوب ملکہ نور جہاں کا مقبرہ پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں، شاہدرہ ریلوے اسٹیشن کے قریب۔

س:۔شاہی قلعہ اور شاہی مسجد کس شہر میں ہیں؟۔

ج:۔لاہور میں۔

موسم

س:۔ پاکستان میں کتنے موسم ہیں؟۔

ج:۔چار،

س:۔ ان موسموں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔موسم گرما،موسم سرما،موسم بہار اور خزاں۔

س:۔ پاکستان میں گرمی کن مہینوں میں پڑتی ہے؟

ج:۔مئی، جون، جولائی اور اگست میں۔

س:۔موسم گرما میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟۔

ج: ۱۲۰ درجے فارن ہیٹ

س:۔ پاکستان میں مون سون کا موسم کن مہینوں میں ہوتا ہے؟۔

ج:۔جولائی اور اگست میں۔

س:۔ پاکستان میں خزاں کا موسم کب آتا ہے؟۔

ج:۔ اکتوبر اور نومبر میں۔

س:۔سردیوں کا موسم کتنے ماہ رہتا ہے؟۔

ج:۔نومبر، دسمبر، جنوری اور فروری۔

س:۔ پاکستان میں بہار کا موسم کون سا ہوتا ہے؟۔

ج:۔ مارچ اور اپریل کا۔

س:۔ پاکستان میں برف کس موسم میں پڑتی ہے؟۔

ج:۔سردیوں میں۔

آبادی

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں پہلی مردم شماری کب ہوئی تھی؟۔

ج:۔1951ء میں۔

س:۔پہلی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کل آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔تین کروڑ اڑتالیس لاکھ۔

س:۔پاکستان میں دوسری مردم شماری کب ہوئی تھی؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ دوسری مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کل آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔چار کروڑ دس لاکھ،

س:۔پاکستان میں تیسری مردم شماری کب ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۷۲ء میں

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تیسری مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔چھ کروڑ انچاس لاکھ تقریباً۔

آب وہوا

پاکستان کی آب وہوا کیسی ہے؟۔

ج:۔پاکستان کی آب وہوا شدید ہے، یہاں سردیوں میں سخت سردی اورگرمیوں میں سخت گرمی پڑتی ہے۔

س:۔کیاپاکستان کے سبھی علاقوں میں ایک ساموسم رہتا ہے؟۔

ج:۔نہیں درجہ حرارت کے اعتبار سے بہت زیادہ اختلاف پایا جاتا ہے۔

س:۔سردیوں کے موسم میں کوئٹہ میں درجہ حرارت کم ہوتا ہے یا اسکردو،گلگت میں؟۔

ج:۔اسکردو میں۔

س:۔سردیوں کے موسم میں اسکردو میں درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟۔

ج:۔عام طور پر ۱۶درجے فارن ہیٹ۔

س:۔جیکب آباد میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کہاں پہنچ جاتا ہے؟۔

ج:۔گرمیوں میں۱۲۰درجے فارن ہائیٹ۔

س:۔گرمیوں کاموسم کیسارہتا ہے؟۔

ج:۔معتدل۔

بارش

س: ،پاکستان میں بارش کی سالانہ اوسط کیا ہے؟۔

ج: ۔تقریباً ۱۵، انچ۔

س: ۔صوبہ سرحد اور سندھ کے ریگستانی علاقے میں بارش کی سالانہ اوسط کیا ہے؟۔

ج: ۔تقریباً ،۵، انچ۔

س: ۔بلوچستان میں بارش کی سالانہ اوسط بتائیے؟۔

ج: ۔بلوچستان میں بارش کی اوسط نہ ہونے کے برابر ہے۔

س: ۔موسم سرما کے کن مہینوں میں بارش زیادہ ہوتی ہے؟۔

ج: ۔دسمبر اور جنوری میں،

س: ۔صوبہ سندھ میں بارش کی سالانہ اوسط کتنی ہے؟

ج: ۔بعض علاقوں میں ۱۰، انچ اور بعض میں ۱۵، انچ۔

س: ۔پاکستان کے کس ضلع میں بارش زیادہ ہوتی ہے؟۔

ج: ۔ضلع سیال کوٹ اور اسلام آباد میں۔

س: ۔ہندوستان کی فلمی دنیا کے مشہور اداکار سریش اوبرائے کا تعلق صوبہ بلوچستان کے کس شہر سے ہے؟۔

ج: ۔کوئٹہ سے۔

س: ۔۱۹۳۵ء کے زلزلے میں بلوچستان کا کون سا شہر برباد ہوا تھا؟۔

ج: ۔کوئٹہ۔

پاکستان کے اہم صنعتی مراکز

سیمنٹ بنانے کے کارخانے

واہ، کینٹ، ڈنڈوٹ، (جہلم) اور داؤد خیل، کراچی، حیدر آباد، روہڑی، (سندھ) فاروقیہ، کوہاٹ، نوری آباد، چراٹ، نوشہرہ۔

اسٹیل پائپ کے کارخانے

کوٹری (سندھ)۔

ٹائر اور ٹیوب کے کارخانے

لاہور، گجرات، سیالکوٹ، (پنجاب) اور کراچی (سندھ)

بلیڈ بنانے کے کارخانے

حیدرآباد، کراچی اور سندھ۔

اسلحہ سازی کے کارخانے

واہ اور اٹک، ٹیکسلا۔

سائیکل بنانے کے کارخانے

لاہور (پنجاب) اور کراچی (سندھ)

بناسپتی گھی کے کارخانے

فیصل آباد، کالا شاہ کاکو، ملتان، چیچہ وطنی، رحیم یار خان، کوئٹہ، شیخو پورہ، (پنجاب) نوشہرہ، (سرحد) کراچی، حیدرآباد (سندھ) ٹھپل ڈیرہ، منگلا، اور دینہ۔

تیل صاف کرنے کے کارخانے

اٹک اور کراچی، راولپنڈی، اسلام آباد۔

سینٹری ویر

نوشہرہ اور سوات، (سرحد) اسلام آباد۔

دوا سازی کے کارخانے

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ریسالہ خورد، کراچی، (سندھ) اور نوشہرہ (سرحد) جام شورو، کوئٹہ۔

سفید سیمنٹ کے کارخانے

داؤدخیل، اور اسکندر آباد (پنجاب)

پٹ سن کی مصنوعات

جڑانوالہ اور مظفر گڑھ (پنجاب)

جہاز سازی اور مرمت کے کارخانے

کراچی، (سندھ)۔

فولاد سازی کے کارخانے

کراچی، (سندھ)، اور منی اسٹیل ملز (پنجاب) اسلام آباد، لاہور۔

انجنیئرنگ کے کارخانے

راولپنڈی، گجرات، ٹیکسلا، وزیر آباد، سیال کوٹ، کالا شاہ کاکو، لاہور، (پنجاب) کراچی اور حیدر آباد (سندھ) لس بیلہ، (بلوچستان) اور نوشہرہ (سرحد)۔

چائنا کلے اور سرامک پلانٹ

منگورا، (سرحد)، لالہ موسیٰ، گجرات، کراچی۔

شیشہ سازی

لاہور، کہلم، گکھڑ، (پنجاب) کراچی اور حیدر آباد (سندھ)۔

برقی آلات کے کارخانے

برقی آلات بنانے کا کارخانہ ٹیکسلا، (پنجاب) کے قریب بنایا جا رہا ہے، اس میں جنریٹر، موٹریں اور ٹرانسفارمر بنائے جائیں گے، لاہور، کراچی، گوجرانوالہ۔

بجلی کا سامان

لاہور، (پنجاب) اور کراچی (سندھ) گوجرانوالہ۔

چمڑا اور جوتا سازی

گجرات، وزیر آباد، گوجرانوالہ، لاہور، سیال کوٹ، ساہی وال، حیدر آباد، کراچی، نوشہرہ۔

کیمیائی کھاد کے کارخانے

شیخو پورہ، فیصل آباد، ملتان، نوشہرہ، حیدر آباد اور کراچی، داؤدخیل، کندکوٹ، جڑانوالہ، صادق آباد، ہزارہ۔

گندا بیروزہ صاف کرنے کے کارخانے

لاہور، پنجاب۔

ہیوی ڈیوٹی مشین سازی

یہ کارخانہ ٹیکسلا (پنجاب) میں قائم کیا گیا ہے، جہاں چینی اور سیمنٹ بنانے کے بھاری پلانٹ، بوائلر، کرین، اور ٹریکٹر وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں۔

اونی کپڑے کے کارخانے

گوجرانوالہ، شاہدرہ، قائد آباد، (پنجاب) لارنس پور، نوشہرہ، بنوں، (سرحد) کراچی (سندھ) اور ہرنائی (بلوچستان) ملتان۔

ریشمی کپڑے کے کارخانے

راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، (پنجاب) کراچی، روہڑی اور حیدرآباد (سندھ)۔

سوتی کپڑے کے کارخانے

راولپنڈی، جہلم، گجرات، سرگودھا، فیصل آباد، لاہور، سرگودھا، جھنگ، ملتان، رحیم یار خاں، بہاول پور، اوکاڑہ، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، (پنجاب)، کراچی، حیدرآباد اور ٹنڈو محمد خاں (سندھ) پشاور اور نوشہرہ (سرحد)

دیا سلائی کے کارخانے

لاہور۔ شاہدرہ، کراچی، پشاور اور میر پور، (آزاد کشمیر)

پنکھا سازی کے کارخانے

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، کراچی، اور حیدرآباد، حافظ آباد۔

لوہے کا سامان

راولپنڈی، گجرات، لاہور، اسلام آباد، سیال کوٹ، گوجرانوالہ، کراچی اور حیدرآباد۔

کاغذ بنانے کے کارخانے

راہ والی، لاہور، (پنجاب) اور نوشہرہ (سرحد) اور ڈھابے جی، کراچی، چارسدہ، گھارد اور شیخو پورہ۔

سگریٹ بنانے کے کارخانے

جہلم، مردان، کراچی اور مردان۔

چینی بنانے کے کارخانے

راہوالی، جوہر آباد، ملتان، رحیم یار خان، نواب شاہ، سرگودھا، فیصل آباد، (پنجاب) مردان، چارسدہ، بنوں، خیر پور، لاڑکانہ، میر پور خاص اور حیدر آباد، (سندھ) پتوکی، بہاول پور، منڈی بہاؤالدین، جھنگ، نور پور، ٹنڈو محمد خان، اور یار خان۔

ہائیڈ روالیکٹرک پاور

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وارسک ڈیم کے الیکٹرک پاور ہاؤس سے کتنی بجلی حاصل کی جاسکتی ہے؟۔

ج:۔دولاکھ چالیس ہزار کلوواٹ۔

س:۔اس ڈیم سے پشاور کا کتنے ایکڑ رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ایک لاکھ بیس ہزار۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ دریائے کابل پر بننے والا وارسک ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں۔

س:۔مالاکنڈ پراجیکٹ کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے سوات پر۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ مالاکنڈ پراجیکٹ سے کتنے کلوواٹ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے؟۔

ج:۔۹۴۰۰ کلوواٹ،

س:۔اس میں لگائے گئے مزید دو نئے جنریٹر کتنی بجلی مہیا کرتے ہیں؟۔

ج:۔دس ہزار کلوواٹ،

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ درگئی ہائیڈ روپراجیکٹ سے کتنی بجلی پیدا کی جارہی ہے؟۔

ج:۔بائیس ہزار کلوواٹ سالانہ۔

س:۔درگئی ہائیڈ روپراجیکٹ کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۵۳ء میں۔

س:۔درگئی آبی پراجیکٹ پر کتنی لاگت آئی تھی؟۔

ج:۔دوکروڑ پچیس لاکھ۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ رسول پراجیکٹ کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں،

س:۔رسول پراجیکٹ سے کتنے کلوواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔بائیس ہزار کلوواٹ۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ رسول پراجیکٹ پر کتنی لاگت آئی تھی؟۔

ج:۔آٹھ کروڑ،

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ منگلا پراجیکٹ کس سن میں مکمل ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء میں۔

س:۔منگلا ڈیم پراجیکٹ سے کتنے کلوواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔۱۳لاکھ کلوواٹ۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ منگلا کے ہائیڈرو پاور ہاؤس میں کتنے کلوواٹ بجلی پیدا کرنے کی گنجائش ہے؟۔

ج:۔چھ لاکھ کلوواٹ۔

س:۔چیچو کی ملیاں کا پاور ہاؤس کب قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں

س:۔یہ بجلی گھر کس نہر کے پانی کی مدد سے بنایا گیا تھا؟۔

ج:۔اپر چناب کی مدد سے،

س:۔چیچو کی ملیاں پنجاب کے کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:۔شیخوپورہ کے۔

س:۔روہڑی پراجیکٹ سے کتنی بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔پندرہ ہزار کلوواٹ۔

س:۔روہڑی کے بجلی گھر سے کون کون سے علاقوں کو بجلی مہیا کی جاتی ہے؟۔

ج:۔حدرآباد اور بہاول پور ڈویژن سے۔

س:۔شادی وال پراجیکٹ دریائے جہلم کی کس نہر پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔اپر جہلم پر۔

س:۔شادی وال پراجیکٹ کس سن میں مکمل ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میاں۔

س:۔شادی وال کے بجلی گھر سے کتنے کلوواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔تقریباً چودہ ہزار کلوواٹ۔

س:۔اس پراجیکٹ کا پانی کس علاقے کو سیراب کرتا ہے؟۔

ج:۔چج دوآبہ کو۔

س:۔نندی پور کا بجلی گھر کتنی بجلی پیدا کرتا ہے؟۔

ج:۔۱۳۸۰۰کلوواٹ۔

س:۔نندی پور کے پراجیکٹ پر کتنی لاگت آئی تھی؟۔

ج:۔پانچ کروڑ باسٹھ لاکھ (۵۶۲۰۰۰۰۰)

س:۔نندی پور پراجیکٹ کب تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء میں

س:۔نندی پور پراجیکٹ کس نہر پر تعمیر کیا گیا؟

ج:۔اپر چناب پر۔

س:۔س:۔نندی پور پراجیکٹ کے تحت کتنی ٹربائین نصب کی گئی ہیں؟۔

ج:۔تین جوسوئی گیس سے چلتی ہیں۔

س:۔نیچرل گیس پاور اسٹیشن کس شہر میں تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔ملتان میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ ملتان کےنیچرل گیس پاور اسٹیشن پر کتنی لاگت آئی تھی؟

ج:۔دس کروڑ آٹھ لاکھ روپے۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ملتانیچرل گیس پاور اسٹیشن کتنے کلوواٹ بجلی پیدا کرتا ہے؟۔

ج:۔۲۶۵۷۰۰کلوواٹ۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کوئٹہ کاتھرل پاور اسٹیشن کس سن میں تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۶۴ء میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہکوئٹہ کاتھرل پاور اسٹیشن سے کتنے کلوواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔پندرہ ہزار کلوواٹ،

س:۔کوئٹہ ک ابجلی گھر کس ایندھن سے چلتا ہے؟۔

ج:۔گیس سے۔

س:۔حیدر آباد کاتھرل پاور اسٹیشن کتنی لاگت سے تعمیر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ساڑھے چار کروڑ روپے سے۔

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہحیدر آباد کاتھرل پاور اسٹیشن کتنے کلوواٹ بجلی پیدا کرتا ہے؟۔

ج:۔۴۳۷۰۰۰کلوواٹ۔

س:۔فیصل آباد کا اسٹیم پاور اسٹیشن کتنی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔چودہ کروڑ ترپن لاکھ روپے سے۔

س:۔فیصل آباد کا اسٹیم پاور اسٹیشن کب تعمیر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء میں

س:۔فیصل آباد اسٹیم پاور اسٹیشن کی پیداوار کتنی ہے؟۔

ج:۔۳۲۰۰۰کلوواٹ۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کوٹری کے پاور گیس ٹربائین پاور اسٹیشن سے کتنی کلوواٹ بجلی پیدا ہو
تی ہے؟۔

ج:۔۴۲۰۰۰ہزار کلوواٹ۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سکھر تھرمل پاور اسٹیشن پر کتنی لاگت آئی تھی؟۔

ج:۔ چھ کروڑ روپے۔

س:۔ سکھر تھرمل پاور اسٹیشن سے کتنی بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔ ۱۲۵۰۰ہزار کلوواٹ۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صوبہ سندھ کا مشہور اٹامک انرجی پاور اسٹیشن کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کراچی کا اٹامک انرجی پاور اسٹیشن کتنی بجلی پیدا کرتا ہے؟۔

ج:۔ ۱۳۲میگاواٹ۔

س:۔ گدو کے پاور اسٹیم اسٹیشن سے کتنی بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔ دولاکھ بیس ہزار کلوواٹ۔

س:۔ ملک میں بجلی اور پانی مہیا کرنے کا سب سے بڑا ادارہ کون سا ہے؟۔

ج:۔ واپڈا۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ واپڈا کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔ واپڈا کے علاوہ بجلی پیدا کرنے والا دوسرا بڑا ادارہ کون سا ہے؟۔

ج:۔ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن۔

جنگلات

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے کل کتنے رقبے پر جنگلات ہیں؟۔

ج:۔۲۷ لاکھ ایکڑ پر۔

س:۔ پاکستان میں سب سے بڑا نہری جنگل کس علاقے میں ہے؟۔

ج:۔ چھانگا مانگا میں۔

س:۔ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں کس قسم کے درخت پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ ناریل اور پپیتا کے۔

س:۔ پاکستان کے نہری جنگلات میں زیادہ تر کون کون سے درخت پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ شیشم، نیم، شہتوت اور سفیدہ۔

س:۔ پاکستان کے نہری جنگلات کہاں کہاں ہیں؟۔

ج:۔ پنجاب، شورکوٹ، چھانگا مانگا، خانیوال، بورے والا، سندھ میں سکھر، کوٹری اور گدو میں۔

س:۔ پاکستان کے پہاڑی جنگلات میں کون کون سے درخت پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ چیڑھ، دیودار، چنار اور پڑتل وغیرہ۔

معدنی ذخائر

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ لوہا پاکستان کے کن کن علاقوں میں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ پشاور ڈویژن، ڈیرہ اسمٰعیل خان، چترال، ہزارہ، لنگریال اور میانوالی ضلع، کالاباغ اور کچھ کے علاقے سے لوہا وافر مقدار میں نکالا جاتا ہے۔

س:۔ ملک کے کن کن علاقوں میں کرومائیٹ کے ذخائر پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ کوئٹہ ڈویژن، ہندوباغ، وزیرستان، چترال، ژوب، کوہاٹ اور چاغی۔

س:۔ تانبا ملک کے کن کن حصوں میں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ ضلع ہزارہ، چاغی (بلوچستان) اور تربیلا کے علاوہ چترال میں۔

س:۔ کیا پاکستان میں سونا بھی پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ یہ قیمتی دھات پاکستان میں بہت کم ملتی ہے۔ گلگت اور چترال کے باشندے ریت سے سونا نکالتے ہیں۔

س:۔ پاکستان کے کن کن علاقوں سے سکے کے ذخائر پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ ہزارہ، چاغی، چترال اور لسبیلہ۔

س:۔ سرمہ پاکستان میں کہاں کہاں ملتا ہے؟۔

ج:۔ چترال میں کمال باغ کے مقام پر۔

س:۔ ملک میں نمک کی کانیں کہاں کہاں ہیں؟۔

ج:۔ کھیوڑا ضلع جہلم، واڑچھا، بہادرخیل، کرک جٹا، کالاباغ، پشاور، کوئٹہ، سرگودھا اور کوہاٹ میں۔

س:۔ پاکستان میں گندھک کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ بلوچستان، خیرپور، خیبر ایجنسی، مہمند ایجنسی، مردان اور کوہاٹ۔

س:۔ پاکستان میں سنگ مرمر کے ذخائر کن کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ ملاغوری، چندائی، مردان، مغلیری، فیصل آباد، داؤد، اور مظفر آباد (آزاد کشمیر) میں۔

س:۔ پاکستان میں ابرق کے ذخائر کہاں کہاں ملتے ہیں؟۔

ج:۔ ہزارہ اور چترال میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں جپسم کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔ کھیوڑا، ڈنڈوت، داؤدخیل، کوہاٹ، روہڑی، اورلورالائی۔

س:۔ مینگنیز ملک میں کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ قلات ڈویژن میں۔

س: ۔پاکستان میں باکسائٹ کے ذخائر کن کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟۔

ج: ۔لورنگ،لورالائی اورہزارہ میں۔

س: ۔کیا آپ جانتے ہیں کہ چونے کا پتھر ملک میں کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج: ۔جہلم، داؤدخیل ،راولپنڈی، اٹک، حیدرآباداورکوئٹہ میں۔

س: ۔سلیکاریت ملک میں کہاں کہاں ملتی ہے؟۔

ج: ۔جہلم،میانوالی، ہزارہ، ملتان، داوداورٹھٹھہ کے اضلاع میں۔

س: ۔ملک میں کوئلہ کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج: ۔ڈنڈوت، ضلع جہلم، پڈھ،مکڑوال، شارغ، مچھ، ڈیگاری، ہرنائی، اورکوٹلی آزادکشمیر میں۔

س: ۔ملک میں فائر کلے کن کن علاقوں میں پایا جاتا ہے؟۔

ج: ۔راولپنڈی، داؤداورٹھٹھہ میں۔

س: ۔سلیسائٹ، پاکستان کے کن کن علاقوں میں پائی جاتی ہے؟۔

ج: ۔یہ ایک ایسی معدنی چیز ہے جو نمک، گندھک، اورجپسم کی چٹانوں سے نکالی جاتی ہے۔اورعموماً انہی علاقوں سے ملتی ہے، جہاں سے نمک اور گندھک نکالی جاتی ہے۔

س: ۔کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ فلرمٹی پاکستان کے کن کن علاقوں سے نکالی جاتی ہے؟۔

ج: ۔کوہاٹ، مالاکنڈ اوروادی سندھ سے

س: ۔پٹرولیم کے ذخائر پاکستان میں کس کس جگہ پائے جاتے ہیں؟۔

ج: ۔اٹک، کھوڑ، ڈھولیاں، جویامیر، چکوال بلکسر، بنوں اور ڈھوڈک،توت،کوٹ سارنگ اورسیال۔

س ۔پاکستان کی معدنی پیداوارکون کون سی ہے؟۔

ج: ۔چونے کا پتھر۔

س: چونے کا پتھر کن کن علاقوں میں ملتا ہے؟۔

ج: ۔داؤدخیل، حیدرآباد، خیرپور، قلات، اورڈیرہ اسمٰعیل خان میں۔

سوئی گیس

پاکستان میں سوئی گیس کب اور کہاں دریافت ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں یہ قدرتی گیس جس جگہ دریافت ہوئی، اس کا نام سوئی ہے، جو بلوچستان میں کشمور کے مغرب میں ۴۰ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

س:۔سوئی گیس کے مختلف استعمال بتائیے؟۔

ج:۔یہ گیس ایندھن کے علاوہ کیمیائی چیزوں، زرخیزی کے آلات، مصنوعی ریشم، پلاسٹک سازی، رال اور ادویات وغیرہ کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے۔

س:۔سوئی کے علاوہ قدرتی گیس پاکستان کے کن کن علاقوں میں پائی جاتی ہے؟۔

ج:۔ماری، زین، اُچ شریف، ڈھولیاں، خیرپور، ڈنڈوت اور جھیل کلر کہار میں۔

س:۔سوئی کے مقام سے کراچی تک جانے والی پائپ لائن کتنی لمبی ہے؟۔

ج:۔۳۴۷ میل۔

س:۔سوئی سے کراچی تک، سوئی گیس پائپ لائن کی گولائی بتائیے؟۔

ج:۔۱۶، انچ۔

س:۔سوئی کے مقام پر گیس صاف کرنے والا پہلا پلانٹ کب لگایا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۹۵۳ء میں۔

س:۔اس پلانٹ میں کتنے کیوبک فٹ گیس صاف کرنے کی صلاحیت تھی؟

ج:۔سات لاکھ چالیس ہزار کیوبک فٹ روزانہ۔

س:۔سوئی کے مقام پر لگائے گئے گیس صاف کرنے والے پلانٹ کی کارکردگی کب بڑھائی گئی تھی؟۔

ج:۔۱۹۶۰ء میں۔

س:۔۱۹۶۰ء کے بعد اس کی صلاحیت کہاں تک پہنچا دی گئی؟۔

ج:۔۲۰ لاکھ کیوبک فٹ روزانہ۔

س:۔سوئی سے ملتان جانے والی گیس پائپ لائن کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۲۱۷ میل۔

س:۔ملتان تک جانے والیسوئی گیس پائپ لائن کی گولائی بتائیے؟۔

ج:۔۱۶، انچ۔

س:۔ملتان سے سوئی گیس پنجاب کے کن کن شہروں تک پہنچائی گئی؟۔

ج:۔لاہور، فیصل آباد، غریب آباد، کھیوڑا، ڈنڈوت، راولپنڈی اور پشاور تک۔

س:۔ملتان سے فیصل آباد تک سوئی گیس پائپ لائن کی گولائی بتایئے؟۔

ج:۔۱۶،انچ۔

س:۔ڈھولیاں سے نکلنے والی قدرتی گیس کن کن علاقوں تک پہنچائی جارہی ہے؟۔

ج:۔واہ، راولپنڈی اور اسلام آباد تک۔

س:۔کیا آپ ڈھولیاں پائپ لائن کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۸۲میل۔

س:۔پاکستان میں نکلنے والی قدرتی گیس کا کتنے فی صد صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے؟۔

ج:۔۵۵ فی صد۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قدرتی گیس کی کتنے فی صد بجلی پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے؟۔

ج:۔۳۶ فی صد۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قدرتی گیس کا کتنے فی صد حصہ گھریلو ایندھن کے طور پر استعمال ہوتا ہے؟۔

ج:۔صرف نو فی صد۔

س:۔دسمبر ۱۹۷۶ء میں کون سے ضلع میں قدرتی گیس کا ایک بڑا ذخیرہ دریافت ہوا تھا؟۔

ج:۔راولپنڈی سے پچاس میل دور چکوال روڈ اور ڈیرہ غازی خان میں فتح پور کے مقام پر۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کارپوریشن کب قائم ہوئی تھی؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں۔

س:۔ہنڈی صوبہ سندھ میں قدرتی گیس کب دریافت ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۷۰ء میں۔

ٹیلی ویژن

س:۔ پاکستان میں ٹیلی ویژن اسٹیشن کے قیام کا فیصلہ کب کیا گیا؟۔

ج:۔ اکتوبر ۱۹۶۳ء میں۔

س:۔ پاکستان میں سب سے پہلا ٹیلی ویژن اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔ ۱۹۶۴ء میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں ٹیلی ویژن اسٹیشن کس شہر میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔ لاہور میں۔

س:۔ پاکستان میں پہلا ٹیلی ویژن اسٹیشن کس کے عہد میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔ صدر ایوب خان کے۔

س:۔ پاکستان میں لاہور ٹیلی ویژن اسٹیشن کی پہلی اناؤنسر کا نام بتایئے؟

ج:۔ کنول نصیر۔

س:۔ پاکستان میں ٹیلی ویژن اسٹیشن کی رنگین نشریات کب شروع کی گئی تھیں؟۔

ج:۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۷۶ء کو۔

س:۔ کیا آپ پاکستان ٹیلی ویژن اسٹیشن سے ٹیلی کاسٹ کیے جانے والے پہلے رنگین پروگرام کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ پرچھائیاں۔

س:۔ پاکستان کا ٹی وی، سنسر بورڈ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس وقت ملک بھر میں کل کتنے ٹی، وی اسٹیشن ہیں؟۔

ج:۔ پانچ، لاہور، راولپنڈی، پشاور، کوئٹہ اور کراچی۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پشاور ٹی، وی اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔ ۱۵ جنوری ۱۹۶۷ء کو

س:۔ پاکستان ٹی، وی سے تعلیم بالغاں کے پروگرام کا آغاز کب ہوا؟۔

ج:۔ ۱۹۷۳ء میں۔

س:۔ پاکستان کے کن شہروں میں ٹی، وی، بوسٹر نصب کیے گئے؟۔

ج:۔ ملتان، مری، سکھر، فیصل آباد، چراٹ، ساہی وال، شکار پور، شجاع آباد، دادو، نور پور، سکیسر اور مورو۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی، سے عشا کی اذان کا سلسلہ کب شروع ہوا؟۔

ج:۔ ۶، اگست ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی نے اپنی صبح کی نشریات کا آغاز کب کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ ۱۶جنوری ۱۹۸۸ءکو۔

س:۔ لاہور ٹی، وی اسٹیشن کی نئی عمارت کا افتتاح کب ہوا؟۔

ج:۔ ۶، اگست ۱۹۷۷ کو۔

یونیورسٹیاں

س:۔ پاکستان کی سب سے قدیم یونیورسٹی کا نام بتائیے؟

ج:۔ پنجاب یونیورسٹی۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بہاؤ الدین ذکریہ یونیورسٹی کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ ملتان میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ علامہ اقبال یونیورسٹی کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد میں۔

س:۔ پاکستان کی ایک یونیورسٹی فیصل آباد میں ہے، دوسری یونیورسٹی کہاں ہے؟۔

ج:۔ پشاور میں۔

س:۔ صوبہ سندھ کے کس شہر میں زرعی یونیورسٹی قائم ہے؟۔

ج:۔ ٹنڈو جام میں۔

س:۔ گومل یونیورسٹی کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں۔

س:۔ ایک اسلامی یونیورسٹی بہاول پور میں ہے، دوسری یونیورسٹی کہاں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد میں۔

س:۔ سندھ یونیورسٹی کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ حیدر آباد میں۔

س:۔ مہران انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی صوبہ سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ جام شورو میں۔

س:۔ آغا خان یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ خواتین کے لئے پاکستان کے کس کس شہر میں یونیورسٹیاں قائم کی گئیں؟۔

ج:۔ لاہور، کراچی اور پشاور میں۔

س:۔ پاکستان کی دیگر یونیورسٹیوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی لاہور، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی پشاور، اور یونیورسٹی آف پشاور۔

صحت عامہ

کیا آپ جانتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں کتنے ڈاکٹرز تھے؟۔

ج:۔۱۳۶۰

س:۔اور اس وقت (۱۹۸۸) ملک بھر میں ڈاکٹروں کی تعداد کتنی ہے؟۔

ج:۔تیس ہزار سے زائد۔

س:۔قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں نرسوں کی تعداد کتنی تھی؟۔

ج:۔۸۸،

س:۔اور ۱۹۸۸ء میں ملک بھر میں کتنی نرسیں کام کر رہی ہیں؟۔

ج:۔دس ہزار سے زائد،

س:۔۱۹۴۷ء میں ہسپتالوں میں بستروں کی تعداد کتنی تھی؟۔

ج:۔۱۴۰۰۰۔

س:۔اور اس وقت ملک بھر میں ہسپتالوں میں بستروں کی کل تعداد کتنی ہے؟۔

ج:۔پچاس ہزار کے لگ بھگ۔

ریڈیو

س:۔قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں کتنے ریڈیو اسٹیشن تھے؟۔

ج:۔صرف تین، لاہور، پشاور، ڈھاکہ۔

س:۔پاکستان میں اس وقت کل کتنے ریڈیو اسٹیشن کام کر رہے ہیں؟۔

ج:۔سولہ (۱۶)۔

س:۔پاکستان بننے کے بعد پہلا ریڈیو اسٹیشن کہاں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۴۸ء میں کراچی میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ راولپنڈی میں ریڈیو اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۵۰ء میں۔

س: ملتان ریڈیو اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۷۰ء کے آخر میں۔

س:۔بہاول پور کا ریڈیو اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۷۶ء میں۔

س:۔گلگت میں ریڈیو اسٹیشن کس سن میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۲، اپریل ۱۹۷۹ء میں،

س:۔۱۷، اپریل ۱۹۷۹ء کو پاکستان کے کس ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح ہوا؟۔

ج:۔اسکردو میں۔

س:۔فیصل آباد میں ریڈیو اسٹیشن کس سن میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۸۳ء میں

س:۔۱۵، اگست ۱۹۴۷ء کی صبح کو ریڈیو پاکستان لاہور نے اپنی نشریات کا آغاز قرآن مجید کی کس سورہ مبارکہ کی تلاوت سے کیا؟۔

ج:۔سورہ مبارکہ آل عمران سے۔

س:۔پاکستان ریڈیو نے اپنی عالمی سروس کا آغاز کب کیا تھا؟۔

ج:۔۲۱، اپریل ۱۹۷۳ء کو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ریڈیو پاکستان کے پہلے ڈائریکٹر جنرل کون تھے؟۔

ج:۔سید ذوالفقار علی بخاری۔

س:۔پاکستان کے کس ریڈیو اسٹیشن کا ٹرانسمیٹر سب سے طاقت ور ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد کا، (ایک ہزار کلوواٹ)

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم محمد علی جناح نے ریڈیو پاکستان سے سب سے پہلی تقریر کب کی تھی؟۔

ج:۔۳۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ریڈیو پاکستان کتنی زبانوں میں پروگرام نشر کرتا ہے؟۔

ج:۔۱۷ زبانوں میں،

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس وقت ملک بھر میں لائسنس یافتہ ریڈیو سیٹوں کی تعداد کتنی ہے؟۔

ج:تقریباً سولہ لاکھ،

س:۔پاکستان کا سب سے بلند ریڈیو اسٹیشن کہاں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔گلگت میں،

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کراچی ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح کس مشہور سیاسی شخصیت نے کیا تھا؟۔

ج:۔شہید ملت لیاقت علی خان نے۔

صنعت

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کی سب سے بڑی صنعت کون سی ہے؟۔

ج:۔سوتی کپڑے کی صنعت،

س:۔قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں اونی کپڑے کے کتنے کارخانے تھے؟۔

ج:۔ایک بھی کارخانہ نہیں تھا۔

س:۔صوبہ پنجاب کے کس شہر کو پاکستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔فیصل آباد (لائل پور) کو۔

س:۔پاکستان بھر میں اس وقت سوتی کپڑا تیار کرنے کے کتنے کارخانے ہیں؟۔

ج:۔ڈیڑھ سو سے زائد۔

س:۔سوتی کپڑا بنانے کے کارخانے زیادہ تر کن شہروں میں ہیں؟۔

ج:۔کراچی، فیصل آباد اور ملتان میں،

س:۔کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ پاکستان میں اونی کپڑے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ہرنائی (بلوچستان میں)

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں سفید سیمنٹ بنانے کا پہلا کارخانہ کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔داؤدخیل میں۔

س:۔کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ پاکستان میں شیشہ سازی کا پہلا کارخانہ کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔حیدرآباد سندھ میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کراچی اسٹیل مل کس ملک کے تعاون سے قائم کی گئی تھی؟۔

ج:۔روس کے،

س:۔کراچی اسٹیل ملز کا سنگ بنیاد کس تاریخ کو رکھا گیا تھا۔

ج:۔۳۰ دسمبر ۱۹۷۳ء کو۔

س:۔پاکستان اسٹیل ملز کراچی کی پہلی بھٹی کا افتتاح کس نے کیا تھا؟۔

ج:۔مرحوم ضیاالحق نے ۳۱، اگست ۱۹۸۱ء کو،

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کب قائم کی گئی تھی؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں،

س: پاکستان میں کھاد تیار کرنے کا پہلا کارخانہ کس شہر میں لگایا گیا تھا؟۔

ج:۔داؤدخیل میں۔

س: ۔ٹیکسلا میں بھاری مشین کا کارخانہ کس شہر میں لگایا گیا تھا؟۔

ج: ۔داؤد خیل میں۔

س: ۔ٹیکسلا میں بھاری مشین کا کارخانہ کس ملک کے تعاون سے لگایا گیا تھا؟۔

ج: ۔چین کے،

س: ۔سونی کمپنی آف جاپان کے اشتراق سے ٹیلی ویژن تیار کرنے کا کارخانہ پاکستان کے کس شہر میں لگایا گیا؟۔

ج: ۔حیدر آباد الیکٹرک اور کراچی میں۔

س: ۔پاکستان میں اس وقت کون کون سے ریفریجریٹر تیار کیے جاتے ہیں؟۔

ج: ۔ڈاؤلینس آف اٹلی ،فلکو آف امریکا، سانیو آف جاپان، ہائیر۔

س: ۔پاکستان میں اس وقت کون کون سے غیر ملکی ٹی ،وی سیٹ تیار کیے جاتے ہیں؟۔

ج: ۔فلپس، ہٹاچی، سونی اور نیشنل۔

س: ۔پاکستان میں اس وقت کون سی مشہور غیر ملکی کار تیار کی جاتی ہے؟۔

ج: ۔سوزوکی آف جاپان۔

س: ۔پاکستان میں اس وقت فلپس کمپنی آف جاپان کون کون سی اشیا تیار کرتی ہے؟۔

ج: ۔ٹی ،وی، بلب، ٹیوب لائیٹس وغیرہ۔

س: ۔پاکستان کی قومی اسمبلی نے پہلا آئین کب منظور کیا تھا؟۔

ج: ۔۲۹فروری ۱۹۵۶ءکو

س: ۔پاکستان کا پہلا آئین ملک میں کب نافذ کیا گیا تھا؟۔

ج: ۔۲۳مارچ ۱۹۵۶ءکو

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے پہلے آئین کا مسودہ کس نے تیار کیا تھا؟۔

ج: ۔چودھری محمد علی نے۔

س: ۔پاکستان کا نام ،،اسلامی جمہوریہ پاکستان،، کس آئین کے تحت رکھا گیا تھا؟۔

ج: ۔۱۹۵۶ء کے آئین کے تحت۔

س: ۔۱۹۵۶ء کے آئین میں کتنی دفعات تھیں؟۔

ج: ۔۲۳۶۔

س: ۔س: ۔پاکستان کا پہلا آئین کب اور کس نے منسوخ کیا تھا؟۔

ج: ۔۷، اکتوبر ۱۹۵۸ءکو صدر ایوب خان نے۔

س: ۔پاکستان کا دوسرا آئین کب نافذ ہوا تھا؟۔

ج:۔یکم جون ۱۹۶۲ء کو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۶۲ء کا آئین پارلیمانی طرز کا تھا یا صدارتی؟۔

ج:۔صدارتی۔

س:۔۱۹۶۲ء کے آئین میں صدر کے اختیارات زیادہ تھے، یا وزیر اعظم کے؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء کے آئین کی رو سے اس میں وزیر اعظم کا عہدہ شامل نہ تھا۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۶۲ء کا آئین کب تک نافذ العمل رہا؟۔

ج:۔۲۵ مارچ ۱۹۶۹ء تک۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۶۲ء کا صدارتی آئین کتنی دفعات پر مشتمل تھا؟۔

ج:۔۲۵۰،

س:۔پاکستان کا دوسرا آئین کس نے توڑا تھا؟۔

ج:۔جنرل یحییٰ نے، ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ء کو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا تیسرا آئین کب نافذ کیا گیا؟۔

ج:۔۱۴، اگست ۱۹۷۳ء کو

ٹیلی فون، ڈاک اور تار

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں کتنی ٹیلی فون ایکسچینج تھیں؟۔

ج:۲۴۲،

س:۔اس وقت (۱۹۸۸ء) میں پاکستان بھر میں ٹیلی فونوں کی تعداد کتنی ہے؟۔

ج:۔پانچ لاکھ تقریباً۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قیام پاکستان کے کن دو شہروں کے درمیان خودکار ڈائیلنگ سسٹم رائج کیا گیا؟۔

ج:۔حیدرآباد اور کراچی کے درمیان،

س:۔اس وقت ملک بھر میں پبلک کال آفسوں کی تعداد کتنی ہے؟۔

ج:۔دو ہزار سے زیادہ،

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس وقت پاکستان کے کتنے شہروں کے درمیان ڈائرکٹ کالنگ سسٹم رائج ہے؟۔

ج:تقریباً ہر شہر کے درمیان،

کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے پہلے ڈاک ٹکٹ کا ڈیزائن کس مصور نے تیار کیا تھا؟۔

ج:۔عبدالرحمان چغتائی نے،

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا پہلا ڈاک کا ٹکٹ کس ملک سے چھپوایا گیا تھا؟۔

ج:۔انگلینڈ کی لارڈ اینڈ کمپنی سے،

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان میں دو رنگ کا پہلا ڈاک ٹکٹ کب جاری ہوا؟۔

ج:۔۱۴، اگست ۱۹۵۵ء کو،

س:۔ڈاک اور تار کے محکموں کو کب الگ الگ کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں،

س:۔پاکستان میں اس وقت کتنے تار گھر ہیں؟۔

ج:۔۳۰۵،

س:۔پاکستان کے کن کن شہروں میں ٹیلی فون ایکسچینج نصب کی گئی ہیں؟۔

ج:۔راولپنڈی، لاہور اور کراچی میں،

قیام پاکستان کے وقت ملک بھر میں کتنے ڈاک خانے تھے؟۔

تین ہزار،

س:۔اس وقت (۱۹۸۸ء) میں کتنے ڈاک خانے کام کر رہے ہیں؟۔

ج:۔ ۳۰ ے ۱۱۔

س:۔ چوتھی مردم شماری کب ہوئی؟۔

ج:۔ ۱۹۸۱ء میں،

س:۔ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کل آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔ آٹھ کروڑ اڑتالیس لاکھ تقریباً،

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق صوبہ پنجاب کی کل آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔ چار کروڑ اکہتر لاکھ،

س:۔ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق صوبہ سندھ کی آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔ ایک کروڑ نوے لاکھ تقریباً۔

س:۔ کیا آپ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کی آبادی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ساڑھے تینتالیس لاکھ۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ آبادی کے اعتبار سے کون سا صوبہ زیادہ گنجان ہے؟۔

ج:۔ پنجاب،

س:۔ پنجاب میں آبادی کا اوسط کیا ہے؟۔

ج:۔ ۲۲۹، افراد فی کلومیٹر،

س:۔ پاکستان میں شہری آبادی کی اوسط کیا ہے؟۔

ج:۔ ۲۸ء۲۸۔

س:۔ کیا آپ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق اسلام آباد کی آبادی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ تین لاکھ پینتیس ہزار۔

س:۔ راولپنڈی کی آبادی بتائیے؟۔

ج:۔ دس لاکھ سے زائد،

س:۔ فیصل آباد کی آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔ بارہ لاکھ،

س:۔ پنجاب کا وہ کون سا مشہور شہر ہے، جسے ہندو اوتار رام چندر جی کے بڑے بیٹے لاہو،، نے اپنے نام پر بسایا تھا؟۔

ج:۔ لاہور۔

س:۔ شاعر مشرق علامہ اقبال کا مزار پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ لاہور میں،

س:۔قرارداد پاکستان کس شہر میں پیش کی گئی؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پنجاب کے کس شہر میں سب سے زیادہ فلمیں بنتی ہیں؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔کیا آپ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کی آبادی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔پنجاب کے کس شہر میں سب سے زیادہ بینک ہیں؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔پنجاب میں بہنے والے دریاؤں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔جہلم، راوی، چناب، ستلج، اور بیاس۔

س:۔پنجاب کے کس دریا کے ریل کے پل کی لمبائی ایک میل کے برابر ہے؟۔

ج:۔دریائے جہلم،

س:۔سوہنی مہینوال کی روحانی داستان کا تعلق پنجاب کے کس مشور دریا سے ہے؟۔

ج:۔دریائے چناب سے،

س:۔پنجاب کے اس بہادر اور قدیم راجا کا نام بتائیے؟ جس نے سکندر اعظم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا؟

ج:۔راجا پورا (پورس) نے

س:۔پاکستان کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن پنجاب کے کس شہر کا ہے؟۔

ج:۔لاہور کا،

س:۔پنجاب کے کس شہر کو باغوں اور دروازوں کا شہر کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔لاہور کو

س:۔پنجاب کے کس شہر سے سب سے زیادہ اخبار چھپتے ہیں؟۔

ج:۔لاہور سے،

س:۔پنجاب کے ریلوے تربیتی اسکول پاکستان کے کن کن شہروں میں ہیں؟۔

ج:۔لاہور اور کراچی میں،

س:۔پاکستان ریلوے کی اکاؤنٹس اکیڈمی صوبہ بلوچستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ میں۔

س:۔پاکستان ریلوے کی چند مشہور ٹرینوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔خیبر میل، کراچی ایکسپریس، عوام ایکسپریس، تیز رو، تیز گام وغیرہ۔

س:۔ پاکستان ریلوے کا سب سے لمبا پلیٹ فارم کس شہر کا ہے؟۔

ج:۔ روہڑی کا، ریلوے اسٹیشن۔

س:۔ لاہور ریلوے اسٹیشن سے بڑا ریلوے اسٹیشن کون سا ہے؟۔

ج:۔ کوئی نہیں،

س:۔ پاکستان کا جدید ترین ریلوے اسٹیشن صوبہ سندھ میں ہے، آپ اس کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ لاڑکانہ۔

زبانیں

پاکستان کی قومی زبان کون سی ہے؟

ج:۔اردو۔

س:۔پاکستان میں اس وقت سرکاری زبان کون سی ہے؟۔

ج:۔انگریزی۔

س:۔پاکستان میں کل کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟۔

ج:۔۳۲۔

س:۔پاکستان میں صوبائی سطح پر بولی جانے والی سب سے بڑی زبان کون سی ہے؟۔

ج:۔پنجابی،

س:۔سرائیکی زبان کس علاقے میں بولی جاتی ہے؟۔

ج:۔ملتان کے علاقے میں۔

س:۔پاکستان کے کس صوبے میں سب سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں؟۔

ج:۔بلوچستان میں،

س:۔بانی پاکستان حضرت قائد اعظم نے کس زبان کو قومی زبان قرار دینے کا اعلان کیا تھا؟۔

ج:۔اردو کو۔

دریا اور جھیلیں

س:۔کیا آپ صوبہ سرحد کے سب سے مشہور دریا کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔دریائے سندھ۔

س:۔دریائے سندھ کوہ ہمالیہ کی مشہور چوٹی کیلاش سے نکلتا ہے، کیا آپ اس چوٹی کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔سترہ ہزار فٹ۔

س:۔صوبہ سرحد اور پاکستان کا مشہور ترین دریا جس مقام پر پاکستان میں داخل ہوتا ہے۔اس کا نام بتایئے؟۔

ج:۔چیلاس۔

س:۔دریائے سندھ کس مقام پر ایک جھیل کی صورت میں پھیل جاتا ہے؟۔

ج:۔کالاباغ کے مقام پر۔

س:۔دریائے سندھ کس مقام پر پنجاب کے پانچ دریاؤں سے مل جاتا ہے؟۔

ج:۔مٹھن کوٹ کے مقام پر۔

س:۔دریائے سندھ صوبہ سندھ کے کس مشہور شہر کے قریب ڈیلٹا کی شکل اختیار کر لیتا ہے؟۔

ج:۔ٹھٹھہ کے مقام پر۔

س:۔دریائے سندھ کون سے سمندر میں گرتا ہے؟۔

ج:۔بحیرہ عرب میں۔

س:۔کیا آپ دریائے سندھ کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔اٹھارہ سو میل،

س:۔س:۔کیا آپ دریائے سندھ کے معاون دریاؤں میں سے کسی تین کے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔دریائے کابل، دریائے سوات اور دریائے چترال،

س:۔دریائے سندھ پر بننے والے مشہور ڈیم کا نام بتایئے؟۔

ج:۔تربیلا ڈیم۔

س:۔دریائے کابل افغانستان کے پہاڑوں سے نکلتا ہے، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ دریائے سندھ سے کہاں آ کر ملتا ہے؟۔

ج:۔اٹک کے مقام پر۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ دریائے سوات کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔کوہستان سوات کی پہاڑیوں سے۔

س:۔دریائے سوات صوبہ سرحد کے کس مشہور شہر کے قریب سے دریائے کابل میں جا ملتا ہے؟۔

ج:۔پشاور۔

س:۔دریائے چترال کے منبع کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کوہ ہندوکش۔

س:۔دریائے سوات کے معاون دریا کا نام بتایئے؟۔

ج:۔دریائے پنجکورا۔

س:۔دریائے کرم کے منبع کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کوہ سفید۔

س:۔دریائے باڑہ کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔تیرہ کی پہاڑیوں سے۔

س:۔دریائے گومل کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔افغانستان کی پہاڑیوں سے۔

س:۔دریائے ژوب کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔بلوچستان سے۔

س:۔مغرب کی سمت سے دریائے سندھ میں شامل ہونے والے دریاؤں میں سے کسی تین کے نام بتایئے؟۔

ج:۔دریائے گومل، دریائے ژوب، دریائے کرم۔

س:۔کیا آپ صوبہ پنجاب کے اس مشہور دریا کا نام بتا سکتی ہیں، جس کے کنارے ایک مشہور لڑائی لڑی گئی تھی؟۔

ج:۔دریائے جہلم۔

س:۔صوبہ پنجاب کے سب سے چوڑے دریا کا نام بتایئے؟۔

ج:۔دریائے جہلم۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پنجاب کا مشہور دریا جہلم کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔بل روم (مقبوضہ کشمیر) کے مقام سے۔

س:۔ہندو دریائے جہلم کے پانی کو کیا کہتے ہیں؟۔

ج:۔پوتر پانی یا پاک پانی۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ منگلا ڈیم پنجاب کے کس دریا پر بنایا گیا تھا؟۔

ج:۔دریائے جہلم پر۔
س:۔پنجاب کے اس دریا کا نام بتائیے، جس کے کنارے آباد ایک شہر کا نام اسی دریا کے نام پر ہے؟۔
ج:۔دریائے جہلم،
س:۔پنجاب کے اس دریا کا نام بتائیے، جس پر بنائے گئے ریل کے پل کی لمبائی ٹھیک ایک میل ہے؟۔
ج:۔دریائے جہلم۔
س:۔دریائے جہلم کس مقام پر دریائے چناب سے مل جاتا ہے؟۔
ج:۔تریموں ہیڈ پر۔
س:۔پنجاب کی ایک مشہور لوک داستان،،سوہنی مہیوال کا تعلق کس دریا سے ہے؟۔
ج:۔دریائے چناب سے۔
س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ دریائے چناب، کہاں سے نکلتا ہے؟۔
ج:۔مقبوضہ کشمیر سے۔
س:۔دریائے چناب پنجاب کے کن کن مشہور شہروں سے گذرتا ہے؟۔
ج:۔گجرات، سیال کوٹ، گوجرانوالہ، وزیر آباد، سرگودھا اور جھنگ، ملتان اور مظفر گڑھ۔
س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صوبہ پنجاب کا مشہور دریا،، کن دو مشہور ندیوں سے مل کر بنا ہے؟۔
ج:۔چندرا اور بھاگا سے،،
س:۔پنجاب کے پانچوں دریا، پنجاب کے کس مقام پر ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں؟۔
ج:۔پنج ند،
س:۔پنجاب کے کس دریا کا نام،، ایراوتی،، تھا؟۔
ج:۔دریائے راوی کا۔
س:۔لاہور کے قریب بہنے والے مشہور دریا کا نام بتائیے؟
ج:۔دریائے راوی،
س:۔دریائے راوی کہاں سے نکلتا ہے؟۔
ج:۔بھارت سے۔
س:۔دریائے راوی پنجاب کے کن کن شہروں کے درمیان سے گزرتا ہے؟۔
ج:۔سیال کوٹ، لاہور، شیخوپورہ، ساہی وال اور ملتان۔
س:۔قصور کے نزدیک کون سے مشہور دریا بھارت سے پاکستان میں داخل ہوتے ہیں؟۔
ج:۔دریائے ستلج اور دریائے بیاس۔

س:۔ستلج اور بیاس کہاں سے نکلتے ہیں؟۔

ج:۔بھارت سے۔

س:۔ستلج اور بیاس کس مقام پر باقی دریاؤں سے ملتے ہیں؟۔

ج:۔پنجند،

س:۔سکھر بیراج پاکستان کے کس مشہور

دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

حیدر آباد کے قریب بہنے والے مشہور دریا کا نام بتائیے؟

ج:۔دریائے سندھ،

س:۔صوبہ بلوچستان کے مشہور دریاؤں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔دریائے بولان، دریائے ناری، دریائے پشین لورا، دریائے ہنگول، دریائے رکشاں اور دریائے دشت،

س:۔صوبہ بلوچستان کے کچھی اور سبی کے ضلعوں میں بہنے والے دریاؤں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔دریائے ناری۔

س:۔دریائے بولان کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔کول پور سے۔

س:۔کیا آپ دریائے پشین، لورا، کے منبع کے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔توبا کہار۔

س:۔دریائے ہنگول کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۳۵۸ میل۔

س:۔دریائے مولا، صوبہ بلوچستان کے کن اضلاع میں بہتا ہے؟۔

ج:۔جھالاوان اور کچھی میں۔

س:۔دریائے رکشاں کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔مکران کے سلسلہ کوہ سے۔

س:۔دریائے دشت کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:مکران کے سلسلہ کوہ سے۔

س:۔حب ندی کا تعلق کس صوبہ سے ہے؟۔

ج:۔صوبہ سندھ سے۔

س:۔حب ندی کہاں سے نکلتی ہے؟۔

ج:۔ حب کے پہاڑی سلسلے سے۔

س:۔ صوبہ سندھ کا ایک مشہور دریا، بارن بھی ہے، یہ کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔ کیرتھار کے پہاڑی سلسلے سے۔

س:۔ ارل ندی کہاں سے نکلتی ہے؟۔

ج:۔ منچھر جھیل سے۔

س:۔ کیا آپ صوبہ سندھ کی چند مشہور ندیوں کے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ملیر ندی، لیاری ندی، ارل ندی، اور حب ندی۔

س:۔ وادی کاغان کی سب سے مشہور جھیل کون سی ہے؟۔

ج:۔ سیف الملوک۔

س:۔ پاکستان کی ایک مشہور لوک داستان،، سیف الملوک،، کا تعلق کس جھیل سے ہے؟۔

ج:۔ سیف الملوک سے۔

س:۔ کیا آپ وادی کاغان کی مشہور جھیل سیف الملوک کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۱۰۲۰۰ فٹ۔

س:۔ پاکستان کی مشہور جھیل،، لالوسار،، کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ وادی کاغان میں۔

س:۔ کیا آپ جھیل لالوسار کی سطح سمندر سے بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۱۱۰۰۰ فٹ۔

س:۔ منگلا جھیل کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ منگلا جھیل، ضلع میر پور، آزاد کشمیر میں۔

س:۔ راول جھیل اسلام آباد سے کتنی میل دور ہے؟۔

ج:۔ آٹھ میل،

س:۔ ست پارا جھیل کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ شمالی علاقوں میں۔

س:۔ کچھورا جھیل کس علاقے میں ہے؟۔

ج:۔ شمالی علاقوں میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ،، ہالے جی،، صوبہ سندھ کے کس ضلع میں ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ جھیل ہالے جی،، کراچی سے کتنی دور ہے؟

ج:۔ ۱۱ میل۔

س:۔ مانچر جھیل کس صوبے میں واقع ہے؟۔

ج:۔ بلوچستان میں۔

س:۔ ،کلری جھیل، کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔ سندھ میں۔

س:۔ کلری جھیل ٹھٹھہ سے کتنی دور ہے؟۔

ج:۔ ۱۱ میل۔

س:۔ چھانگا مانگا کی مشہور مصنوعی جھیل کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ لاہور سے چالیس میل دور۔

س:۔ جھیل کینجر یا کلنجھر، کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔ صوبہ سندھ میں۔

س:۔ ڈروت جھیل کتنی دور ہے؟۔

ج:۔ ۷۰ میل،

س:۔ پاکستان کے بڑے بڑے شہروں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، گوجرانوالہ، پشاور، ایبٹ آباد، کراچی، حیدر آباد، ملتان، فیصل آباد، سرگودھا، سیالکوٹ، کوئٹہ، گجرات اور سکھر۔

پاکستان کا قومی ترانہ

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا قومی ترانہ پاکستان کے کس مشہور شاعر نے لکھا تھا؟۔

ج:۔مرحوم حفیظ جالندھری نے۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے قومی ترانے کی دھن پہلے تیار کی گئی تھی، یا ترانہ پہلے لکھا گیا تھا؟۔

ج:۔ پہلے دھن ترتیب دی گئی تھی۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے قومی ترانہ کی دھن کس نے ترتیب دی تھی؟

ج:۔مرحوم کریم چھاگلا نے۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے قومی ترانہ کی دھن کب تیار کی گئی تھی؟۔

ج:۔ اگست ۱۹۴۹ء میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا قومی ترانہ ریڈیو سے پہلی بار کس آواز میں نشر کیا گیا تھا؟

ج:۔مرحوم حفیظ جالندھری کی آواز میں،

س:۔ ریڈیو پاکستان سے پہلی بار قومی ترانہ کب نشر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۳ اگست ۱۹۵۶ء کو۔

س:۔قومی ترانہ منظور کرنے والی کمیٹی کے پاس کتنے مختلف ترانے بھیجے گئے تھے؟۔

ج:۔۷۰۰ سے زائد۔

س:۔قومی ترانہ کے انتخاب کے لئے جو کمیٹی بنائی گئی تھی، اس کے سربراہ کون تھے؟۔

ج:۔ ایس، ایم، اکرام۔

س:۔قومی ترانہ منظور کرنے والی کمیٹی کے سربراہ کا نام بتایئے؟۔

ج:۔پیرزادہ عبدالستار۔

س:۔ پاکستان کے قومی ترانے کا دورانیہ کتنے منٹ ہے؟۔

ج:۔ ایک منٹ بیس سکینڈ۔

س:۔قومی ترانے کی صدابندی میں کن کن گلوکاروں نے حصہ لیا تھا؟۔

ج:۔غلام دستگیر، احمد رشدی، انور ظہیر، اختر عباس، نسیمہ شاہین، کوکب جہاں، زوار حسین، اختر وصی، اور انجم آرا۔

س:۔ سینما گھروں میں قومی ترانہ بجانے اور اس کے احترام میں کھڑے ہونے کے احکام کب

جاری کیے گئے تھے؟۔

ج:۔۲۷، اپریل ۱۹۶۲ءکو

س:۔حکومت پاکستان نے حفیظ جالندھری مرحوم سے ترانے کے حقوق کب خریدے؟۔

ج:۔۱۴اگست ۱۹۵۵ءکو۔

قومی تعطیل

س:۔ پاکستان کو ہفتہ وار قومی تعطیل کس روز ہوتی ہے؟۔

ج:۔ جمعہ کو۔

س:۔ جمعہ سے پہلے ہفتہ وار قومی تعطیل کس روز ہوتی تھی؟۔

ج:۔ اتوار کو۔

درآمدات و برآمدات

س:۔ کیا آپ ان اشیا میں سے چند ایک کے نام بتا سکتے ہیں، جو پاکستان سے دوسرے ممالک کو برآمد کی جاتی ہیں؟ ۔

ج:۔ کوئلہ، چمڑا، کھڈی کا سامان، کھالیں، کپڑا، تیل کے بیج، چاول، اون، چینی، پٹرول کی مصنوعات، کچی اون، خام لوہا، لاکھ اور جڑی بوٹیاں ۔

س:۔ ان اشیا کے نام بتایئے، جو پاکستان میں درآمد کی جاتی ہیں؟ ۔

ج:۔ ادویات، کیمیائی سامان، فولاد، پٹرولیم کی مصنوعات، بھاری مشینری، خشک میوے، ربڑ کا سامان، کپڑا، ریڈیو، ٹی وی، کتابیں اور سامان آرائش وغیرہ۔

قومی شاہرائیں

س: پاکستان کی قومی شاہراؤں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔گرانڈٹرنک روڈ (جی،ٹی،روڈ)

(۲) شاہراہ کراچی

(۳) شاہراہ لاہور

(۳) شاہراہ پشاور

(۴) شاہراہ کراچی، پشاور۔

س:۔گرانڈٹرنک روڈ کس شہر سے کس شہر کو جاتی ہے؟

ج:۔واہگہ سے لنڈی کوتل تک۔

س:۔کیا آپ گرانڈٹرنک روڈ کی لمبائی بتاسکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۹۲ میل۔

س:۔کیا آپ شاہراہ لاہور، کراچی کی کل لمبائی بتاسکتے ہیں؟۔

ج:۔۷۸۳ میل۔

س:۔شاہراہ لاہور اور کراچی کے راستے میں آنے والے چند مشہور شہروں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔لاہور، ساہیوال، خانیوال، ملتان، رحیم یار خان، روہڑی، خیر پور، نواب شاہ، حیدر آباد اور کراچی۔

س:۔گرانڈٹرنک روڈ پر واقع چند مشہور شہروں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، لالہ موسیٰ، جہلم، گوجر خاں، راولپنڈی، ٹیکسلا، اٹک، اور پشاور۔

س:۔کراچی، کوئٹہ شاہراہ کی کل لمبائی کتنی ہے؟۔

ج:۔۴۴۵ میل،

عجائب گھر

س: کیا آپ کو معلوم ہے کہ نیشنل عجائب گھر پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔بتایئے کہ قومی عجائب گھر صوبہ پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا فوجی عجائب گھر یا آرمی میوزیم کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔پاکستان کا مرکزی عجائب گھر یا سنٹرل میوزیم کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پاکستان کا حیواناتی عجائب گھر، پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔پاکستان کا زراعتی عجائب گھر،صوبہ پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔شاہی قلعے کا عجائب گھر پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

اردو اخبارات

کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے پرانا اخبار کون سا ہے؟۔

ج:۔نوائے وقت۔

س:۔روزنامہ،امروز،مشرق ،اورنوائے وقت پہلے پہل کس شہر سے جاری ہوئے تھے؟۔

ج:۔لاہور سے۔

س:۔روزنامہ جنگ سب سے پہلے کس شہر سے شائع ہونا شروع ہوا تھا؟۔

ج:۔لاہور اور راولپنڈی سے۔

س:۔روزنامہ نوائے وقت لاہور کے علاوہ دیگر کن کن شہروں سے شائع ہوتا ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی اور کراچی سے۔

انگریزی اخبارات

س:۔انگریزی کا مشہور روزنامہ،،ڈان،،پاکستان کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟۔

ج:۔کراچی سے۔

س:۔روزنامہ پاکستان ٹائمز،،پنجاب کے کس مشہور شہر سے شائع ہوتا ہے؟۔

ج:۔لاہور سے۔

س:۔پاکستان کے چند مشہور انگریزی اخبارات کے نام بتایئے؟۔

ج:۔ ڈان کراچی، پاکستان ٹائمز لاہور، دی مسلم اسلام آباد، مارننگ نیوز کراچی، اور سن کراچی۔

گجراتی اخبارات

س:۔ گجراتی زبان کا مشہور روزنامہ،، ڈان گجراتی،، کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟۔

ج:۔ کراچی سے۔

س:۔ کراچی سے شائع ہونے والے کسی اور روزنامے کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ روزنامہ **ملت**۔

فلمی صنعت

کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں پہلی فلم کب بنی تھی، اوراس کا نام کیا تھا؟۔

ج:۔فلم،تیری یاد،،۱۹۴۸ءمیں۔

س:۔پاکستان کی پہلی فلیم تیری یاد تھی،اس کے فلم ساز کا نام بتائیے؟۔

ج:۔دل سکھ پنچولی۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کی پہلی فلم تیری یاد میں مرکزی کردار کون کون سے تھے؟۔

ج:۔آشاپوسلے اورمرحوم ناصر خان۔

س:۔پاکستان کی پہلی فلم تیری یاد کے موسیقار کون تھے؟۔

ج:۔ناتھ۔

س:۔فلم تیری یاد کس سینما ہاؤس سے ریلیز کی گئی تھی؟۔

ج:۔پربھات (صنوبر) سینما میں۔

س:۔پاکستان کے چند مشہور فلم اسٹوڈیوز کے نام بتائیے؟۔

ج:۔شاہ نور اسٹوڈیو لاہور،اورباری اسٹوڈیو لاہور۔

س:۔پاکستان میں زیادہ فلمیں کن کن زبانوں میں بنتی ہیں؟۔

ج:۔اردواور پنجابی میں۔

س:۔پاکستان میں سب سے زیادہ سینما گھر کن دوشہروں میں ہیں؟۔

ج:۔لاہوراورکراچی میں۔

س:۔پاکستان کی فلمی صنعت کا سب سے بڑا مرکز بتائیے؟۔

ج:۔لاہور۔

س:۔لاہور میں زیادہ فلمی اسٹوڈیوز ہیں یا کراچی میں؟۔

ج:۔لاہور میں،

س:۔پاکستان کے فلمی فن کاروں کی اکثریت کس شہر میں رہتی ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پاکستانی فلموں کی اوسط لمبائی کتنی ہوتی ہے؟۔

ج:۔۱۲۰۰۰فٹ۔

س:۔پاکستان میں زیادہ فلمیں رنگین بنتی ہیں یا بلیک اینڈ وائٹ؟۔

ج:۔رنگین۔

س:۔ پاکستان میں زیادہ تر فلمیں کن ممالک سے درآمد کی جاتی ہیں؟۔
ج:۔ انگلینڈ اور امریکہ سے۔

ہوائی اڈے

س:۔صوبہ پنجاب کے کن کن شہروں میں ہوائی اڈے موجود ہیں؟

ج:۔لاہور،فیصل آباد،سرگودھا،اسلام آباد،ملتان،اورراولپنڈی،

س:۔صوبہ سندھ میں ہوائی اڈے کہاں کہاں تعمیر کیے گئے ہیں؟۔

ج:۔کراچی،حیدرآباد،نواب شاہ،سکھر،موہنجوڈارو،اورریاست بہاول پور۔

س:۔صوبہ سرحد کے کن کن شہروں میں ہوائی اڈے موجود ہیں؟۔

ج:۔پشاوراورڈیرہ اسمٰعیل خان میں۔

س:۔بلوچستان مین ہوائی اڈے کس کس شہر میں ہیں؟۔

ج:کوئٹہ اورسوئی میں۔

س:۔پاکستان کے تین بڑے ہوائی اڈوں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔لاہور،کراچی اوراسلام آباد۔

ہوائی راستے

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے ہوائی اڈوں سے کن کن مما لک تک فضائی پرواز کی سہولت موجود ہے؟۔

ج:۔(۱) کراچی سے تہران ،بیروت ،جینوا اور لندن ۔

(۲) کراچی سے ماسکو،فرینک فرٹ اور لندن۔

(۳) کراچی سے تہران ،بیروت ،روم،فرینک فرٹ ،اور لندن ۔

(۴) کراچی سے تہران ،قاہرہ ،روم،جینوا،لندن ۔

(۵) کراچی سے ریاض،(سعودی عرب)

(۶) کراچی سے ابوظہبی (متحدہ امارات)

(۷) کراچی سے بمبئی (بھارت)

(۸) کراچی سے کویت (متحدہ امارات)

(۹) کراچی سے پیرس (فرانس)

(۱۰) کراچی سے ہالینڈ۔

(۱۱) کراچی سے بیجنگ (چین)

(۱۲) کراچی سے ڈھاکہ (بنگلہ دیش)

(۱۳) کراچی سے نیپال ۔

(۱۴) کراچی سے سری لنکا۔

پاکستان ریلوے

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ موجودہ پاکستانی علاقوں میں ریلوے لائن کب بچھائی گئی؟۔
ج:۔۱۸۶۱ءمیں۔
س:۔قیام پاکستان سے پہلے پاکستان ریلوے کا نام کیا تھا؟۔
ج:۔نارتھ ویسٹرن ریلوے۔
س:۔نارتھ ویسٹرن ریلوے کا نام پاکستان ریلوے کب رکھا گیا؟۔
ج:۔۱۹۶۲ءمیں۔
س:۔۱۹۶۲ء سے ۱۹۷۲ء تک پاکستان ریلوے صوبائی محکمہ تھا یا مرکزی؟۔
ج:۔صوبائی۔
س:۔پاکستان ریلوے کو کب مرکزی محکمہ بنایا گیا؟۔اور کس آئین کے تحت؟۔
ج:۔۱۹۷۳ءمیں،۱۹۷۳ءکے مستقل آئین کے تحت۔
س:۔پاکستان ریلوے کا انتظام کس کے سپرد ہے؟۔
ج:۔ریلوے بورڈ کے۔
س:۔ریلوے بورڈ کا صدر دفتر،پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔
ج:۔لاہور میں۔
س:۔قیام پاکستان کے وقت ریلوے انجنوں میں کون سا ایندھن استعمال ہوتا تھا؟۔
ج:۔ڈیزل۔
س:۔پاکستان کے کن دو شہروں کے درمیان الیکٹرک ٹرین چلائی جاتی ہے؟۔
ج:۔لاہور اور خانیوال۔
س:۔پاکستان کی سب سے طویل ریلوے لائن کون سی ہے؟۔
ج:۔پشاور تا کراچی۔
س:۔پاکستان ریلوے کی سب سے بڑی ورکشاپ پنجاب کے کس شہر میں ہے؟۔
ج:۔مغل پورہ لاہور میں۔
س:۔پنجاب کی کس ڈیزل ورکشاپ میں ریل کے انجنوں کی مرمت کی جاتی ہے؟۔
ج:۔ڈیزل ورکشاپ راولپنڈی میں۔
س:۔ریل کے ڈبے تیار کرنے کی فیکٹری کس شہر میں ہے؟۔
ج:۔اسلام آباد میں۔

ساحل اور سمندری حدود

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے ساحل کی لمبائی کتنی ہے؟۔

ج:۔۵۰۰ میل لمبا۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کی سمندری حدود کتنی لمبی ہے؟۔

ج:۔۲۰۰ بحری میل۔

تفریح گاہیں

س:۔باغ جناح کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پاکستان کا مشہور تفریحی پارک نیشنل پارک کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔شکر پڑیاں پاکستان کا ایک قابل دید تفریحی مقام ہے، بتایئے یہ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

س:۔جھیل سیف الملوک پاکستان کی ایک بے حد خوب صورت جھیل ہے،لوگ اسے دور دور سے دیکھنے آتے ہیں، بتایئے یہ جھیل کس علاقے میں ہے؟۔

ج:۔وادی کاغان میں۔

س:۔ہاکس بے،منوڑا اور کلفٹن کی تفریح گاہیں،کس شہر میں ہیں؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔شاہ جہان کا تعمیر کردہ مشہور باغ شالیمار باغ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔چھانگا مانگا کا مشہور تفریح گاہ کس صوبے میں واقع ہے؟۔

ج:۔صوبہ پنجاب میں۔

قومی رجسٹریشن

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قومی رجسٹریشن سے متعلق اسکیم کا نفاذ کب ہوا تھا؟۔

ج:۔جولائی ۱۹۷۳ء میں۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قومی رجسٹریشن سے متعلق اس وقت کے صدر مملکت نے کب ہدایات جاری کی تھیں؟۔

ج:۔۱۹۷۲ء کی مردم شماری کے فوراً بعد۔

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان کی کابینہ نے قومی رجسٹریشن کی منظوری کب دی تھی؟۔

ج:۔دسمبر ۱۹۷۲ء میں۔

س:۔اس سکیم کے تحت کتنے پاکستانیوں کی رجسٹریشن متوقع تھی؟

ج:۔تقریباً ساڑھے آٹھ کروڑ (آبادی کے مطابق)

س:۔قومی رجسٹریشن اسکیم کے تحت بننے والے شناختی کارڈ کے کیا کیا فوائد ہیں؟۔

ج:۔شماریات کی تفصیلات کی فراہمی۔

۲،پیدائش اور موت کی سہولت۔

۳۔صوبائی اور وفاقی انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت شناخت میں سہولت،

۴،مجرموں کی گرفتاری میں آسانی۔

۵۔،پاکستانی عوام کی غیر ملکیوں سے علیحدگی کی پہچان۔

۶۔اسلحہ،ڈومی سائل،ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر سرکاری کاموں میں سہولت۔

۷۔بینکوں میں اکاؤنٹ کھولنے میں سہولت۔

۸۔ اور سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہر انسان کی انفرادی شناخت، پاسپورٹ اور ویزا کی سہولت۔

مالیاتی اکائی

س:۔کیا آپ پاکستان کی مالیاتی اکئی کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔روپیہ جس میں سو پیسے ہوتے ہیں۔

س:۔پاکستان میں کس کس مالیت کے نوٹ زیر گردش ہیں؟۔

ج:۔ایک روپیہ، دو روپے، ۵ روپے، دس روپے، پچاس روپے، سو روپے،۵۰۰ روپے اور ایک ہزار روپے۔

قومی پرچم

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قومی پرچم کا انتخاب کب کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو

س:۔ قومی پرچم کا ڈیزائن بتائیے؟۔

ج:۔ یہ ایک مستطیل اور گہرے سبز رنگ کا جھنڈا ہے، جس پر بانس یا مستول کی طرف ایک سفید عمودی پٹی ہے، سبز حصے پر سفید چاند اور پانچ کونوں والا ستارہ بنا ہوا ہے۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پرچم کا سفید حصہ اس کی کل لمبائی، چوڑائی کا کتنے فی صد ہے؟۔

ج:۔ ایک چوتھائی یا ۲۵ فی صد۔

س:۔ پاکستان کے پرچم میں سفید کس بات کو ظاہر کرتا ہے؟۔

ج:۔ امن اور آشتی کو۔

س:۔ پاکستان کے قومی پرچم لہرانے کی پہلی تقریب کس شہر میں ہوئی؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

آب پاشی کے اہم منصوبے

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں زیر کاشت رقبے کا کتنے فی صد حصہ آب پاشی کا مرہون منت ہے؟۔

ج:۔تقریباً اسی فی صد۔

س:۔پاکستان کا نظام آب پاشی، بارانی پانی پر منحصر ہے یا نہری پانی پر؟۔

ج:۔نہری پانی پر

س:۔پاکستان کے نظام آب پاشی کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟۔

ج:۔دو حصوں میں (۱) بالائی سندھ میدان اور زیریں سندھ میدان۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ بالائی سندھ یا اپر انڈس کی نہروں کو کن کن دریاؤں سے پانی مہیا کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ، دریائے جہلم، دریائے چناب، دریائے راوی اور دریائے ستلج۔

س:۔بالائی سندھ کی نہروں میں کون کون سی نہریں شامل ہیں؟۔

ج:۔لوئر چناب، لوئر جہلم، اپر چناب، اپر جہلم، اپر باری دواب، اور لوئر باری دواب۔

س:۔لوئر چناب نہر کس دریا سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔دریائے چناب سے۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ نہر لوئر چناب، دریائے چناب سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔خانکی کے مقام سے۔

س:۔نہر لوئر چناب کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۴۳۷ میل۔

س:۔یہ نہر زیادہ تر کس علاقے کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔فیصل آباد کے علاقے میں ۲ لاکھ پچاس ہزار ایکڑ رقبے کو سیراب کرتی ہے۔

س:۔نہر اپر چناب دریائے چناب سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔ہیڈ مرالہ ضلع سیالکوٹ۔

س:۔کیا آپ اس نہر کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔مجموعی طور پر ۱۲۵۰ میل۔

س:۔یہ کون کون سے اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔گوجرانوالہ۔شیخوپورہ اور لاہور۔

س:۔نہر اپر جہلم دریائے جہلم سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔منگلا ضلع میر پور (آزاد کشمیر) سے۔

س:۔یہ نہر کون کون سے اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔جہلم اور سرگودھا کو۔

س:۔نہر لوئر جہلم دریائے جہلم سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔ہیڈ رسول سے۔

س:۔نہر لوئر جہلم کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۵۹۰ میل۔

س:۔نہر لوئر جہلم کتنے ایکڑ رقبے کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔دس لاکھ ایکڑ رقبے کو۔

س:۔نہر اپر چناب کس مقام پر لوئر باری دواب سے مل جاتی ہے؟۔

ج:۔ہیڈ بلوکی۔

س:۔نہر اپر باری دواب کس دریا سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔دریائے راوی سے۔

س:۔نہر اپر باری دواب کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔مادھو پور سے۔

س:۔یہ نہر کون کون سے اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔لاہور اور ساہی وال کو۔

س:۔نہر لوئر باری دواب، دریائے راوی سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔ہیڈ بلوکی سے۔

س:۔یہ کتنے علاقے کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔بارہ لاکھ ایکڑ رقبے کو۔

س:۔سہ گونہ نہری منصوبہ کیا ہے؟۔

ج:۔اس منصوبے کے تحت اپر جہلم، اپر چناب اور لوئر باری دواب کو باہم ملایا گیا ہے۔

س:۔اس منصوبے کے تحت کون کون سے اضلاع کو سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ساہی وال اور ملتان کو۔

س:۔سہ گونہ نہری منصوبے سے کتنے لاکھ ایکڑ اراضی کو سیراب کیا گیا ہے؟۔

ج:۔۴۰ لاکھ ایکڑ اراضی کو۔

س:۔ستلج نہر، دریائے ستلج سے کس مقام سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔حسینی والا سے۔

س:۔ستلج نہر کن کن اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔بہاول پور اور ساہیوال کو۔

س:۔بہاول پور، فارڈون اور صدیقہ نہریں، کس دریا سے نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔دریائے ستلج سے۔

س:۔نہر پاک پتن کن کن اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔ساہی وال اور ملتان کو۔

س:۔دیپال پور نہر، کس دریا سے نکالی گئی ہے؟۔

ج:۔دریائے ستلج سے۔

س:۔دیپال پور نہر میں ستلج کا پانی کس مقام سے داخل ہوتا ہے؟۔

ج:۔فیروز پور (بھارت) سے۔

س:۔نہر دیپال پور کن اضلاع کو سیراب کرتی ہے؟۔

ج:۔ساہی وال اور لاہور کو۔

س:۔تھل پراجیکٹ (نہر) کے ذریعے کون کون سے اضلاع کو سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔سرگودھا، میانوالی اور مظفر گڑھ کو۔

س:۔تھل پراجیکٹ (نہر) کے لیے کس دریا سے پانی حاصل کیا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ سے کالاباغ کے مقام پر۔

س:۔اس پراجیکٹ کے ذریعے کتنے لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب ہوتا ہے؟۔

ج:۔گیارہ لاکھ ایکڑ۔

س:۔تونسہ بیراج کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔اس بیراج سے کون کون سے اضلاع سیراب ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ڈیرہ غازی خاں اور مظفر گڑھ۔

س:۔تونسہ بیراج سے کتنے لاکھ ایکڑ سیراب ہوتی ہے؟۔

ج:۔۱۴لاکھ ایکڑ۔

س:۔رسول پراجیکٹ سے کیا مراد ہے؟۔

ج:۔اس پراجیکٹ کے تحت ۱۸۶۰ ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں جو تقریباً ۱۲۰۰۰۷، ایکڑ رقبے کو سیراب کرتے ہیں۔

س:۔راول ڈیم پراجیکٹ سے کیا مراد ہے؟۔

ج:۔اس پراجیکٹ کے تحت راولپنڈی اور اسلام آباد کے باشندوں کو روزانہ ایک کروڑ ۴۰ لاکھ

گیلن پینے کا پانی روزانہ فراہم کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ آٹھ ہزار ایکڑ رقبے کو سیراب کیا جاتا ہے۔

س:۔ سوآن ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔ دریائے سوآن پر، راولپنڈی سے ۶ میل جنوب میں۔

زیریں سندھ کی نہریں

س:۔سکھر بیراج کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔سکھر بیراج، سکھر شہر کی کس سمت میں ہے؟۔

ج:۔جنوب کی سمت میں۔

س:۔کیا آپ اس بیراج کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۴۷۲۵ فٹ۔

س:۔سکھر بیراج میں کتنے اسپان ہیں؟۔

ج:۔۶۶ اسپان (پل کی کوٹھیوں کا درمیانی فاصلہ)

س:۔سکھر بیراج کے ذریعے صوبہ سندھ کا کون سا علاقہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔حیدرآباد ڈویژن۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں، کہ سکھر بیراج کے ذریعے کتنے لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔۵۵ لاکھ ایکڑ۔

س:۔کوٹری بیراج کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔کوٹری بیراج کس مقام پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔کوٹری سے 4.5 میل اوپر جام شورو کے مقام پر۔

س:۔کوٹری بیراج کے ذریعے کتنا رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔۲۸ لاکھ ایکڑ۔

س:۔کوٹری بیراج صوبہ سندھ کا کون سا علاقہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔حیدرآباد، داؤد اور ٹھٹھہ۔

س:۔گدو بیراج کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔گدو بیراج کے ذریعے کون کون سے اضلاع سیراب کیے جاتے ہیں؟۔

ج:۔جیکب آباد، میر پور خاص، روہڑی، اور سکھر۔

س:۔گدو بیراج کے ذریعے کتنے لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔۲۵ لاکھ ایکڑ۔

آب پاشی کی دیگر اسکیمیں

س: وارسک پراجیکٹ کس صوبے کے لیے ہے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد کے لئے۔

س: وارسک پراجیکٹ کے ذریعے صوبہ سرحد کا کون سا علاقہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ضلع پشاور، اور قبائلی علاقہ۔

س:۔اس منصوبے کے ذریعے کتنے لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ضلع پشاور میں اسی لاکھ ایکڑ اور قبائلی علاقہ میں ۲۰ ہزار ایکڑ رقبہ۔

س:۔گومل ڈیم پراجیکٹ کہاں تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔ڈیرہ اسماعیل خاں میں،، میرا ورکے مقام پر۔

س:۔یہ ڈیم کس دریا پر بنایا گیا؟۔

ج:۔دریائے گومل پر۔

س:۔گومل ڈیم کے ذریعے کتنا رقبہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ایک لاکھ ساٹھ ہزار ایکڑ۔

س:۔رودکوہی اسکیم کے ذریعے کون سا علاقہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔

س:۔کوئٹہ اور قلات ڈویژن میں آب پاشی کا کون سا سسٹم اپنایا گیا ہے؟۔

ج:۔کاریز سسٹم۔

س:۔منگلا ڈیم پراجیکٹ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟۔

ج:۔یہ ڈیم دریائے جہلم پر منگلا کے مقام پر بنایا گیا ہے۔

س:۔منگلا ڈیم کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔گیارہ ہزار فٹ۔

س:۔منگلا ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی کتنی صلاحیت ہے؟۔

ج:۔۵۵ لاکھ ۵۰ ہزار مربع فٹ۔

س:۔منگلا ڈیم کے امدادی ڈیم کون سے ہیں؟۔

ج: سکھیاں ڈیم، لمبائی چار میل۔جڑی ڈیم لمبائی ساڑھے تین فٹ۔کا کڑ اڈیم لمبائی نصف فٹ۔

س:۔منگلا ڈیم کی جھیل میں آبی ذخیرے کی کتنی گنجائش ہے؟۔

ج:۔۸۸،۵ ملین ایکڑ فٹ۔

س:۔منگلا ڈیم جھیل کا رقبہ بتائیے؟۔

ج:۔ ۹۷ء۷ مربع میل۔

س:۔منگلا ڈیم کے اسپل وے سے کتنا پانی خارج ہوتا ہے؟۔

ج:۔گیارہ لاکھ کیوسک پانی۔

س:۔منگلا ڈیم کے بجلی گھر سے کتنی بجلی خارج ہوتی ہے؟۔

ج:۔ چھ لاکھ کلوواٹ بجلی۔

س:۔منگلا ڈیم کا بجلی گھر پاکستان کی کتنی ضرورت پوری کرر ہا ہے؟۔

ج:۔مجموعی ضرورت کا پچاس فی صد۔

س:۔منگلا ڈیم کی سرنگوں کی تعداد بتائیے؟۔

ج:۔پانچ۔

س:۔منگلا ڈیم کی سرنگوں کا اندرونی قطر کتنا ہے؟۔

ج:۔تیس فٹ، اکتیس فٹ اور چھبیس فٹ۔

س:۔ہر سرنگ کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔دوہزار فٹ۔

س:۔منگلا پاور ہاؤس میں کل کتنے یونٹ ہیں؟۔

ج:۔تین یونٹ۔

س:۔منگلا پاور ہاؤس کا ہر یونٹ کتنی بجلی پیدا کر سکتا ہے؟۔

ج:۔ایک ایک سو میگاواٹ۔

س:۔منگلا پاور ہاؤس سے واپڈا کو کتنی آمدنی ہوتی ہے؟۔

ج:۔دس پیسے فی یونٹ کے حساب سے پندرہ لاکھ روپے یومیہ۔

س:۔منگلا ڈیم پراجیکٹ نفع میں جارہا ہے یا نقصان میں؟۔

ج:۔نفع میں

س:۔منگلا ڈیم سے نہروں کو کتنا پانی مہیا کیا جارہا ہے؟۔

ج:۔پچاس لاکھ ایکڑ فٹ۔

س:۔تربیلا ڈیم کس دریا پر بنایا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔تربیلا گاؤں اٹک سے کتنے فاصلے پر ہے؟۔

ج:۔تقریباً ۳۲ میل کے فاصلے پر۔

س:۔کیا آپ تربیلا ڈیم کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۹۲۰۰ فٹ۔

س:۔تربیلا ڈیم کی اونچائی بتایئے؟۔

ج:۔۴۰۰ فٹ۔

س: تربیلا ڈیم کے پاور ہاؤس سے کتنی بجلی پیدا کی جاسکتی ہے؟۔

ج:۔۲۰ لاکھ کلوواٹ۔

س: تربیلا ڈیم کس منصوبے کا حصہ ہے؟۔

ج:۔سندھ طاس پراجیکٹ کا۔

س: تربیلا ڈیم کی جھیل کا رقبہ بتایئے؟۔

ج:۔ایک سو مربع میل۔

س: تربیلا ڈیم جھیل میں کتنا پانی ہے؟۔

ج:۔گیارہ کروڑ دس لاکھ ایکڑ فٹ۔

س: تربیلا ڈیم کے پاور ہاؤس سے کتنی بجلی پیدا ہوتی ہے؟۔

ج:۔اکیس سو میگاواٹ۔

س: تربیلا ڈیم کی بلندی بتایئے؟۔

ج:۔سطح سمندر سے چار سو پچاسی فٹ۔

س: تربیلا ڈیم کی کل لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔۹ ہزار فٹ،

س: تربیلا ڈیم کی تعمیر میں کتنے کیوسک گز مٹی استعمال ہوئی؟۔

ج:۔۱۸ کروڑ کیوسک گز۔

س: تربیلا ڈیم کی سرنگوں کی تعداد بتایئے؟۔

ج:۔چار۔

س: تربیلا ڈیم کی ہر سرنگ کا اندرونی قطر بتایئے؟۔

ج:۔۴۵ فٹ۔

س: تربیلا جھیل کے ہر ایک اسپل وے سے کتنا پانی خارج ہوتا ہے؟۔

ج:۔پندرہ لاکھ کیوسک۔

س:۔ٹانڈہ ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے کوہاٹ پر۔

س:۔ٹانڈہ ڈیم میں کتنی پانی کی گنجائش ہے؟۔

ج:۔تقریباً ۶۵ ہزار ایکڑ فٹ کی۔

س:۔ ٹانڈہ ڈیم کتنے رقبے کو سیراب کرتا ہے؟۔

ج:۔ ۲۵۵۰۰، ایکڑ اراضی کو۔

س:۔ حب ڈیم کس ندی پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔ حب ندی پر۔

س:۔ حب ڈیم کی اونچائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۴۲ فٹ۔

س:۔ حب ڈیم کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۲۸۸۰۰ فٹ۔

س:۔ باراما ڈیم کب تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔ ۱۹۶۲ء میں۔

س:۔ باراما ڈیم پر کتنی لاگت آئی تھی؟۔

ج:۔ ایک کروڑ اہتر لاکھ روپے۔

س:۔ باراما ڈیم کی تعمیر کا بڑا مقصد کیا ہے؟۔

ج:۔ راولپنڈی کے شہریوں کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنا۔

س:۔ سملی ڈیم کہاں تعمیر کیا گیا ہے؟۔

ج:۔ سملی کے مقام پر، اسلام آباد سے ۲۲ میل دور۔

زراعت

س:۔پاکستان صنعتی ملک ہے یا زرعی ؟۔

ج:۔زرعی۔

س:۔پاکستان کی کتنی آبادی زراعت سے وابستہ ہے؟۔

ج:۔۷۰ فی صد۔

س:۔پاکستان میں قابل کاشت اراضی کتنی ہے؟۔

ج:۔۴۲ملین ایکڑ۔

س:۔پاکستان میں آب پاشی کے قابل رقبہ بتایئے؟۔

ج:۔۳۳ملین ایکڑ۔

س:۔پاکستان میں ایک سال میں کتنی فصلیں ہوتی ہیں؟۔

ج:۔دو فصل ربیع اور خریف۔

س:۔فصل خریف کی پیداوار بتایئے؟۔

ج:۔کپاس، چاول، مکی، جوار اور گنا وغیرہ۔

س:۔فصل خریف کس موسم میں بوئی جاتی ہے؟۔

ج:۔موسم بہار میں۔

س:۔فصل خریف کس موسم میں کاٹی جاتی ہے؟۔

ج:۔موسم خزاں میں۔

س:۔ربیع کی فصل میں کون سی اجناس شامل ہیں؟۔

ج:۔گندم، جو، چنے، اور سرسوں۔

س:۔ربیع کی فصل کس موسم میں بوئی جاتی ہے؟۔

ج:۔موسم خزاں میں۔

س:۔ربیع کی فصل کس موسم میں کاٹی جاتی ہے؟۔

ج:۔موسم گرما میں اپریل اور مئی میں۔

س:۔نقدی والی فصلوں سے کیا مراد ہے؟۔

ج:۔نقد روپیہ کمانے والی فصلیں۔

س:۔پاکستان کی خاص تجارتی فصل کون سی ہے؟۔

ج:۔کپاس۔

س: کپاس کے بعد کون سی فصل نقدی فصل کہلاتی ہے؟۔

ج:۔تمباکو۔

س:۔تمباکو پیدا کرنے والے ممالک میں پاکستان کا کون سا نمبر ہے؟۔

ج:۔چوتھا نمبر۔

س:۔پاکستان میں تمباکو کی کاشت کتنے رقبے پر ہوتی ہے؟۔

ج:۔۱۲لاکھ ایکڑ رقبہ پر۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تمباکو کی کاشت کن علاقوں میں کی جاتی ہے؟۔

ج:۔سیلابی میدانوں میں۔

س:۔تجارتی فصلوں میں دیگر کون سی بڑی فصلیں شامل ہیں؟۔

ج:۔سرسوں،توریا،تل اور مونگ پھلی وغیرہ۔

س:۔بناسپتی میں کون کون سے تیل استعمال ہوتے ہیں؟۔

ج:۔مونگ پھلی،بنولے اور سویابین کا تیل۔

س:۔گنا کن کن علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ملتان اور پشاور ڈویژن میں۔

س:۔پاکستان کی غذائی فصلیں کون کون سی ہیں؟۔

ج:۔گندم،چاول،جو،باجرا،مکی،پھل اور سبزیاں۔

س:۔چاول کی کاشت کن کن علاقوں میں کی جاتی ہے؟۔

ج:۔لاہور ڈویژن،لائل پور اور سندھ کا زیریں علاقہ۔

س:۔کیا چاول برآمد کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔جی ہاں۔

س:۔پاکستان کے لوگ زیادہ تر کون کون سی غذا کھاتے ہیں؟۔

ج:۔گندم اور چاول۔

س:۔پاکستان میں گندم کن علاقوں میں کاشت کی جاتی ہے؟۔

ج:۔فیصل آباد،(لائل پور) سرگودھا،ملتان،بہاول پور،نواب شاہ،اور حیدرآباد میں۔

س:۔گندم کون سے موسم میں بوئی جاتی ہے؟۔

ج:۔موسم سرما میں عام طور پر نومبر کے مہینے میں۔

مشہور ڈیم اور بیراج

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تربیلا ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔تربیلا ڈیم کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔۴۰۰فٹ۔

س:۔تربیلا ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۷۶ء میں۔

س:۔دریائے جہلم پر تعمیر کیے جانے والے ڈیم کا نام بتائیے؟۔

ج:۔منگلا ڈیم۔

س:۔منگلا ڈیم کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔میر پور (آزاد کشمیر میں)

س:۔کیا آپ منگلا ڈیم کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۳۸۰فٹ۔

س:۔منگلا ڈیم تعمیر کرنے والی کمپنی کا تعلق کس ملک سے تھا؟۔

ج:۔امریکہ سے۔

س:۔منگلا ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء میں۔

س:۔وارسک ڈیم کب تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں۔

س:۔وارسک ڈیم کی اونچائی بتائیے؟۔

ج:۔۲۳۵فٹ۔

س:۔وارسک ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے کابل پر۔

س:۔وارسک ڈیم کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد میں۔

س:۔راول ڈیم کی اونچائی بتائیے؟۔

ج:۔۸۰فٹ۔

س:۔راول ڈیم کس دریا پر بنایا گیا ہے؟۔

ج:۔کورنگ پر۔

س:۔کالا باغ ڈیم کب تعمیر ہوا؟۔

ج:۔اس کا منصوبہ زیر غور ہے۔

س:۔کالا باغ ڈیم کس دریا پر بنایا جائے گا؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔راول ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء میں۔

س:۔تانڈہ ڈیم کی بلندی بتایئے؟۔

ج:۔۱۱۵فٹ،

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تانڈہ ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء میں۔

س:۔خان پور ڈیم کی اونچائی بتایئے؟۔

ج:۔۱۶۴فٹ۔

س:۔سکھر ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔سکھر بیراج کب تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۳۳ء میں۔

س:۔کوٹری بیراج کب تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۵۵ء میں

س:۔باران ڈیم کی اونچائی بتایئے؟۔

ج:۔۱۳۰فٹ۔

س:۔باران ڈیم کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء میں۔

س:۔سرخاب بند کس دریا پر بنایا گیا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ پر۔

س:۔سرخاب بند کب مکمل ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۰ء میں۔

پہاڑی درے

س:۔ درہ مزتاغ کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۹۰۳۰ فٹ۔

س:۔ درہ مزتاغ کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔ گلگت اور یارقند (چین) کو۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ درہ خان ٹن سطح سمندر سے کتنا بلند ہے؟۔

ج:۔ ۱۶۶۰۰ فٹ۔

س:۔ درہ خان ٹن کن دو علاقوں کو آپس میں ملاتا ہے؟۔

ج:۔ چترال کو داخان (افغانستان) سے۔

س:۔ درہ دوارہ کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۴۹۷۲ فٹ۔

س:۔ درہ دوارا چترال کو کس علاقے سے ملاتا ہے؟۔

ج:۔ افغانستان کے صوبہ نوری شاہ سے۔

س:۔ درہ بابوسر کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۴۹۳۱ فٹ۔

س:۔ درہ بابوسر ایبٹ آباد کو کس علاقے سے ملاتا ہے؟۔

ج:۔ گلگت سے۔

س:۔ درہ شیندور کی بلندی کتنی ہے؟۔

ج:۔ ۱۲۲۵۰ فٹ۔

س:۔ درہ شیندور کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔ چترال اور گلگت کو۔

س:۔ کیا آپ درہ لواری کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۱۰۲۰۰ فٹ۔

س:۔ درہ لواری کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔ دیر اور چترال کو۔

س:۔ درہ باروگل کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۲۵۰۰ فٹ۔

س:۔ درہ باروگل چترال کو کس علاقے سے ملاتا ہے؟۔

ج:۔داخان (افغانستان) سے۔

س:۔درہ کلک کی بلندی کتنی ہے؟۔

ج:۔۱۵۰۰۰فٹ۔

س:۔درہ کلک کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔گلگت اور چین کو۔

س:۔درہ خیبر کی بلندی بتایئے؟۔

ج:۔۱۲۵۰۰فٹ۔

س:۔درہ خیبر کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔پشاور اور کابل کو۔

س:۔درہ توچی کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔بنوں اور افغانستان کو۔

س:۔درہ پیوار کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔پاراچنار کو کابل سے۔

س:۔درہ گومل کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔غزنی کو افغانستان سے۔

س:۔درہ بولان کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ (بلوچستان) کو افغانستان سے۔

س:۔درہ درگئی کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔مردان کو مالاکنڈ ایجنسی سے۔

س:۔درہ خوجک کوئٹہ اور پشین کو کس علاقے سے ملاتا ہے؟۔

ج:۔افغانستان سے۔

س:۔درہ شانگلا کن علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔بالائی سوات کو زیریں سوات سے۔

س:۔درہ بدوائی کی بلندی بتایئے؟۔

ج:۔۲۵۰۰فٹ۔

س:۔درہ بدوائی کن دو علاقوں کو ملاتا ہے؟۔

ج:۔دیر کو کوہستان سے۔

پہاڑی چوٹیاں

س:۔کیا آپ پاکستان کی مشہور پہاڑی چوٹی،،کے،ٹو،،کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۸۲۵۰فٹ۔

س:۔کے،ٹو کس سلسلہءکوہ میں واقع ہے؟۔

ج:۔قراقرم میں۔

س:۔نانگا پربت کس سلسلہءکوہ میں واقع ہے؟۔

ج:۔کوہ ہمالیہ میں۔

س:۔نانگا پربت کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔۲۶۶۶۰فٹ۔

س:۔کیا آپ ترچ میر کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۵۳۶۵فٹ۔

س:۔ترچ میر کس سلسلہءکوہ میں واقع ہے؟۔

ج:۔ہندوکش میں۔

س:۔راکاپوشی کس سلسلہ کوہ میں واقع ہے؟۔

ج:۔ہارموش میں۔

س:۔راکاپوشی کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔۲۵۵۵۰فٹ۔

مشہور سرنگیں

س:۔کیا آپ وارسک سرُنگ کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔3.5 میل۔

س:۔وارسک کب مکمل ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۶۰ء میں۔

س:۔اس سرنگ کا تعلق کس ڈیم سے ہے؟۔

ج:۔وارسک ڈیم سے۔

س:۔کھوجک سرُنگ کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔شیلاباغ میں۔

س:۔کھوجک سرنگ کی لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔ 2.5 میل۔

س:۔کھوجک سرنگ کب بنائی گئی؟۔

ج:۔۱۸۹۲ء میں۔

س:۔منگلا ڈیم سرنگ کی لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔منگلا کی تمام سرنگوں کی لمبائی ۱۶۵۰ میل ہے۔

س:۔منگلا سرنگیں کب مکمل ہوئی تھیں؟۔

ج:۔۱۹۶۶ء میں۔

س: نانڈہ ڈیم سرنگ کتنی لمبی ہے؟۔

ج:۔۴۰۰ فٹ۔

س:۔نانڈہ ڈیم سرنگ کب مکمل ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۶۳ء میں۔

برفانی تودے

س:۔ کیا آپ سیاچین گلیشیر (برفانی تودہ) کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۴۵ میل۔

س:۔ سیاچین گلیشیر کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔ ۱۲۱۵۰ فٹ۔

س:۔ سیاچین گلیشیر کا تعلق کس سلسلہ ءکوہ سے ہے؟۔

ج:۔ کوہ قراقرم سے۔

س:۔ بطورا کا تعلق کس سلسلہ ءکوہ سے ہے؟۔

ج:۔ ہنزہ سے۔

س:۔ بطورا کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۴۰ میل۔

س:۔ ہسپار گلیشیر کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۳۸ میل۔

س:۔ ہسپار کا تعلق کس سلسلہ ءکوہ سے ہے؟۔

ج:۔ کوہ قراقرم سے۔

س:۔ ہسپار کی بلندی بتائیے؟۔

ج:۔ ۶۶ ۱۰۳ فٹ۔

س:۔ بالتور برفانی تودہ کس سلسلہ ءکوہ سے ہے؟۔

ج:۔ قراقرم میں۔

س:۔ بالتور کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۳۶ میل۔

پاک بھارت جنگ ۱۹۶۵ء

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ پاک بھارت جنگ ۱۹۶۵ء کے کس مہینے میں ہوئی؟۔

ج:۔ چھ ستمبر بروز پیر سوموار کو۔

س:۔ کیا یہ درست ہے کہ اس جنگ کی پہل بھارت نے کی تھی؟۔

ج:۔ جی ہاں۔

س:۔ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ کے وقت پاکستان کا صدر کون تھا؟۔

ج:۔ ایوب خان۔

س:۔ بھارتی فوج نے سب سے پہلے کس گاؤں کو اپنی جارحیت کا نشانہ بنایا تھا؟۔

ج:۔ اعوان شریف (گجرات) کو۔

س:۔ صدر پاکستان محمد ایوب خان نے اعلان جنگ کرتے ہوئے کون سے تاریخی الفاظ دہرائے تھے؟۔

ج:۔ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے دشمن پر ٹوٹ پڑو، اسے پتا نہیں کہ اس نے کس قوم کو للکارا ہے۔

س:۔ ۱۹۶۵ء میں پنجاب کا گورنر کون تھا؟۔

ج:۔ امیر محمد خان آف کالا باغ۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء کے وقت پاکستان کی بری افواج کے کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔ جنرل محمد موسیٰ خان۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پہلا شہید ہونے والا فوجی کون تھا؟۔

ج:۔ نائیک محمد شریف۔

س:۔ کیا آپ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ عابدہ طوسی۔

س:۔ جنگ عظیم دوئم کے بعد ٹینکوں کی سب سے بڑی لڑائی کس محاذ پر لڑی گئی؟۔

ج:۔ چونڈہ ضلع سیالکوٹ میں، ۱۲ ستمبر ۱۹۶۵ء کو۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بریگیڈیر حسن رشید شامی کس محاذ پر شہید ہوئے؟۔

ج:۔ کھیم کرن ضلع امرتسر میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ فاتح کھیم کرن کس پاکستانی جرنیل کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ بریگیڈیر حسن رشید شامی۔

س:۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے آخری شہید کا نام بتائیے؟۔

ج:۔کیپٹن جرجیس نا گی شہید۔

س:۔بھارت کے ایک فوجی جرنیل کی ڈائری کے مطابق بھارت نے لاہور پر حملہ کرنے کا منصوبہ کب بنایا تھا؟۔

ج:۔مئی ۱۹۶۵ء میں،

س:۔۱۹۶۵ء کی جنگ کے پہلے ہی روز بھارت کے کتنے فوجی ہلاک وزخمی ہوئے تھے؟۔

ج:آٹھ سو سے زائد۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پہلے دن کی جنگ میں پاکستان نے بھارت کے کتنے طیارے مار گرائے تھے؟۔

ج:۔بائیس طیارے۔

س:۔پاکستان کے شاہین ہوابازوں نے پٹھان کوٹ کے اڈے پر کھڑے کتنے طیارے پرخچے اڑا دیئے؟۔

ج:۔۱۳،طیارے۔

س:۔پٹھان کوٹ کے ہوائی اڈے پر تباہ کیے جانے والے طیاروں میں روسی ساخت کے کون سے طیارے شامل تھے؟۔

ج:۔ایم،آئی،جی۲۱(m,i,g, 21)

س:۔پاکستانی فوج کے کمانڈرانچیف جنرل موسیٰ خان نے اپنے فوجیوں کی ہمت کن الفاظ میں بندھائی تھی؟۔

ج:۔،،بہادر،،دشمن کے ہر اس سپاہی کا سر کچل دو،جو ہمارے وطن مقدس کی سرزمین پر قدم رکھنے کی جسارت کرے۔

س:۔جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء میں کس پاکستانی ہوا باز نے بھارت کے گیارہ طیارے مار گرائے تھے؟۔

ج:۔ایم،ایم،عالم نے۔

س:۔ایم،ایم،عالم نے کتنے منٹ میں بھارت کے ۵طیارے تباہ کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟۔

ج:۔۲،منٹ میں پانچ طیارے۔

س:۔ایم،ایم،عالم کاوہ طیارہ جس نے گیارہ بھارتی طیارے مارگرائے تھے،اب کہاں ہے؟

ج:۔شاہراہ قائداعظم پرنصب ہے۔

س:۔۸،اور ۹ستمبر کی درمیانی شب کو پاکستانی بحریہ نے کس بھارتی بندرگاہ کو تباہ کیا تھا؟۔

ج:۔دوارکا کو۔

س:۔ چونڈہ کے محاذ پر بھارت نے کتنے ٹینکوں کے ساتھ حملہ کیا تھا؟۔

ج:۔ چھ سو ٹینکوں سے۔

س:۔ جنگ ستمبر کے وقت پاکستان کے وزیر دفاع کون تھے؟۔

ج:۔ جنرل حمید خان۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء کتنے دن جاری رہی؟۔

ج:۔ سترہ روز تک (۶ ستمبر تا ۲۲ ستمبر ۱۹۶۵ء)

س:۔ اقوام متحدہ کی مداخلت سے، پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کب ہوئی تھی؟۔

ج:۔ ۲۳ ستمبر ۱۹۶۵ء کو۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستان کے کتنے فوجی شہید ہوئے؟۔

ج:۔ ۹۵۰۰۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستان کے کتنے فوجی زخمی ہوئے؟۔

ج:۔ دو ہزار ایک سو اکہتر (۲۱۷۱)

س:۔ پاکستان کے مقابلے میں جنگ ستمبر میں بھارت کے کتنے فوجی زخمی ہوئے تھے؟۔

ج:۔ گیارہ ہزار۔

س:۔ جنگ ستمبر میں بھارت کے کتنے ٹینک تباہ ہوئے تھے؟۔

ج:۔ ۱۶۵۔

س:۔ پاکستان کے مقابلے میں بھارت کے کتنے ٹینک تباہ ہوئے؟۔

ج:۔ ۴۷۵۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ستمبر کی جنگ میں پاکستان کا کتنا علاقہ بھارت کے قبضے میں چلا گیا تھا؟۔

ج:۔ ۴۵۰ مربع میل۔

س:۔ پاکستان کے مقابلے میں بھارت کا کتنا علاقہ، پاکستان کے قبضے میں آیا؟۔

ج:۔ ۱۶۰۰ مربع میل۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء میں پاکستان کے کتنے طیارے تباہ ہوئے؟۔

ج:۔ صرف ۱۴۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء میں پاکستان نے بھارت کے کل کتنے طیارے تباہ کیے؟۔

ج:۔ ۱۱۰۔

س:۔ اعلان تاشقند کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟۔

ج:۔تاشقند (روس) میں صدر ایوب اور لال بہادر شاستری کے درمیان جو معاہدہ طے پایا، وہ معاہدہ تاشقند کہلاتا ہے۔ یہ معاہدہ روس کے وزیر اعظم کوسیجن کی کوششوں سے ۱۰ جنوری ۱۹۶۵ء کو طے پایا۔

س:۔معاہدہ تاشقند کے فوراً بعد لال بہادر شاستری پر کیا گزری؟۔

ج:۔لال بہادر شاستری دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔

س:۔کیا آپ معاہدہ تاشقند کی خاص خاص باتیں بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔دونوں ممالک یعنی پاکستان اور بھارت کی فوجیں اپنے اپنے ان مقامات پر چلی جائیں گی۔ جہاں وہ امن کی حالت میں تھیں۔دونوں ممالک ایک دوسرے کے جنگی قیدی رہا کردیں گے۔دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور ثقافتی تعلقات بحال کرانے کی کوشش کی جائے گی۔مواصلات کا سلسلہ بھی بحال کیا جائے گا۔

دونوں ممالک اپنے اپنے تنازعات پر امن طریقے سے حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

دونوں ممالک ایک دوسرے کے خلاف منفی پروپیگنڈہ بند کردیں گے۔

دونوں ممالک ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں دخل نہیں دیں گے۔

دونوں ممالک ایسے ادارے تشکیل دیں گے جو باہمی تنازعات کے حل کے لئے مناسب اقدامات کریں گے۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء میں داد شجاعت دینے کے صلے میں راجا عزیز بھٹی کو کون سا اعزاز دیا گیا؟۔

ج:۔نشان حیدر۔

س:۔کیا آپ اس واحد خاتون کا نام بتا سکتے ہیں، جسے ستمبر کی جنگ میں اعلیٰ خدمات کے عوض تمغہء قائد اعظم دیا گیا؟۔

ج:۔میجر نصرت جہاں بیگ۔

س:۔ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ء میں پاکستان کے کن کن شہروں کو ہلال استقلال کا اعزاز دیا گیا؟۔

ج:۔لاہور، سرگودھا، سیالکوٹ۔

س:۔پاکستان کے کس شہر کو بھارتی طیاروں کا قبرستان قرار دیا گیا؟۔

ج:۔سرگودھا کو۔

س:۔سیالکوٹ کے محاذ پر کس جیالے افسر کو داد شجاعت دینے پر ہلال جرات کا اعزاز دیا گیا؟۔

ج:۔بریگیڈیئر عبد العلی کو۔

س:۔بریگیڈیئر احسن رشید شامی کو بہادری کا کون سا اعزاز دیا گیا تھا؟۔

ج:۔ہلال جرءات۔

پاک بھارت جنگ ۱۹۷۱ء

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بھارت نے پاکستان پر دوسرا بڑا حملہ کب کیا تھا؟۔

ج:۔ ۱۹۷۱ء میں،

س:۔ بھارت کی جارحیت کے نتیجے میں ہونے والی جنگ مشرقی پاکستان میں کب شروع ہوئی تھی؟۔

ج:۔ ۲۱ نومبر ۱۹۷۱ء کو۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بھارت نے مغربی پاکستان کے خلاف جنگ کب چھیڑی تھی؟۔

ج:۔ ۳ دسمبر ۱۹۷۱ء کو

س:۔ پاک بھارت جنگ ۱۹۷۱ کے دوران پاکستان کے صدر کون تھے؟۔

ج:۔ جنرل یحیٰی خان۔

س:۔ پاک بھارت جنگ ۱۹۷۱ کے دوران بھارت کے صدر کون تھے؟۔

ج:۔ آنجہانی اندرا گاندھی۔

س:۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ میں مشرقی پاکستان کے کمانڈر کون تھے؟۔

ج:۔ لیفٹیننٹ جنرل امیر عبداللہ خان نیازی۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاک بھارت جنگ میں کس عالمی طاقت نے بھارت کی مدد کی تھی؟۔

ج:۔ روس نے۔

س:۔ پاکستانی فوج نے بلا شبہ اس جنگ میں بہادری کا مظاہرہ کیا تھا، مگر مغربی پاکستان کے کٹ جانے کے باعث وہ مقابلہ جاری نہ رکھ سکی، اور بالآخر ہتھیار ڈال دیئے۔ بتایئے یہ شرمناک واقعہ کب پیش آیا؟۔

ج:۔ ۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو۔

س:۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ میں کتنے پاکستانی فوجی قیدی بنا لیے گئے تھے؟۔

ج:۔ ۹۳ ہزار۔

س:۔ مغربی پاکستان کے محاذ پر کب جنگ بندی ہوئی؟۔

ج:۔ ۱۷ دسمبر ۱۹۷۱ء کو۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستانی جنگی قیدیوں کی رہائی کس معاہدے کی رو سے عمل میں آئی؟۔

ج:۔ معاہدہ دہلی کی رو سے۔

س:۔ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان معاہدہ دہلی کب طے پایا تھا؟۔

ج:۔ ۲۸، اگست ۱۹۷۳ء کو۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان اور بھارت کی حکومتوں کے درمیان معاہدہ شملہ کب طے پایا تھا؟۔

ج:۔ ۲ جولائی ۱۹۷۲ء کو۔

س:۔ پاکستانی جنگی قیدیوں کی رہائی پاکستان کی کس مشہور شخصیت کی کوششوں سے عمل میں آئی؟۔

ج:۔ مرحوم ذوالفقار علی بھٹو کی جدوجہد سے۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان نے ۱۹۷۱ء کی جنگ میں کیوں شکست کھائی تھی؟۔

ج:۔ روس کی مداخلت مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان کے درمیان رابطہ ٹوٹ جانے، اور مشرقی پاکستان کے عوام کی بغاوت اور پاکستان میں سیاسی انتشار کی وجہ سے۔

س:۔ ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ کا انجام کیا ہوا؟۔

ج:۔ مشرقی پاکستان مغربی پاکستان سے الگ ہو گیا، اور بنگلہ دیش کے نام سے ایک نئی مملکت وجود میں آئی۔

س:۔ کیا یہ درست ہے، کہ مشرقی پاکستان کے باغیوں کو بھارت کی پشت پناہی حاصل تھی؟۔

جی ہاں۔

پاکستان کی مسلح افواج

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کی مسلح افواج کا سپریم کمانڈر کون ہوتا ہے؟۔

ج:۔اسلامی جمہوریہ پاکستان کا صدر۔

س:۔وزارت دفاع کی ذمہ داری کیا ہوتی ہے؟۔

ج:۔سپریم کمانڈر کی مدد کرنا۔

س:۔پاکستان کی مسلح افواج کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟۔

ج:۔تین حصوں میں، آرمی، (بری) نیوی (بحریہ) اور ائیر فورس (فضائیہ)۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آرمی یعنی بری افواج کے سربراہ کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔چیف آف دی آرمی سٹاف۔

س:۔بحریہ اور فضائیہ کے سربراہوں کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔چیف آف دی نیوی سٹاف۔چیف آف دی ایرفورس اسٹاف۔

بری فوج کے عہدے

س:۔کیا آپ بری فوج کے مقابلی عہدوں کی ترتیب بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔سینئر عملہ ان عہدوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

س:۔جنرل، لفٹیننٹ جنرل، میجر جنرل، بریگیڈیئر، کرنل، لیفٹیننٹ کرنل، میجر، کیپٹن، لیفٹیننٹ اور سیکنڈ لیفٹیننٹ۔

(۲) جونیئر عملہ مندرجہ ذیل عہدوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

صوبیدار میجر۔صوبیدار، نائب صوبیدار، حوالدار، نائیک، لانس نائیک، سپاہی۔سوار اور جوان

۔

بری افواج کا انتظامی ڈھانچہ

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ بری افواج کا سب سے بڑا افسر کیا کہلاتا ہے؟۔

ج:۔چیف آف سٹاف۔

س:۔چیف آف سٹاف کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟۔

ج:۔جنرل۔

س:۔بری افواج کے انتظامی دفتر کو کیا کہتے ہیں؟۔

ج:۔آرمی ہیڈ کوارٹر۔

س:۔بری افواج کا ہیڈ کوارٹر کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔آرمی ہیڈ کوارٹر کس کے ماتحت کام کرتا ہے؟۔

ج:۔چیف آف آرمی سٹاف کے۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ آرمی ہیڈ کوارٹر کے کتنے شعبے ہوتے ہیں؟۔

ج:۔چھ شعبے۔

س:۔آرمی ہیڈ کوارٹر کے ہر شعبے کا افسر اعلیٰ کون ہوتا ہے؟۔

ج:۔لیفٹیننٹ جنرل۔

س:۔کیا آپ آرمی ہیڈ کوارٹر کے شعبوں کے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۱۔جنرل سٹاف برانچ۔

۲۔ایڈ جوائنٹ جنرل برانچ

۳۔کوارٹر ماسٹر جنرل برانچ

۴ ۔ماسٹر جنرل آف آرڈیننس برانچ

۵۔ملٹری سیکرٹری برانچ۔

س:۔جنرل سٹاف برانچ کے ذمے کیا کام ہوتے ہیں؟۔

ج:۔اس کے ماتحت بہت سے ڈائرکٹوریٹ ہوتے ہیں۔مثلاً ملٹری اپریشن،محکمہ سراغ رسانی، اسٹاف ڈیوٹیز،ملٹری ٹریننگ، اسلحہ اور ہتھیار، آرمڈ کور، آرٹلری،سگنلز، انفنٹری،سرحدی فوج اور ڈیفینس اسکیورٹی کور۔

س:۔ایڈ جوائنٹ برانچ کے ذمے کون کون سے کام ہوتے ہیں؟۔

ج:۔فوج کے جملہ افسران کی تنخواہ،سالانہ ترقی، عہدے میں ترقی، ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن،قواعد وضوابط کی پابندی۔

س:۔کوارٹر ماسٹر جنرل کی شاخ کے کیا فرائض ہوتے ہیں؟۔

ج:۔بری افواج اور ان کے سامان حرب کی ترسیل۔فوجی دستوں کی رہائش وغیرہ کا انتظام۔ جنرل اسٹورز وغیرہ کا قیام،فوجی جوانوں کی سہولت کے لئے ڈاک وتار کا انتظام۔فوجی اہمیت کی شاہراہوں اور ہوائی اڈوں کی تعمیر کی نگرانی وغیرہ۔

س:۔ماسٹر جنرل آف آرڈیننس برانچ کے ذمے کیا کام ہوتے ہیں؟۔

ج:۔فوج کے مختلف شعبوں کی دیکھ بھال۔ہر قسم کے فوجی سامان کی حفاظت کرنا،اس برانچ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

س:۔ملٹری سیکرٹری برانچ کی ذمہ داریاں بیان کیجیے؟۔

ج:۔ عہدے داروں اور افسروں کی ملازمت کے ریکارڈ درست رکھنا،ان کی تعیناتی ،تبادلے،ترقی اورسبک دوشی،اعزازی عہدوں کی منظوری دینا۔

فوج کے تربیتی ادارے

س:۔کیا آپ افواج پاکستان کے تربیتی اداروں کے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔کاکول اکیڈمی

سٹاف کالج

کیڈٹ کالج حسن ابدال

انفینٹری سکول کوئٹہ

آرمڈ فورسز میڈیکل کالج راولپنڈی

نیشنل ڈیفنس کالج راولپنڈی

ملٹری کالج سرائے عالم گیر گجرات

بری فوج کے کمیشنڈ عہدوں کے بیج

س:۔کیا آپ پاکستان کی فوج کے کمشنڈ افسروں کے بیج کے متعلق بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔سیکنڈ لیفٹیننٹ	دونوں شانوں پر ایک ستارہ
لیفٹیننٹ	دونوں شانوں پر دو ستارے
کیپٹن	دونوں شانوں پر تین ستارے
میجر	دونوں شانوں پر ہلال
لیفٹیننٹ کرنل	دونوں شانوں پر ہلال اور ایک ستارہ
کرنل	ہلال اور دو ستارے
بریگیڈیئر	ہلال اور تین ستارے
میجر جنرل	کراس کرتی ہوئی تلواریں اور ایک ستارہ
لیفٹیننٹ جنرل	کراس کرتی ہوئی تلواریں اور ایک ستارہ۔
جنرل	دونوں شانوں پر کراس کرتی ہوئی تلواریں، اور ہلال، اور ایک ستارہ
فیلڈ مارشل	دونوں شانوں پر کراس کرتی ہوئی تلواریں، چرخی شکل میں، ایک بیلٹ جس کے گرد یاسمین کے پھولوں کی بیل اور اوپر کی جانب ایک ہلال اور ایک ستارہ ہوتا ہے۔

پاکستانی بحریہ

س:۔ پاکستانی بحریہ کے اعلیٰ اور ادنیٰ عملے کے عہدوں کی ترتیب بتایئے؟۔

ج:۔ پاکستانی بحریہ کا سینیئر عملہ مندرجہ ذیل عہدے داروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ بحری بیڑے کا ایڈمرل یا امیر البحر، وائس ایڈمرل یا نائب امیر البحر۔

ریئر ایڈمرل، کموڈور، کمانڈر، لیفٹیننٹ، سلفیٹ،

جونیئر عملہ مندرجہ ذیل عہدے داروں پر مشتمل ہوتا ہے۔

برانچ لسٹ آفیسر۔ مڈ شپ مین۔ چیف پیٹی آفیسر، پیٹی آفیسر۔ لیڈنگ ریٹ۔ ایبل ریٹ۔ آرڈنری ریٹ۔

بحریہ کا تنظیمی ڈھانچہ

س:۔ پاکستان بحریہ کے بڑے انتظامی دفتر کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ نیول ہیڈ کوارٹر۔

س:۔ نیول ہیڈ کوارٹر کس کے ماتحت ہوتا ہے؟۔

ج:۔ چیف آف نیول اسٹاف کے۔

پاکستان نیوی کا نیول ہیڈ کوارٹر کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بحریہ کے چیف آف سٹاف کی مدد کتنے آفیسرز کرتے ہیں؟۔

ج:۔ چار آفیسرز۔

س:۔ کیا آپ نیول چیف آف اسٹاف کے مددگار آفیسرز کے متعلق کچھ بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۱۔ ڈپٹی آف اسٹاف اپریشن۔

۲۔ ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف

۳۔ ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف (ٹیکنیکل سروس)

۴۔ چیف آف نیول ایوایشن

س:۔ ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف (آپریشن) کے ذمے کون کون سے فرائض ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ یہ چیف آف نیول اسٹاف سے دوسرے درجے پر ہوتا ہے، اور بحریہ کی تمام نقل وحرکت، ابلاغ، تجاویز، منصوبوں، تحفظ، جاسوسی، نظام کار، تعلقات عامہ اور جملہ افسران کی تقسیم کار کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

س:۔ ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف کے فرائض بتائیے؟۔

ج:۔ یہ بحریہ کے جملہ ملازمین کی سروس کے کوائف مثلاً ملازمت کی شرائط، تربیت، بھرتی، سبک دوشی، نظم وضبط، مفادات وغیرہ کی نگرانی کرنا ہے۔

س:۔ ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف (ٹیکنیکل سروس) کے ذمے کون کون سے فرائض ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ مشینری اور پرزہ جات کے اسٹور کی نگرانی۔ بحریہ کی تمام ضروریات کی ذمہ داری۔ مختلف جہازوں کی فراہمی۔

ڈک یارڈ جہازوں اور آب دوزوں کی دیکھ بھال اور مرمت وغیرہ۔

س:۔ چیف آف نیول اسٹاف، ایوی ایشن کی ذمہ داریوں کے متعلق اختصار سے بتائیے؟۔

ج:۔ یہ بحریہ کے فضائی معاملات کی تنظیم اور باہمی رابطے اور تعاون کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

جہازوں پر فضائی عملے اور معاملات کا انتظام کرتا ہے۔

بحریہ کے تربیتی ادارے

س:۔ پاکستان بحریہ کے تربیتی ادارے کون کون سے ہیں؟۔

ج:۔ پی، این، ایس۔ ہمالیہ

پی، این، ایس، رہبر

پی، این، ایس کارساز

پی، این، ایس بابر

کیڈٹ کالج پشاور

س:۔ پی، این، ایس ہمالیہ میں کیسی تربیت دی جاتی ہے؟۔

ج:۔ اس میں بحریہ کے عملے اور افسروں کو جہاز رانی، توپ چلانے، اور دشمن کو تار پیڈو سے نشانہ بنانے اور آب دوزیں چلانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ یہ ادارہ ایران اور سعودی عرب کے افسروں کو بھی تربیت دیتا ہے۔

س:۔ پی، این، ایس، رہبر میں کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟۔

ج:۔ یہ کیڈٹوں اور ملاحوں کی عملی تعلیم وتربیت کا اسکول ہے۔ یہاں انہیں بنیادی تربیت دی جاتی ہے۔ یہاں سے فارغ ہونے کے بعد انہیں دوسری تربیت گاہوں میں اعلیٰ تربیت کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

س:۔ پی، این، ایس کارساز کب قائم ہوا۔ اس میں کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟۔

ج:۔ یہ ادارہ بحری جہاز ۱۹۵۲ء میں بنایا گیا تھا، اس میں جہاز سازی، اسلحہ سازی، اور برقیات وغیرہ کی تعلیم وتربیت دی جاتی ہے۔

س:۔ پی، این، ایس، بابر میں بحریہ کے عملے کو کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟۔

ج:۔ اس جہاز میں ملاحوں (سیلرز) اور بحریہ کے افسروں کو فنی اور انتظامی نوعیت کی تربیت دی جاتی ہے۔

س:۔ کیڈٹ کالج پشاور میں بحریہ کے عملے کو کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟۔

ج:۔ یہ تربیتی کالج پبلک اسکولوں کی طرز پر کام کرتا ہے، اور پاکستان نیوی اکیڈیمی نرسری کا کام دیتا ہے، یہاں ایسے نوجوان بنیادی تعلیم وتربیت حاصل کرتے ہیں، جو اپنی پوری زندگی پاکستان بحریہ سے وابستہ کرنا چاہتے ہیں۔

پاکستان فضائیہ

س:۔کیا آپ پاکستان ایرفورس (فضائی فوج) کے سینئر اور جونیئر عملے کے عہدوں کی ترتیب بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔پاکستان فضائیہ کا سینئر عملہ ان عہدے داروں پر مشتمل ہوتا ہے۔یہ ترتیب نیچے سے اوپر کی طرف جاتی ہے۔

ائیر چیف مارشل۔ایر وائس مارشل۔ائیر کموڈور۔گروپ کیپٹن،ونگ کمانڈر، اسکوڈرن لیڈر ،فلائٹ لیفٹیننٹ ،فلائنگ آفیسر،پائلٹ آفیسر۔

جونیئر عملہ ذیل کے عہدیداران پر مشتمل ہوتا ہے۔یہ ترتیب بھی اوپر سے نیچے کی طرف جاتی ہے۔

ماسٹر وارنٹ آفیسر۔وارنٹ آفیسر۔فلائٹ سارجنٹ۔سارجنٹ کارپول۔لیڈنگ ایر کرافٹس مین (کلاس ون) ائیر کرافٹس (کلاس دوم)

پاکستان فضائیہ کا تنظیمی ڈھانچہ

س:۔ پاکستان کی ائیر فورس یا فضائیہ کا صدر دفتر کس نام سے پکارا جاتا ہے؟۔

ج:۔ فضائی ہیڈ کوارٹر کے نام سے۔

س:۔ پاک فضائیہ کا ہیڈ کوارٹر یا صدر دفتر پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ پشاور میں۔

س:۔ پاک فضائیہ کے سب سے بڑے آفیسر کو کیا کہتے ہیں؟۔

ج:۔ چیف آف ایر فورس

س:۔ چیف آف ایر فورس کا عہدہ کس کے پاس ہوتا ہے؟۔

ج:۔ ایر چیف مارشل کے پاس۔

س:۔ پاک فضائیہ کا ہیڈ کوارٹر کتنی برانچوں پر مشتمل ہوتا ہے، اور ہر برانچ کا انچارج کیا کہلاتا ہے؟۔

ج:۔ فضائی ہیڈ کوارٹر دراصل چار برانچوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر ایک برانچ کا عہدے دار ائیر وائس مارشل یا ائیر کموڈور ہوتا ہے۔

س:۔ فضائی ہیڈ کوارٹر چاروں برانچوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ ائیر اسٹاف برانچ یا فضائی عملہ

۲۔ انتظامی برانچ

۳۔ مینٹی نینس برانچ

۴۔ منصوبہ بندی اور پالیسی برانچ

فضائیہ کے تربیتی ادارے

س:۔فضائیہ کے تربیتی اداروں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔پی،اے،ایف اکیڈیمی،رسالپور

۲۔ایر فورس اسٹاف کالج کوئٹہ

۳۔پی،اے،ایف اسکول کوہاٹ

۴۔پی،اے،ایف سرگودھا

دفاعی افواج کا ڈھانچہ

س: کسی ملک کی آرمی سے کیا مراد ہوتی ہے؟۔

ج:۔ آرمی یا فوج کسی ملک کی سب سے بڑی دفاعی تنظیم ہوتی ہے، جسے ایک سینیئر جنرل کمانڈ کرتا ہے ۔ دیگر مما لک کی طرح ہمارے ملک میں بھی بہت سی میدانی افواج ہیں ۔ جو مختلف بلند مرتبہ جرنیلوں کے ماتحت میدان جنگ میں بہادری کے جوہر دکھاتی ہیں ۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ایک آرمی میں عام طور پر کتنی کوریں ہوتی ہیں؟۔

ج:۔ ایک فوج میں عام طور پر تین کورز ہوتی ہیں ۔

س:۔ کور کمانڈر کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟۔

ج:۔ عام طور سے لیفٹیننٹ جنرل ۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ایک کور میں عام طور پر کون سا آفیسر کمانڈ کرتا ہے؟ ۔

ج:۔ میجر جنرل ۔

س:۔ پی ، اے ، ایف اکیڈمی رسال پور میں کس قسم کی تعلیم وتر بیت کا انتظام ہے؟ ۔

ج:۔ اس درس گاہ میں فضائیہ کے نوجوانوں یعنی طالب علم افسروں کو فنی تربیت دی جاتی ہے ۔اس کی ایک شاخ لوئر ٹوپا مری میں بھی ہے ۔

س:۔ ایرفورس اسٹاف کالج کوئٹہ مین کس قسم کی تعلیم وتربیت کا انتظام ہے؟ ۔

ج:۔ یہ فضائیہ کے افسروں کو فضائی جنگ کے جدید ترین طریقوں سے آشنا کرتے ہوئے کامیاب فضائی جنگ کی تربیت دیتا ہے ۔

س:۔ پی ، اے ، ایف ، سکول کوہاٹ میں فضائی عملے کے لئے کس قسم کی تعلیم وتربیت کا انتظام ہے؟۔

ج:۔ یہ ادارہ فضائیہ کے افسروں کی تعلیم وتربیت کا مرکز ہے، یہاں افسروں کو طیاروں میں نصب مشینری اور مختلف آلات کا استعمال سکھایا جاتا ہے ۔

س:۔ پی ، اے ، ایف اسکول سرگودھا میں فضائیہ کے عملے کو کس قسم کی تربیت دی جاتی ہے؟ ۔

ج:۔یہ ادارہ پاکستان فضائیہ کے لیے مناسب عملہ مہیا کرنے کے لیے نرسری کا کام کرتا ہے ۔

س:۔ ایک کمپنی میں عام طور سے کتنی پلاٹون ہوتی ہیں؟ ۔

ج:۔ تین یا چار ۔

س:۔ پلاٹون کو کمانڈ کرنے والے آفیسر کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟ ۔

ج:۔ ایک جونیئر افسر ۔

س:۔ بکتر بند دستہ کیا ہوتا ہے؟ ۔

ج:۔یہ پیدل فوج کا مددگار ہوتا ہے۔اس میں بکتر بند گاڑیاں اور مختلف قسم کے ٹینک ہوتے ہیں۔

س:۔فوج میں انجنیئر کے شعبے کے کیا فرائض ہوتے ہیں؟۔

ج:۔اس کا کام پیدل فوج اور توپ خانے کی مدد کے لئے بارودی سرنگیں بچھانا،سڑکیں اور پل بنانا۔

س:۔فوج میں سگنلز کے شعبے کے فرائض بتائیے؟۔

ج:۔اس کا کام جنگ کے دنوں میں برقی اور ٹیلی فون کا نظام مہیا کرنا ہوتا ہے۔

س:۔کیا آپ ایک ڈویژن میں شامل فوجیوں کی تعداد بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ایک ڈویژن میں بارہ ہزار سے بیس ہزار تک فوج ہوتی ہے۔

س:۔ایک بریگیڈ میں فوج کی کتنی نفری ہوتی ہے؟۔

ج:۔چار سے پانچ ہزار تک۔

س:۔بریگیڈ کی کمان کرنے والے آفیسر کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔بریگیڈیئر۔

س:۔ایک بٹالین کتنے جوانوں پر مشتمل ہوتی ہے؟۔

ج:۔۴۰۰ سے ۸۰۰ تک۔

س:۔بٹالین کی کمان کرنے والے آفیسر کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟۔

ج:۔لیفٹیننٹ جنرل۔

س:۔فوج کی ایک کمپنی میں عام طور سے کتنے جوان ہوتے ہیں؟۔

ج:۔۸۰ سے ۱۲۰۲ تک۔

س:۔ایک بٹالین میں عام طور پر کتنی کمپنیاں ہوتی ہیں؟۔

ج:۔۴ سے ۶ تک۔

س:۔کمپنی کمانڈر کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟۔

ج:۔میجر یا کیپٹن۔

س:۔ایک پلاٹون میں عام طور پر کتنے جوان ہوتے ہیں؟۔

ج:۔۲۵ سے ۳۵ تک۔

متفرق معلومات

س:۔سب سے بڑی جامع مسجد کون ہے؟۔

ج:۔فیصل مسجد اسلام آباد۔

س:۔فیصل مسجد، کا رقبہ کتنا ہے؟۔

ج:۔۱۵۰ ایکڑ۔

س:۔کیا آپ پاکستان کے سب سے بڑے پلیٹ فارم کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔روہڑی ریلوے اسٹیشن۔

س:۔سب سے لمبا دریا کون سا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ، لمبائی ۱۸۰۰ میل۔

س:۔سب سے لمبی ریلوے لائن کان سی ہے؟۔

ج:۔کراچی سے پشاور تک، لمبائی ۱۰۴۵ میل۔

س:۔سب سے لمبی سرنگ کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کھوجک، لمبائی ڈھائی میل۔(2.5 میل)

س:۔پاکستان کا جدید ترین شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد۔

س:۔بلند ترین عمارت کا نام بتایئے؟۔

ج:۔حبیب بینک پلازہ کراچی، بلندی ۲۴۵ فٹ۔

س:۔سب سے بڑی اور اہم ترین صنعت کون سی ہے؟۔

ج:۔سوتی کپڑے کی صنعت۔

س:۔بلند ترین ریلوے اسٹیشن کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کان مہتر زئی: بلندی ۲۲۲۱ فٹ۔

س:۔پاکستان کی بلند ترین پہاڑی چوٹی کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کے،ٹو، بلندی ۲۸۵۰ فٹ۔

س:۔سب سے اونچا مینار کون سا ہے؟۔

ج:۔مینار پاکستان: اونچائی:۲۰۶ فٹ۔

س:۔سب سے بڑا عجائب گھر کون سا ہے؟۔

ج:۔نیشنل میوزیم کراچی۔

س:۔سب سے بڑا ریڈیو اسٹیشن کون سا ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد: طاقت ۱۰۰۰ اکلوواٹ،

س:۔ سب سے بڑی لائبریری کہاں ہے؟۔

ج:۔ پنجاب پبلک لائبریری لاہور۔

س:۔ سب سے بڑے ریلوے اسٹیشن کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ لاہور۔

س: سب سے بڑی بندرگاہ کون سی ہے؟۔

ج:۔ کراچی۔

س:۔ پاکستان کی سب سے بڑی اسٹیل مل کہاں ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔ کراچی۔

س:۔ صوبہ پنجاب کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔ لاہور۔

س:۔ صوبہ سرحد کے سب سے بڑے شہر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ پشاور۔

س:۔ سب سے اونچا ڈیم کون سا ہے؟۔

ج:۔ منگلا ڈیم، اونچائی ۳۷۸ فٹ۔

س:۔ صوبہ بلوچستان کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔ کوئٹہ۔

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ گرمی کہاں پڑتی ہے؟۔

ج:۔ جیک آباد۔ (سندھ) میں۔

س:۔ سب سے زیادہ نہریں کس بیراج سے نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔ سکھر بیراج سے۔

س:۔ سب سے بڑا صنعتی مرکز کون سا ہے؟۔

ج:۔ کراچی۔

س:۔ سب سے بڑا ہوائی اڈا کون سا ہے؟۔

ج:۔ کراچی۔ (۱۹۸۲ء) میں

س:۔ پاکستانی فضائیہ کے جنگی بیڑے میں شامل کوئی سے تین طیاروں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ میراج۔ ایف ۶، اور ایف سولہ۔

س:۔پاکستان میں کوئلے کی سب سے بڑی کان کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے پہلا آئین کس نے توڑا؟۔

ج:۔صدر ایوب خان نے۔

س:۔کس شہر کو پنجاب کا دروازہ کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔اٹک کو۔

س:۔کیا آپ پاکستان ٹیلی ویژن کی پہلی اناؤنسر کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔کنول نصیر۔

س:۔کیا آپ پاکستان کے پہلے وزیر تجارت کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج:۔اسماعیل، ابراہیم چندری گر۔

س:۔زکواۃ اور عشر کا نظام کب اپنایا گیا؟۔

ج:۔یکم جولائی ۱۹۷۹ء کو۔

س:۔پاکستان سیمسٹر سسٹم، سب سے پہلے کس یونیورسٹی نے رائج کیا تھا؟۔

ج:۔قائد اعظم یونیورسٹی، اسلام آباد نے۔

س:۔ہلال جرات کا تمغہ کس دھات سے بنایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ہلال اور ستارے چھوڑ کر باقی سب حصہ سونے سے بنایا جاتا ہے۔

س:۔پاکستان میں سب سے زیادہ عجائب گھر کس شہر میں ہیں؟۔

ج:۔صوبہ پنجاب میں۔

براہوئی، باشندے پاکستان کے کس کس علاقے میں آباد ہیں؟۔

ج:۔کوہ کیرتھر اور قلات میں۔

س:۔تفریحی مقام، شکر پڑیاں راولپنڈی سے کتنی دور ہے؟۔

ج:۔آٹھ میل۔

کراچی یونیورسٹی لائبریری کا سنگ بنیاد کس نے رکھا تھا؟۔

ج:۔سر آغا خان چہارم۔

س:۔لائل پور کا نام فیصل آباد کب رکھا گیا؟۔

ج:۔۱۲ ستمبر ۱۹۷۷ء کو

س:۔چولستان کا صحرا کس ڈویژن میں ہے؟۔

ج:۔بہاول پور میں۔

س:۔صوبہ سرحد کا سرسید کسے کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔صاحب زادہ عبد القیوم کو۔

س:۔کیا آپ اسلام آباد سے صوبائی دارالحکومت کا فاصلہ بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔اسلام آباد سے کراچی:۹۹۲میل۔

اسلام آباد سے لاہور:۱۸۱میل

اسلام آباد سے پشاور:۱۱۴میل

اسلام آباد سے کوئٹہ:۹۲۳میل۔

س:۔پاکستان میں بلاسود بینکاری کا نظام کب نافذ کیا گیا؟۔

ج:۔یکم جنوری ۱۹۸۱ءکو

س:۔بابائے پنجابی کسے کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ڈاکٹر فقیر محمد فقیر کو۔

س:۔دریائے نیلم کس علاقے میں بہتا ہے؟۔

ج:۔آزاد کشمیر میں۔

س:۔پاکستان فضائیہ کے پہلے کمانڈر انچیف کا نام بتائیے؟۔

ج:۔گورنر جنرل اسکندر مرزا نے۔

س:۔پاکستان کی طرف پہلی ٹیسٹ وکٹ لینے کا اعزاز کس باولر کو حاصل ہے؟۔

ج:۔خان محمد کو۔

س:۔پاکستان میں نظام اسلام کے نفاذ کا اعلان کب کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۹فروری ۱۹۷۹ءکو۔

س:۔پاکستان کی پہلی خاتون چانسلر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔بیگم رعنا لیاقت علی خان۔

س:۔پاکستان کی پہلی خاتون وائس چانسلر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ڈاکٹر مس کنیز فاطمہ یوسف:۔

س:۔پاکستان ٹی،وی پر سب سے زیادہ عرصے تک چلنے والے کوئز پروگرام کا نام بتائیے؟۔

ج:۔نیلام گھر۔

س:۔کیا آپ پنجابی زبان کی بے مثل منظوم داستان ،سیف الملوک کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔میاں محمد بخش۔

س:۔میاں محمد بخش جو سیف الملوک کے مصنف ہیں، ان کا تعلق کس علاقے سے تھا؟۔

ج:۔آزاد کشمیر کے ضلع میر پور کے مشہور علاقے ،،کھڑی،، سے۔

س:۔دریائے راوی اور چناب کے درمیان کون سا دوآبہ ہے؟۔

ج:۔دوآبہ رچنا۔

س:۔لٹل ماسٹر،،کس پاکستانی کھلاڑی کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔حنیف محمد خان کو۔

س:۔بانی کراچی کسے کہا جاتا ہے؟۔

جمشید مہتا کو۔

س:۔چھانگا مانگا کے جنگل میں واقع جھیل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔مہتاب جھیل۔

س:قومی ترانے میں اردو کے کل کتنے الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟۔

ج:۔تو،،اور کا،صرف دو۔

س:۔پاکستان بننے کے بعد صوبہ سندھ کے پہلے گورنر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔غلام حسین ہدایت اللہ۔

س:۔مشہور رومانی داستان کے ہیر،،کے مصنف پیر وارث شاہ،،پاکستان کے کس علاقے میں پیدا ہوئے ؟۔

ج:۔جنڈیالہ شیر خان (شیخوپورہ) میں۔

س:۔اسلام آباد کو ضلع کا درجہ کب دیا گیا؟۔

ج:۔یکم جولائی ۱۹۸۰ء کو

س:۔پہلی اسلامی یونیورسٹی،،اسلام آباد نے کب کام شروع کیا؟۔

ج:۔۲جنوری ۱۹۸۱ء کو۔

س:۔اسلام آباد میں پہلا بین الاقوامی معاہدہ کن دوممالک کے درمیان طے پایا تھا؟۔

ج:۔پاکستان اور رومانیہ کے درمیان۔

س:۔مینار پاکستان پر کون سی دو قرار دادیں کندہ ہیں؟۔

ج:۔قرار داد لاہور اور قرار داد دہلی۔

س:۔محترمہ فاطمہ جناح کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟۔

ج:۔۲۱ جولائی ۱۸۹۱ء کو کراچی میں۔

س:۔شاہینوں کا شہر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔سرگودھا کو۔

س:۔محمد بن قاسم پورٹ کا سنگ بنیاد کس وزیر اعظم نے رکھا تھا؟۔

ج:۔مرحوم ذوالفقار علی بھٹو نے۔

س:۔کس سربراہ کی آمد پر پاکستان کا قومی ترانہ پہلی بار بجایا گیا تھا؟۔

ج:۔شاہ ایران کی آمد پر۔

س:۔کس شہر کو پاکستان کا دماغ کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔کراچی کو۔

س:۔اسلامی سربراہی کانفرنس لاہور میں سب سے مختصر وفد کس کا تھا؟۔

ج:۔عرب لیگ کا۔

س:۔آر،سی،ڈی،کے پہلے سیکرٹری کون تھے؟۔

ج:۔مسرت حسین زبیری۔

س:۔پاکستان میں صوبہ بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ کا نام بتایئے؟۔

ج:۔سردار عطاء اللہ مینگل۔

س:۔بھنگڑا کس علاقے کا مشہور رقص ہے؟۔

ج:۔گجرات،گوجرانوالہ،سرگودھا اور جہلم کا۔

س:۔فن مصوری کی تدریس کے لئے پاکستان میں پہلا ادارہ کس شہر میں قائم ہوا؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پاکستان کی سب سے لمبی سڑک کون سی ہے؟۔

ج:۔شاہراہ پاکستان۔

س:۔کیا آپ پاکستان کی سب سے بڑی جہاز راں کمپنی کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔نیشنل شپنگ کارپوریشن۔

س:۔پنجاب لائبریری کب قائم ہوئی تھی؟۔

ج:۔۳۱ دسمبر ۱۸۸۵ء کو۔

س:۔پاکستان آئل اینڈ ڈولپمنٹ کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔ستمبر ۱۹۶۱ء میں۔

س:۔پاکستان اب تک تین کونوں والے کتنے ٹکٹ جاری کر چکا ہے؟

ج:۔تین۔

س:۔رقبے کے اعتبار سے پاکستان دنیا میں کتنے نمبر پر ہے؟۔

ج:۔۳۰ویں نمبر پر۔

س:۔اسلام آباد کس سطح مرتفع پر واقع ہے؟۔

ج:۔سطح مرتفع پوٹھوہار پر۔

س:۔سندھ کا جبرالٹر کس مقام کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ روہڑی کی پہاڑیوں کو۔

س:۔ پاکستان کا معیاری وقت کس کی تجویز پر مقرر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ پروفیسر محمد انور کی تجویز پر۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ درہ کرم کس دریا پر واقع ہے؟۔

ج:۔ دریائے کرم پر۔

س:۔ کیقان کس پاکستانی ریاست کا قدیم نام ہے؟۔

ج:۔ قلات کا۔

س:۔ جھومر کس صوبے کا رقص ہے؟۔

ج:۔ پنجاب کا۔

س:۔ پاکستان میں پہلا مارشل لا کس شہر میں لگایا گیا تھا؟۔

ج:۔ لاہور میں۔

س:۔ کیا آپ درہ خیبر کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۲۵۰۰ فٹ۔

س:۔ درہ ٹوچی افغانستان کو پاکستان کے کس شہر سے ملاتا ہے؟۔

ج:۔ بنوں سے۔

س:۔ پاکستان کی کون سی سڑک ہنگامی حالات میں یک طرفہ ٹریفک کے طور پر استعمال ہوتی ہے؟۔

ج:۔ سپر ہائی وے کراچی۔

س:۔ ہالے جی جھیل کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔ سندھ میں۔

س:۔ پاکستان ریلوے کی کل لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۸۸۱۱ کلومیٹر۔

س:۔ پاکستان کی پہلی خبر رساں ایجنسی کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ اسٹار نیوز ایجنسی۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت ملک میں کتنی ٹیلی فون ایکسچینج تھیں؟۔

ج:۔ ۲۴۲۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ قیام پاکستان کے بعد کراچی شپ یارڈ نے کب کام شروع کیا تھا؟۔

ج:۔ ۱۹۵۶ء میں۔

س:۔دریائے مولا کس صوبہ میں بہتا ہے؟۔

ج:۔صوبہ بلوچستان میں۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صوبہ بلوچستان کا سب سے بڑا دریا کون سا تھا؟۔

ج:۔دریائے ہنگول۔

س:۔صوبہ سندھ میں بہنے والے تین مشہور دریاؤں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔دریائے سندھ، دریائے حب، اور دریائے بولان۔

س:۔دریائے راوی کے کنارے آباد پاکستان کے سب سے مشہور شہر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔لاہور۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید، نشان حیدر کب پیدا ہوئے تھے؟۔

ج:۔۱۹۴۴ء میں۔

س:۔پاکستان کی سب سے مشہور یونیورسٹی کا نام بتایئے؟۔

ج:۔پنجاب یونیورسٹی۔

س:۔دریائے کابل کس مقام پر دریائے سندھ سے ملتا ہے؟۔

ج:۔اٹک کے مقام پر۔

س:۔میجر محمد اکرم شہید (نشان حیدر) کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔۲۸، اپریل ۱۹۴۳ء کو۔

س:۔دریائے سندھ کس مقام پر پاکستان میں داخل ہوتا ہے؟۔

ج:۔چیلاش یا چیلاس کے مقام پر۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں کس ملک نے پیش کیا تھا؟۔

ج:۔بھارت نے۔

س:۔پاکستان فلم سنسر بورڈ کا صدر دفتر کہاں ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

س:۔پاکستان منصوبہ بندی کمیشن کے پہلے چیئرمین کا نام بتایئے؟۔

ج:۔زاہد حسین۔

س:۔ہڑپہ کے آثار قدیمہ پنجاب کے کس شہر کے قریب ہیں؟۔

ج:۔ساہیوال (منٹگمری) کے۔

س:۔پاکستان میں معیاری وقت کا نفاذ کب ہوا؟۔

ج:۔۱۹۵۱ء میں۔

س:۔۲، اپریل ۱۹۷۹ء کو کس ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح ہوا؟

ج: ۔گلگت ریڈیو اسٹیشن کا۔

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ مملکت خداداد پاکستان کا پہلا دستور کب منظور ہوا؟۔

ج: ۔۲۹ فروری ۱۹۵۶ء رات گیارہ بج کر پچپن منٹ پر۔

س: ۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان کے قومی پرچم پر چاند تارا کس زاویے پر بنایا گیا ہے؟۔

ج: ۔۴۵ درجے کے زاویے پر۔

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مکران کا ساحل کس دریا پر ختم ہوتا ہے؟۔

ج: ۔دریائے ہب پر۔

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۴، اگست ۱۹۴۷ء کو ہفتے کا کون سا دن تھا؟۔

ج: ۔جمعرات کا۔

س: ۔پاکستان کی سب سے بڑی تفریح گاہ کا نام بتایئے؟۔

ج: ۔پاکستان نیشنل پارک۔

س: ۔کیا آپ پاکستان کی سب سے بڑی عدالت کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج: ۔سپریم کورٹ آف پاکستان۔

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ گوادر کی مشہور بندرگاہ کس پہاڑ کے دامن میں واقع ہے؟۔

ج: ۔کوہ باطل میں۔

س: ۔پاکستان کی اہم ترین صنعت کون سی ہے؟۔

ج: ۔سوتی کپڑے کی صنعت

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے قومی ترانے میں کل کتنے الفاظ استعمال ہوتے ہیں؟۔

ج: ۔پچاس۔

س: ۔صوبہ سندھ کی کلری جھیل، ضلع ٹھٹھہ سے کتنی دوری پر واقع ہے؟۔

ج: ۔۱۱ میل کے فاصلے پر۔

س: ۔۱۷، اگست ۱۹۵۵ء کو پاکستان کے کس ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح ہوا تھا؟۔

ج: ۔حیدرآباد سندھ کا۔

س: ۔مشہور پاکستانی باولر عمران خان نے ایک ٹیسٹ سیریز میں زیادہ سے زیادہ کتنی وکٹیں حاصل کیں؟۔

ج: ۔۴۰۔

س: ۔اسکوائش کے مشہور کھلاڑی ہاشم خاں کو کس لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟۔

ج: اسکوائش کا جادوگر۔

س:۔کیا آپ پاکستان کے پہلے دارالحکومت کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔کراچی۔

س:۔جناح بیراج کہاں بنایا گیا ہے؟۔

ج:۔کالاباغ میں۔

س:۔پاکستان میں پہلا پٹ سن کا کارخانہ کہاں لگایا گیا؟۔

ج:۔جڑانوالہ میں۔

س:۔پاکستان میں وزارت معاشرتی بہبود کب قائم ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۵۶ء میں۔

س:۔پاکستان کی پہلی سائنس کانفرنس کب منعقد ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۵۰ء میں۔

س:۔لفظ پاکستان کے خالق چوہدری رحمت علی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۳فروری ۱۹۵۱ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا پہلا نشان حیدر کسے ملا تھا؟۔

ج:۔راجہ محمد سرور شہید کو۔

س:۔دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس پنجاب کے کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟۔

ج:۔۲۲فروری ۱۹۷۴ء کو لاہور میں۔

س:۔شہید ملت لیاقت علی خان بھارت کی کس ریاست میں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔کرنال میں۔

س:۔۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ میں نشان حیدر کا اعزاز کس مجاہد کو ملا تھا؟۔

ج:۔میجر راجا عزیز بھٹی کو۔

س:۔پاکستان بننے کے بعد پہلا ریڈیو اسٹیشن کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں شرح اموات کا تناسب کیا ہے؟۔

ج:۔۲۵،افراد فی ہزار۔

س:۔پاکستان کی بری فوج کا ہیڈ کوارٹر کہاں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔راجا عزیز بھٹی شہید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔

ج:۔۶،اگست ۱۹۲۳ء کو ہانگ کانگ میں۔

س:۔کراچی یونیورسٹی کب قائم ہوئی؟۔

ج:۔ ۱۹۵۱ء میں۔

س:۔ پاکستان کے سب سے قدیم روزنامے کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ نوائے وقت۔

س:۔ طبعی اعتبار سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟۔

ج:۔ چار۔

س:۔ پاکستان میں بارش کی سالانی اوسط کیا ہے؟۔

ج:۔ ۱۵، انچ۔

س:۔ پاکستان میں دوسری مردم شماری کب ہوئی تھی؟۔

ج:۔ ۱۹۶۱ء میں۔

س:۔ پاکستان میں زراعت کا سب سے بڑا مسئلہ کیا ہے؟۔

ج:۔ سیم اور تھور۔

س:۔ اسٹیٹ بنک آف پاکستان کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو۔

س:۔ پاکستان میں کل کتنے ریلوے اسٹیشن ہیں؟۔

ج:۔ ۸۶۰۔

س:۔پاکستان کی پہلی سفیر خاتون کا نام بتایئے؟۔
ج:۔بیگم رعنا لیاقت علی خان۔
س:۔مزار قائد اعظم کے احاطے میں ہر سال ۱۵ فروری کا کس شخصیت کی برسی منائی جاتی ہے؟۔
ج:۔سردار عبد الرب نشتر کی۔
س:۔پاکستان کی قومی اسمبلی کے پہلے اجلاس کی صدارت کا اعزاز کس شخصیت کو ملا تھا؟۔
ج:۔قومی اسمبلی کے اسپیکر مولانا عبد الوہاب کو۔
س:۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اسلامی دنیا کی ترجمانی کرنے والے پاکستانی صدر کا نام بتایئے؟۔
ج:۔مرحوم صدر جنرل ضیاالحق۔
س:۔صدارتی انتخاب میں حصہ لینے والی واحد پاکستانی خاتون کا نام بتایئے؟۔
ج:۔محترمہ فاطمہ جناح۔
س:۔پاکستان میں سب سے پہلے صوبائی اسمبلی میں اردو بجٹ پیش کرنے کا اعزاز کسے حاصل ہوا؟۔

ج:۔سردار عبدالرب نشتر کو۔

س:۔پاکستان کی دستور ساز اسمبلی میں کون سی دو خواتین شامل تھیں؟۔

ج:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ اور بیگم نواب صدیق علی خان۔

س:۔تہران میں دفن ہونے والے اس پاکستانی سربراہ مملکت کا نام بتائیے، جن کا انتقال ان کی سال گرہ والے دن ہوا؟۔

ج:۔سکندر مرزا(۱۳ نومبر ۱۸۹۹ء) پیدائش (وفات ۱۳ نومبر ۱۹۶۹ء)

س:۔۲۵ مارچ ۱۹۶۹ء سے ۲۰ دسمبر ۱۹۷۱ء تک صدر پاکستان کے فرائض انجام دینے والے بری فوج کے کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔آغا محمد یحییٰ خان۔

س:۔سینٹ اور قومی اسمبلی کے ذریعے منتخب ہونے والے پاکستانی صدر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔چودھری فضل الٰہی۔

س:۔پاکستان کے پہلے فیلڈ مارشل اور بری فوج کے مسلمان کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔فیلڈ مارشل محمد ایوب خان۔

س:۔پاکستان میں عقابوں کا شہر کسے کہتے ہیں؟۔

ج:۔سرگودھا کو۔

س:۔پاکستان کے پہلے نائب نورالامین کو مزار قائداعظم کے پہلو میں کب دفن کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۲، اکتوبر ۱۹۷۴ء کو۔

س:۔پاکستان کے اس قدیم ترین شہر کا نام بتائیے جسے گلشن اقبال کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔سیالکوٹ۔

س:۔پاکستان کے اس واحد شہر کا نام بتائیے، جس میں سوئی گیس کے علاوہ کوئی دوسرا ایندھن استعمال نہیں کیا جاتا؟۔

ج:۔اسلام آباد۔

س:۔پاکستان کے کس شہر میں پاکستان کا ہائیڈ پارک ہے۔

ج:۔لاہور موچی دروازہ میں۔

س:۔پاکستان کے کن شہروں کا باغات کا شہر کہتے ہیں؟۔

ج:۔کوئٹہ اور لاہور کو۔

س:۔پاکستان کے کس شہر کو سب سے پہلے میٹروپولیٹن ہونے کا درجہ حاصل ہوا؟۔

ج:۔کراچی کو۔

س:۔۲ جنوری ۱۹۶۲ء کو پی، آئی، اے، کے ایک بوئنگ ۷۲۰ طیارے نے لندن اور کراچی کے

۳۹۲۳ میل کا سفر چھ گھنٹے ۴۵ منٹ اور ۲۳ سیکنڈ میں طے کر کے پرواز کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا، اسے کون چلا رہا تھا؟۔

ج:۔عبد اللہ بیگ۔

س:۔برصغیر میں محمد بن قاسم کے آباد کردہ،، منصورہ نامی،، شہر کے آثار پاکستان کے کس شہر میں پائے گئے؟۔

ج:۔شہداد پور ضلع سانگھڑ (صوبہ سندھ) میں۔

س:۔راولپنڈی سے ۳۰ میل کی دوری پر واقع آثار قدیمہ کے اس عجائب گھر کا نام بتائیے، جس میں گندھارا آرٹ کے بہترین مجسمے اور سکے محفوظ کیے گئے ہیں؟۔

ج:۔ٹیکسلا۔

س:۔پاکستان میں ائیر پورٹ سکیورٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔۱۹۷۵ء میں۔

پاکستان میں بننے والی پہلی فلم،، تیری یاد،، ۱۸، اگست ۱۹۴۸ء کو نمائش کے لئے کس سینما میں پیش کی گئی تھی؟۔

ج:۔پربھارت سینما (موجودہ صنوبر سینما) لاہور میں۔

س:۔بانی پاکستان کا وائیکاٹ طیارہ کس عجائب گھر کی زینت بنا؟۔

ج:۔پشاور کے فضائیہ عجائب گھر کی

س:۔پاکستان میں قائد اعظم کا صد سالہ جشن کب منایا گیا؟۔

ج:۔۱۹۷۶ء میں۔

س:۔پاکستان میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟۔

ج:۔۳۲۔

س:۔کراچی میں قومی پرچم سب سے پہلے کس نے لہرایا تھا؟۔

ج:۔مولانا شبیر احمد عثمانی نے۔

س۔پاکستانی پرچم میں سفید پٹی کس بات کی نشان دہی کرتی ہے؟۔

ج:۔اقلیتی فرقوں کی۔

س:۔پاکستان میں قومی پرچم لہرانے کی پہلی تقریب سرکاری طور پر کہاں منعقد ہوئی؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔پاکستان میں قومی پرچم سال میں مستقل کتنی بار اور کن کن موقعوں پر سرنگوں کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔دو بار، قائد اعظم اور لیاقت علی خان کی برسی پر۔

س:۔ پاکستان کے قومی پرچم میں سفید عمودی پٹی اور چاند ستارے کا اضافہ کب ہوا تھا؟۔
ج:۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء اور ۹ فروری ۱۹۴۹ء کو۔
س:۔ کراچی کب تک ملک کا صدر رہا؟۔
ج:۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۰ء تک۔
س:۔ مینار پاکستان کو کس اہم واقعہ سے نسبت ہے؟۔
ج:۔ ۱۹۴۰ء کی قرارداد پاکستان سے۔
س۔ پاکستان نے اولمپک ہاکی کھیلوں میں بھارت کو کب اور کہاں شکست دی تھی؟۔
ج:۔ ۱۹۶۰ء میں روم میں۔
س:۔س۔ پاکستان نے اولمپک ہاکی کھیلوں کے مقابلہ میں ۱۹۶۸ء میں کس ملک کی ٹیم کو ہرا کر عالمی چمپئین کا اعزاز حاصل کیا؟۔
ج:۔ اسٹریلیا کی ٹیم کو۔
س:۔ بادشاہی مسجد لاہور کو جس کا شمار دنیا کی بڑی بڑی مساجد میں ہوتا ہے، کس مغل شہنشاہ نے تعمیر کرایا تھا؟۔
ج:۔ اورنگ زیب عالم گیر نے
س:۔ ۱۹۴۰ء میں قرارداد پاکستان لاہور کے کس مقام پر منظور ہوئی تھی؟۔
ج:۔ علامہ اقبال پارک میں۔
س:۔ پاکستان میں ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۶۶ء بروز جمعرات کو کیوں اہمیت حاصل ہے؟۔
ج:۔ یہ قیام پاکستان کا دن ہے۔
س:۔ پاکستان میں پندرھویں صدی ہجری کا آغاز کب ہوا تھا؟۔
ج:۔ ۱۹ نومبر ۱۹۷۹ء، بمطابق ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۹۹ء بروز پیر کو۔
س:۔ پاکستان کے طویل ترین آدمی کا نام بتایئے؟۔
ج:۔ محمد عالم چنا (قد ۸ فٹ تین انچ)
س:۔ پاکستان میں غلاف کعبہ کی نمائش کب ہوئی تھی؟۔
ج:۔ مارچ ۱۹۶۳ء کو
س:۔ پاکستان کی سب سے قدیم یونیورسٹی کا نام بتایئے؟۔
ج:۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور۔
س: پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کہاں پر ہے؟۔
ج:۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور۔
س: پاکستان میں بری اور بحری اور ہوائی جہاز کے پہلے کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔مسلمان جنرل محمد ایوب خان (بری) حاجی محمد صدیق (بحری) اور ائیر مارشل اصغر خان (ہوائی)

س: پاکستان میں اعشاری نظام زر اور اعشاری نظام ناپ تول کب نافذ ہوا؟۔

ج:۔نظام زر ۱۹۶۱ء اور نظام ناپ تول ۱۹۷۴ء میں۔

س: پاکستان کے اسٹاف کالج کوئٹہ میں کن عظیم شخصیات نے تربیت پائی؟۔

ج:۔فیلڈ مارشل منٹگمری، فیلڈ مارشل ویول، فیلڈ مارشل ولیم، اسکم جنرل رفیق عارف، جنرل کری آپا، فیلڈ مارشل محمد ایوب خان، جنرل محمد موسیٰ، جنرل محمد ضیاالحق نے۔

س:۔پاکستان میں سوئی گیس کا سب سے بڑا ذخیرہ کہاں ہے؟۔

ج:۔بلوچستان میں سوئی کے مقام پر۔

س: پاکستان کی سب سے بڑی نمک کی کان جس سے سکندر اعظم کے وقت سے نمک نکالا جا رہا ہے، کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔کھیوڑہ (کھدائی ۱۸۵۰ء)

س:۔۱۹، اکتوبر ۱۹۵۱ء کو خواجہ ناظم الدین نے کس کی جگہ وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالا تھا؟۔

ج:۔خان لیاقت علی خان کی جگہ۔

س: پاکستان میں تحریک ختم نبوت کے سلسلے میں جنرل اعظم کو کتنے عرصے کے تک مارشل لاء لگانا پڑا۔

ج:۔سوا دو ماہ تک۔

س: پاکستان کے اس واحد گورنر جنرل کا نام بتایئے، جنہیں تحریک ختم نبوت کے سلسلے میں ہونے والے بحران کے نتیجے میں سبکدوش ہونا پڑا؟۔

ج:۔خواجہ ناظم الدین (۷، اپریل ۱۹۵۳ء)

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں کل کتنے ٹی، وی سینٹرز ہیں؟۔

ج:۔پانچ، پشاور، راولپنڈی، کراچی، اسلام آباد، لاہور، کراچی اور کوئٹہ۔

س:۔راولپنڈی کا پرانا نام بتایئے؟۔

ج:۔گزنی پور۔

س: پاکستان ریلوے کی تین مشہور ٹرین کے نام بتایئے؟۔

ج:۔تیز گام، کراچی ایکسپریس اور عوام ایکسپریس۔

س:۔۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران پاکستان کے وزیر دفاع کون تھے؟۔

ج:۔جنرل عبد الحمید۔

س: پاکستان کا سب سے چھوٹا دریا کون سا ہے؟۔

ج:۔ دریائے راوی۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ،، جناح ہسپتال،، پاکستان کے کس شہر میں واقع ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ خواتین کا مشہور،، فاطمہ جناح میڈیکل کالج پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ لاہور میں۔

س:۔ نشتر میڈیکل کالج کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ ملتان میں۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے بڑا ریگستان کون سا ہے؟۔

ج:۔ تھر پارکر۔

س:۔ پاکستان کے سب سے بڑی ڈیم کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ تربیلا ڈیم۔

س:۔ قیام پاکستان کے بعد پاکستان کا جھنڈا پہلی بار کس ملک میں لہرایا گیا تھا؟۔

ج:۔ فرانس میں۔

س:۔ پاکستان میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ چار۔

س:۔ کیا آپ پاکستان کا پورا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان۔

س:۔ صوبہ سرحد کا صدر مقام کون سا ہے؟۔

ج:۔ پشاور۔

س:۔ قادیانیوں کو غیر مسلم کب قرار دیا گیا؟۔

ج:۔ ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو۔

س:۔ ۱۹۵۱ء کی مردم شماری کے وقت پاکستان کی آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔ تین کروڑ اڑتالیس لاکھ۔

س:۔ کیا آپ صوبہ سرحد کا محل وقوع بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ ۳۸ درجہ۔ ۳۱ درجہ، عرض بلد شمالی اور ۷۵، ۶۹ طول بلد شرق۔

س:۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کا اجلاس کب ہوا؟۔

ج:۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو

س:۔ صوبہ بلوچستان میں فی مربع میل آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔ ۱۸، افراد فی مربع میل۔

س:۔پاکستان کے پہلے وزیر داخلہ کون تھے؟۔

ج:۔خواجہ شہاب الدین۔

س:۔پاکستانی فنڈ کب قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۶جون ۱۹۴۷ءکو

س:۔ایران پاکستان کی کس سمت میں واقع ہے؟۔

ج:۔مغرب میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ لاہور کا مرکزی تارگھر کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۸۸۰ءمیں۔

س:۔مینار پاکستان لاہور کے کس پارک میں تعمیر کیا گیا؟۔

ج:۔اقبال پارک (منٹو پارک)

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان نے کامن ویلتھ (دولت مشترکہ) سے کب علیحدگی اختیار کی تھی؟۔

ج:۔۳۰جون ۱۹۷۲ءکو

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں تیل کا کنواں سب سے پہلے کب کھودا گیا تھا؟۔

۱۸۸۴ءمیں۔

س:۔شاہ عبد الطیف بھٹائی کا مزار صوبہ سندھ کے کس حکمران نے بنوایا تھا؟۔

ج:۔غلام شاہ کلہوڑا نے۔

س:۔نہر لوئر چناب کی لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔۴۳۷میل۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں بننے والے سب سے پہلے ٹریکٹر کا نام کیا تھا؟۔

ج:۔باغبان۔

س:۔پاکستان میں شامل ہونے والی آزاد ریاستوں کی تعداد بتایئے؟۔

ج:۔دس۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا آئین صدارتی تھا یا پارلیمانی؟۔

ج:۔صدارتی۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کس براعظم میں واقع ہے؟۔

ج:۔ایشیا میں۔

س:۔آر،سی،ڈی کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔۲۱جولائی ۱۹۶۴ءکو

س:۔چین اور پاکستان کے درمیان پہلا معاہدہ کب ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں

س:۔پاکستان کا جدید ترین شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد۔

س:۔اسلام آباد میں کون سی سواری کا داخلہ ممنوع ہے؟۔

ج:۔موٹر رکشا کا۔

س:۔س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ بانی پاکستان قائد اعظم کا صد سالہ جشن ولادت کب منایا گیا؟۔

ج:۔۱۹۷۶ء میں۔

س:۔سول سیکرٹریٹ کی عمارت پر پہلی بار مسلم لیگ کا جھنڈا کس نے لہرایا تھا؟۔

ج:۔فاطمہ صغریٰ نے۔

س:۔سندھی زبان کے حروف تہجی کی تعداد بتایئے؟۔

ج:۔۵۲۔

س:۔پاکستان آرمی میوزیم کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔لڈی کس صوبے کا مشہور رقص ہے؟۔

ج:۔پنجاب کا۔

س:۔پاکستان نیشنل پارک کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔پاکستان کے کس سائنس دان کو سائنس کا نوبل انعام دیا گیا؟۔

ج:۔ڈاکٹر عبد السلام کو۔

س:۔بھنبھور کے آثار قدیمہ کس ضلع میں ہیں؟۔

ج:۔ٹھٹھہ (سندھ میں)

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں جمبو جیٹ طیاروں کی پرواز پہلی بار کن دو شہروں کے درمیان شروع کی گئی تھی؟۔

ج:۔اسلام آباد اور کراچی کے درمیان۔

س:۔پشتو زبان کے حروف تہجی کی تعداد بتایئے؟۔

ج:۔۴۳۔

س:۔پاکستان اور افغانستان کو کون سی سرحدی لائن الگ کرتی ہے؟۔

ج:۔ ڈیورنڈ رلائن۔

س:۔ سلامتی کونسل میں تلاوت قرآن پاک کا اعزاز کسے حاصل ہوا؟۔

ج:۔ قاری شاکر قاسمی کا۔

س:۔ لاہور میں خشک گودی کا افتتاح کب ہوا؟۔

ج:۔ ۱۸، اپریل ۱۹۷۴ء کو

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا ایٹمی تحقیقاتی ادارہ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد میں

س:۔ پاکستان میں بارش زیادہ کن مہینوں میں پڑتی ہے؟۔

ج:۔ مئی اور جون میں۔

س:۔ پاکستان آب وہوا کے کس خطے میں واقع ہے؟۔

ج:۔ مون سون میں۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سینٹ کا سربراہ کیا کہلاتا ہے؟۔

ج:۔ چیرمین۔

س:۔ قومی اسمبلی کے سربراہ کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ اسپیکر۔

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت پاکستان کا تجارتی بیڑا کتنے جہازوں پر مشتمل تھا؟۔

ج:۔ ۳، جہازوں پر۔

س:۔ قیام پاکستان کے بعد پنجاب کے پہلے گورنر جنرل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ سر فرانسس موڈی۔

س:۔ پاکستان میں خواندگی کی شرح تناسب کتنی ہے؟۔

ج:۔ ۲۶،۴ فی صد۔

س:۔ صوبہ سندھ کے پہلے وزیر اعلیٰ کون تھے؟۔

ج:۔ محمد ایوب کھوڑو۔

س:۔ شاہراہ ریشم کب کھولی گئی؟۔

ج:۔ ۱۸ جون ۱۹۷۸ء کو

س:۔ پاکستان کے دستور کے مطابق پاکستان افواج کا کمانڈر انچیف کون ہوتا ہے؟۔

ج:۔ سپریم کمانڈر۔

س:۔ ۱۹۶۵ء میں محترمہ فاطمہ جناح نے کس کے خلاف صدارتی الیکشن لڑا تھا؟۔

ج:۔ایوب خان کے۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ ڈیرہ اسمٰعیل خان کس نے آباد کیا تھا؟۔

ج:۔سردار سراب خان بلوچ نے ۱۵۶۹ء میں۔

س:۔پاکستان میں نجی بینکوں کو کب قومی تحویل میں دیا گیا؟۔

ج:۔یکم جنوری ۱۹۷۴ء کو۔

س:۔پاکستان کے پہلے اور آخری سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ذوالفقار علی بھٹو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا فضائیہ کا ہیڈ کوارٹر کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔پشاور میں۔

س:۔پاکستان میں پہلا ایٹمی بجلی گھر کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔کراچی میں،۱۹۵۲ء میں۔

س:۔پاکستان کے کس شہر کو بغداد الجدید کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔بہاول پور کو۔

س:۔پاکستان کا سب سے پرانا بند کون سا ہے؟۔

ج:۔سکھر بیراج۔

س:۔جنرل یحییٰ صدارت کے عہدے سے کب مستعفی ہوئے؟۔

ج:۔۲۰ دسمبر ۱۹۷۱ء کو

س:۔پنجاب کا کتنے فی صد رقبہ ریگستانوں پر مشتمل ہے؟۔

ج:۔۱۰ فی صد۔

س:۔اٹک کی وجہ شہرت بتایئے؟۔

ج:۔تیل کے چشمے۔

س:۔پاکستان معاہدہ سینٹو میں کب شامل ہوا؟۔

ج:۔۲۳ ستمبر ۱۹۵۵ء کو۔

س:۔کراچی پورٹ ٹرسٹ کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔۱۸۸۶ء میں۔

س:۔کوہ سفید کن دریاؤں کے درمیان واقع ہے؟۔

ج:۔دریائے کابل اور دریائے کرم کے درمیان۔

س:۔آغا خان میڈیکل کالج اور ہسپتال،صوبہ سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔ پاکستان کے کس صوبے کی تیس فی صد سے زیادہ آبادی کچے مکانوں میں رہتی ہے؟۔

ج:۔صوبہ سندھ کی۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ مصر میں پہلے پاکستانی سفیر کون تھے؟۔

ج:۔میاں بشیر احمد۔

س:۔وہ کون سا ستارہ ہے جو پاکستان میں ہمیشہ ایک ہی طرف دکھائی دیتا ہے؟۔

ج:۔قطب ستارہ۔

س:۔پاکستان کا پہلا ریڈیو ایکٹر کس شہر میں لگایا گیا تھا؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

س:۔اس خاتون کا نام بتایئے جو مراکش میں پاکستان کی سفیر رہ چکی ہیں؟۔

ج:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ۔

س:۔کیا یہ درست ہے کہ مصر کا اسوان ڈیم پاکستان کے تربیلا ڈیم سے بڑا ہے؟۔

ج:۔جی ہاں تربیلا ڈیم سے اسوان ڈیم بڑا ہے۔

س:۔موہنجوڈارو کے آثار قدیمہ کب دریافت ہوئے؟۔

ج:۔۱۹۲۲ء میں۔

س:۔مغربی پاکستان کے ایک سابق گورنر نواب آف کالا باغ کو ان کے بیٹے نے گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا۔کیا آپ سن اور تاریخ بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۲۶ نومبر ۱۹۶۷ء کو

س:۔انناس ایک مشہور پھل ہے بتایئے یہ پھل ہمارے ملک میں کہاں کہاں ہوتا ہے؟۔

ج:۔انناس ہمارے ملک میں پیدا نہیں ہوتا؟۔

س:۔پاکستان کے دوسرے صدر مملکت کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ایوب خان۔

س:۔ایوب خان نے صدر مملکت کی حیثیت میں کب حلف اٹھایا تھا؟۔

ج:۔۱۷ فروری ۱۹۶۰ء کو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صاحب زادہ محمد خورشید کس صوبے کے پہلے مسلمان گورنر تھے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد کے۔

س:۔صوبہ پنجاب کے ایک سابق گورنر پاکستان کے وزیر اعظم بھی رہ چکے ہیں؟۔

ج:۔آئی، آئی، چندریگر۔

س:۔پیر الہٰی بخش کس صوبے کے وزیر اعلیٰ تھے؟۔

ج:۔صوبہ سندھ کے۔

س:۔ پاکستان کے کس شہر کو عقابوں کا نشیمن کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ سرگودھا۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت ہمارے پاس چینی کے کتنے کارخانے تھے؟۔

ج:۔ صرف دو۔

س:۔ کراچی میں قائم کی گئی اسٹیل مل پہلے کہاں قائم کی جانے والی تھی؟۔

ج:۔ پنجاب میں۔

س:۔ ۱۷ نومبر ۱۹۶۷ء کو پاکستان کی کس اہم شخصیت نے سیاست میں حصہ لینے کا اعلان کیا تھا؟۔

ج:۔ سابق ایر مارشل اصغر خان نے۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ گرمیوں میں سبی کا درجہ حرارت کہاں تک پہنچ جاتا ہے؟۔

ج:۔ ۵۰ درجہ سینٹی گریڈ تک۔

س:۔ کیا آپ سکھر بیراج کا پرانا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ لائیڈ بیراج۔

س:۔ پنجاب کے کس شہر کو، پاکستان کا برمنگھم کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ سیال کوٹ کو۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ گلگت اور بلتستان کے عوام نے پاکستان سے کب الحاق کیا تھا؟۔

ج:۔ یکم نومبر ۱۹۴۸ء کو۔

س:۔ دریائے چناب چنیوٹ سے کتنے فاصلے پر بہتا ہے؟۔

ج:۔ دو میل کے فاصلے پر۔

س:۔ پاکستان کے ایک وزیر اعظم پاکستان کے پہلے وزیر تجارت بھی تھے، کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ آئی، آئی، چندریگر۔

س:۔ پاکستان کے کس صوبے میں سب سے کم بارش ہوتی ہے؟۔

ج:۔ بلوچستان میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ وادی نیلم سطح سمندر سے کتنی بلند ہے؟۔

ج:۔ ۲۸۰۰ فٹ سے ۱۵۰۰۰ فٹ تک۔

س:۔ رن کچھ کے متنازعہ علاقوں کو پاک و ہند حکومتوں نے کب ایک دوسرے کے حوالے کیا؟۔

ج:۔ ۵ جولائی ۱۹۶۹ء کو

س:۔ پرائز بانڈز کا اجرا کون سا بینک کرتا ہے؟۔

ج:۔ اسٹیٹ بنک۔

س:۔ خان پور ڈیم کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔ صوبہ سرحد میں۔

س:۔ کیا آپ پاکستان کے پہلے وزیر داخلہ کا نام جانتے ہیں؟۔

ج:۔ خواجہ شہاب الدین۔

س:۔ پاکستان کے ایک گورنر جنرل نے ۲۲، اکتوبر ۱۹۵۴ء کو آئین ساز اسمبلی توڑ دی تھی، کیا آپ اس گورنر جنرل کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ غلام محمد۔

س:۔ سندھ کا سب سے پرانا بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ ادارہ تحقیقات اسلامی کب قائم ہوا؟۔

ج:۔ ۱۹۶۰ء میں۔

س:۔ خان آف قلات کو صوبہ بلوچستان کا گورنر کب مقرر کیا گیا؟۔

ج:۔ ۲ جولائی ۱۹۷۴ء کو۔

س:۔ وارسک ڈیم کی تعمیر میں کس ملک نے مدد کی تھی؟۔

ج:۔ کینیڈا نے۔

س:۔ قائداعظم کی سیاسی زندگی کتنے سالوں پر محیط ہے؟۔

ج:۔ ۴۲ سالوں پر۔

س:۔ کیا آپ اس ریاست کا نام بتا سکتے ہیں جو پاکستان میں شامل ہونے سے پہلے، مملکت خداداد کہلاتی تھی؟۔

ج:۔ ریاست بہاول پور۔

س:۔ پاکستان کے دوسرے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔ ۱۹۶۴ء میں۔

س:۔ شملہ معاہدے پر کس تاریخ کو دستخط ہوئے تھے؟۔

ج:۔ ۳ جولائی ۱۹۷۲ء کو۔

س:۔ پاکستان بحریہ کے تیسرے کمانڈر انچیف کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ اے، آر، خان۔

س:۔سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کے کس صدر نے دستخط کیے تھے؟۔

ج:۔ایوب خان نے۔

س:۔راولپنڈی ریڈیو اسٹیشن کب قائم کیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۵۰ء میں۔

س:۔صحرائے اورنگ زیب کس صوبے میں واقع ہے؟۔

ج:۔سرحد میں۔

س:۔٦ مئی ۱۹۸۰ء کو کس بلوچی فنکار کا انتقال ہوا؟۔

ج:۔فیض محمد بلوچ کا۔

س:۔اردو سائنس کالج کراچی کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد پاکستان کے کس صدر نے رکھا تھا؟۔

ج:۔ایوب خان نے

س:۔کراچی کی مشہور بستی کورنگی کا نقشہ کس ملک کے ماہر تعمیرات نے بنایا تھا؟۔

ج:۔یونان کے ماہر تعمیرات نے۔

س:۔پاکستان میں سب سے پرانی سرنگ کون سی ہے؟۔

ج:۔خوجک سرنگ (بلوچستان)

س:۔کیا آپ پاکستان کی مشہور چوٹی کے،ٹو کا دوسرا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔کوہ اکبریا، کوہ بابر۔

س:۔پاکستان حاصل کرو یا مٹ جاؤ،، بتائیے یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟۔

ج:۔قائداعظم نے علی گڑھ یونیورسٹی میں۔

س:۔کراچی میں زیادہ بارش ہوتی ہے یا سیالکوٹ میں؟۔

ج:۔سیالکوٹ میں۔

س:۔لاہور سے ساہی وال کا فاصلہ زیادہ ہے یا اسلام آباد کا؟۔

ج:۔اسلام آباد کا

س:۔اسلام آباد سے لاہور کا فاصلہ زیادہ ہے یا پشاور کا؟۔

ج:۔لاہور کا۔

س:۔صوبہ پنجاب کے سابق گورنر اور قائداعظم کے مخلص ساتھی سردار عبد الرب نشتر کب فوت ہوئے؟۔

ج:۔۱۴ فروری ۱۹۵۸ء کو۔

س:۔کیا آپ بری فوج کے دوسرے چیف آف سٹاف کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔جنرل محمد ضیاالحق (مرحوم)

س:۔ پاک فضائیہ کے پہلے چیف آف سٹاف کون تھے؟۔

ج:۔ ائیر مارشل ظفر چودھری۔

س:۔ پاکستان کی بری فوج کے موجودہ چیف آف سٹاف کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ مرزا اسلم بیگ۔

س:۔ یکم مارچ ۱۹۷۶ء کو پاکستان کی تینوں مسلح افواج کو مربوط کرنے کے لئے کون سا نیا عہدہ بنایا گیا ہے؟۔

ج:۔ چیئر مین جائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی۔

س:۔ پاکستان میں قدرتی گیس کا پہلا ذخیرہ سوئی کے مقام پر کب دریافت کیا گیا؟۔

ج:۔ ۱۹۵۲ء میں۔

س:۔ تربیلا ڈیم پر کل کتنی لاگت آئی؟۔

ج:۔ ۱۴، ارب روپے۔

س:۔ کیا آپ پاکستان کی پہلی خاتون پائلٹ کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ شکریہ خانم۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے قومی ترانے میں کل کتنے مصرعے ہیں؟۔

ج:۔ ۱۵۔

س:۔ پاکستان میں تیار ہونیوالے پہلے بحری جہاز کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ العباس۔

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ جغرافیائی اعتبار سے پاکستان کس منطقے میں واقع ہے؟۔

ج:۔ منطقہ معتدلہ میں۔

س:۔ حکومت پاکستان نے سب سے پہلے جو نوٹ جاری کیے ان پر کس کے دستخط تھے؟۔

ج:۔ سر وکٹر ٹرنر کے۔

س:۔ آئین کی رو سے صدر پاکستان کی غیر حاضری میں قائم مقام سربراہ کون ہو سکتا ہے؟۔

ج:۔ سینٹ کا چئیر مین۔

س:۔ کراچی کے بعد سندھ کا دوسرا بڑا شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔ حیدر آباد۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سندھ کا کون سا شہر چار سو سال تک سندھ کا دارالحکومت رہا ہے؟۔

ج:۔ ٹھٹھہ یا ٹھٹھا۔

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان کے دوسرے چیف جسٹس کون تھے؟۔

ج:۔ جسٹس محمد منیر۔

س:۔ پاکستان کے کس شہر میں سب سے زیادہ کتابیں شائع ہوتی ہیں؟

ج:۔ لاہور میں۔

س:۔ پاکستان کے بڑے بڑے اشاعتی ادارے کس شہر میں ہیں؟۔

ج:۔ لاہور میں

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۵۶ء کی دستور ساز اسمبلی میں حسین شہید سہروردی کس پارٹی کے پارلیمانی لیڈر تھے؟۔

ج:۔ عوامی لیگ کے۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں معیاری وقت کب رائج کیا گیا؟۔

ج:۔ ۱۹۵۱ء میں۔

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان کا پہلا ٹی،وی اسٹیشن کب اور کس شہر میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔ ۱۹۶۴ء کو لاہور میں۔

س:۔ پاکستان پہلی بار اولمپکس چمپئین کب بنا تھا؟۔

ج:۔ ۱۹۶۰ء کو روم اولمپکس میں۔

س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان کا پہلا سکہ کس تاریخ کو جاری ہوا؟۔

ج:۔ ۳ جنوری ۱۹۴۸ء کو

س:۔ پاکستان کے قومی پرچم کی چوڑائی اور لمبائی میں کیا نسبت ہے؟۔

ج:۔ ۲:۳۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں ڈاک کا ٹکٹ کب جاری ہوا؟۔

ج:۔ ۹ جولائی ۱۹۴۸ء کو

س:۔ لاہور ٹی،وی، اسٹیشن کس ملک کے تعاون سے قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ جاپان کے۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء کو پاکستان بحریہ کے کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔ ریئر ایڈمرل حاجی محمد صدیق۔

س:۔ پاکستان کی پہلی پنجابی فلم کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ پھیرے۔

س:۔س:۔ پاکستان کی پہلی پنجابی فلم پھیرے کے ہدایت کار کون تھے؟۔

ج:۔ مرحوم نذیر۔

س:۔ پاکستان کی پہلی پنجابی فلم کی موسیقی کس مشہور موسیقار نے ترتیب دی؟۔

ج:۔ جی،اے چشتی۔

س: اس وقت پاکستان میں کل کتنے فلم اسٹوڈیو کام کر رہے ہیں؟۔

ج: ۔گیارہ۔

س: ۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ کوئٹہ یونیورسٹی کس سن میں قائم کی گئی؟۔

ج: ۔۱۹۷۰ء میں

س: ۔پاکستان کی دستور ساز اسمبلی نے قومی پرچم کا ڈیزائن کب منظور کیا تھا؟۔

ج: ۔۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو

س: ۔س: ۔کیا آپ کو اس سابق وزیر اعظم کا نام معلوم ہے جو قومی اسمبلی کے اسپیکر بھی تھے؟۔

ج: ۔فضل القادر چودھری۔

س: ۔س: ۔کیا آپ کو پاکستان کی سب سے پہلی خبر رساں ایجنسی کا نام معلوم ہے؟۔

ج: ۔نیوز ٹرسٹ آف پاکستان۔

س: ۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کلھوڑا خاندان نے سندھ پر کتنے برس حکومت کی؟۔

ج: ۔اسی (۸۰) سال تک۔

س: ۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ ۱۹۶۴ء میں پاکستان کی کس مسجد کی تعمیر شروع ہوئی؟۔

ج: ۔ٹھٹھہ کی شاہ جہان مسجد کی۔

س: ۔پاکستان میں سب سے پہلے ایکسپورٹ بونس اسکیم کا اجرا کب ہوا؟۔

ج: ۔۱۰ جنوری ۱۹۵۹ کو۔

س: ۔قائداعظم نے چودہ نکات میں سندھ کے متعلق کون سا مطالبہ کیا تھا؟۔

ج: ۔سندھ کو بمبئی سے الگ کر دیا جائے۔

س: ۔کیا آپ پاکستان کے پہلے وزیر دفاع کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج: ۔شہید ملت لیاقت علی خان۔

س: ۔پاکستان کا قومی عجائب گھر کس سن میں اور کس شہر میں قائم کیا گیا؟۔

ج: ۔۱۹۵۰ء میں

س: ۔کیا آپ پاکستان کے دوسرے صدر مملکت کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج: ۔محمد ایوب خان۔

س: ۔پاکستان کے قومی پھول کا نام بتائیں؟۔

ج: ۔یاسمین۔

س: ۔پاکستان کے ایک سابق وزیر اعظم ایسے بھی تھے، جو بیک وقت پنجاب کے گورنر بھی مقرر ہوئے، ان کے نام بتایئے؟۔

ج: ۔ابراہیم، اسماعیل چندری گر۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۸۴ء میں پاکستان میں کل کتنے ڈاک خانے تھے؟۔
ج:۔۱۱۶۹۸۔
س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے کس علاقے میں سب سے کم بارش ہوتی ہے؟۔
ج:۔نوکنڈی (بلوچستان) میں۔
س:۔پاکستان کے کس وزیراعظم کو راولپنڈی میں قتل کیا گیا؟۔
ج:۔نواب زادہ لیاقت علی خان۔
س:۔کیا آپ پاکستان کے پہلے بنک کا نام بتا سکتے ہیں؟۔
ج:۔حبیب بنک۔
س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پڑھے لکھے لوگوں کا تناسب پاکستان کے کس شہر میں سب سے زیادہ ہے؟۔
ج:۔کراچی میں۔
س:۔قیام پاکستان کے بعد ریڈیو پاکستان سے سب سے پہلی تلاوت کس نے کی تھی؟۔
ج:۔قاری علی تجمل نے۔
س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے بڑا عجائب گھر کہاں ہے؟۔
ج:۔نیشنل میوزیم کراچی۔
س:۔فیصل آباد کی زرعی یونیورسٹی کب قائم کی گئی؟۔
ج:۔۱۹۴۸ء میں
س:۔کیا آپ مینار پاکستان کی بلندی بتا سکتے ہیں؟۔
ج:۔۱۹۶ افٹ یا ۲۲۰ فٹ۔
س:۔۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق صوبہ بلوچستان کی آبادی کتنی تھی؟۔
ج:۔۴۳۶۰۰۰۔
س:۔دریائے جہلم اور دریائے چناب کی قدیم گزرگاہ کے علاقے کو کیا کہا جاتا ہے؟۔
ج:۔کہرانہ بار۔
س:۔مرحوم صدر ضیا الحق نیپاکستان اسٹیل ملز کا باقاعدہ افتتاح کب کیا؟۔
ج:۔۱۵ جنوری ۱۹۸۵ء کو۔
س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ بالاکوٹ کس صوبے میں ہے؟۔
ج:۔صوبہ سرحد میں۔
س:۔س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ راول ڈیم کا افتتاح کب ہوا؟۔
ج:۔۷ا مئی ۱۹۶۲ء کو۔

س:۔حکومت پاکستان نے قادیانیوں کے لئے اسلامی اصطلاحات کا استعمال کب جرم قرار دیا تھا؟۔

ج:۔۲۷ اپریل ۱۹۸۴ء کو۔

س:۔بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعر فیض احمد فیض کا تعلق کس شہر سے ہے؟۔

ج:۔سیال کوٹ سے۔

س:۔پنجاب کے کس شہر کو، شہر اقبال کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔سیال کوٹ کو۔

س:۔پاکستان کی بری فوج کے غیر مسلم کمانڈر انچیف کے نام بتایئے؟۔

ج:۔جنرل میسروری اور جنرل گریسی۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں پہلا اسپورٹس کمپلکس کب اور کہاں قائم ہوا؟۔

ج:۔۱۹۷۴ء کو کراچی میں۔

س:۔پاکستان کی شہری آبادی کا تناسب بتایئے؟۔

ج:۔۲۹ فیصد یا ۳۰ فی صد۔

س:۔اسلامک سمٹ لاہور کی بلندی بتایئے؟۔

ج:۔۱۵۰ فٹ۔

س:۔میر احمد یار خان آف قلات نے بلوچستان کے گورنر کا عہدہ کب سنبھالا تھا؟۔

ج:۔۳ جنوری ۱۹۷۴ء کو

س:۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ بانی پاکستان قائد اعظمؒ کے مزار کا سنگ بنیاد کس تاریخ کو رکھا گیا تھا؟۔

ج:۔۸ فروری ۱۹۶۰ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں، کہ بھارتی فلموں کی درآمد پر کب پابندی عائد کی گئی تھی؟۔

ج:۔اکتوبر ۱۹۶۵ء میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نمک پیدا کرنے والے ممالک میں پاکستان کس نمبر پر ہے؟۔

ج:۔پہلے نمبر پر۔

س:۔پاکستان کے کس علاقے کو گندھارا تہذیب کا سب سے مشہور علاقہ سمجھا جاتا تھا؟۔

ج:۔ٹیکسلا اور اس کے گردونواح کے علاقے کو۔

س:۔موجودہ پاکستان میں وہ کون سی قدیم یونیورسٹی تھی؟۔ جہاں دنیا کا پہلا بڑا فلسفی،، کپل، فلسفے کا استاد تھا؟۔

ج:۔ٹیکسلا، یونیورسٹی ٹیکسلا۔

س:۔سندھ کے موجودہ دارالحکومت کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کراچی۔

س:۔معاہدہ تاشقند پر کس سن میں دستخط ہوئے؟۔

ج:۔۱۰جنوری ۱۹۶۶ءکو

س:۔۱۹۶۶ءمیں پاکستان کے صدر کون تھے؟۔

ج:۔محمد ایوب خان۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کس تاریخ کو ہم سے جدا ہوئے؟۔

ج:۔۱۱ستمبر ۱۹۴۸ءکو۔

س:۔پاکستان کے پہلے وزیراعظم خان لیاقت علی خان کو کب شہید کیا گیا؟۔

ج:۔۱۶، اکتوبر ۱۹۵۱ءکو

س:۔پاکستان میں پہلا فوجی انقلاب کب آیا؟۔

ج:۔اکتوبر ۱۹۵۸ء میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان پر مارشل لاء کی پہلی لعنت کا نزول کب اور کس عہد میں ہوا؟۔

ج:۔اکتوبر ۱۹۵۸ءمیں جنرل اسکندر مرزا کے عہد میں۔

س:۔۱۹۵۸ءکے مارشل لاء کے نتیجے میں برسر اقتدار آنے والے فوجی جرنیل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔جنرل محمد ایوب خان۔

س:۔مشہور کشمیری لیڈر شیخ محمد عبداللہ پاکستان کے پہلے دورے پر کب تشریف لائے؟۔

ج:۔۱۹۶۴ءمیں۔

س:۔امیر بہاول پور کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۶ءمیں۔

س:۔ائیر مارشل اصغر خان نے،،جسٹس پارٹی،، کے قیام کا اعلان کب کیا تھا؟۔

ج:۔۱۴مارچ ۱۹۶۹ءکو۔

س:۔جنرل ایوب خان نے صدارت سے استعفیٰ کب دیا؟۔

ج:۔۲۳مارچ ۱۹۶۹ءکو

س:۔جنرل یحییٰ خان نے اقتدار کب سنبھالا؟۔

ج:۔۳۱مارچ ۱۹۶۹ءکو

س:۔چترال، دیر، اور سوات کی ریاستوں کو پاکستان میں کب ضم کیا گیا؟۔

ج: ۔ یکم اگست ۱۹۶۹ء کو

س: ۔ پاکستان کے سابق صدر جنرل سکندر مرزا کا انتقال کب ہوا؟۔

ج: ۔ ۱۳ نومبر ۱۹۶۹ء کو لندن میں۔

س: ۔ جنرل اسکندر مرزا کو کہاں دفن کیا گیا؟۔

ج: ۔ تہران (ایران) میں۔

س: ۔ صدر یحییٰ نے ون یونٹ توڑنے کا اعلان کب کیا؟۔

ج: ۔ ۲۸ نومبر ۱۹۶۹ء کو

س: ۔ صدر یحییٰ نے عام انتخابات کا اعلان کب کیا؟۔

ج: ۔ ۲۹ نومبر ۱۹۶۹ء کو۔

س: ۔ صدر یحییٰ نے عام انتخابات کے لیے کون سی تاریخ مقرر کی تھی؟۔

ج: ۔ ۱۵، اکتوبر ۱۹۷۰ء۔

س: ۔ پاکستان کے پہلے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور فیلڈ مارشل محمد ایوب خان سیاست سے کب ریٹائر ہوئے؟۔

ج: ۔ یکم جنوری ۱۹۷۰ء کو

س: ۔ جدہ میں اسلامی وزرائے خارجہ کی کانفرنس کا افتتاح کب ہوا؟۔

ج: ۔ ۲۴ مارچ ۱۹۷۰ء کو

س: ۔ ون یونٹ کب توڑا گیا؟۔

ج: ۔ یکم جولائی ۱۹۷۰ء کو۔

س: کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے پہلے عام انتخابات میں کون سی سیاسی جماعت نے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کیے تھے؟۔

ج: ۔ شیخ مجیب الرحمان کی عوامی لیگ نے۔

س: ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ۔ شیخ مجیب الرحمان کو کیوں گرفتار کیا گیا؟۔

ج: ۔ باغیانہ سرگرمیوں کے جرم میں۔

س: ۔ پاکستان میں پانچ سو اور سو روپے کے کرنسی نوٹ کب منسوخ کیے گئے تھے؟۔

ج: ۔ ۷ جون ۱۹۷۱ء کو

س: ۔ بھارتی فوجوں نے کس تاریخ کو مشرقی پاکستان کے تمام محاذوں پر حملہ کردیا؟۔

ج: ۔ ۲۳ نومبر ۱۹۷۱ء کو۔

س: ۔ مشرقی پاکستان کے بعد بھارت نے مغربی پاکستان پر کب حملہ کیا؟۔

ج: ۔ ۳ دسمبر ۱۹۷۱ء کو

س:۔سقوط مشرقی پاکستان کا سانحہ کب پیش آیا؟۔

ج:۔۱۶،دسمبر۱۹۷۱ءکو

س:۔جنرل یحییٰ کی جگہ ذوالفقار علی بھٹو کب پاکستان کے صدر بنے؟۔

ج:۔۲۰دسمبر۱۹۷۱ءکو

س:۔کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ شیخ مجیب الرحمٰن کو کب رہا کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۸جنوری۱۹۷۲ءکو

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ شیخ مجیب الرحمٰن کو کب رہا کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۸جنوری۱۹۷۲ءکو۔

س:کیا آپ جانتے ہیں کہ شیخ مجیب الرحمٰن نے ڈھاکہ میں آزاد بنگلہ دیش کا اعلان کب کیا؟۔

ج:۔۱۰جنوری۱۹۷۲ءکو

س:۔۱۹۶۹ءکا مارشل لا کب ختم کیا گیا؟۔

ج:۔۲۱،اپریل۱۹۷۲ءکو

س:۔صدر ضیاالحق نے لاہور کے گلشن اقبال کا افتتاح کب کیا تھا؟۔

ج:۔اپریل۱۹۸۲ءکو۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ صوبہ سرحد کتنے ڈویژنوں پر مشتمل ہے؟۔

ج:۔چار ڈویژنوں پر، پشاور، مالاکنڈ، ہزارہ، اور ڈیرہ اسماعیل خان۔

س:۔دریائے مولا کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔بلوچستان میں۔

س:۔پاکستان کی بری افواج میں کمانڈر انچیف کا عہدہ کب ختم کیا گیا؟۔

ج:۔۲۳مارچ۱۹۷۲ءکو۔

س:۔بری افواج میں کمانڈر انچیف کے عہدے ختم کر کے کون سا عہدہ مقرر کیا گیا؟۔

ج:۔بری چیف آف سٹاف۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے بری چیف آف سٹاف کون تھے؟۔

ج:۔جنرل ٹکا خان۔

س:۔ پہلا آدم جی ،ادبی انعام مشہور ادیب شوکت صدیقی کو دیا گیا تھا،آپ ان کا ناول بتائیے؟۔

ج:۔خدا کی بستی۔

س:۔پاکستان فضائیہ کے پہلے چیف آف سٹاف کون تھے؟۔

ج:۔ظفر احمد چودھری۔

س:۔ پاکستان بحریہ کے پہلے چیف آف سٹاف کون تھے؟۔

ج:۔حسن حفیظ محمد۔

س:۔ پاکستان کے جائنٹ چیفس آف کمیٹی کے پہلے چیرمین کون تھے؟۔

ج:۔جنرل محمد شریف۔

س:۔ پاکستان کی ہاکی ٹیم نے سب سے پہلے کب اولمپک گولڈ میڈل حاصل کیا؟۔

ج:۔۱۹۶۰ء کے اولمپک مقابلوں میں۔

س:۔شاہی قلعہ لاہور اور بادشاہی مسجد لاہور میں سب سے پرانی عمارت کون سی ہے؟۔

ج:۔شاہی قلعہ۔

س:۔کافرستان،، کا علاقہ پاکستان کے کس علاقے میں ہے؟۔

ج:۔چترال کے پہاڑی علاقے میں۔

س:۔ پاکستان میں اعشاری نظام کب رائج ہوا؟۔

ج:۔یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو

س:۔ پاکستان کی سب سے کشادہ سڑک کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ڈرگ روڈ کراچی۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے پہلے نمائندے کون تھے؟۔

ج:۔ایم، اے، اصفہانی۔

س:۔کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت اب تک کتنا ریکارڈ کیا گیا ہے؟۔

ج:۔۱۱۸ فارن ہایٹ۔

س:۔ملک کے کس حصے کو شنگریلا آف پاکستان کے نام سے پکارا جاتا ہے؟۔

ج:۔ہنزہ اور گلگت۔

س:۔مینار پاکستان کا اصل نام کیا ہے؟۔

ج:۔یادگار پاکستان۔

س:۔سندھی زبان کا رسم الخط عربی ہے یا فارسی؟۔

ج:۔عربی۔

س:۔ پاکستان میں ایٹمی ریسرچ کا سب سے بڑا ادارہ کون سا ہے؟۔

ج:۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی۔

س:۔ پاکستان میں ایٹمی ترقی کے کام کی نگرانی کے لئے جو کمیشن قائم ہوا، اس کا نام بتایئے؟۔

ج:۔اٹامک انرجی کمیشن۔

س:۔ادارہ تحقیقات اسلامی کس سن میں قائم ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۰ء میں۔

س:۔کیا آپ پاکستان کے پہلے وزیر داخلہ کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔خواجہ شہاب الدین۔

س:۔۲۲ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو آئین ساز اسمبلی توڑنے والے گورنر جنرل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔غلام محمد۔

س:۔پاکستان کی بری فوج کے پہلے مسلمان کمانڈر انچیف کون تھے؟۔

ج:۔(مرحوم) محمد ایوب خان۔

س:۔پاکستان کی شرقاً غرباً اور شمالاً جنوباً لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔شرقاً غرباً ۱۹۸۷ء کلومیٹر۔شمالاً جنوباً ۱۵۰۵ کلومیٹر۔

س:۔پاکستان کے کس صوبے کی زمین سب سے زیادہ زرخیز ہے؟۔

ج:۔صوبہ پنجاب کی۔

س:۔خان پور ڈیم کس صوبے میں ہے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد میں۔

س:۔اردو کالج کراچی کے پہلے پرنسپل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔سید محی الدین۔

س:۔پاکستان میں کتنے فی صد اخبارات اردو میں شائع ہوتے ہیں؟۔

ج:۔۷۳ فی صد۔

س:۔پاکستان کے اس واحد چانسلر کا نام بتایئے جس نے ۲۵ سال کی عمر میں ہائیڈل برگ یونیورسٹی، جرمن سے پی۔ایچ۔ڈی کی؟۔

ج:۔ڈاکٹر محمود حسین۔

س:۔رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا ضلع کون سا ہے؟۔

ج:۔ڈیرہ غازی خان

س:۔پاکستان میں قائم ہونے والا ایس،او،ایس چلڈرن ویلج کہاں ہے؟۔

ج:۔لاہور میں۔

س:۔پاکستان کے اس بیراج کا نام بتایئے، جو واپڈا نے کسی غیر ملکی امداد کے بغیر تعمیر کیا؟۔

ج:۔گدو بیراج۔

س:۔خلائی تحقیق کا کمیشن کب قائم ہوا؟۔

ج:۔۱۹۸۱ء میں۔

س:۔پنجابی زبان کا شیکسپئیر کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔وارث شاہ کو۔

س:۔پاکستان کے کس شاعر کو ہفت زبان شاعر بھی کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔سچل سرمست کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں شمسی توانائی کا پہلا اسٹیشن کہاں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔راولپنڈی کے علاقے میں۔

س:۔کراچی میں بجلی کا مشہور ادارہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کب قائم ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۱۵ء میں۔

س:۔۱۹۸۱ء کے آخر تک پاکستان میں گرڈ اسٹیشن کی تعداد کتنی تھی؟۔

ج:۔۳۴۵۔

س:۔۱۹۷۷ء سے ۱۹۸۱ء تک واپڈا نے کل کتنے ٹیوب ویل لگائے؟۔

ج:۔۵۰۰۰۔

س:۔پاکستان میں بولی جانے والی سب سے بڑی زبان کون سی ہے؟۔

ج:۔پنجابی۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں پاکستان میں معدنی نمک کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔کالاباغ، کھیوڑا، تھرپارکر، بہادرخیل۔

س:۔زمرد کی کانیں پاکستان کے کس علاقے میں ہیں؟۔

ج:۔منگورا ضلع سوات میں۔

س:۔پاکستان میں قدرتی، سوئی گیس کا پہلا ذخیرہ کب دریافت ہوا؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں۔

س:۔پاکستان میں سب سے کم درجہ حرارت کس مہینے میں ہوتا ہے؟۔

ج:۔جنوری میں۔

س:۔پاکستان کا سب سے قدیم غیر آباد شہر کون سا ہے؟۔

ج:۔موئن جوڈارو (مردوں کا ٹیلا)

س:۔پاکستان میں تیار ہونے والی ادویات ملک کی کتنی فی صد ضروریات کو پورا کرتی ہیں؟۔

ج:۔۸۰ فی صد ضروریات کو۔

س:۔سکھر اور روہڑی (سندھ) کے درمیان واقع جزیرے کا نام بتایئے؟۔

ج:۔جزیرہ سکھر۔

س:۔پاکستان اسٹیل ملز کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟۔

ج:۔۲جولائی ۱۹۶۸ء کو

س:۔فلمی صنعت کی ترقی کے لئے کس ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا؟۔

ج:۔نیف ڈیک کا

س:۔کاٹن انسٹی ٹیوٹ، پاکستان کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔فیصل آباد میں۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ امریکی ڈالر سے پاکستان کی وابستگی کب ختم کی گئی؟۔

ج:۔۷جنوری ۱۹۸۲ءکو

س:۔پاکستان کا سب سے بڑا قبرستان کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔ٹھٹھہ۔

س:۔پاکستان میں جوہری طبی مراکز کہاں کہاں کام کر رہے ہیں؟۔

ج:۔کراچی۔لاہور۔پشاور۔جام شورو، (سندھ) اور لاڑکانہ (سندھ) میں۔

س:۔پاکستان میں بھیڑوں اور بکریوں کی کتنی نسلیں موجود ہیں؟۔

ج:۔۱۷،

س:۔کوئٹہ سطح سمندر سے کتنی بلندی پر واقع ہے؟۔

ج:۔۵۵۰۰۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے کس پہاڑی علاقے میں سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے؟۔

ج:۔مری میں۔

س:۔پاکستان میں ہمیشہ ایک ہی سمت میں نظر آنے والا ستارہ کون سا ہے؟۔

ج:۔قطبی ستارہ۔

س:۔پاکستان میں پہلا اٹیمی ری ایکٹر کہاں لگایا گیا ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مراکش میں پاکستان کی پہلی سفیر کون تھیں؟۔

ج:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ۔

س:۔کیا آپ جانتے ہیں کہ اردن کے شاہ حسین کے بھائی شہزادہ حسن نے پاکستان کے کون سے گھرانے میں شادی کی تھی؟۔

ج:۔ج:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ کی بیٹی سے۔

س:۔بیگم شائستہ اکرام اللہ کس کے عہد میں مراکش کی سفیر تھیں؟۔

ج:۔صدر محمد ایوب خان کے دور میں۔

س:۔مغربی پاکستان کے کس گورنر نے ۱۷مارچ ۱۹۶۹ءکو حلف اٹھایا تھا۔

ج:۔ یوسف ہارون نے۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں پہلی ایجوکیشنل کانفرنس کب منعقد ہوئی؟۔

ج:۔ ۱۹۴۷ء میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں ناپ تول کا اعشاری نظام کب رائج کیا گیا تھا؟۔

ج:۔ ۱۹۷۴ء میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ شمسی توانائی سے چلنے والی کار پاکستان میں کب بنائی گئی؟۔

ج:۔ ۱۹۸۷ء میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں موئن جوڈارو کے آثار کس سن میں دریافت ہوئے؟۔

ج:۔ ۱۹۷۲ء میں۔

س:۔ جوتے اور چمڑے کی پہلی نمائش پاکستان میں کہاں منعقد ہوئی؟۔

ج:۔ کراچی میں۔

س:۔ کشمیر کو چین کے صوبہ سنکیانگ سے ملانے والے درے کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ درہ قراقرم۔

س:۔ کوہستانی نمک کے دامن میں کون سی مشہور جھیل ہے؟۔

ج:۔ جھیل کلر کہار۔

س:۔ اسلامک ایجوکیشن ریسرچ سینٹر پاکستان کے کس مشہور شہر میں ہے؟۔

ج:۔ اسلام آباد۔

س:۔ ۱۹۷۲ء میں لاہور کے میو ہسپتال میں ایک نئے طریقہ علاج کا شعبہ قائم کیا گیا تھا، کیا آپ اس نئے شعبے کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ آکو پنکچر۔

س:۔ دنیا میں معدنی نمک کی دوسری سب سے بڑی کان پاکستان کے کس علاقے میں ہے؟۔

ج:۔ کھیوڑا ضلع جہلم۔

س:۔ پاکستان کے میدانی علاقوں میں سب سے زیادہ بارش کہاں ہوتی ہے؟۔

ج:۔ سیالکوٹ میں۔

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کی سب سے پرانی انشورنس کمپنی کون سی ہے؟۔

ج:۔ ایسٹرن فیڈرل انشورنس کمپنی۔

س:۔ پاکستان میں ہاتھی دانت اور لکڑی کا سامان کہاں بنتا ہے؟۔

ج:۔ آزاد کشمیر میں۔

س:۔ پنجاب کے اس وزیر اعظم کا نام بتایئے، جو سب سے کم مدت کے لئے اس عہدے پر فائز رہا؟۔

ج:۔عبدالحمید خان۔

س:۔ پاکستان کی ایک جھیل پیالے کی شکل کی سی ہے، کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔جھیل سیف الملوک۔

س: پاکستان میں جہاز سازی کا کارخانہ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں سب سے زیادہ پیدا ہونے والا پھل کون سا ہے؟۔

ج:۔کیلا۔

س: پاکستان میں جلد سازی کا کارخانہ کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔ بہاول پور شہر کس دریا کے کنارے واقع ہے؟۔

ج:۔دریائے ستلج کے کنارے پر۔

س:۔جیکب آباد میں گرمی کا زیادہ سے زیادہ ریکارڈ کتنا ہے؟۔

ج:۔۵۲٫۲۲ سینٹی گریڈ یا ۱۲۶ فارن ہائیٹ۔

س: پاکستان اور چین کے درمیان سرحدی تصفیہ کب ہوا؟۔

ج:۔۲ مارچ ۱۹۶۳ء کو

س:۔بلوچستان کو افغانستان سے ملانے والے درے کا نام بتایئے؟۔

ج:۔درہ خوجک۔

س:۔کیمبل پور کا نام اٹک کس تاریخ کو رکھا گیا؟۔

ج:۔یکم جنوری ۱۹۷۸ء کو

س: پاکستان کے گرم ترین اضلاع کون کون سے ہیں؟۔

ج:۔جیکب آباد اور سبی۔

س:۔جنرل محمد ایوب خان کب تک بری فوج کے کمانڈر انچیف رہے؟۔

ج:۔۱۷ جنوری ۱۹۵۱ء سے ۷، اکتوبر ۱۹۵۸ء تک۔

س: پاکستان نیوی کا صدر دفتر کہاں ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد میں۔

س: پاکستان آرمی کا صدر دفتر کہاں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی میں۔

س:۔پاکستان میں کوئلے کی کانیں کہاں کہاں ہیں؟۔

ج:۔مکڑوال، لاکھڑا، ٹھٹھہ، میانوالی، شارگ، ڈنڈوت۔

س:۔پاکستان میں لوہا کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔کالاباغ، ایبٹ آباد، خضدار، اور چترال۔

س:۔درہ خیبر کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۳۵ میل۔

س:۔مینار پاکستان کا سنگ بنیاد مغربی پاکستان کے کس گورنر نے رکھا؟۔

ج:۔مسٹر اختر حسین نے۔

س:۔مینار پاکستان کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا؟۔

ج:۔مرات خان نے۔

س:۔کیا آپ کوئٹہ کے دو پرانے نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔شاہ کوٹ اور رسول آباد۔

س:۔درہ خیبر کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔۳۵ میل۔

س:۔کراچی میں اس وقت کتنی یونیورسٹیاں ہیں؟۔

ج:۔تین۔

س:۔پاکستان میں پھلوں کا سب سے بڑا باغ کہاں ہے؟۔

ج:۔رینالہ خورد، ضلع ساہی وال میں۔

س:۔اٹک کا مشہور قلعہ پاکستان کے کس مشہور دریا کے کنارے پر واقع ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ کے کنارے پر۔

س:۔ملتان کا پرانا نام بتائیے؟۔

ج:۔ناگا شہر۔

س:۔ایوب پل سندھ کے کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔سکھر میں۔

س:۔پاکستان میں پہلا پن بجلی گھر کہاں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:ہیڈ رسول پر،۱۹۵۲ء میں۔

س:۔پاکستان کے ستر فی صد لوگ کون سا ایندھن استعمال کرتے ہیں؟۔

ج:۔لکڑی۔

پاکستان کی کون سی نہر سب سے لمبی ہے؟۔

ج:۔لائیڈ بیراج۔

س:۔کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ اسلام آباد کی فیصل مسجد کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا؟۔

ج:۔ترکی کے،،وحدت ولو کے نے،،

س:۔گدو بیراج کا افتتاح کب ہوا؟۔

ج:۔یکم مارچ ۱۹۷۳ء کو۔

س:۔۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کی فی کلومیٹر آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔بارہ افراد فی کلومیٹر۔

س:۔آبادی کے لحاظ سے پاکستان کتنے نمبر پر ہے؟۔

ج:۔نویں نمبر پر۔

س:۔پاکستان کا ایک مشہور شہر حسن ابدال،، کس مذہب کے پیروکاروں کے لئے مقدس حیثیت رکھتا ہے؟۔

ج:۔سکھ مذہب کے لئے۔

س:۔ژوب شہر کا پہلا نام بتایئے؟۔

ج:۔فورٹ سنڈیمن۔

س:۔پاکستان میں مذہبی امور کا عہدہ کس کے دور وزارت میں قائم ہوا؟۔

ج:۔ذوالفقار علی بھٹو کے۔

س:۔صنعتی ترقیاتی کارپوریشن پاکستان میں کب قائم ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں۔

س:۔قائداعظم محمد علی جناح سرکاری خزانے سے کتنی تنخواہ لیتے تھے؟۔

ج:۔صرف ایک روپیہ۔

س:۔پاکستان اقوام متحدہ کا ممبر کب بنا؟۔

ج:۔۳۰ ستمبر ۱۹۴۷ء کو۔

س:۔پاکستان کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا تھا؟۔

ج:۔ایران نے۔

س:۔دریائے سندھ کے دوسرے نام کون کون سے ہیں؟۔

ج:۔اٹک،مہران، انڈس اور اباسین۔

س:۔پاکستان کی سب سے بڑی اقلیت کون سی ہے؟۔

ج:۔عیسائی۔

س:۔پاکستانی روپیہ کب رائج کیا گیا؟۔

ج:۔یکم اپریل ۱۹۴۸ءکو

س:۔منوڑا کا پہلا نام بتایئے؟۔

ج:۔المورہ (روشنی والا)

س:۔پاکستان کے پہلے وزیر مذہبی امور کا نام بتایئے؟۔

ج:۔مولانا کوثر نیازی۔

س:۔پاکستان میں کل کتنی انجینئرنگ یونورسٹیاں ہیں؟۔

ج:۔چار۔

س:۔زیارت کس ڈویژن میں واقع ہے؟۔

ج:۔کوئٹہ ڈویژن میں۔

س:۔کرکٹ کے مشہور کھلاڑی حنیف محمد نے کل کتنے ٹیسٹ میچوں میں کپتانی کے فرائض سر انجام دیئے؟۔

ج:۔گیارہ میں۔

س:۔پاکستان کرکٹ ٹیم کے پہلے کپتان کون تھے؟۔

ج:۔میاں سعید۔

س:۔پاکستان کرکٹ ٹیم کے دوسرے کپتان کون تھے؟۔

ج:۔عبدالحفیظ کاردار۔

س:۔رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا پانچواں بڑا ضلع کون سا ہے؟۔

ج:۔تھرپارکر۔

س:۔نشان حیدر کا اجرا کب ہوا؟۔

ج:۔مارچ ۱۹۵۷ءمیں۔

س:۔کیا آپ سجاول پل کی لمبائی بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۳۲۰۰ فٹ۔

س:۔پاکستان کرکٹ ٹیم کے مشہور کپتانوں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔اے۔ایچ کاردار۔فضل محمود،حنیف محمد،عمران خان،اورظہیر عباس۔

س:۔کرکٹ کے سابق کھلاڑی خان محمد باؤلنگ کرتے تھے یا بیٹنگ؟۔

ج:۔باؤلنگ۔

س:۔نشان حیدر کے اعزازت سب سے زیادہ کس سن میں دیئے گئے تھے؟۔

ج:۔۱۹۷۱ءمیں۔

س:۔صوبہ سرحد کا شہر مردان کس پیداوار میں شہرت رکھتا ہے؟۔

ج:۔چینی کی پیداوار میں۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے آخری گورنر کون تھے؟۔

ج:۔مرحوم سکندر مرزا۔

س:۔انویسٹمنٹ پروموشن بیورو کب قائم ہوئی تھی؟۔

ج:۔۲۴ اپریل ۱۹۵۹ء کو

س:۔سول سروس آف پاکستان کا نام کیا تھا؟۔

ج:۔پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کب قائم ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۶۳ء میں۔

س:۔سابق وزیر اعظم محمد خان جونیجو نے قومی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ کب حاصل کیا؟۔

ج:۔۲۴ مارچ ۱۹۸۵ء کو۔

س:۔پاکستان الیکشن کمیشن کے مطابق ۱۹۸۵ء میں ہونے والے انتخابات میں ووٹروں کی تعداد کتنی تھی؟۔

ج:۔تین کروڑ پینتالیس لاکھ۔

س:۔۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی کیا ہے؟۔

ج:۔۲۴، فی صد۔

س:۔پاکستان میں اوسط عمر کیا ہے؟۔

ج:۔۴۹ سال۔

س:۔پاکستان کے کس صدر مملکت نے اردو میں حلف اٹھایا تھا؟۔

ج:۔ذوالفقار علی بھٹو نے۔

س:۔پاکستان کی ان واحد خاتون محترم کا نام بتایئے، جنہوں نے صدارتی الیکشن میں حصہ لیا؟۔

ج:۔محترمہ فاطمہ جناح۔

س:۔بین الاقوامی معیار کی کوئی سی دو پاکستانی شاہراؤں کا نام بتایئے؟۔

ج:۔سپر ہائی وے اور شاہراہ ریشم۔

س:۔گرینچ ٹائم سے پاکستان کا معیاری وقت کتنے گھنٹے آگے ہے؟۔

ج:۔آٹھ گھنٹے۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مصر میں پہلے پاکستانی سفیر کون تھے؟۔

ج:۔میاں بشیر احمد۔

س:۔اسلام آباد کا نقشہ کس ملک کے ماہر تعمیرات نے بنایا تھا؟۔

ج:۔یونان کے۔

س:۔کراچی کے مشہور علاقے پیری کا نام ''بن قاسم'' کب رکھا گیا؟۔

ج:۔۵ مارچ ۱۹۸۰ء کو

س:۔مشہور عالم دین مولانا احتشام الحق تھانوی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۱، اپریل ۱۹۸۰ء کو

س:۔ایک صدارتی حکم کے ذریعے پاکستان میں وفاقی شریعت کورٹ کب قائم کی گئی؟۔

ج:۔۲۶ مئی ۱۹۸۰ء کو

س:۔آغا شاہی کو وزیر خارجہ کب مقرر کیا گیا؟۔

ج:۔۲۹ مئی ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔حکومت پاکستان نے اسلام آباد کو ایک نئے ضلع کی حیثیت کب دی؟۔

ج:۔۳۰ جون ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔س:۔پاکستان کے ایک سابق صدر مملکت آغا محمد یحیٰی خان کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۹، اگست ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔پاکستان ایٹمی ایندھن تیار کرنے والوں کی صف میں کب شامل ہوا؟۔

ج:۔۲۱، اگست ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۴، اکتوبر ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے سابق وزیر اعظم چودھری محمد علی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔یکم دسمبر ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔قائد اعظم کی ہمشیرہ محترمہ شیریں بائی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۲، دسمبر ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔پی، آئی، اے کا مسافر بردار طیارہ اغواہ کر کے کابل میں کب پہنچایا گیا؟۔

ج:۔۲ مارچ ۱۹۸۱ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے سرکاری افسروں کے لئے قومی لباس کب لازمی قرار دیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۸۱ء میں۔

س:۔پاکستان کی قدیم ترین چھاؤنی کا نام بتایئے؟۔

ج:۔کوہاٹ چھاؤنی۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں مالیہ ختم کرنے کا اعلان کب کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۵جنوری ۱۹۷۷ء میں۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں اتوار کی بجائے جمعتہ المبارک کو ہفتہ وار تعطیل دینے کا اعلان کب ہوا؟۔

ج:۔۷جنوری ۱۹۷۷ءکو

س: پاکستان کے سابق مرکزی وزیر خارجہ شہاب الدین کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۹فروری ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔جمعتہ المبارک کی ہفتہ وار تعطیل سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں پہلی بار کب منائی گئی؟۔

ج:۔یکم جولائی ۱۹۷۷ءکو

س:۔پاکستان میں تیسرا مارشل لاء کب لگایا گیا؟۔

ج:۔۵ جولائی ۱۹۷۷ءکو

س:۔س:۔پاکستان میں تیسرا مارشل لاء کس فوجی جرنیل نے لگایا گیا؟۔

ج:۔جنرل محمد ضیا الحق نے۔

س:۔پاکستان کے ایک مشہور شہر لائل پور کا نام بدل کر فیصل آباد کب رکھا گیا تھا؟۔

ج:۔یکم ستمبر ۱۹۷۷ءکو

س:۔جسٹس انوار الحق کو پاکستان سپریم کورٹ کا چیف جسٹس کب مقرر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۲۲ستمبر ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے مایہ ناز اور برصغیر کے نامور پہلوان امام بخش کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۳،اکتوبر ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔خان آف قلات میر احمد یار خان کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۳۰،اکتوبر ۱۹۷۷ءکو

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے مایہ ناز اور برصغیر کے نامور کالم نگار اور ادیب ابراہیم جلیس کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۲۶،اکتوبر ۱۹۷۷ءکو

س:۔صوبہ بلوچستان میں پیر کوہ کے مقام پر بھاری گیس کے ذخائر کب دریافت ہوئے؟۔

ج:۔۱۲۷اکتوبر ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کی فیڈرل سکیورٹی فورس کب توڑی گئی؟۔

ج:۔۳۰ نومبر ۱۹۷۷ء کو۔

س:۔بھارت میں پاکستان کے سفیر سید فدا حسین کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۰ دسمبر ۱۹۷۷ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بنگلہ دیش کے صدر ضیا الرحمن پاکستان کے دورے پر کب آئے تھے؟۔

ج:۔۲۱ دسمبر ۱۹۷۷ء کو۔

س:۔پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر علامہ علاؤالدین صدیقی کا انتقال کب ہوا تھا؟۔

ج:۔۲۷ دسمبر ۱۹۷۷ء کو۔

س:۔مولانا مفتی کو دوبارہ قومی اتحاد کا صدر کب منتخب کیا گیا؟۔

ج:۔۳۰ دسمبر ۱۹۷۷ء کو۔

س:۔لاہور ہائی کورٹ کے فل بنچ نے نواب محمد احمد خاں کے قتل میں ماخوذ سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو موت کی سزا کب سنائی تھی؟۔

ج:۔۱۸ مارچ ۱۹۷۸ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے نامور مصور استاد اللہ بخش کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۹، اکتوبر ۱۹۷۸ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان نے سینٹو سے کب علیحدگی اختیار کی تھی؟۔

ج:۔۱۲ مارچ ۱۹۷۹ء کو۔

س:۔پاکستان میں حدود کا نفاذ کب ہوا؟۔

ج:۔۱۰ فروری ۱۹۷۹ء کو۔

س:۔کراچی میں رابطہ عالم اسلامی کے پہلے ایشیائی سیکرٹیریٹ کا افتتاح کب ہوا؟۔

ج:۔۸ جنوری ۱۹۸۰ء کو

س:۔پاکستان کی ہاکی ٹیم نے ہالینڈ کو تین گول سے شکست دے کر چیمپئین ٹرافی کب جیتی تھی؟۔

ج:۔۱۱ جنوری ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔علامہ اقبال کے بڑے صاحب زادے ''آفتاب جاوید'' کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۳، اگست ۱۹۸۰ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان کے مشہور عالم دین مولانا مودودی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۲۲ دسمبر ۱۹۸۰ء کو

س:۔ذوالفقار علی بھٹو نے ''صدر پاکستان'' کا حلف کب اٹھایا تھا؟۔

ج:۔۲۱، اپریل ۱۹۷۸ءکو اسلام آباد میں۔
س:۔ ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں ''پاکستانی روپے کی قیمت کب کم کی گئی؟۔
ج:۔۱۱مئی ۱۹۷۲ءکو۔
س:۔ پاکستان میں حدود کا نفاذ کب ہوا؟۔
ج:۔۱۰فروری ۱۹۷۹ءکو۔
س:۔ کراچی میں رابطہ عالم اسلامی کے پہلے ایشیائی سیکریٹریٹ کا افتتاح کب ہوا؟۔
ج:۔۸جنوری ۱۹۸۰ءکو
س:۔ پاکستان کی ہاکی ٹیم نے تین گول سے شکست دے کر چیمپئین ٹرافی کب جیتی؟۔
ج:۔۱۱جنوری ۱۹۸۰ءکو۔
س:۔ اسلام آباد میں وزرائے خارجہ کی اسلامی کانفرنس کب ہوئی؟۔
ج:۔۲۰جنوری ۱۹۸۰ءکو
س:۔ پانچ اور دس روپے کے کرنسی نوٹ کب منسوخ کیے گئے؟۔
ج:۔۳جون ۱۹۷۲ءکو
س:۔ صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو اور بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی نے معاہدہ شملہ پر کب دستخط کیے؟۔
ج:۔۲جولائی ۱۹۷۲ءکو
س:۔ مغربی جرمنی کی ہاکی ٹیم نے اولمپک فائنل میں پاکستان کو کتنے گول سے ہرایا تھا؟۔
ج:۔ ایک گول سے۔
س:۔ پاکستان نے معاہدہ سینٹو سے کب علیحدگی اختیار کی؟۔
ج:۔۹نومبر ۱۹۷۲ءکو۔
س:۔ صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے کراچی میں پہلے بجلی گھر کا افتتاح کب کیا؟۔
ج:۔۲۸نومبر ۱۹۷۲ءکو
س:۔ چودھری فضل الٰہی نے نئے آئین کے تحت صدر پاکستان کا حلف کب اٹھایا تھا؟۔
ج:۔۱۴، اگست ۱۹۷۳ءکو
س:۔ صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے نئے آئین کے تحت وزیر اعظم کا حلف کب اٹھایا تھا؟۔
ج:۔۱۴، اگست ۱۹۷۳ءکو۔
س:۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان معاہدہ دہلی کب طے پایا؟۔
ج:۔۲۸اگست ۱۹۷۳ءکو

س:۔ پاکستان میں مشہور مفکر اور عالم ''البیرونی'' کی ایک ہزار سالہ سالگرہ کب منائی گئی؟۔
ج:۔ ۲۶ نومبر ۱۹۷۳ء کو۔
س:۔ پاکستان کی ایک مشہور شخصیت ''عبد الصمد اچکزئی'' کو کوئٹہ میں کب قتل کیا گیا؟۔
ج:۔ ۲ دسمبر ۱۹۷۳ء کو۔
س:۔ پاکستانی بینکوں کو کب قومی تحویل میں لیا گیا؟۔
ج:۔ یکم جنوری ۱۹۷۴ء کو
س:۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان ریڈ کراس سوسائٹی کا نام ہلال احمر کب رکھا گیا؟۔
ج:۔ ۶ مارچ ۱۹۷۴ء کو
س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں بنیادی حقوق کب بحال کیے گئے تھے؟۔
ج:۔ ۲۰ اپریل ۱۹۷۴ء کو۔
س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی نے قادیانیوں کو کب غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا؟۔
ج:۔ ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو۔
س:۔ پاکستان کے نائب صدر نور الامین کب فوت ہوئے؟۔
ج:۔ ۲، اکتوبر ۱۹۷۴ء کو۔
س:۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد بھارتی حکومت نے پاک و ہند کے درمیان مواصلات کا سلسلہ بحال کرنے کا اعلان کب کیا؟۔
ج:۔ ۱۵، اکتوبر ۱۹۷۴ء کو۔
س:۔ پاکستان اور بھارت میں بحری جہازوں کی آمد و رفت بحال کرنے کا سمجھوتا کب ہوا؟۔
ج:۔ ۲۴ جنوری ۱۹۷۵ء کو
س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سرحد پیپلز پارٹی کے چیئر مین حیات محمد شیر پاؤ بم کے دھماکے میں کب ہلاک ہوئے؟۔
ج:۔ ۸ فروری ۱۹۷۵ء کو۔
س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان سفارتی تعلقات کب قائم ہوئے؟۔
ج:۔ ۹ دسمبر ۱۹۷۵ء کو
س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی نے جہیز بل کب منظور کیا؟۔
ج:۔ ۱۱ مئی ۱۹۷۶ء کو۔
س:۔ بلوچستان میں سرداری نظام ختم کرنے کے لئے بل کب منظور کیا گیا؟۔
ج:۔ ۱۲ مئی ۱۹۷۶ء کو۔

س:۔۲۱وزرائے خارجہ کی اسلامی کانفرنس کب منعقد ہوئی ؟۔

ج:۔۱۲مئی ۱۹۷۶ءکو۔

پاکستان کے سابق وزیر خزانہ محمد شعیب کب فوت ہوئے ؟۔

ج:۔۱۳مئی ۱۹۷۶ءکو

س:۔مشہور سیاسی رہنما عبدالحمید بھاشانی کا انتقال کب ہوا؟۔

ج:۔۱۷ نومبر ۱۹۷۶ءکو

س:۔پاکستان میں زرعی اصلاحات کا اعلان کب ہوا؟۔

ج:۔۵جنوری ۱۹۷۷ءکو۔

س:۔قومی سائنسی عجائب گھر کس شہر میں ہے؟۔

لاہور میں۔

س:۔پاکستان نے چین کو کب تسلیم کیا؟۔

ج:۔۱۹۵۴ء میں۔

س:۔پشاور کا نام بتایئے؟۔

ج:۔پرش پور۔

س:۔کراچی میونسپل کارپوریشن کب قائم ہوئی ؟۔

ج:۔۱۸۵۲ء میں۔

س:۔کراچی میں ریلوے کا آغاز کب ہوا؟۔

ج:۔۱۸۶۱ء میں۔

س:۔جنرل محمد ایوب خان کس تاریخ کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر فائز ہوئے؟۔

ج:۔۲۷، اکتوبر ۱۹۵۹ءکو۔

س:۔پورٹ قاسم کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا ؟۔

ج:۔۵، اگست ۱۹۷۶ءکو۔

س:۔پاکستان کے کس شہر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کی بنیاد مچھیروں نے رکھی تھی؟۔

ج:۔کراچی کے متعلق۔

س:۔پاکستان میں کل کتنے نائب صدر رہ چکے ہیں؟۔

ج:۔صرف ایک نورالامین مرحوم۔

س:۔پاک فوج کی قدیم ترین رجمنٹ کا نام بتایئے؟۔

ج:۔بلوچ رجمنٹ،

س:قومی ترانے کی دھن بنانے والے موسیقار کریم جی چھاگلا کا تعلق کس شہر سے تھا؟۔

ج:۔کراچی ہے۔

س:۔قومی پرچم میں پانچ کونوں والا ستارہ کس بات کی علامت ہے؟۔

ج:۔اسلام کے پانچ ارکان۔

س:۔قائداعظم کی سربراہی میں قائم کی جانے والی پہلی کابینہ کتنے افراد پر مشتمل تھی؟۔

ج:۔چھ افراد پر۔

س:۔پاکستان میں پہلا آسٹروٹرف کب بچھایا گیا تھا؟۔

ج:۔نومبر ۱۹۷۹ء میں۔

س:۔دریائے سندھ صوبہ سرحد کی کس سمت میں بہتا ہے؟۔

ج:۔جنوب میں۔

س:۔پاکستان کے پہلے وزیر اطلاعات ونشریات کون تھے؟۔

ج:۔خواجہ شہاب الدین۔

س:۔پاکستان میں سب سے طاقتور ٹرانسمیٹر کس ریڈیو اسٹیشن کا ہے؟۔

ج:۔اسلام آباد کا۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد اردو کا کون سا روزنامہ سب سے پہلے جاری ہوا؟۔

ج:۔امروز۔

س:۔پاکستان کے کس کس صوبے کی سرحدیں سمندر سے ملتی ہیں؟۔

ج:۔بلوچستان اور سندھ کی۔

س:۔کراچی یونیورسٹی کا ڈیزائن کس ملک کے ماہر تعمیرات نے بنایا تھا؟۔

ج:۔فرانس کے۔

س:۔پشاور یونیورسٹی کے پہلے وائس چانسلر کون تھے؟۔

ج:۔پروفیسر شیخ محمد تیمور۔

س:۔واپڈا کے سابق چیئرمین، سابق وزیر خزانہ، اور سینٹ کے چیئرمین اور موجودہ صدر پاکستان، ان عہدوں سے کس سیاسی شخصیت کا نام ذہن میں آتا ہے؟۔

ج:۔غلام اسحاق خان۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ انتقال کے وقت صدر محمد ایوب خان کی عمر کتنی تھی؟۔

ج:۔۶۷ سال۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آزاد کشمیر کی سب سے اونچی چوٹی کا نام کیا ہے؟۔

ج:۔کے ٹو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ خواتین کی پہلی یونیورسٹی کس شہر میں قائم کی گئی؟۔

ج: ۔اسلام آباد میں ۔

س: ۔خواجہ ناظم الدین کا انتقال کب ہوا؟ ۔

ج: ۔۱۹۶۴ء میں ۔

س: ۔کراچی چیمبرز آف کامرس سے تقریباً کتنے ادارے وابستہ ہیں؟ ۔

ج: ۔نو ہزار ۔

س: ۔قائداعظم نے دستور ساز اسمبلی کی صدارت کتنی بار کی تھی؟ ۔

ج: ۔صرف ایک مرتبہ ۔

س: ۔۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں باغی فوج نے سب سے پہلے کس شہر پر قبضہ کیا تھا؟ ۔

ج: ۔دہلی پر ۔

س: ۔شملہ کانفرنس میں مسلم لیگی قیادت کس مشہور شخصیت نے کی تھی؟ ۔

ج: ۔قائداعظم محمد علی جناح نے ۔

س: ۔۱۹۴۴ء میں گاندھی مذاکرات کا اہتمام کس ہندو شخصیت نے کیا تھا؟ ۔

ج: ۔راج گوپال اچاریہ ۔

س: ۔پنجاب باؤنڈری کمیشن میں پاکستان کے نمائندے کون تھے؟ ۔

ج: ۔جسٹس محمد منیر اور جسٹس دین محمد ۔

س: ۔شملہ کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟ ۔

ج: ۔۲۵ جون ۱۹۴۵ء کو ۔

س: ۔تحریک پاکستان کی وجہ بیان کریں؟ ۔

ج: ۔مسلمانوں اور ہندوؤں میں مذہبی، تمدنی اور ثقافتی فرق جو مسلمانوں کو ہندوؤں سے الگ کرتا ہے ۔

س: ۔چوہدری رحمت علی نے ۱۹۳۲ء میں پاکستان کا لفظ پہلی بار کہاں استعمال کیا تھا؟ ۔

ج: ۔NOW OR NEVER (اب یا کبھی نہیں) نامی کتابچے میں جو انگلینڈ سے شائع ہوا تھا ۔

س: ۔کیا آپ نہیں دیکھتے کہ ایک شخص جو ایک ہزار سال یا اس سے بھی پہلے اسلام میں داخل ہوا تھا، وہ ہندو فلسفے میں اور ہندو مذہب کی رو سے اس وقت ذات سے باہر ہو کر ملیچھ ہو گیا تھا، کیونکہ مسلمان ایک جداگانہ نظام سے تعلق رکھتا ہے ۔صرف مذہب کی بنیاد پر ہی نہیں، بلکہ معاشرتی اعتبار سے بھی مسلمان بالکل متضاد اور مختلف سماجی نظام کے تحت زندگی بسر کرتا ہے ۔کیا آپ کو بنیادی اختلاف دکھائی نہیں دیتا؟ ۔قائداعظمؒ کے یہ الفاظ ایک انگریزی اخبار میں کب شائع ہوئے تھے؟ ۔

ج:۔ ۱۲ مئی ۱۹۴۰ء کو۔

س:۔ قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کی علیحدگی کا مکمل تصور پیش کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟۔

ج:۔ ہماری تہذیب جدا''تمدن مختلف''فنون و ادب،طرز تعمیر،نام اور نام رکھنے کے اصول جدا گانہ،قدریں اور قدروں کا شعور الگ،رسم و رواج جدا،تقویم مختلف،تاریخ جدا، روایات مختلف، رجحانات اور عزائم میں نمایاں فرق،غرض یہ کہ زندگی کے بارے میں ہمارا زاویہ نگاہ بھی جدا ہے۔ہم خود ایک قوم ہیں۔

س:۔ مطالبہ پاکستان کو اصولاً تسلیم کرلینا چاہیئے،، بتایئے یہ الفاظ کانگرس کے کس معتبر رکن نے کہے تھے؟۔

ج:۔ راج گوپال اچاریہ نے ۱۹۴۲ء میں۔

س:۔ آریہ مسلمان اور دراوڑ''کبھی ایک خاندان کے اجزا نہ تھے''یہ بات کس ہندوستانی لیڈر نے کہی تھی؟۔

ج:۔ انڈین جسٹس پارٹی کے لیڈر راما سوامی نے۔

س:۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کے مابین حقیقی اتحاد کا پیدا ہونا ناممکن ہے۔یہ بات ہندوستان کے کس مشہور صحافی نے کہے تھے؟۔

ج:۔ گوپال چٹی نے۔

س:۔ تقسیم ہند کی اسکیم کا اعلان کب ہوا تھا؟۔

ج:۔ ۳ جون ۱۹۴۷ء کو

س:۔ برطانوی لیبر حکومت نے اپنا ایک پارلیمانی وفد کب بھیجا تھا؟۔

ج:۔ فروری ۱۹۴۶ء کو۔

س:۔ ۱۹۴۶ء کی شملہ کانفرنس کی ناکامی کی وجہ کیا تھی؟۔

ج:۔ ہندو قوم کی تنگ نظری۔

س:۔ برطانیہ کی لیبر حکومت نے اپنا وزارتی مشن کب ہندوستان بھیجا تھا؟۔

ج:۔ ۲۵ مئی ۱۹۴۶ء کو۔

س:۔ برطانوی پارلیمانی وفد نے پاکستان اور ہندوستان کی آزادی کا بل کب بھیجا تھا؟۔

ج:۔ ۱۵ جولائی ۱۹۴۷ء کو

س:۔ ہندوستان کی مرکزی حکومت کب ختم ہوگئی تھی؟۔

ج:۔ ۱۹ جولائی ۱۹۴۷ء کو

س:۔ تقسیم ہند کا مسودہ قانون برطانوی پارلیمنٹ میں کب پیش کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۲۴ جولائی ۱۹۴۷ءکو۔

س:۔منٹو مارلے کی اصلاحات کب نافذ ہوئیں؟۔

ج:۔۱۹۰۹ء میں۔

س:۔بلوچستان کے پہلے چیف کمشنر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔صاحبزادہ محمد خورشید۔

س:۔واپڈا کے دوسرے چیئرمین کون تھے؟۔

ج:۔غلام فاروق۔

مرکزی حکومت

پاکستان کے گورنر جنرل

۱۔قائد اعظم محمد علی جناح	۱۴،اگست ۱۹۴۷ءتا ۱۱ستمبر ۱۹۴۸ء
۲۔خواجہ ناظم الدین	۱۴ستمبر ۱۹۴۸ءتا ۱۷اکتوبر ۱۹۵۱ء
۳۔ملک غلام محمد	۱۷،اکتوبر ۱۹۵۱ء تا ۶،اگست ۱۹۵۵ء
۴۔میجر جنرل اسکندر مرزا	۷،اگست ۱۹۵۵ تا ۲۲مارچ ۱۹۵۶ء

نوٹ

۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء کو پاکستان جمہوریہ بنا اور آئین کی رو سے گورنر جنرل کا عہدہ ختم ہو گیا، اور ملک کے سربراہ کو صدر مملکت کا نام دیا گیا۔

پاکستان کے وزیراعظم

۱۔خان لیاقت علی خان	۱۴اگست ۱۹۴۷ءتا۱۶اکتوبر۱۹۵۱ء
۲خواجہ ناظم الدین	۱۹،اکتوبر۱۹۵۱ءتا۱۷اپریل۱۹۵۳ء
۳۔محمد علی بوگرہ	۱۷اپریل۱۹۵۳ءتا۱۱اگست۱۹۵۵ء
۴۔چوہدری محمد علی	۱۱اگست۱۹۵۵ءتا۱۲ستمبر۱۹۵۶ء
۵۔حسین شہید سہروردی	۱۲اکتوبر۱۹۵۶ءتا۱۱اکتوبر۱۹۵۷ء
۶۔ابراہیم اسماعیل چندریگر	۱۲اکتوبر۱۹۵۷ءتا۱۶دسمبر۱۹۵۷ء
۷۔ملک فیروز خان نون	۱۶دسمبر۱۹۵۷ءتا۱۷اکتوبر۱۹۵۸ء
۸۔محمد ایوب خان	۲۳ اکتوبر ۱۹۵۸ء تا ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء
۹۔ذوالفقار علی بھٹو	۱۴ اگست ۱۹۷۳ء تا ۴ جولائی ۱۹۷۷ء
۱۰۔محمد خان جونیجو	۲۳مارچ۱۹۸۵ءتا مئی۱۹۸۸ء
۱۱۔بے نظیر بھٹو	تا حال

نوٹ

مئی ۱۹۸۸ء کے آخری ہفتے میں صدر ضیاالحق مرحوم نے وزیر اعظم جونیجو اور ان کی کابینہ کو برطرف کردیا، اور اس کی جگہ نگران حکومت کا قیام عمل میں آیا۔

پاکستان کے صدر

۳۷۴ صفحہ سے ۴۸۰ تک نہیں لکھا۔

متفرق سوالات

س: بلوچستان میں سب سے زیادہ کس قبیلے کے لوگ رہتے ہیں؟۔

ج:۔رند قبیلے کے۔

س:۔بلوچ قبیلے کا دوسرا نام بتایئے؟۔

ج:۔بلوش۔

س:۔چترال کے قدیم باشندوں کو کس نام سے پکارا جاتا ہے؟۔

ج:۔پشاجا۔

س:۔دریائے ژوب کس مقام سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔کوہ کند سے۔

س:۔دریائے ژوب کی لمبائی بتایئے؟۔

ج:۔۲۴۰ میل یا ۳۷۰ کلومیٹر۔

س:۔صوبہ بلوچستان کا سب سے لمبا دریا کونسا ہے؟۔

ج:۔دریائے ہنگول، اس کی لمبائی ۳۵۰ میل ہے۔

س:۔دریائے مولا کہاں سے نکلتا ہے؟۔

ج:۔کوہ ہربائی قلات سے۔

س:۔جھیل سیراندہ کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ریاست لسبیلہ میں۔

س:۔دریائے حب کون سے دو صوبوں کو الگ کرتا ہے؟۔

ج:۔سندھ اور بلوچستان کو۔

س:۔منچھر جھیل سے کون سا دریا نکلتا ہے؟۔

ج:۔دریائے آری۔

س:۔کچورا جھیل کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔بلتستان میں۔

س:۔دریائے سندھ کی ایک شاخ منچھر جھیل میں جا گرتی ہے، کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔پھلیلی۔

س:۔دریائے ژوب کس دریا سے جا ملتا ہے؟۔

ج:۔دریائے گومل سے۔

س:۔ رند قبیلہ کتنی شاخوں پر مشتمل ہے؟۔

ج:۔ ۶۷ شاخوں پر۔

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قدیم عمارتوں اور کالجوں کا شہر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ لاہور کو۔

س:۔ پاکستان کا سب سے لمبا درہ کونسا ہے؟۔

ج:۔ درہ بولان۔

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا بیراج کون سا ہے؟۔

ج:۔ سکھر بیراج۔

س:۔ درہ بولان کی لمبائی بتائیے؟۔

ج:۔ ۵۴ میل یا ۸۲ کلومیٹر۔

س:۔ انگریزوں نے درہ بولان سے گزرنے والوں سے کب ٹیکس وصول کرنا شروع کیا؟۔

ج:۔ ۸ جون ۱۸۸۳ء میں۔

س:۔ درہ بولان کو استعمال کرنے والے پہلے قبیلے کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ براہوئی۔

س:۔ پاکستان کی کون سی جھیل سمندر کا حصہ ہے؟۔

ج:۔ سیرندہ۔

س:۔ چھانگا مانگا (پنجاب) میں واقع جھیل کا نام بتائیے؟۔

ج:۔ مہتابی جھیل۔

س:۔ پاکستان کی بلندترین جھیل کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔ وادی کاغان میں۔

س:۔ خوجک سرنگ کس درے میں بنائی گئی ہے؟۔

ج:۔ درہ خوجک میں۔

س:۔ کوئٹہ اور چمن کو ملانے والے درے کا نام بتائیں؟۔

ج:۔ درہ خوجک۔

س:۔ پاکستان کا مشہور قلعہ روہتاس کس ضلع میں واقع ہے؟۔

ج:۔ جہلم۔

س:۔ صوبہ بلوچستان کی بندرگاہوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ سون میانی، گوادر، پسنی اور ماڑہ۔

س:۔ کوہساروں کی ملکہ کس شہر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج: ۔مری کو۔

س: ۔پاکستان کے کس شہر کو امن کا شہر کہا جاتا ہے؟۔

ج: ۔اسلام آباد کو۔

س: ۔پاکستان کے کل کتنے ڈویژن ہیں؟۔

ج: ۔۱۹ڈویژن ۔

س: ۔رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ڈویژن کون سا ہے؟۔

ج: ۔کوئٹہ ڈویژن ۔

س: ۔بلوچستان کا دروازہ کس شہر کو کہا جاتا ہے؟۔

ج: ۔چمن ۔

س۔ پاکستانی روپے کو سو پیسوں میں کب تقسیم کیا گیا؟۔

ج: ۔یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو۔

س: ۔لاہور ہائی کورٹ میں پہلی بار اردو میں کاروائی کب ہوئی؟۔

ج: ۔۵ دسمبر ۱۹۷۴ء کو

س: ۔ریاست ہنزہ کی جداگانہ حیثیت کب ختم کردی گئی؟۔

ج: ۔۲۳ ستمبر ۱۹۷۴ء کو

س: ۔پاکستان میں پہلا روئی پلانٹ کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج: ۔لاہور میں۔

س: ۔پاکستان کا معیاری وقت بھارت سے آدھ گھنٹہ کب پیچھے کیا گیا تھا؟۔

ج: ۔۳۰ اپریل ۱۹۵۴ء کو

س: ۔مشرقی بنگال کا نام مشرقی پاکستان کب رکھا گیا؟۔

ج: ۔۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء کو۔

س: ۔پاکستان نے انڈونیشیا کو کب تسلیم کیا تھا؟۔

ج: ۔۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء کو۔

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سفارتی تعلقات کب قائم ہوئے تھے؟۔

ج: ۔۲۸ نومبر ۱۹۴۷ء کو

س: ۔پاکستان میں امریکہ کے فوجی اڈے کب ختم کر دیئے گئے؟۔

ج: ۔۱۲ اپریل ۱۹۶۷ء کو۔

پاکستان کا اولین بجٹ کس نے پیش کیا تھا؟۔

ج:۔وزیرخزانہ میاں ممتاز دولتانہ نے۔

س:۔پاکستان میں بھارتی نوٹ کب بند کر دیے گئے تھے؟۔

ج:۔۳۱ اگست ۱۹۴۷ء کو

س:۔پاکستان میں کیمیاوی کھاد کب متعارف کرائی گئی؟۔

ج:۔۱۹۵۲ء میں۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد دفاتر میں باضابطہ طور پر کب کام شروع کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۹۲۵ء میں۔

س:۔پاکستان کا سب سے بڑا ڈیری فارم کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔اوکاڑا میں۔

س:۔وفاقی شرعی عدالت کے چیر مین کون تھے؟۔

ج:۔ریٹائرڈ جسٹس صلاح الدین۔

س:۔پاکستان اور ایران کے درمیان سرحدوں کی حد بندی کا کام کب شروع کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۲۳ ستمبر ۱۹۶۴ء کو

س:۔پاکستان میں نابیناؤں کی واحد لائبریری کا نام بتایئے؟۔

ج:۔حاتم علوی میموریل بریل لائبریری کراچی۔

س:۔پاکستان ایشیا کے کس حصے میں واقع ہے؟۔

ج:۔جنوبی حصے میں۔

س:۔پاکستان کے کن دو بڑے شہروں میں پہلی بار سائیکل رکشا چلائے گئے؟۔

ج:۔حیدرآباد اور کراچی میں۔

س:۔کراچی اور راولپنڈی کے درمیان کب جیٹ (فضائی) سروس شروع کی گئی؟۔

ج:۔۱۵، اپریل ۱۹۶۶ء کو

س:۔پاکستان میں معیاری وقت کا نفاذ کب ہوا؟۔

ج:۔۳۰ ستمبر ۱۹۵۱ء کو۔

س:۔پاکستان کا پہلا بجٹ کب پیش کیا گیا؟۔

ج:۔۲۸ فروری ۱۹۴۸ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں منگل اور بدھ کے روز گوشت کا ناغہ کب شروع ہوا؟۔

ج:۔۲۳ فروری ۱۹۵۶ء کو۔

س:۔پاکستان میں ہندوستانی اٹھنیاں اور چونیاں کب بند کردی گئیں؟۔

ج:۔یکم دسمبر ۱۹۴۶ء کو۔

س:۔پاکستان کے فیڈرل کورٹ کے پہلے چیف جسٹس کا نام بتایئے؟۔

ج:۔جسٹس عبد الرشید۔

س:۔کراچی کو پاکستانی بحریہ کا ہیڈ کوارٹر کب قرار دیا گیا؟۔

ج:۔۹ ستمبر ۱۹۴۷ء کو۔

س:۔پاکستان کا پہلا انٹر کانٹی نینٹل ہوٹل کس شہر میں قائم کیا گیا؟۔

ج:۔کراچی۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مینار پاکستان کا نمونہ کب بنایا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں۔

س:۔پاکستان کے کس مشہور سائنس دان نے مشہور سائنس دان آئن سٹائن کے ساتھ مل کر کام کیا ہے؟۔

ج:۔ڈاکٹر رضی الدین صدیقی نے۔

س:۔چاند کی مٹی پر تحقیق کرنے والے واحد پاکستانی سائنس دان کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ڈاکٹر سعید اختر درانی۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان نے اپنا پہلا اٹیمی ری ایکٹر کس ملک کے تعاون سے لگایا تھا؟۔

ج:۔کینیڈا۔

س:۔پاکستان کا پہلا جوہری بجلی گھر کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔کراچی میں۔

س:۔پاکستان میں خام یورینیم صاف کرنے کا پلانٹ صوبہ پنجاب کے کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔لاہور۔

س:۔س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صوبہ پنجاب میں سب سے پہلا ڈگری کالج کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔کوئٹہ میں۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد خواتین کا پہلا ڈگری کالج کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟۔

ج:۔لاہور میں فاطمہ جناح میڈیکل کالج۔

س:۔صوبہ بلوچستان کی پہلی یونیورسٹی کا نام بتایئے؟

ج:۔بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ۔

س: ۔صوبہ سندھ کی سب سے پہلی زرعی یونیورسٹی کس شہر میں قائم کی گئی ؟ ۔

ج: ۔ٹنڈو جام میں ۔

س: ۔پاکستان کی پہلی اردو یونیورسٹی کس شہر میں قائم کی گئی ؟ ۔

ج: ۔کراچی ۔

س: ۔اردو کو پنجاب یونیورسٹی کی دفتری زبان کب بنایا گیا تھا؟ ۔

ج: ۔۲ ستمبر ۱۹۲۴ء کو ۔

س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں بوائے سکاوٹس کا سب سے بڑا بیج کون سا ہے؟ ۔

ج: ۔قائد اعظم سکاوٹ بیج ۔

س: ۔س: ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان میں لیڈی پولیس کی بھرتی کب شروع کی گئی؟ ۔

ج: ۔۲۴ فروری ۱۹۶۳ء کو

س: ۔پاکستان میں پولیس نے پہلی بار کب ہڑتال کی تھی ؟ ۔

ج: ۔۲۱ فروری ۱۹۷۲ء کو ۔

س: ۔جھنگ شہر کی بنیاد کب رکھی گئی تھی ؟ ۔

ج: ۔۱۲۸۸ء میں ۔

س: ۔قیام پاکستان کے بعد کراچی میں سب سے پہلے کون سی کالونی بنائی گئی ؟ ۔

ج: ۔پیر الٰہی بخش کالونی ۔

س: ۔کراچی کو پاکستان کا پہلا دارالحکومت کب قرار دیا گیا؟ ۔

ج: ۔۶ فروری ۱۹۴۸ء کو

س: ۔لاہور میں خواتین کا پہلا بنک کب قائم ہوا تھا؟ ۔

ج: ۔۳۰ مارچ ۱۹۶۵ء کو ۔

س: ۔پشاور ڈویژن میں کل کتنے اضلاع ہیں؟ ۔

ج: ۔تین ،،،، پشاور، کوہاٹ، مردان ۔

س: ۔کوئٹہ کا قدیم نام بتائیے؟ ۔

ج: ۔شال کوٹ اور رسول آباد ۔

س: ۔کوئٹہ میں سوتی کپڑے کا کارخانہ کب قائم کیا گیا؟ ۔

ج: ۔۲۸ جولائی ۱۹۵۴ء کو

س: ۔فیصل آباد کا پرانا نام لائل پور کس نام پر تھا؟ ۔

ج: ۔جھنگ کے انگریز ڈپٹی کمشنر لائل پور کے نام پر ۔

س: ۔فیصل آباد کس انگریز شخصیت نے بسایا تھا؟ ۔

ج:۔ جھنگ کے انگریز ڈپٹی کمشنر لائل نے۔

س:۔فیصل آباد (لائل پور) کا ریلوے اسٹیشن کب قائم ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۸۶۱ء میں۔

س:۔فیصل آباد (لائل پور) ابتدا میں کس ضلع میں تھا؟۔

ج:۔جھنگ۔

س:۔کیا آپ ٹیکسلا کا قدیم نام بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔ٹکا شسلا۔

س:۔پاکستان کے موجودہ دارالحکومت کا نام (اسلام آباد) کب رکھا گیا تھا؟۔

ج:۔۲۴ فروری ۱۹۶۰ء کو

س:۔اسلام آباد کس سربراہ مملکت کے عہد میں تعمیر ہوا تھا؟۔

ج:۔ایوب خان۔

س:۔اسلام آباد کو دارالحکومت کا درجہ کب دیا گیا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء کو۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ راولپنڈی پاکستان کا دارالحکومت کب تک رہا؟۔

ج:۔۱۹۶۷ء تک۔

س:۔پنجاب کا کون سا شہر سطح سمندر سے سب سے زیادہ بلند ہے؟۔

ج:۔مری۔

س:۔جیکب آباد کا پرانا نام بتایئے؟۔

ج:۔خان گڑھ۔

س:۔حیدرآباد کا پرانا نام بتایئے؟۔

ج:۔نیرون کوٹ۔

س:۔سلوان کوٹ پاکستان کے کس مشہور شہر کا نام ہے؟۔

ج:۔سیال کوٹ۔

س:۔مولانا محمد علی جوہر کے نام پر پنجاب کا کونسا شہر آباد ہے؟۔

ج:۔جوہر آباد۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ''ڈیرہ اسماعیل خان'' کب آباد ہوا؟۔

ج:۔۱۵۶۶ء میں۔

س:۔پنجاب کے پہلے مسلمان گورنر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔سردار عبدالرب نشتر۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد صوبہ پنجاب میں پہلے عام انتخابات کب ہوئے تھے؟۔

ج:۔۱۰ مارچ ۱۹۵۱ء کو۔

س:۔اردو کس صوبہ پنجاب کی سرکاری زبان کب قرار دیا گیا؟۔

ج:۔۱۴ جون ۱۹۷۲ء کو۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد صوبہ پنجاب کی اسمبلی کا اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا؟۔

ج:۔۵ جنوری ۱۹۴۸ء کو لاہور میں۔

س:۔قیام پاکستان سے پہلے صوبہ سندھ کا صدر مقام کون سا تھا؟۔

ج:۔کراچی۔

س:۔مشہور مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر، صوبہ سندھ کے کس مقام پر پیدا ہوا تھا؟۔

ج:۔عمر کوٹ یا امر کوٹ۔

س:۔کون سا دریا صوبہ سندھ کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے؟۔

ج:۔دریائے سندھ۔

س:۔انگریز حکومت نے صوبہ سرحد کے کس شہر میں پہلا سکول کھولا تھا؟۔

ج:۔پشاور میں

س:۔صوبہ سرحد کے پہلے مسلمان گورنر کا نام بتائیے؟۔

ج:۔خورشید علی خان۔

س:۔صوبہ بلوچستان کی دو اہم معدنیات کے نام بتائیے؟۔

ج:۔کوئلہ اور سوئی گیس۔

س:۔صوبہ بلوچستان کا ساحلی علاقہ کتنے میل لمبا ہے؟۔

ج:۔۴۷۱ میل۔

س:۔صوبہ بلوچستان میں اونی کپڑے کا پہلا کارخانہ کس شہر میں لگایا گیا تھا؟۔

ج:۔ہرنائی میں۔

س:۔انگریزوں نے صوبہ بلوچستان کو اپنی حکومت میں کب شامل کیا تھا؟۔

ج:۔۱۸۷۶ء میں۔

س:۔صوبہ بلوچستان میں پہلی باقاعدہ مردم شماری کب ہوئی؟۔

ج:۔۱۹۰۱ء میں۔

س:۔صوبہ بلوچستان میں آل انڈیا مسلم لیگ کی پہلی شاخ کب قائم کی گئی؟۔

ج:۔۱۹۳۸ء میں۔

س: پاکستان کا پہلا متفقہ آئین کب منظور ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۷۳ء میں۔

س: پاکستان میں سب سے پہلے کس سیاسی جماعت پر پابندی لگائی گئی تھی؟۔

ج:۔جماعت اسلامی پر۔

س: پاکستان پیپلز پارٹی کے قیام کا اعلان کب کیا گیا تھا؟۔

ج:۔یکم دسمبر ۱۹۶۷ء کو۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد شاہی قلعے کے اذیت خانے میں سب سے پہلے کس شخصیت کو بند کیا گیا تھا؟۔

ج:۔خان عبدالغفار خان مرحوم کو۔

س: پاکستان کی پہلی کم عمر سیاست دان خاتون کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ بےنظیر بھٹو۔

پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعظم کا نام بتایئے؟۔

ج: محترمہ بےنظیر بھٹو۔

س:۔پاکستان میں پہلے صدارتی انتخابات کب ہوئے تھے؟۔

ج:۔۲جنوری ۱۹۵۶ء

س:۔۱۹۶۵ء کے صدارتی انتخابات میں کون سی خاتون محترم نے انتخاب لڑا تھا؟۔

ج: محترمہ فاطمہ جناح۔

س:۔پاکستان میں مجلس شوریٰ، کس نے قائم کی تھی؟۔

ج:۔مرحوم جنرل ضیاالحق نے۔

س:۔مجلس شوریٰ کا پہلا چیئرمین کون تھا؟۔

ج:۔خواجہ محمد صفدر۔

س:۔کیا آپ مجلس شوریٰ کے اس رکن کا نام بتا سکتے ہیں، جس نے دریائے کابل میں کود کر خود کشی کر لی تھی؟۔

ج:۔سردار گل محمد۔

س:۔پہلی دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس کب ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۰اگست ۱۹۴۷ء کو۔

س:۔پہلی دستور ساز اسمبلی کے چیئرمین کون تھے؟۔

ج:۔قائد اعظم محمد علی جناح۔

س:۔کیا آپ پہلی دستور ساز اسمبلی کے ارکان کی تعداد بتا سکتے ہیں؟۔

ج:۔۷۶۔

پاکستان کو تسلیم کرنے والے پہلے مسلمان ملک کا نام بتایئے؟۔

ج:۔مصر۔

س:۔پاکستان نے سب سے پہلے کس اسلامی ملک سے تعلقات قائم کرنے کا اعلان کیا تھا؟۔

ج:۔ایران سے۔

س:۔پاکستان اقوام متحدہ کے ادارے خوراک وزراعت کا رکن کب بنا؟۔

ج:۔۲۷ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

س:۔پاکستان دولت مشترکہ سے کب الگ ہوا؟۔

ج:۔اکتوبر ۱۹۸۹ء کو۔

س:۔پاکستان نے دولت مشترکہ میں دوبارہ کب شمولیت اختیار کی؟۔

ج:۔اکتوبر ۱۹۸۹ء کو۔

س:۔قرآن کونسل کب قائم کی گئی؟۔

ج:۔۲۴ دسمبر ۱۹۶۷ء کو

س:۔پاکستان کی پہلی پروفیسر خاتون کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ڈاکٹر عذرا امتیاز۔

س:۔پاکستان کی پہلی خاتون مجسٹریٹ کا نام بتایئے؟۔

ج:۔بیگم ثریا ارشاد محمد خان۔

س:۔پاکستان کے آخری گورنر جنرل کا نام بتایئے؟۔

ج:۔جنرل اسکندر مرزا۔

س:۔پاکستان میں اب تک کل کتنے گورنر جنرل قائم کیے گئے تھے؟۔

ج:۔چار۔

س:۔پاکستان کی سب سے کم مدت تک وزیر اعظم رہنے والی شخصیت کا نام بتایئے؟۔

ج:۔جنرل محمد ایوب خان۔

س:۔پاکستان کے سب سے پہلے وزیر اعظم کون تھے؟۔

ج:۔خواجہ ناظم الدین۔

س:۔پاکستان کے کس سفیر نے سوئٹزر لینڈ میں خودکشی کر لی تھی؟۔

ج:۔کے، این، حسین۔

س:۔پاکستان نے سب سے پہلے اپنا سفیر کس ملک میں اور کس تاریخ کو بھیجا؟۔

ج:۔۲۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو، ایران میں

س:۔پاکستان کے اولین سفارت کار کا نام بتایئے؟۔

ج:۔قاضی عیسیٰ۔

س:۔پاکستان میں کس ملک نے اپنا پہلا سفیر بھیجا؟۔

ج:۔امریکہ نے ۲۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو۔

س:۔پاکستان کے کس سفیر کو بیک وقت تین ممالک میں سفیر مقرر کیا گیا تھا؟۔

ج: محمد منیر خان، انہیں بیک وقت فن لینڈ، ڈنمارک، اور ناروے میں سفیر مقرر کیا گیا؟۔

س:۔س:۔پاکستان کی کس رجمنٹ کو یکے بعد دیگرے چار نشان حیدر حاصل کرنے کا اعزاز حاصل ہے؟۔

ج:۔پنجاب رجمنٹ کو۔

س:۔پنجاب یونیورسٹی لاہور میں شعبہ فلکیات کب سے قائم ہے؟۔

ج:۔۱۹۱۴ء سے۔

س:۔قیام پاکستان کے بعد پہلا سیلاب پاکستان میں کب آیا؟۔

ج:۔۲۷ ستمبر ۱۹۴۷ء کو

س:۔نیویارک (امریکہ) میں حلف اٹھانے والے پہلے پاکستانی وزیر کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ملک فیروز خان نون۔

س:۔پاکستان نے امریکہ میں اپنا پہلا سفارت کار کب بھیجا؟۔

ج:۔۲۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو۔

س:۔پاکستان نے ریل کے ڈبے سب سے پہلے کس یورپی ملک سے خریدے؟۔

ج:۔فرانس سے۔

س:۔پاکستانی ملوں کو کپڑا برآمد کرنے کی اجازت پہلی بار کب دی گئی تھی؟۔

ج:۔۲۶ جون ۱۶۵۴ء کو۔

س:۔امریکہ نے پاکستان کو پہلی بار فوجی امداد کب دی تھی؟۔

ج:۔۲۹ اپریل ۱۹۵۵ء کو

س:۔پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز کون سا ہے؟۔

ج:۔نشان حیدر۔

س:۔بھارت نے پاکستان کو پہلی بار کب غیر ملکی قرار دیا تھا؟۔

ج:۔۱۴ جون ۱۹۵۷ء کو

س:۔سب سے پہلے کس ملک کے فلم ساز ادارے نے پاکستانی پرچم اور قومی ترانے کی رنگین فلم تیار کی تھی؟۔

ج:۔امریکہ۔

س:۔عالمی ہاکی کپ پاکستان کی کس فیکٹری نے تیار کیا تھا؟۔

ج:۔واہ فیکٹری نے۔

س:۔پاکستان نے عوامی جمہوریہ چین کو کب تسلیم کیا تھا؟۔

ج:۔۴جنوری ۱۹۵۰ء کو

س:۔بھارت کے پہلے وزیر اعظم آنجہانی پنڈت نہرو کب پاکستان آئے تھے؟۔

ج:۔۲۶اپریل ۱۹۵۰ء کو

س:۔پاکستان ریلوے نے اردو میں پہلا ٹائم ٹیبل کب شائع کیا؟۔

ج:۔جون ۱۹۴۹ء میں۔

س:۔پاکستان میں سرکاری طور پر پہلا یوم اقبال کب منایا گیا تھا؟۔

ج:۔۲۱اپریل ۱۹۴۸ء کو

س:۔پاکستان میں پہلی بار بلدیاتی انتخابات کب ہوئے تھے؟۔

ج:۔۱۹۶۲ء میں،

س:۔کشمیر کی جنگ آزادی کے پہلے شہید کا نام بتایئے؟۔

ج:۔راجا عبد اللطیف۔

س:۔پنجابی زبان کی کلاسیک ''سیف الملوک کس غیر فانی'' شاعر کی تخلیق ہے؟۔

ج:۔میاں محمد بخش مرحوم کی۔

س:۔مینار پاکستان کی تعمیر کا آغاز کب ہوا تھا؟۔

ج:۔۱۹۶۳ء میں۔

س:۔پاکستان کی ہاکی ٹیم نے اپنا پہلا بین الاقوامی میچ کس ملک کی ٹیم کے خلاف کھیلا تھا؟۔

ج:۔بلجیم۔

س:۔پاکستان کی ہاکی ٹیم نے پہلی بار کن ایشیائی کھیلوں میں شرکت کی تھی؟۔

ج:۔۱۹۵۸ء میں۔

س:۔ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان کا کم از کم کتنا اسکور ہے؟۔

ج:۔۶۲ رنز (آسٹریلیا) کے خلاف۔

س:۔پاکستان کی ٹیم نے ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی سنچری کس نے بنائی تھی؟۔

ج:۔نذر محمد نے۔

س:۔پاکستان کی ٹیم نے ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی فتح کس ملک کے خلاف حاصل کی تھی؟۔

ج:۔نیوزی لینڈ۔

س:۔پاکستان میں پولو کا کھیل کس صوبے میں زیادہ کھیلا جاتا ہے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد میں۔

س:۔پاکستان کی خواتین ہاکی ٹیم نے کس ملک کی ٹیم کے خلاف کھیلا تھا؟۔

ج:۔آئر لینڈ۔

س:۔پاکستان کی پہلی ایڈورٹائزنگ ایجنسی کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ڈی، جے، کیمر اینڈ کمپنی، کراچی۔

س:۔پاکستان میں بولی جانے والی سب سے بڑی علاقائی زبان کون سی ہے؟۔

ج:۔پنجابی۔

س:۔پاکستان کا پہلا فوجی عجائب گھر کس شہر میں ہے؟۔

ج:۔راولپنڈی۔

س:۔سندھی کو سرکاری زبان کا درجہ کب ملا؟۔

ج:۔۱۹۷۲ء میں۔

س:۔پنجابی کے چند مشہور شاعروں کے نام بتایئے؟۔

ج:۔میاں محمد بخش، وارث شاہ، شاہ حسین اور ہاشم شاہ۔

س:۔پاکستان کی کس جھیل کے نمکین پانی سے نمک تیار کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔ہامون جھیل۔

س:۔سرمے کی کانیں پاکستان میں کہاں پائی جاتی ہیں؟۔

ج:۔چترال میں۔

س:۔دنیا کا بہترین خام تیل پاکستان کے کس علاقے میں دریافت ہوا ہے؟۔

ج:۔خاص خیلی، بدین، (سندھ)۔

س:۔سفید اور کالا سنگ مرمر پاکستان میں کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔فتح جنگ، ضلع اٹک۔

س:۔یورینیم پاکستان میں کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔ڈیرہ غازی خان اور ضلع میانوالی میں۔

س:۔پاکستان میں نیلم کہاں سے نکالا جاتا ہے؟۔

ج:۔مانسہرہ ضلع ہزارہ سے۔

س:۔پاکستان میں تانبا سب سے زیادہ کہاں پایا جاتا ہے؟۔

ج:۔صوبہ سرحد میں۔

س:۔پاکستان میں سب سے پہلا نائٹ پوسٹ آفس کس شہر میں کھولا گیا ہے؟۔

ج:۔کراچی میں۔

یں۔

س:۔ پاکستان میں سب سے پہلے کن دو شہروں میں اردو میں تار بھیجنے کا طریقہ شروع کیا گیا؟۔

ج:۔ کراچی اور لاہور میں۔

یں۔

س:۔ پاکستان کے پہلے ٹی، وی، ڈرامے کا نام بتایئے؟۔

ج:۔ رس ملائی جسے انور سجاد نے لکھا تھا۔

س:۔ پاکستان کے سب سے پہلے اسلامی ٹی، وی، پروگرام کا نام بتایئے؟۔

ج۔، مشعل راہ۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی، نے اپنی رنگین نشریات کب شروع کیں؟۔

ج:۔۱۹۷۶ء میں۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی کا پہلا ڈرامہ ''نذرانہ'' کس نے تحریر کیا تھا؟۔

ج:۔ نجمہ فاروقی۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی کے پہلے ڈرامے کی ہیروئن کون تھی؟۔

ج:۔ کنول نصیر۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی ابتدا میں کتنے گھنٹے کی نشریات پیش کرتا تھا؟۔

ج:۔ ایک گھنٹہ کی۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی نے سب سے پہلے کس کھیل کو دکھایا تھا؟۔

ج:۔ ٹیبل ٹینس کو۔

س:۔ پاکستان ٹی، وی لاہور کی افتتاحی تقریب میں تلاوت قرآن پاک کس قاری نے کی تھی؟۔

ج:۔ قاری علی حسین نے۔

س:۔ لاہور اور ملتان کے درمیان پہلی ٹرین کب چلائی گئی تھی؟۔

ج:۔۲۴ اپریل ۱۸۶۵ء کو۔

س:۔ برصغیر میں پہلا ریلوے پل کس دریا پر بنایا گیا تھا؟۔

ج:۔ دریائے چناب پر۔

س:۔ کراچی اور کوٹری کے درمیان ریلوے ٹرین کب چلائی گئی تھی؟۔

ج:۔۱۸۶۰ء میں۔

س:۔ لاہور اور پشاور تک ریلوے لائن کب بچھائی گئی تھی؟۔

ج:۔۱۸۸۳ء میں۔

س:۔دریائے جہلم پر ریل کا پل کب تعمیر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۸۷۲ء میں۔

س:۔وزیر آباد اور گجرات کو ملانے کے لئے دریائے چناب پر ریل کا پل کب تعمیر کیا گیا تھا؟۔

ج:۔۱۸۷۵ء میں۔

س:۔پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز یعنی پی،آئی،اے کب قائم کی گئی تھی؟۔

ج:۔۱۹۵۵ء میں۔

س:۔پی،آئی،اے نے بین الاقوامی ہوابازی کے میدان میں کب قدم رکھا تھا؟۔

ج:۔۱۹۵۵ء میں۔

س:۔پی،آئی،اے نے پہلا جیٹ طیارہ کس غیر ملکی کمپنی سے پٹے پر حاصل کیا تھا؟۔

ج:۔پین،ایم کمپنی امریکا۔

س:۔پی،آئی،اے کی پہلی پرواز کن دوشہروں کے درمیان شروع کی گئی تھی؟۔

ج:۔کراچی اور ڈھاکہ کا مشرقی پاکستان (بنگلہ دیش)

س:۔پی،آئی،اے کا اندرون ملک کتنے شہروں سے فضائی رابطہ قائم ہے؟۔

ج:۔۲۶۔

س:۔پاکستان کی پہلی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کل آبادی کتنی تھی؟۔

ج:۔سات کروڑ چھپن لاکھ ستاسی ہزار اور اس میں مشرقی پاکستان کی آبادی بھی شامل تھی؟۔

س:۔پاکستان میں اب تک کل کتنی بار مردم شماری ہوچکی ہے؟۔

ج:۔ہر دس سال کے بعد۔

س:۔پاکستان کے کن دوشہروں میں پٹ سن کاشت کی جاتی ہے؟۔

ج:۔فیصل آباد اور مظفر گڑھ۔

س:۔پاکستان کی موجودہ آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔ایک محتاط اندازے کے مطابق دس کروڑ۔

س:۔پاکستان میں فی کلومیٹر آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔ایک محتاط اندازے کے مطابق دس کروڑ۔

س:۔پاکستان میں فی کلومیٹر آبادی کتنی ہے؟۔

ج:۔ایک حالیہ اندازے کے مطابق پاکستان میں ہر مربع کلومیٹر میں ۱۱۵، افراد بستے ہیں۔

س:۔پاکستان میں افزائش آبادی کی شرح کتنی ہے؟۔

ج:۔۳ء۱ فی صد سالانہ۔

س: ۔پاکستان کا کل کتنا رقبہ جنگلات پر مشتمل ہے؟ ۔

ج: ۔صرف ساڑھے چار فی صد (4.5 فی صد) ۔

س: ۔پاکستان میں جنگلات کا تناسب کیا ہونا چاہیئے ؟ ۔

ج: ۔کل رقبے کا ۲۵ فی صد ۔

س: ۔پاکستان میں جنگلات کم کیوں ہیں؟ ۔

ج: ۔ملک کی تمام زمین درخت اگانے کے قابل نہیں ہے، خاطر خواہ مقدار میں پانی دستیاب نہیں ہے ۔لوگ جنگلات کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے ۔

س: ۔پاکستان میں ہفتہ شجر کاری کن دو مہینوں میں منایا جاتا ہے؟ ۔

ج: ۔فروری اور اگست میں ۔

س: ۔پاکستان میں دیودار، پڑتل، اور صنوبر کے جنگلات کن کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟ ۔

ج: ۔مری، ایبٹ آباد، سوات، مانسہرہ، اور چترال ۔

س: ۔شاہ بلوط اور اخروٹ کے درخت کہاں پائے جاتے ہیں؟ ۔

ج: ۔دیر، چترال، ایبٹ آباد اور مری میں ۔

س: ۔پھلاہی، کاہو، جھنڈ، توت اور سنبل کے درخت کہاں پائے جاتے ہیں؟ ۔

ج: ۔جہلم، گجرات، مردان، اٹک، اور کوہاٹ میں ۔

س: ۔پاکستان کے میدانی علاقوں میں کس قسم کے جنگلا پائے جاتے ہیں؟ ۔

ج: ۔شیشم، پاپولر، سفیدہ کیکر اور فراش وغیرہ ۔

س: ۔نہری علاقوں میں کس قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں؟ ۔

ج: ۔شہتوت، شیشم، دھریک، جامن، سفیدہ وغیرہ ۔

س: ۔پاکستان کے معدنی وسائل میں کون کون سی معدنیات شامل ہیں؟ ۔

ج: ۔معدنی تیل، قدرتی گیس، کوئلہ، لوہا، نمک، کرومائیٹ، تانبا، سنگ مرمر، سرمہ، گندھک، اور آتشی مٹی وغیرہ ۔

س: ۔پاکستان سے نکلنے والا تیل ملکی ضروریات کو کس حد تک پورا کرتا ہے؟ ۔

ج: ۔صرف دس فی صد ۔

س: ۔پاکستان میں خام تیل کن کن مقامات سے حاصل کیا جاتا ہے؟ ۔

ج: ۔کھوڑ، ڈھلیان ہتت، کوٹ سارنگ، سیال، ڈھیر منڈ، آدھی، تاضیاں، (راولپنڈی) ڈھوڈک، کرسال اور خاص خیلی، (بدین)

س: ۔اٹک، جہلم، اور چکوال کے اضلاع سے حاصل ہونے والا خام تیل کہاں صاف کیا جاتا

ہے؟۔

ج:۔مورگاہ (راولپنڈی) میں۔

س:۔تیل صاف کرنے کے کارخانے کو کیا کہا جاتا ہے؟۔

ج:۔ریفائنری۔

س:۔پنجاب میں کوئلے کی سب سے بڑی کان کہاں ہے؟۔

ج:۔مکڑوال۔

س:۔پاکستان میں قدرتی گیس کے ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔سوئی ،زن (بلوچستان) اچ،مزرانی، ساری، ہنڈی، کندکوٹ، ڈھوڈک، پیرکوہ، ڈھلیاں ،میال، اورکلرکہار (ضلع جہلم)

س:۔قدرتی گیس ہماری توانائی کا کل کتنے فی صد پورا کرتی ہے؟۔

ج:۔۳۵ فی صد۔

س: ۔پاکستان میں لوہے کا ذخیرہ کہاں دریافت ہوا ہے،اور کن کن مقامات سے نکالا جاتا ہے؟۔

ج:۔کالاباغ سے اورکوئٹہ،چترال،مسلم باغ،نوکنڈی۔

س:۔لوہا ہماری ضرورت کا کل کتنے فی صد پورا کرتا ہے؟۔

ج:۔۱۶فی صد۔

س:نمک کی سب سے بڑی کان کہاں واقع ہے؟۔

ج:۔کھیوڑا میں۔

س:۔وہ کون سی دھات ہے جودنیا میں پاکستان میں سب سے زیادہ پائی جاتی ہے؟۔

ج:۔کرومائیٹ۔

س:۔کرومائیٹ کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔مسلم باغ، چاغی، خاران، مالاکنڈ اورشمالی وزیرستان۔

یٹ۔

س:۔کرومائیٹ کس صنعت میں زیادہ استعمال ہوتی ہے؟۔

ج:۔فوٹوگرافی اورفولاد میں۔

س:۔جپسم کن کن علاقوں سے حاصل ہوتا ہے؟۔

ج:۔جہلم،میاں والی، ڈیرہ غازی خان،کوئٹہ، سبی اورکوہاٹ، بہاول پور، دادو اورسانگھڑ اور ڈیرہ اسماعیل خان۔

س:۔پاکستان میں تانبے کے کل کتنے ذخائر ہیں؟۔

ج:۔قریباً چار کروڑ ٹن۔
س:۔پاکستان میں ہر سال کل کتنے ٹن کرومائیٹ نکالی جاتی ہے؟۔
ج:۔تین ہزار ٹن۔
س:۔کرومائیٹ کے سب سے بڑے ذخائر کہاں واقع ہیں؟۔
ج:۔مسلم باغ بلوچستان میں۔
س:۔جپسم کی سالانہ پیداوار کتنی ہے؟۔
ج:۔قریباً چار لاکھ ٹن سالانہ۔
س:۔جپسم کن کن صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے؟۔
ج:۔سیمنٹ سازی، کیمیاوی کھاد، اور پلاسٹر آف پیرس میں۔
س:۔پاکستان میں چونے کا پتھر کن کن مقامات سے حاصل کیا جاتا ہے؟۔
ج:۔ڈنڈوت، داؤد خیل، واہ، روہڑی، حیدر آباد اور کراچی۔
س:۔چونے کے پتھر کی اوسط سالانہ پیداوار بتائیے؟۔
ج:۔اسے زیادہ سیمنٹ سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
س:۔سنگ مرمر کی سالانہ پیداوار کتنی ہے؟۔
ج:۔تقریباً ایک لاکھ ٹن سالانہ۔
س:۔آتشی مٹی کن کن مقامات پر حاصل کی جاتی ہے؟۔
ج:۔کوہستان نمک، اور فتح جنگ کے علاقے سے۔
س:۔آتشی مٹی کے فوائد بتائیے؟۔
ج:۔اس سے زیادہ فائر پروف اینٹیں بنائی جاتی ہیں جو زیادہ تر فولادی بھٹیوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
س:۔آتشی مٹی کی سالانہ پیداوار بتائیے؟۔
ج:۔قریباً ۷۰ ہزار ٹن۔
س:۔اٹک کے مقام پر پہلے پہل خام تیل کب دریافت ہوا؟۔
ج:۔1915ء میں کھوڑ کے مقام سے اور ۱۹۳۵ء میں ڈھلیاں کے مقام سے۔
س:۔جویا ضلع جہلم کے کنوئیں سے خام تیل پہلے پہل کب نکالا گیا؟۔
ج:۔۱۹۴۴ء میں۔
س:۔بالکسر اور چکوال کے کنوئیں سے تیل کی پیداوار کب شروع ہوئی تھی؟۔
ج:۔۱۹۴۶ء میں اور ۱۹۴۹ء میں۔
س:۔کرسال ضلع جہلم سے خام تیل کب دریافت ہوا؟۔

ج:۔۱۹۵۶ء میں۔

س:۔تت ضلع اٹک سے خام تیل کب دریافت ہوا؟۔

ج:۔۱۹۶۸ء میں۔

پاکستان میں تیل اور قدرتی گیس کی تلاش کے لئے ترقیاتی کارپوریشن کب قائم کی گئی؟۔

ج:۔۱۹۶۱ء میں۔

س:۔خاص ضلع بدین کے کنوؤں سے ہر سال قریباً کتنا خام تیل نکالا جاتا ہے؟۔

ج:۔تقریباً ۵۵ لاکھ بیرل۔

س:۔کرسال کے کنویں سے روزانہ کتنا تیل نکالا جارہا ہے؟۔

ج:۔تقریباً ۵۵ لاکھ بیرل، کرسال کے کنویں تیزی سے کشک ہورہے ہیں

س:۔سوئی کے ذخائر کی سالانہ پیداوار کتنی ہے؟۔

ج:۔قریباً ۸۶ لاکھ ۲۰ ہزار مکعب میٹر۔

س:۔گیس کی سالانہ پیداوار کتنی ہے؟۔

ج:۔۱۰۵۰ ملین کیوبک میٹر۔

س:۔مکڑوال میں کوئلے کا کتنا ذخیرہ موجود ہے؟۔

ج:۔قریباً ایک کروڑ ٹن۔

س:۔پاکستان کے پہلے ایٹمی بجلی گھر نے کب کام شروع کیا تھا؟۔

ج:۔نومبر ۱۹۷۲ء میں۔

پاکستان میں گندھک کے ذخائر کن کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟۔

ج:۔جیکب آباد، بلوچستان اور مردان۔

س:۔دنیا میں معدنی نمک کی سب سے بڑی کان صوبہ پنجاب کے کس مقام پر ہے؟۔

ج:۔کھیوڑہ ضلع جہلم۔

س:۔پاکستان کے نمک کے ذخائر اندازاً کتنے عرصے تک کے لیے کافی ہوں گے؟۔

ج:۔اندازاً ڈیڑھ ہزار سال تک۔

س:۔نمک کی سالانہ پیداوار بتائیے؟۔

ج:۔۶ لاکھ ٹن۔

س:۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ واڑچھا کوشاب کی کان سے اندازاً کتنا نمک نکالا جاتا ہے؟۔

ج:۔۴۵۰۰۰ ہزار ٹن۔

س:۔پاکستانی معاشیات کا سب سے بڑا شعبہ کون سا ہے؟۔

ج:۔زراعت۔

س:۔شعبہ زراعت کتنے فی صد لوگوں کو روزگار مہیا کرتا ہے؟۔

ج:۔۵۵ فی صد۔

س:۔شعبہ زراعت خام ملکی پیداوار کا کتنے فی صد مہیا کرتا ہے؟۔

ج:۔۷۰ فی صد:۔

س:۔پاکستان کون سی غذائی اجناس میں خود کفیل ہو چکا ہے؟۔

ج:۔کپاس۔

س:۔پاکستان میں کاشت کا زیادہ تر انحصار بارش کے پانی پر ہے یا نہروں پر؟۔

ج:۔نہروں کے پانی پر۔

س:۔نہری پانی کتنے فی صد رقبے کو سیراب کرتا ہے؟۔

ج:۔۷۰ فی صد۔

س:۔سکھر بیراج سے کتنی نہریں نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔سات نہریں۔

س:۔سکھر بیراج کی نہریں سندھ کے کتنے رقبے کو سیراب کرتی ہیں؟۔

ج:۔۵۰ لاکھ ایکڑ۔

س:۔کوٹری کے بند سے کتنی نہریں نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔چار نہریں۔

س:۔کوٹری کے بند سے نکلنے والی نہریں صوبہ سندھ کے کتنے رقبے کو سیراب کرتی ہیں؟۔

ج:۔۲۷ لاکھ ایکڑ۔

س:۔دریائے سوات سے کتنی نہریں نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔دو نہریں۔

س:۔وارسک کے مقام سے کتنی نہریں نکالی گئی ہیں؟۔

ج:۔دو نہریں۔

س:۔وارسک کی نہریں وادی پشاور کے کل کتنے رقبے کو سیراب کرتی ہیں؟۔

ج:۔ایک لاکھ بیس ہزار ایکڑ۔

س:دریائے توی کوہاٹ کے پانی سے کون سا علاقہ سیراب کیا جاتا ہے؟۔

ج:۔وزیرستان اور ڈیرہ غازی خان۔

س:۔پاکستان میں ہر سال کتنی فصلیں بوئی جاتی ہیں؟۔

ج:۔دو فصلیں۔

س:۔نقد آور اجناس سے کیا مراد ہے؟۔
ج:۔ایسی فصلیں جنہیں فروخت کر کے نقدی اور زرِ مبادلہ کمایا جاتا ہے۔ان فصلوں میں کپاس، گنا اور تمبا کو شامل ہیں۔
س:۔پاکستان میں کتنی بار زرعی اصلاحات نافذ کی جا چکی ہیں؟۔
ج:۔تین بار، یعنی ۱۹۵۹ء، ۱۹۷۲ء، ۱۹۷۷ء
س:۔پہلے پنج سالہ منصوبے میں زراعت کے لئے کتنی رقم رکھی گئی تھی؟۔
ج:۔۶۱۴ ملین، (ملین دس لاکھ)
س:۔دوسرے پنج سالہ منصوبے میں زراعت کے لئے کتنی رقم رکھی گئی تھی؟۔
ج:۔۱۴۲۵۰ ملین۔
س:۔پاکستان میں سڑکوں کی کل لمبائی بتائیے؟۔
ج:۔ایک لاکھ بیس ہزار کلومیٹر۔
س:۔اچھی قسم کی سڑکوں کی لمبائی بتائیے؟۔
ج:۔۴ ہزار کلومیٹر۔
س:۔پاکستان کی سب سے لمبی سڑک کون سی ہے؟۔
ج:۔شاہراہ پاکستان۔
س:۔شاہراہ پاکستان کہاں سے شروع ہو کر کراچی پر ختم ہوتی ہے؟۔
ج:۔یہ شاہراہ طورخم سے شروع ہو کر کراچی پر ختم ہوتی ہے۔
س:۔شاہراہ پاکستان کی لمبائی بتائیے؟۔
ج:۔۱۷۳۵ کلومیٹر۔
س:۔انڈس سپر ہائی وے سے کیا مراد ہے؟۔
ج:۔یہ وہ سڑک ہے جو دریائے سندھ کے ساتھ ساتھ بنائی جا رہی ہے، جس سے کراچی اور پشاور کے درمیان ۳۲۲ کلومیٹر کا فاصلہ کم ہو جائے گا۔
س:۔کراچی سے چمن تک جانے والی سڑک کی لمبائی بتائیے؟۔
ج:۔۸۳۴ کلومیٹر۔
س:۔روہڑی سے کوئٹہ تک جانے والی سڑک کی لمبائی بتائیے؟۔
ج:۔۴۱۰ کلومیٹر۔
س:۔شاہراہ قراقرم کس سڑک کو کہتے ہیں؟۔
ج:۔جو پاکستان کے شمالی علاقے کو چین سے ملاتی ہے۔
س:۔چھٹے پنج سالہ منصوبے میں سڑکوں کی مد کے لیے کتنی رقم مخصوص کی گئی ہے؟۔

ج:۔۱۸ بلین روپے۔

س:۔قیام پاکستان کے وقت ریل کے انجن کس قسم کے ایندھن سے چلائے جاتے تھے؟۔

ج:۔کوئلے سے۔

س:۔کاریز سے کیا مراد ہے؟۔

ج:۔چھوٹی چھوٹی زمین دوز نالیاں جن سے آب پاشی ہوتی ہے، انہیں کاریز کہتے ہیں۔اس قسم کی کاریز بلوچستان میں بنائی گئی ہیں۔

س:۔گدو بیراج کی نہریں کن علاقوں کو سیراب کرتی ہیں؟۔

ج:۔جیکب آباد، سکھر، لاڑکانہ۔

س:۔گدو بیراج کے ذریعے کتنا رقبہ سیراب ہوتا ہے؟۔

ج:۔۵۰ لاکھ ایکڑ۔

س:۔ٹانڈا ڈیم پروجیکٹ کی لمبائی اور اونچائی بتایئے؟۔

ج:۔اس بند کی اونچائی ۴۴ میٹر اور لمبائی ۷۵۰ میٹر ہے۔

س:۔کوئل پروجیکٹ کے ذریعے کتنا رقبہ سیراب ہوتا ہے؟۔

ج:۔ایک لاکھ ۶۴ ہزار ایکڑ۔

س:۔حب ڈیم کے ذریعے کراچی کے گردونواح کا کون سا رقبہ سیراب ہوتا ہے۔

ج:۔۱۸۴۰۰۰ ایکڑ۔

س:۔پاکستان میں اس وقت ریلوں کی لمبائی کتنی ہے؟۔

ج:۔تیرہ ہزار کلومیٹر۔

س:۔پاکستان میں اس وقت ریلوے کے پاس کتنے انجن ہیں؟۔

ج:۔ایک ہزار سے زیادہ۔

س:۔س:۔پاکستان میں اس وقت ریلوں کے کل کتنے مسافر بردار ڈبے ہیں؟۔

ج:۔۳۸ ہزار۔

س:۔چھٹے پنج سالہ منصوبے میں پاکستان ریلوے کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟۔

ج:۔۱۳، بلین۔

س:۔چھٹے پنج سالہ منصوبے میں پی، آئی، اے کی ترقی کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟۔

ج:۔۲۷،۲۰ بلین روپے۔

س:۔پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کب قائم کی گئی؟۔

ج:۔جنوری ۱۹۷۹ء میں۔

س:۔پاکستان میں بیرونی تجارت کا محکمہ کب قائم کیا گیا؟۔

ج: ۔مئی ۱۹۵۳ء میں ۔

س: ۔پاکستان کی سب سے اہم برآمد کون سی ہے؟۔

ج: ۔کپاس۔

س: ۔پاکستان دنیا کی کل برامدی کپاس کا کتنے فی صد حصہ مہیا کرتا ہے؟۔

ج: ۔۲۰ فی صد۔

س: ۔پاکستان اپنی کپاس کن کن ملکوں کو برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔چین، جاپان، بیلجیم اور ہانگ کانگ۔

س: ۔پاکستان اپنا سوتی کپڑا کن کن ملکوں کو برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔امریکہ، برطانیہ، سری لنکا، روس، اور کینیڈا کو۔

س: ۔پاکستان اپنی اون کن کن ملکوں کو برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔جرمنی، برطانیہ، امریکا۔

س: ۔پاکستان میں کھالوں کی پیداوار کتنی ہے؟۔

ج: ۔قریباً دو کروڑ۔

س: ۔پاکستان اپنی کھالوں کا کتنے فی صد حصہ برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔۴۰ فی صد۔

س: ۔پاکستان اپنی کھالیں کن کن ملکوں کو برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔مغربی جرمنی، برطانیہ، اٹلی، جاپان، امریکا، روس۔

س: ۔پاکستان چاول کن کن ملکوں کو برامد کرتا ہے؟۔

ج: ۔سعودی عرب، برطانیہ، کویت، قطر، روس اور عراق۔

س: ۔پاکستان کی اہم درآمدات میں کون کون سی اشیا شامل ہیں؟۔

ج: ۔خام تیل، مشینری، خوردنی تیل، کیمیکل، ٹرانسپورٹ، کاریں، بسوں اور ٹرکوں کے چیسز ۔ٹریکٹر، خام مال، اسٹیل، ادویات، چائے، کوفی، ناریل کا تیل، کاغذ، کھد، دالیں، خشک دودھ، بجلی کا سامان، الیکٹرونکس کے آلات، رنگین ٹی وی، فریج، وی سی آر، ٹیپ ریکارڈر، کمپیوٹرز اور کمپیوٹرز کے آلات، پان، چھالیہ، الائچی، کتابیں، بلیڈ، ریشمی کپڑا، بھاری مشینری، جراحی کے آلات، وغیرہ۔

س: ۔پاکستان کی اہم برآمدات میں کون کون سی اشیا شامل ہیں؟۔

ج: چاول، کپاس، سوتی دھاگہ، کھالیں، مچھلی، قالین، چمڑا اور چمڑے کی مصنوعات، نمک، آلات جراحی، پھل، سبزیاں، اور جوتے۔

ہماری درآمدی تجارت کن ممالک سے ہے؟۔

ج: ۔جاپان، امریکہ، ہالینڈ،سعودی عرب ،کویت ، فرانس ،مغربی جرمنی، کوریا، کینیا، بنگلہ دلیش، چین، سری لنکا، سنگا پور، آسٹریلیا، اٹلی، سوئٹزرلینڈ ،سویڈن ، تائیوان ، اسپین ، بھارت ، روس،ہنگری ، رومانیہ۔

س۔ ہماری برآمدی تجارت کن مما لک سے ہے؟۔

ج: ۔مغربی جرمنی، امریکہ، برطانیہ،فرانس، جاپان،کوریا، بھارت،افریقی مما لک، ایران، اٹلی، سپین، چین، سینگاپور، ہانگ کانگ، بلغاریہ،ہنگری، رومانیہ، بنگلہ دلیش،عراق ،سعودی عرب،کویت، ملائشیا، نیپال۔

س: ۔پاکستان چائے کن کن مما لک سے درآمد کرتا ہے؟۔

ج: ۔سری لنکا، بنگلہ دلیش، کینیا،چین۔

س: ۔پاکستان خشک دودھ کن کن مما لک سے درآمد کرتا ہے؟۔

ج: ۔جاپان، ہالینڈ اورآسٹریلیا۔

س: ۔پاکستان قدرتی شہد کن کن مما لک سے درآمد کرتا ہے؟ ۔

ج: ۔مگربی جرمنی، امریکہ، آسٹریلیا، ہالینڈ اورچین ۔

سندھ اور پنجاب میں ہر سال کتنے لاکھ ایکڑ زمین سیم اور تھور سے ضائع ہو جاتی ہے؟۔

ج: ۔ایک لاکھ ایکڑ۔

س: ۔پاکستان میں پہلی صنعتی پالیسی کا اعلان کب کیا گیا تھا؟۔

ج: ۔۱۹۴۸ء میں ۔

س: ۔س: ۔پاکستان میں پہلی صنعتی مالیاتی بنک کا قیام کب عمل میں لایا گیا؟ ۔

ج: ۔۱۹۶۱ء میں۔

۱۹۷۲ء میں بھٹو حکومت نے کتنے کارخانوں کوقومی تحویل میں لیا؟۔

ج: ۔دس۔

س: ۔قیام پاکستان کےوقت ملک میں سیمنٹ کے کتنے کارخانے تھے؟۔

ج: ۔صرف ایک، ڈالیا سیمنٹ فیکٹری۔

س: ۔اس وقت ملک میں سیمنٹ کے کارخانے کن کن شہروں میں قائم ہیں؟ ۔

ج: ۔داود خیل، ڈنڈوت ،واہ، روہڑی، غریب وال، فاروقیہ، نوشہرہ ، کوہاٹ، حیدرآباد، کراچی۔

س: ۔قیام پاکستان کےوقت ملک میں کیمیاوی کھاد کے کتنے کارخانے تھے؟۔

ج: ۔کوئی کارخانہ نہیں تھا۔

س: ۔س: ۔اس وقت ملک میں کیمیاوی کھاد کے کارخانے کن کن شہروں میں قائم ہیں؟ ۔

ج: ۔ داود خیل، ملتان، فیصل آباد، جڑانوالہ، صادق آباد، کراچی، میر پور متھیلو۔ شیخوپورہ، رحیم یار خان۔

س: ۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں بناسپتی گھی کے کارخانے کن کن شہروں میں قائم ہیں؟۔

ج: ۔ صرف ایک، لیور برادر۔

س: ۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں سوتی کپڑا بنانے کل کتنے کارخانے تھے؟۔

ج: ۔ صرف تین۔

س: ۔ اس وقت ملک میں چھوٹے بڑے کتنے کارخانے کن کن شہروں میں قائم ہیں؟۔

ج: ۔ ۸۵۰ مختلف شہروں میں۔

س: ۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں اونی کپڑا بنانے کل کتنے کارخانے تھے؟۔

ج: ۔ کوئی کارخانہ نہیں تھا۔

س: ۔ اس وقت ملک میں اونی کپڑا بنانے کل کتنے کارخانے ہیں؟۔

ج: ۔ پندرہ سے زیادہ۔

س: ۔ پاکستان میں اس وقت ملک میں چینی بنانے کل کتنے کارخانے ہیں؟۔

ج: ۔ ۳۶ کارکانے۔

س: ۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں کاغذ سازی کے کل کتنے کارخانے تھے؟۔

ج: ۔ کوئی کارخانہ نہیں تھا۔

س: ۔ اس وقت ملک میں کاغذ بنانے کل کتنے کارخانے ہیں۔ اور وہ کہاں کام کر رہے ہیں؟۔

ج: ۔ لاہور، شیخوپورہ، چارسدہ، نوشہرہ اور کھارد (سندھ) میں متعدد کارخانے کام کر رہے ہیں۔

س: ۔ اس وقت ملک میں چمڑا صاف کرنے کے کل کتنے کارخانے ہیں؟۔

ج: ۔ ۲۰ کارخانے۔

س: ۔ کیا یہ درست ہے کہ اخبارات اور رسائل کے لئے دوسرے مما لک سے کاغذ درآمد کیا جاتا ہے؟۔

ج: ۔ درست ہے۔

س: پاکستان میں پرزہ سازی کے بڑے بڑے کارخانے کہاں ہیں؟۔

ج: ۔ ٹیکسلا، واہ، کینٹ اور کراچی کے علاوہ، لاہور، گوجرانوالہ۔

س: ۔ قیام پاکستان وقت ملک میں اسلحہ سازی کل کتنے کارخانے کام کر رہے تھے؟۔

ج: ۔ کوئی کارخانہ نہیں تھا۔

س: ۔ پاکستان میں پہلی بار اسلحہ سازی کی فیکٹری کب اور کہاں قائم کی گئی؟۔

ج:۔واہ کے مقام پر ۱۹۵۱ء میں۔
س:۔پاکستان میں ہوائی جہازوں کی مرمت اور تعمیر نو کے کارخانے کس شہر میں قائم ہیں؟۔
ج:۔کامرا، (اٹک) میں۔
س:۔پاکستان میں کون کون سے ٹی،وی سیٹ تیار کیے جاتے ہیں؟۔
ج:۔سونی، فلپس، ہٹاچی، اورین، الیکٹرا، سانیو،توشیبا، این، ای،سی،شارپ اور فلپس۔
س:۔پاکستان میں بلیک اینڈ وائیٹ اور رنگین ٹی،وی سیٹ کن کن شہروں میں تیار ہوتے ہیں؟۔
ج:۔کراچی،حیدرآباد،لاہور۔
س:۔پاکستان میں کون کون سے فریج تیار کیے جاتے ہیں؟۔
ج:۔فلپس، ڈاؤلینس، پی،ای، ایل،فلکو، ہائیر، اور کیلوی نیٹر۔
س:۔پاکستان میں تیار ہونے والے موٹر سائیکلوں کا نام بتایئے؟۔
ج:۔یاماہا،ہنڈا،کاواساکی،سوزوکی اور ویسپا سکوٹر۔
س:۔پاکستان میں گھریلو صنعتوں کے بڑے بڑے مراکز کن کن شہروں میں ہیں؟۔
ج:۔کوئٹہ، کراچی، لاہور، پشاور، سیال کوٹ، حیدرآباد، سکھر، کوہاٹ، ملتان،ٹھٹھہ، جیکب آباد، اور چنیوٹ۔
س:۔پاکستان میں دیسی کھڈیوں کے بڑے بڑے مراکز کن کن شہروں میں ہیں؟۔
ج:۔حیدرآباد،میرپور،سوات، چترال، پشاور۔
س:۔دیسی کھڈیوں پر کون کون سی اشیا تیار کی جاتی ہیں؟۔
ج:۔کھدر،کھیس، دریاں،لنگیاں،کمبل اور شالیں۔
س:۔کڑھائی اور کشیدہ کاری کے لیے کون کون سے شہر مشہور ہیں؟۔
ج:۔کراچی،لاہور،حیدرآباد اور کوئٹہ۔
س:۔وزیرآباد اور سیال کوٹ کیوں مشہور ہیں؟۔
ج:۔کٹلری اور کھیلوں کے سامان کے لیے۔
س:۔پاکستان میں اسٹین لیس اسٹیل کے برتن کہاں کہاں تیار کیے جاتے ہیں؟۔
ج:۔گوجرانوالہ،وزیرآباد،اور کراچی۔
میلامین (پلاسٹک) کے نفیس برتن کن کن شہروں میں تیار کیے جاتے ہیں؟۔
ج:۔لاہور، کراچی میں۔
س:۔پاکستان میں ہوزری کی صنعت کن کن شہروں میں قائم ہے؟۔
ج:۔کراچی،فیصل آباد، لاہور، گوجرانوالہ۔

س:۔ چند اہم گھریلو صنعتوں کے نام بتائیے؟۔

ج:۔ بٹن سازی، کنگھیاں، کپڑے کی رنگائی اور چھپائی، چوڑیاں، عطریات، آرائش جمال کی مصنوعات۔

س:۔ ٹیکسلا کے ہیوی ڈیوٹی کمپلیکس میں کون کون سی اشیا تیار کی جاتی ہیں؟۔

ج:۔ ریلوے کے انجن اور پرزے، پہیوں کے ایکسل، سڑکیں بنانے کے انجن، کھاد، چینی اور سیمنٹ بنانے کے کارخانوں کے لئے مشینری اور انجنیر نگ کا دوسرا سامان۔

س:۔ پاکستان میں اس وقت تقریباً کتنے لوگ بے روزگار ہیں؟۔

ج:۔ ایک کروڑ سے بھی زیادہ۔

س:۔ پاکستان کی آبادی میں ہر سال کتنے لوگ بچوں کا اضافہ ہوتا ہے؟۔

ج:۔ قریباً ۲۲ کروڑ۔

س:۔ پاکستان میں شیشہ سازی کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں ہے؟۔

ج:۔ حیدرآباد، (سندھ) میں۔

س:۔ قیام پاکستان کے بعد کس ٹیکسٹائل مل نے کام کا آغاز کیا تھا؟۔

ج:۔ ولیکا ٹیکسٹائل ملز کراچی نے۔

س:۔ پاکستان کے کس علاقے میں مکئی کے پودے بارہ فٹ سے بھی زیادہ لمبے ہوتے ہیں؟۔

ج:۔ سوات کے علاقے میں۔

س۔ پاکستان میں عام طور پر کس قسم کی کپاس کاشت کی جاتی ہے؟۔

ج:۔ دو قسم کی، ایک دیسی اور دوسری امریکی۔

------------اختتام---------